
# پنجاب میں خانقاہی کلچر


عافر شہزاد











Marfat.com

# پنجاب میں خانقاہی کلچر

غافر شہزاد

فکشن ہاؤس
18-مزنگ روڈ لاہور
فون:7249218-7237430
E-mail:FictionHouse2004@hotmail.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | پنجاب میں خانقاہی کلچر |
| مصنف | : | غافر شہزاد |
| ای۔میل | : | ghafershahzad@hotmail.com |
| پبلشرز | : | فکشن ہاؤس |
| | | 18-مزنگ روڈ، لاہور |
| | | فون:7249218-7237430 |
| اہتمام | : | ظہور احمد خاں |
| کمپوزنگ | : | فکشن کمپوزنگ اینڈ گرافکس، لاہور |
| پرنٹرز | : | اکرم پرنٹرز، لاہور |
| سرورق | : | عباس |
| اشاعت | : | 2007ء |
| قیمت | : | -/180 روپے |

**ہیڈ آفس : 18-مزنگ روڈ لاہور، پاکستان**

**برانچ لاہور** — 124-ٹیمپل روڈ لاہور

**سب آفس حیدر آباد** — 52,53 رابعہ اسکوائر حیدر چوک گاڑی کھاتہ حیدر آباد

# فہرست


○ ابتدائیہ — غافر شہزاد — 7

○ Introduction — ڈاکٹر جمال ملک — 9


## حصہ اوّل


1- عہد صوفیاء کی تاریخ کیسے لکھی گئی؟ 21

2- اکیسویں صدی میں درگاہ کی کایا کلپ 34

3- وقف کا اسلامی تصور اور وقف پراپرٹی آرڈیننس 47

4- مزارات کی میکانیت 61

5- درگاہ حضرت علی ہجویریؒ: رسومات، روایات اور تقریبات 71

6- مزارات کا معاشی پہلو 81

7- پنجاب میں مزارات اور اُن کا فنِ تعمیر 96

8- مزارات: تعمیر و توسیع کے دیگر محرکات 109

9- مزارات پر تجاوزات 119

10- قدیمی مسجد و مزار حضرت علی ہجویریؒ: چند معروضات 128


Marfat.com

## حصہ دوم


| | | |
|---|---|---|
| 1- | تعمیر و توسیع مزار حضرت بی بی پاک داماںؒ لاہور | 145 |
| 2- | تعمیر و توسیع مسجد و مزار حضرت علی ہجویریؒ لاہور | 160 |
| 3- | تعمیر و توسیع خانقاہ حضرت خواجہ فرید الدین گنج شکرؒ پاکپتن | 179 |


Marfat.com

# ابتدائیہ

پیش نظر کتاب میں شامل کئے جانے والے مقالات ڈاکٹر مبارک علی کے سہ ماہی جریدہ ''تاریخ'' میں شائع ہوتے رہے ہیں، آپ سوچتے ہوں گے کہ شاعری وافسانہ نگاری کے بعد میری توجہ لاہور اور فن تعمیرات پر رہی ہے، ''پنجاب میں خانقاہی کلچر'' کے بارے میں یہ تحقیقی مقالات جوکہ بالکل مختلف موضوع ہے، بیچ میں کہاں سے آ گئے۔

گذشتہ چودہ برس سے میں محکمہ اوقاف پنجاب میں ایک ماہر فنِ تعمیر کی حیثیت سے خدمات سرانجام دے رہا ہوں، اسی سلسلے میں پنجاب کے تقریباً سبھی مزارات پر حاضری کا شرف حاصل رہا ہے، سات سال پہلے جب میں نے انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور میں فنِ تعمیرات میں پی ایچ ڈی کے لئے تحقیقی مقالہ کے موضوع کا انتخاب کیا تو میرے پیش نظر یہ بات تھی کہ میں پنجاب میں مزارات پر ہونے والی سرگرمیوں اوران پراثر انداز ہونے والی سیاسی، سماجی، معاشی اور مذہبی قوتوں کا تجزیہ کرتے ہوئے اس بات کا جائزہ لوں گا کہ مزارات پر کس طرح تعمیرات میں تبدیلی وقوع پذیر ہوتی ہے، بس یہیں سے اسلامی تصوف، مزارات، صوفیاء اوران کی تصانیف یا ان سے منسوب ملفوظات وتذکرہ جات کے مطالعے کا آغاز ہوا اور مجھے بہتر انداز سے سمجھ آنے لگی کہ شہری و دیہاتی آبادیوں میں مزارات کس طرح اپنے گرد و پیش کی سیاسی وسماجی و مذہبی سرگرمیوں کو تبدیل کر دیتے ہیں اور اپنی حدود کے اندر ایک مزار کس طرح ایک فعال ادارے کی حیثیت سے کام کرتا ہے۔ باتیں جب سمجھ آنے لگیں تو معلوم ہوا کہ آج کے ترقی یافتہ اور تعلیم یافتہ عہد میں بھی بہت تیزی سے جہاں ایک جانب مزارات پر زائرین وعقیدت مندوں کی تعداد میں بے تحاشا اضافہ ہو رہا ہے تو دوسری جانب ان عقیدت مندوں کو سہولیات فراہم کرنے کی غرض سے مزارات ملحقہ رہائشی وتجارتی عمارات کو اپنے اندر ضم کرتے ہوئے وسعت اختیار کر رہے ہیں، یہ مسلم معاشرے کا واحد ادارہ ہے جہاں چوبیس گھنٹے زائرین موجود رہتے ہیں، روحانی تسکین اور

ماہیئت قلب میں ان کا موثر کردار ہر لحہ پریشان، منتشر الخیال اور عدم تحفظ کے ساتھ زندگی گزارتے ہوئے لوگوں کو ذہنی یکسوئی اور سکون عطا کرتا ہے۔

اس سلسلے کا اولین مقالہ ''اکیسویں صدی میں درگاہ کی کایا کلپ'' سہ ماہی ''تاریخ'' میں شائع ہوا، تب کسے خبر تھی کہ یہ اس موضوع پر نقطہ آغاز ہوگا، پھر کیا تھا ہر سہ ماہی ''تاریخ'' کی اشاعت پر ڈاکٹر مبارک علی صاحب کا فون آجاتا، ان کے اصرار نے مجھ سے یہ تمام مقالات لکھوائے، اور ایک دن فکشن ہاؤس میں بیٹھے ہوئے ظہور صاحب مجھ سے پوچھنے لگے ''غافر صاحب، اب تک کتنے مقالے اس موضوع پر شائع ہو چکے ہیں'' تب مجھے اندازہ نہیں تھا کہ وہ کتابی شکل میں ان مقالات کی اشاعت کا سوچ رہے ہیں۔ اب ان مقالات کو اکٹھا کیا تو یہ ایک مکمل کتاب کی شکل بن گئی، جو آج آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

کتاب کے حصہ اول میں دس مقالات شامل ہیں جو مسلم معاشرے میں درگاہ کو ایک سماجی ادارہ سمجھتے ہوئے اس کے مختلف پہلوؤں کو آشکار کرتے ہیں جبکہ دوسرے حصے میں پنجاب کی تین قدیم ترین نمائندہ درگاہوں کے حوالے سے مضامین شامل کیے گئے ہیں تاکہ پنجاب میں درگاہ کے ادارے کی تشکیل کے ابتدائی خدوخال پر روشنی پڑ سکے۔

مجھے ائرفورٹ یونیورسٹی جرمنی کے پروفیسر ڈاکٹر جمال ملک کا شکریہ ادا کرنا ہے جنھوں نے ''پنجاب میں خانقاہی کلچر'' کا دیباچہ نہایت محبت اور توجہ سے لکھا، جو انگریزی زبان میں ہے، اور ظہور صاحب کے تو ہم سب ہی شکر گزار ہیں کہ جن کی دلچسپی کی بدولت کتاب ایسے خوبصورت انداز میں شائع ہوئی ہے۔

غافر شہزاد

تھرڈ فلور، ایوان اوقاف لاہور

23 مارچ 2007ء

Marfat.com

# Introduction to "Punjab *mein Khanaqahi* Culture"

**By: Jamal Malik – Erfurt**

Ghafer Shahzad has done a valuable job to bring his many scattered articles on *Khanaqahs* and religious endowments together in this volume. His academic expertise is basically derived from the field of architecture, but he also holds insight into the history and administration of *khanaqahs* due to his being affiliated to the Punjab Auqaf Department. His critical approach to material as well as written culture is informed by his literary expertise for which he has been also valued by different quarters. Needless to say that Ghafer is extremely well read in the history of Lahore. Hence, the book in hand is based on interesting in depth studies with a faire amount of historical, architectural, linguistic and literary expertise.

Before introducing the shrine as a major communicative factor in the life of people, as analyzed in the book in hand, we might well place this institution of Muslim cultural articulation in context, first of a brief historical development of Sufism, and second of sociological and anthropological meaning. Let me start however with spelling out some ideas about the perception of Sufism in general.

It is stated by both scholars of mysticism and mystics themselves that experimenting with Islamic religion in different ways to find the inner path to 'salvation' – perceived as Sufism – does not necessarily mean that mysticism in Islam is inimical to what has been called orthodox Islam, but at times it also complemented and participated in these developments. As it stands, mysticism can be considered as the internal (*batin*), inner view of Islam, focussed on the latent mystery of the Qur'an. Hence, Sufism is informed by knowledge optimism.

Similarly, Islamic mysticism is as little monolithic as is Islamic

Marfat.com

law or orthodoxy or political Islam. Instead it is highly pluralistic and divergent, notwithstanding stereotypes that have evolved, such as the idea of one monolithic 'Islamic mysticism', or *tasawwuf* being the alternative 'tolerant and spiritual aspect of Islam'.

Let me now turn to the history of Sufism, which for heuristic purposes can be divided into a number of phases:[1]

The first phase spans the period from approximately 700 – 950, when orthodox individual mysticism developed in the wake of the establishment of early Muslim dynasties. Outwardly *tasawwuf* was quietist and regressive, but inwardly it was powerful and activist: al-Hallaj's execution manifested the gradually increasing Sufi visibility that had become the symbol of anti-authoritarian and anti-orthodox public struggle.

The second phase (roughly 950 – 1100), set against the background of the disintegration of Abbasid empire, saw eschatological ideas increasingly influencing the mystical fabric. It also eventually brought about an accommodationist approach of Sufis towards orthodoxy. A deliberate process of standardization of mystical ideas paved way for the integration of exoterics and esoterics, culminating in al-Ghazzali's (d. 1111) encompassing oeuvre.

Standardization was precondition for the formation and spread of orders as social mass organisations. The proponents of this third phase (1100 – 1300) spread out in different regions and carved their universe into spiritual territories, only to begin to contest the power of the Sultans. Thus, it is the Sufi order that marked the highest political and social meaning of the Sufi movement for it is in the order that mystical individualism established community and solidarity. I will return to that phase below in some detail for it provides the frame of Ghafer Shahzad's work on *khanaqahs*.

In the following fourth phase (1300 – 1700) the orders were integrated with professional groupings such as guilds and various movements known as *futuwwa*, going hand in hand with the establishment of major Muslim empires. This phase brought to light new aspects for an organized communal life which apparently were to become important in the process of empire-building.

Marfat.com

As the three great Muslim empires witnessed political decentralization, a powerful wave of Sufi rethinking arose in different parts of Muslim-majority areas while in Arabia the Wahhabiyya was inimical to Sufism. This era of reform marks the fifth phase spanning roughly from 1700 to 1900. Herein, the ethical concept of '*Muhammadan Path*' was a central point of departure which soon was translated into political action, when it merged with anti-colonial Mahdist movements calling for warfare (*jihad*) against infidel enemies.

The following sixth phase began around 1900 and was basically informed by anti-colonial and nationalistic struggle, in which mystical orders provided prime channels for Muslim cultural articulations and mobilization. However, these orders were increasingly contested by the emerging urban Islamic reform movements, pan-Islamic and Salafi endeavours and eventually by Islamism. Their deliberate silencing and obliteration of Sufism was programmatic since a victory over esoterics was to render the urban reform movements into the sole agents of Islam, regardless of Salafis' and Islamicists' contesting opinions.

In the light of the foundation of new nation-states, Sufi orders were deliberately marginalized from the ideological and political centre. But along this decline there is also a continuity and revival of Sufism.

More recently with migration, organized and unorganized Sufism once again has been envisaging most fascinating and complex systems of solidarity and commonality when it makes conscious attempts at re-constructing or re-inventing Sufi tradition based in and recurring on its long and multifarious evolution with a variety of ideas and methods, organisations and institutions, particularly because many of the Sufi orders had to emigrate from their homelands. Additionally, this seventh phase is marked by individual mystics. This phase represents mystics, orders and folk religious practices that have formed the alternative, or rather complementary, sources of social and intellectual identity and institution-building processes to what is commonly known as orthodox mainstream Islam. This is even more the case, since diasporic Sufi orders may be seen as part of the Muslim global diaspora, providing solidarity systems for a variety of new social formations by expanding its semantics.

Marfat.com

In order to understand "*khanqahi* culture" properly, we need to return to the third phase and prepare ground for Ghafer Shahzad's argument.
Apparently, the standardization of the Sufi thought in second phase was a *conditio sine qua non* for the integration of *shari'a* and *tasawwuf*. This integration however, became most manifest in the next – **third** – phase: The formation and spread of the institution first of mystical groups (*ta'ifa*) and then of orders (*tariqa*, pl. *turuq*) in the form of social mass organisations (1100 – 1300), most prominently at the peripheries of the Muslim empires. The proponents, the mystical orders and congregations, used the shrines and tombs[2] which had developed around the graves and sarcophagi of the mystics and their successors as centres of spread.
Through its rituals the shrine was able to make Islam accessible to the uneducated masses. It offered them live and clear manifestations of the divine order and integrated then into its ritualized drama, both as participants and also as patrons.[3]
It was and still is this mysticism and its drama that provided refuge, shelter and social cohesiveness for a variety of people, particularly during the ritual periods such as the death anniversary of the *shaykh* (*maulid*; *'urs*) when profane time is dramatically separated from sacred time.[4] Certainly, this identity was/is revived and maintained at congregations and mass events through communal actions. It is in this context, that the cult of the Prophet or the legend of the messiah built around a leading person – the *shaykh*, *murshid* or *pir* – became as important as the use of religious symbols.
Moreover, the ritualized collective visits to the shrines connected to the operations of orders and their centres or leaders turn out to be important social events that also generate profitable earnings due to related economic transactions. The physical movement to these places or persons can be linked to a spiritual one, namely the elevation of a lower level of consciousness to a higher one, or, in profane terms, the ascent of a social group into another or at least a ritual and situational overcoming of individual limitations and social barriers. An egalitarian identity is being created, as the Sufi song (*qawwali*) proclaims the equality of

Marfat.com

all.[5] Thus pilgrimage is an act of affirmation, and can, in the face of the multi-centredness of the orders, be considered a minor pilgrimage (*hajj*).[6] A complex, sacred geography is thereby created, contesting the authority of the centre – so that the certainty and authority of the centre-periphery system was/is increasingly destabilized.

Hence, in this third phase, the position of the *shaykh* or *pir* was further refined and gradually endowed with omniscience, such as argued by Abu al-Najib al-Suhrawardi (1097-1168), the author of the first manual of Sufi discipline called *Adab al-muridin* (The Ettiqette of Disciplines) and who is to be distinguished from Shihab al-Din Suhrawardi Maqtul (killed 1191), the great master of illuminist thought. The chain of traditionalists or sacred genealogical link (*silsila*) became an established device to affiliate the *shaykh* to one of the first four caliphs, a trend fully developed by Abu Nu'aym al-Isfahani (d. 1038). The number of traditions which featured words attributed to God (*hadith qudsi*), as distinguished from words of the Prophet (*hadith nabawi*), apparently began to increase. These divine sayings were rather didactic in nature, concerning primarily the believer's spiritual life and his/her relationship to God. As such they were favoured by Sufis as a source of ins*pir*ation and could become a proven way to confirm the *shaykh's* power and enhance his moral authority. Likewise, the mystical lore and remembrance of God (*dhikr*) as a method to induce mystical states, was sophisticated and elaborated by mystics such as Najm al-Din Kubra (1145-1220). These and other identity markers and rituals were most important for new rising communities, who gradually developed into prime parent orders along *khanqahs* and monasteries or graves of the powerful *shaykh* or *pir*, the master of the mystical path (*tariqa*). Their deputies and successors (*khalifas*) as well as their followers and students (*murids*) guaranteed the spiritual continuity which permitted the orders' presentation as an unbroken chain of succession of the Prophet. The orders, basically named after their founders - such as Qadiriyya, Naqshbandiyya - but also connotating toponyms - such as Kubrawiyya, Suhrawardiyya, Chishtiyya, etc. – often were constituted by specific social groups. The orders spread out in different regions and carved their universe into spiritual

territories or saintly realms (*walāya* or *wilāya*). Thus, it is the Sufi order that marked the highest political and social meaning of the Sufi movement. It is in the orders that mystical individualism established community and solidarity.

Hence, Sufi thought and its institutions, such as the khanaqah in South Asia and its Maghrebian equivalent, the ribat, dispose of a profound career and much has been written about them.[7] The cult of the holy man (*pir*) and the associated folk-piety is particularly evident in the countryside where big landlords and land concentration are a crucial feature, especially in Punjab and Sindh. In many cases, the local *pîr* represents the local landlord or at least is closely related to him (personal union). He guarantees the local villagers participation in the *baraka* (blessing power) which is tied to strict obedience (*ita`a*) and the self-sacrifice of the followers in favour of the *pîr* (*bai`a*; literally the buying of the soul of the adept or disciple by the saint; also used for allegiance). The holy man thus represents the moral authority for the local population.

In fact, the power of the spiritual centre is manifest in the political, social and economic power of the holy man. The implicit hierarchisation of religious and political systems of authority, therefore, seems to signify the acceptance of feudal structures.

The shrine cults were restored and caught on, specially in Punjab, under Moghul rule through the influence of the representatives of the *Chishtiyyah* order - one of the great four mystical orders. Thus, in West-Punjab the districts were

"dotted with the shrines, tombs of the sainted dead...and to the shrines of the saints, thousands upon thousands of devotees resort, in the hopes of gaining something on the sacred soil..."[8].

Of particular importance are the annual feasts (Arabic: *`urs*; literally marriage, i.e. the soul's union with God) at the shrines with all their drama and with a feeling of an experiential unity. The identity-giving institution therefore admittedly has therapeutic, social, economic and political significance and--in contrast to mosques--also provides an alternative source of communication and identity, particularly in the rather monotonous lives of peasants and for women.[9] Here sick persons can be healed, destitutes find shelter and refuge and in political crisis shrines can be used as catalysers for mobilisation. Since a variety

Marfat.com

of activities--also so-called "un-Islamic activities"--take place around these centres, and because they also often represent the last refuge of marginalised social groups, the shrines can be regarded as microcosms of local Islam.

The holy man, the enlightened one and his descendants, the *sajjadah-nashin*, and administrator (*mutawalli, mujawir*) exert absolute authority, and the believing villagers and the illiterate were, with the passage of time, often regarded by the shrineholders as servants or rather slaves. In fact, there is a significant contradiction between the postulated ritual equality and the practised hierarchy. These developments have given rise to considerable criticism from many quarters of society. Muslim modernists have referred to these developments ideologically as *pirism*.[10]

The presence of shrines and mausoleums – markers of identity established the descendants – was of particular importance for the integration of Muslim-Indian culture and connected with that for the sanctification of Muslim soldiers and rulers. These buildings monumentalized the memory of specific groups, rendered them meaningfully visible and thus transposed them into the present (time).

"Tombs were in any case a novel type of building in India, where cremation is the normal means of disposal of the dead; the only similar structures in Indian architecture were palaces, temples and hero-stones. Thus it is natural to find the popular imagination attributing both royal heroism and saintliness to the tomb-dweller, regardless of who it may have been."[1]

Hence one can witness a transformation process from soldier to martyr and holy man, particularly common in the late fourteenth century, through royal patronage. This patronage is continued by agents of Muslim nation-states. For this reason, orders and shrines can continue to exercise important and manifold functions.

By the same token, each Sufi order not only disposes of its own religious paraphernalia and literature, but also of its specific

---

[1] Ernst: *Eternal Garden*, p. 104; see also Eaton, Richard M.: "The Political and Religious Authority of the Shrine of Bâbâ Farîd", in: Metcalf (ed.): *Moral conduct*, pp. 333-356, and Troll (ed.): *Muslim Shrines*.

Marfat.com

architecture that is said to be reflected in the respective ideology. Hence, shrines of Suhrawardi Shaykhs are distanced reminding of monumental architecture to manifest the spiritual court's affiliation to the worldly court. In contrast, Chishti shrines seem to be embedded in local traditions and hardly display the Suhrawardi splendour and grandeur. In between we find the Qadiris whose founder had been reconciling traditionalist legalism with ecstatic mystical individualism. Ghafer Shahzad's analysis clearly elaborates on this issue.

Similarly, Shahzad briefly looks at the literary production of Sufis such as oral communication, letters and hagiographies of Sufi saints (malfuzat, maktubat, tadhkira) emerged as important genres of local history in the 14th century. What needs to be pointed out here is that these textual sources can be considered as necessary corrective to court history. While the political chronicler emphasized the political glory, the mystic searched for the deeper meaning of life, and thereby generally ignores political glory. Historians of the Aligarh school have drawn attention to the study of medieval Persian discourses (malfuzat) as an important source of social history. Opines K.A. Nizami: "There is no other type of literature through which we can feel the pulse of the medieval public".[11] But what is more important is, that they "took on a canonical textual form that soon became the authoritative and normative genre both for members of the orders and for their lay followers. The transition from oral to written form was reflected in diverse literary styles adapted to different audiences" though any of these accounts are apocryphal and have to be read carefully.[12] Since these sources are to a high degree apocryphal and hence unrealiable, therefore, Shahzad suggests making use of the archaeological material lying under the century-old original edifice and now visible in different layers of encroachments. This suggestion originating from Shahzad's training in material culture is certainly worth to be taken into account in order to protect cultural heritage and to rectify many myths evolved around shrines and holy men.

Lately, since the sixth phase in particular, the power of the shrine and charisma of the holy man have been constantly appropriated by the state nearly in every Muslim majoritarian country, through the establishment of national and provincial Auqaf

Marfat.com

Departments which not only seek the income accruing from the shrines but also to curb the moral authority evolving from the shrines. In doing so state agents have pursued colonial encroachment, the genealogy of which is traced in the volume in hand. The modern state has been successful only partly though: The ever-growing administration to manage these shrines is swallowing a considerable amount of the income collected. And by endowing some of the shrines, situated on major logistic nodes, with supreme blessing (Data Darbar) at the cost of other peripheral shrines (like Mian Mir) the state has re-invented a tradition that might in the long run be detrimental to society in the face of migration, globalization and localization. Ghafer's chapters point out this very problem as well.

Some case studies of important centres of congregation round up the picture presented in the volume. It is due to Ghafer Shahzad's enduring struggle with both, textual and material culture that new insights into and also new research perspectives of a field have been furnished, insights and perspectives that need to be taken into account seriously, not only to understand cultural heritage more objectively but also to provide major incentives for policy makers in planning and using precious spaces.

## Notes & References:

1 A more detailed version of this periodization is to be found in my "Introduction", in: Jamal Malik & John Hinnells (eds.): Sufism in the West, Routlegde 2006.

2 There is a vast literature on shrines. See Christian W. Troll (ed.): *Muslim Shrines in India*, New Delhi 1989; C.W. Ernst & G.M. Smith (eds.): *Manifestations of Sainthood in Islam*. Istanbul 1993, pp. 43-67

3 Richard M. Eaton: 'The Political and Religious Authority of the Shrine of Bâbâ Farîd,' in: B.D. Metcalf (ed.): *Moral Conduct and Authority: The place of ADAB in South Asian Islam*, Berkeley 1984, pp. 333-356, here p. 334

4 For stimulating approaches by social-anthropologists see Victor Turner: *Process, Performance and Pilgrimage*, New Delhi 1979, here p. 97; Dale F. Eickelman: *The Middle East. An Anthropological*

Marfat.com

*Approach*. Englewood Cliffs, New Jersey 1981, here p. 228; Ernest Gellner: *Saints of the Atlas*, Chicago: University of Chicago Press 1979.

5 For this important genre of Sufi music compare Adam Nayyar: *Qawwali*, Islamabad 1988; R. Burckhardt-Qureshi: *Sufi Music of India and Pakistan. Sound, Context and Meaning in Quawwali*, Cambridge 1986.

6 On the crucial issue of Muslim travel and travellers see comprehensively Dale F. Eickelman / James Piscatori (eds.): *Muslim Travellers*, London 1990.

7 See, e.g., I. Ahmad (ed.): *Ritual and Religion among Muslims of the Sub-continent*, Lahore 1985; also Chr. W. Troll (ed.): *Muslim Shrines in India; Their Character, History and Significance*, Delhi 1989.

8 Major Anbrey O'Brien cited in: David Gilmartin: "Religious Leadership and the Pakistan Movement in the Punjab", in: *Modern Asian Studies*, Vol. 13, No. 3 (1979), p. 487.

9 For the important significance of shrines for women see, e.g., P. Jeffery: *Frogs in a Well, Indian Women in Purdah*, Zed Press, London 1979; R.A. Fernea/E.W. Fernea: "Variation in Religious Observance among Islamic Women", in: N.R. Keddie (ed): *Scholars, Saints and Sufis*, Berkeley 1972, pp. 385-401; D.F. Eickelman/J. Piscatori (eds.): *Muslim Travelers: Pilgrimage, Migration, and the Religious Imagination*, London: Routledge 1990.

10 Especially Muhammad Iqbal but also the late Prof. Fazlur Rahman.

11 Khaliq Ahmad Nizami: *Some Aspects of Religion and Politics in India during the Thirteenth Century*, Delhi 1974, p. 374

12 Quotation from Carl W. Ernst,: *ETERNAL GARDEN: Mysticism, History and Politics at a South Asian Sufi Centre*, Albany: State Univ. of New York Press 1992, p. 62.

Marfat.com

# حصہ اوّل

Marfat.com

# عہدِ صوفیاء کی تاریخ کیسے لکھی گئی؟

صوفیاء کے ہاں باقاعدہ تاریخ نویسی کی کوئی روایت ہمیں نہیں ملتی تذکرہ جات اور ملفوظات پر مشتمل کتب پڑھیں تو ہمیں گذشتہ ایک ہزار برسوں پر پھیلی اس عہد کی تاریخ کا کچھ اندازہ ہوتا ہے اور ہمیں یقین آنے لگتا ہے کہ لشکر کشی کے بغیر دلوں کو فتح کرنے والے صوفیاء اگر ایک جانب سلوک کی منازل طے کر رہے تھے تو دوسری جانب عام لوگوں کے دلوں میں بھی گھر کئے ہوئے تھے یہ تذکرہ جات اور ملفوظات تاریخ نویسی کے مقصد کو مدنظر رکھ کر نہیں لکھے گئے اور نہ ہی ان کا مقصد صوفیاء کی شخصیت اور کردار نویسی تھا بلکہ یہ تو ان صوفیاء کے حوالے سے یاد رہ جانے والی باتیں اور یادیں تھیں جن کو عقیدت کی بنیاد پر قلم بند کیا گیا، چشتیوں کے ان ملفوظات اور تذکرہ جات کو بنیاد بنا کر اگر خلیق احمد نظامی (1) اور پروفیسر محمد حبیب (2) نے اولیاءِ کرام کی شخصیت، تعلیمات اور طرزِ زندگی پر بھرپور کتب تصنیف کی ہیں تو اسے ان کی تحقیقی عرق ریزی اور تخلیقی صلاحیت کا اعجاز سمجھنا چاہئے وگرنہ ان تذکرہ جات اور ملفوظات میں تضادات، کنفیوژن، ابہام اور عدم تسلسل پایا جاتا ہے عمومی فہم و فراست رکھنے والا شخص تو اس ابہام اور کنفیوژن کے سامنے اپنا ماتھا پکڑ لیتا ہے۔ تو پھر کس طرح ممکن ہے کہ ان ملفوظات اور تذکرہ جات کی مدد سے صوفیاء کے عہد کی تاریخ قلم بند کی جائے۔

اس مضمون کے پہلے حصے میں قدیمی تذکرہ جات اور ملفوظات کا اس پہلو سے جائزہ لیا گیا ہے (3) کہ صوفیاء کے ملفوظات کو قلم بند کرنے کے لئے کیا طریقہ کار اختیار کیا گیا اور یہ تحریریں اور ان کو تحریر کرنے والے دونوں کس درجہ تک قابل اعتبار ٹھہرتے ہیں۔ مضمون کے دوسرے حصے میں بعدازاں تحریر کئے جانے والے تذکرہ جات میں پیدا ہونے والے تضادات اور باہمی تقابلی جائزے سے اُن کی صداقت کے معیار و اعتبار پر بات کی گئی ہے اور مضمون کے آخری حصے میں کوشش کی گئی ہے کہ اگر تحریری شواہدات صوفیاء اور ان کے عہد کی تاریخ کو پیش کرنے کے لئے کافی

Marfat.com

نہیں ہیں تو پھر ان منسوب مفروضوں اور تفصیلات کی صداقت کی جانچ اور پرکھ کے لئے کونسا ایسا طریقہ اختیار کیا جا سکتا ہے جو قابل اعتبار ٹھہرتا ہے ہم اپنے مضمون کا آغاز انہی موجود تذکرہ جات اور ملفوظات سے کرتے ہیں کہ مولفین نے ان کو قلم بند کرتے ہوئے کونسا طریقہ کار اختیار کیا اور کس قدر احتیاط سے کام لیا اور کس حد تک ان کی صداقت ہمارے لئے قابل اعتبار ٹھہرتی ہے۔

سب سے پہلے فوائد الفواد کو لیجئے جسے امیر حسن ۔ سجزی المعروف خواجہ حسن دہلوی نے مرتب کیا۔ یہ کتاب خواجہ نظام الدین اولیاء کے ملفوظات پر مشتمل ہے۔ امیر حسن علاء سجزی حضرت شیخ نظام الدین اولیاء کی محفل میں حاضر رہتے شیخ اپنے مریدوں کی اصلاح اور تعلیم و تربیت کے لئے جو کچھ ارشاد فرماتے، امیر حسن قلم بند کرتے جاتے۔ ان محفلوں میں خواجہ نظام الدین اولیاء نے تصوف، تزکیہ نفس اور اولیاء کرام کی تعلیمات اور شخصیت کے بارے میں جو کچھ فرمایا امیر حسن علاء سجزی نے اسے قلم بند کیا۔ امیر خسرو نے فوائد الفواد ہی کے بارے میں ایک مرتبہ نہایت حسرت سے فرمایا تھا ''کاش میری ساری کتابیں حسن لے لیتے لیکن یہ کتاب (فوائد الفواد) میرے قلم سے ہوتی۔''

فوائد الفواد 3 شعبان 707ھ سے 20 شعبان 722ھ تک کی 188 مجالس پر مشتمل کتاب پانچ جلدوں پر محیط ہے جلد اول چونتیس مجالس، جلد دوئم اڑتیس مجالس، جلد سوئم سترہ مجالس، جلد چہارم سرسٹھ مجالس پر مشتمل ہے اور یہ بارہ سال کے عرصہ پر محیط ہے جبکہ جلد پنجم بتیس مجالس پر مشتمل ہے اور تین سال کے عرصہ پر محیط ہے، یوں کل پندرہ سالوں میں یہ پانچ جلدیں تیار ہوئیں۔ فوائد الفواد میں بیان کی جانے والی حکایات میں حوالے کے طور پر شیخ نجیب الدین متوکل، شیخ فریدالدین، شیخ ابوسعید ابوالخیر، مولانا علاء الدین اصولی، شیخ بہاء الدین زکریا، شیخ قطب الدین بختیار کاکی، شیخ علی ہجویری، خواجہ معین الدین چشتی اور شہاب الدین سہروردی جیسے صوفیاء کا ذکر ہے جو ان مجلسوں کے انعقاد کی صداقت کے لئے ایک طرح کی گواہی ہے۔

فوائد الفواد کو قلم بند کئے جانے کے بارے میں اٹھائیسویں مجلس میں خواجہ نظام الدین اولیاء کے علم میں لاتے ہوئے امیر حسن علاء سجزی فرماتے ہیں۔

''ایک سال سے زیادہ عرصہ ہوا میں حضرت کی غلامی سے وابستہ ہوں ہر بار جب آپ کی قدم بوسی کی سعادت حاصل ہوئی ہے تو اس موقع پر آپ کی زبان گوہرفشاں سے جو ارشادات و افادات سنتا ہوں خواہ وہ اطاعت و عبادت کے بارے میں، وعظ و نصیحت و ترغیب کے باب میں،

۳۹۳۷

Marfat.com

جوروح افزاء کلمات اس کاتب الحروف کے کانوں تک پہنچے میں نے چاہا کہ وہ کلمات اس بیچارے کے لئے دستور العمل بنیں، بلکہ اس کے حال کے لئے دلیل راہ ہوں، میں نے اپنی سمجھ کے مطابق انہیں قلم بند کرلیا ہے۔"(4)

ان ارشادات کے موضوعات کا تعین جیسا کہ اوپر کیا گیا ہے، وہیں امیر حسن علاء سجزی نے ان ارشادات کو قلم بند کرنے کی وجہ بھی بیان کی ہے کہ آپ کی زبان مبارک سے بارہا ارشاد ہوا ہے کہ مشائخ کی کتابیں اور ان کے ارشادات جو انہوں نے سلوک تصوف کے بارے میں فرمائے ہیں نظر میں رہنے چاہئیں اور چونکہ کوئی اور مجموعہ آپ کے ارشادات کا موجود نہیں ہے اس لئے جو کچھ بھی سنا اسے قلم بند کرلیا ہے، مزید لکھتے ہیں کہ اب تک میں نے اس کا اظہار نہیں کیا تھا، اب آپ کے حکم کا منتظر ہوں، جیسے آپ چاہیں۔

امیر حسن علاء سجزی کی یہ باتیں سن کر خواجہ نظام الدین اولیاء نے وہ کاغذات دکھانے کے لئے کہا۔ آپ نے مطالعہ کرنے کے بعد پسند فرمایا اور ارشاد کیا "تم نے خوب لکھا ہے" ایک دو جگہیں کاغذ پر خالی دیکھ کر شیخ نے استفسار کیا تو امیر حسن علاء سجزی نے بتایا اس سلسلے کے باقی ماندہ کلمات اچھی طرح معلوم نہ تھے اس لئے جگہ خالی چھوڑ دی(5)، خواجہ نظام الدین اولیاء نے باقی ماندہ کلمات بیان کئے اور یوں یہ مکمل ہو گئے۔

اس ساری وضاحت کے بعد کہ جو فوائد الفواد میں نہایت تفصیل سے موجود ہے، ان ملفوظات کی صداقت پر کسی قسم کا شائبہ نہیں رہنا چاہئے۔ ویسے بھی لکھنے والا اور جس کے بارے میں لکھا جا رہا ہے، دونوں بالمشافہ موجود ہیں، ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ لکھتے ہوئے امیر حسن علاء سجزی نے لفظ بہ لفظ نہ لکھا ہو اور گفتگو کی زبان کو تحریر میں لاتے ہوئے قدرے بہتر الفاظ استعمال کر دیئے ہوں جیسا کہ مذکورہ بالا اقتباس سے بھی مترشح ہے۔ ان کلمات کی تحریری صداقت کا اندازہ درج ذیل اقتباس سے بھی بخوبی ہو جاتا ہے کہ جب امیر حسن علاء سجزی فرماتے ہیں۔

"جب حضرت خواجہ یہ حکایت بیان کرتے ہوئے اس مقام پر پہنچے تو ان پر رقت وگریہ کچھ اس طرح غالب آ گیا کہ جو کچھ انہوں نے فر ا، بخوبی سمجھ میں نہ آیا، اس رقت وگریہ کے دوران میں یہ دو شعر ان کی زبان مبارک سے ارشاد ہوئے، معلوم نہیں یہ انہوں نے اخمد سے روایت کئے یا خود کہے۔"(6)

24 محرم 714 ہجری کو فوائد الفواد کی جب پہلی جلد مرتب ہو گئی تو خواجہ نظام الدین اولیاء

Marfat.com

کے فرمان کے مطابق امیر حسنؒ علاء سجزی نے اس پہلی جلد کو آپ کی خدمت میں پیش کیا آپ نے اس کا مطالعہ فرمایا اور اسے پسند کرتے ہوئے تحسین آمیز لہجے میں کہا ''تم نے خوب لکھا ہے درویشانہ انداز میں لکھا ہے اور نیک نامی بھی حاصل کی ہے۔''(7)

ایک اور مجلس میں خواجہ نظام الدین اولیاء امیر حسن علاء سجزی سے دوبارہ پوچھتے ہیں کہ میری جو باتیں سنتے ہو تو انہیں کیا تم لکھ لیتے ہو، آپ نے عرض کیا جی ہاں لکھ لیتا ہوں، مزید تعجب کا اظہار کرتے ہوئے پوچھا، کیا تمہیں یہ باتیں یاد رہ جاتی ہیں۔ اس پر امیر حسن سجزی نے کہا ''عموماً سب یاد رہ جاتی ہیں اور جو یاد نہیں رہتیں اور ٹھیک ٹھیک قلم بند نہیں ہوتیں ان کے لئے میں کاغذ سفید چھوڑ دیتا ہوں تا کہ آپ سے کبھی دوسری بار سن کے لکھ لوں۔''(8)

یہی وجہ ہے کہ پروفیسر محمد حبیب نے صرف فوائد الفواد کو ہی قابل اعتبار ٹھہرایا ہے اور اس کے بارے میں لکھا ہے ''آج کے عہد میں تحقیقی کام کرنے والوں کے لئے فوائد الفواد تاریخی اہمیت کی حامل ہے یہ ایک معیاری کام ہے جس سے چشتی صوفیاء کی زندگی اور تعلیمات کا پتہ چلتا ہے اور اس کی نسبت سے دیگر تمام کاموں کی درستگی اور اصلیت کو پرکھا جا سکتا ہے۔(9)

خواجہ معین الدین چشتی کے ملفوظات پر مشتمل ''دلیل العارفین'' کو خواجہ قطب الدین بختیار کاکی نے مرتب کیا فوائد الفواد میں اس کا کہیں ذکر نہیں ملتا ممکن ہے یہ فوائد الفواد کے بعد تحریر کی گئی ہو ''دلیل العارفین'' میں کل بارہ مجالس ہیں جن میں مجموعی طور پر چار اہم موضوعات فقر و ثواب، مکتوبات و تسبیح، وظائف و اوراد، سلوک اور اس کے فوائد کے حوالے سے خواجہ معین الدین چشتی نے گفتگو کی ہے۔

''دلیل العارفین'' کی اولین مجلس بغداد میں ہوئی جس میں خواجہ معین الدین چشتی نے نماز اور خدمت مرشد کے بارے میں گفتگو کی۔ اسی روز خواجہ قطب الدین بختیار کاکی نے خواجہ معین الدین چشتی کے ہاتھ پر شرف بیعت حاصل کیا۔ دلیل العارفین کی گیارہویں مجلس میں اطلاع مل جاتی ہے کہ خواجہ معین الدین چشتی اب اجمیر شریف روانہ ہونے والے ہیں اور یوں بارہویں اور آخری مجلس اجمیر شریف میں منعقد ہوتی ہے اور اس مجلس کا موضوع گفتگو ''ملک الموت'' کے بارے میں ہے۔ دلیل العارفین کی ان بارہ مجالس میں ہر مجلس کے آغاز میں مجلس میں موجود صوفیاء کے نام بھی دیئے گئے ہیں جو وہاں اس وقت موجود تھے اور ان صوفیاء میں وقتاً فوقتاً شیخ شہاب الدین سہروردی، خواجہ اجل شیرازی، شیخ سیف الدین، شیخ داؤد کرمانی، شیخ برہان الدین

Marfat.com

چشتی، شیخ تاج الدین محمد صفاہانی، شیخ جلال الدین، شیخ محمد احمد چشتی کے علاوہ کئی دیگر بزرگ شامل رہے ہیں۔

''دلیل العارفین'' میں بیان کئے گئے موضوعات اور انداز تحریر سے بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ یہ فوائد الفواد کی طرح تحریر کی جانے والی کتاب نہیں ہے بلکہ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی نے بعدازاں اپنی یادداشت کے سہارے اسے تحریر کیا اور بارہ مجالس کے موضوعات میں ایک تسلسل اور ترتیب بھی پیدا کر دی اور یوں موضوعات اور ان کی ترتیب میں ایک شعوری کاوش نظر آتی ہے۔ ڈاکٹر پی ایم کیوری نے بجا طور پر لکھا ہے ''دلیل العارفین خیر المجالس کے بعد لیکن سیر الاولیاء سے پہلے کہیں زمانے میں تحریر کی گئی یعنی 1385-1355 کے درمیانی عرصہ میں۔'' (10)

امیر خورد کی مرتب کردہ ''سیر الاولیاء'' وہ اولین تذکرہ ہے جو فیروز شاہ تغلق کے عہد حکومت (1388-1351) کے دوران میں کسی وقت لکھا گیا۔ امیر خورد حضرت سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء اور ان کے جلیل القدر خلفاء کے حالات کا عینی شاہد تھا اس کے دادا اور نانا خواجہ فریدالدین گنج شکر کے مرید اور خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کی محفلوں کے فیض یاب تھے لہٰذا امیر خورد نے جو کچھ ''سیر الاولیاء'' میں قلم بند کیا وہ اس کے دادا اور نانا کے توسط سے ان چشتی صوفیاء کے بارے میں اس تک پہنچا اور اس نے ان روایات کو بعینہ قلم بند کیا اور بقول اعجاز الحق قدوسی ''یہ تذکرہ اپنے وثوق، استناد اور شہادت عینی کے باعث بڑی اہمیت رکھتا ہے۔'' (11)

امیر خورد ''تاریخ فیروز شاہی'' کے مؤلف ضیاء الدین برنی کے ہم عصر اور گہرے دوست تھے دونوں ہی خواجہ نظام الدین اولیاء کے مرید تھے۔ ضیاء الدین برنی نے اس عہد کے بادشاہوں اور سلاطین کے احوال کو بیان کر کے اس وقت کی سیاسی اور ریاستی تاریخ سپرد قلم کی ہے۔ تاریخ فیروز شاہی 1357ء میں مکمل ہوئی جبکہ سیر الاولیاء اس کے بعد تحریر کی گئی، یہ بات اس لئے بھی پورے وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ سیر الاولیاء میں ضیاء الدین برنی اور ''تاریخ فیروز شاہی'' دونوں کا ذکر ملتا ہے۔

سیر الاولیاء کے بارے میں خواجہ امیر خورد رقم طراز ہیں کہ جب ان کی عمر پچاس برس ہو گئی اور انہوں نے کوئی ایسا کام نہ کیا جو بارگاہ بے نیاز کے شایان شان ہوتا تو ان کے دل میں عالم غیب سے ایک دن خیال پیدا ہوا کہ انہیں اولیاء اللہ کے حالات احاطہ تحریر میں لانے چاہئیں۔ اس سلسلے میں رہنمائی کے لئے انہوں نے شیخ ابوالقاسم قشیری کے رسالہ القشیر یہ اور شیخ علی ہجویری کی تصنیف

کشف المحجوب سے استفادہ کیا اور انہوں نے سیر الاولیاء میں اس کا کھلے دل سے اعتراف کیا ہے۔

سیر الاولیاء کے پہلے پانچ ابواب میں صوفیاء اور ان کی شخصیات کا ذکر کیا گیا ہے جبکہ آخری پانچ ابواب میں تصوف سے متعلق معاملات پر بحث کی گئی ہے۔ 840 صفحات کی اس کتاب میں 740 صفحات پر کسی نہ کسی حوالے سے خواجہ نظام الدین اولیاء کا ذکر موجود ہے جبکہ 334 صفحات پر خواجہ فرید الدین کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

اعجاز الحق قدوسی نے سیر الاولیاء کے تعارف میں مزید لکھا ہے۔

''عہد ہمایوں کے مشہور تذکرہ نگار شیخ حامد بن فضل اللہ جمالی کے تذکرے ''سیر العارفین'' (1531 تا 1535) سے لے کر عہد جہانگیری کے تذکرہ نگار صاحب ''گلزار مدینہ'' اور صاحب ''اخبار الاخیار'' یہاں تک کہ مفتی غلام سرور لاہوری کے ضخیم تذکرے ''خزینۃ الاصفیاء'' تک سب اس کے خوشہ چیں نظر آتے ہیں۔'' (12)

خواجہ فرید الدین مسعودؒ کو گنج شکر اور حضرت علی ہجویریؒ کو گنج بخش کے نام سے ہر خاص و عام جانتا ہے، چشتی صوفیاء کے حوالے سے تحریر کئے جانے والے تذکرہ جات اور ملفوظات میں اگر خواجہ فرید الدین مسعود کو گنج شکر کہے جانے کی توجیہات کا جائزہ لینا شروع کریں تو اور بھی الجھاؤ پیدا ہو جاتا ہے۔

88-1351 کے دوران میں تحریر کی جانے والی سیر الاولیاء میں امیر خورد لکھتا ہے کہ مسلسل روزے کی حالت میں رہنے کے سبب شدید بھوک کے عالم میں کچھ کنکر خواجہ فرید الدین مسعود کے منہ میں جا کر شکر بن گئے تھے۔ (13) اس لئے آپ کو گنج شکر پکارا جاتا ہے۔

سولہویں صدی میں تحریر کی جانے والی سیر العارفین کا مصنف مولانا جمالی لکھتا ہے کہ ایک دن خواجہ فرید اپنے مرشد کو ملنے گئے انہوں نے کھڑاؤں پہنی ہوئی تھیں اور راستے میں کیچڑ تھا وہ سات دن سے روزہ کی حالت میں تھے اور بہت کمزور تھے وہ پھسل کر زمین پر گرے کچھ سنگ ریزے ان کے منہ میں چلے گئے تو وہ شکر بن گئے۔ مرشد کے گھر سے واپس آئے تو راستے میں آپ نے لوگوں کو یہ کہتے ہوئے سنا ''دیکھو شیخ فرید۔۔۔ گنج شکر آ رہا ہے۔'' (14)

تیسرا حوالہ ہمیں شیخ عبدالحق محدث دہلوی کے سترہویں صدی میں تالیف کردہ تذکرے ''اخبار الاخیار'' میں ملتا ہے۔ ان کے بقول ایک دن ایک تاجر خواجہ فرید الدین مسعود سے ملنے

Marfat.com

اجودھن میں آتا ہے جس کے پاس بہت سی شکر تھی۔ شیخ فرید کے شکر مانگنے پر وہ کہتا ہے کہ اس کے پاس شکر نہیں نمک ہے، اس پر شیخ فرید کہتے ہیں "نمک ہی ہوگا" بعد میں جب تاجر بوریاں کھولتا ہے تو وہ نمک میں تبدیل ہو چکی ہوتی ہیں وہ معافی کا طلب گار ہوتا ہے تو شیخ فرید دعا کرتے ہیں تو نمک دوبارہ شکر میں تبدیل ہو جاتا ہے، تب سے آپ کو گنج شکر کہا جانے لگا۔(15)

اس حوالے سے سب سے دلچسپ بات تاریخ فرشتہ میں درج ہے۔(16) فرشتہ کے بقول خواجہ فرید کو شروع سے ہی شکر پسند تھی۔ جب آپ نماز پڑھتے تو آپ کی والدہ جائے نماز کے نیچے شکر کی پڑیا رکھ دیتی جب آپ کی عمر بارہ سال ہوگئی آپ کی والدہ نے آپ کے جائے نماز کے نیچے شکر کی پڑیا رکھنی بند کر دی مگر کچھ عرصہ بعد انہیں یہ جان کر بہت حیرت ہوئی کہ شیخ فرید کو شکر کی پڑیا بدستور مل رہی تھی۔ اس سبب سے آپ گنج شکر مشہور ہو گئے۔

چشتی سلسلے کے صوفیاء کے حوالے سے قدیم ترین اور مستند کتاب "فوائد الفواد" ہے جس میں نظام الدین اولیاء نے خواجہ فرید کا اپنی گفتگو میں سینکڑوں مرتبہ نام لیا ہے مگر کہیں بھی وہ مرشد کو گنج شکر نہیں کہتے۔ تاہم اس کے بعد کے تذکرہ نگار جیسا کہ اوپر ذکر کیا جا چکا ہے، خواجہ فرید کو گنج شکر پکارتے ہیں اور اس سلسلے میں کئی قسم کی توجیہات بیان کرتے ہیں جن کا ذکر خلیق احمد نظامی نے بھی خواجہ فرید کے حوالے سے اپنی کتاب میں تفصیل سے کیا ہے۔

برصغیر پاک و ہند میں آنے والے اولین صوفیاء میں حضرت علی ہجویریؒ کا نام لیا جاتا ہے۔ ہماری تاریخ کی بے بسی کا یہ عالم ہے کہ ہمیں معلوم ہی نہیں ہوتا کہ حضرت علی ہجویریؒ کب لاہور وارد ہوئے اور انہوں نے کب وفات پائی، سبھی محض قیاس آرائیاں کرتے ہیں۔ مختلف مؤلفین کے تجویز کئے گئے سال وصال کے مابین چھ یا سات دہائیوں تک فرق پڑ جاتا ہے۔ اسی طرح آپ کی تصنیف کشف المحجوب کے زمانہ تالیف کا کچھ اندازہ نہیں ہے۔ پروفیسر محمد حبیب نے تو یہاں تک لکھ دیا تھا کہ حضرت علی ہجویریؒ نے کشف المحجوب عربی زبان میں تصنیف کی جسے بعد ازاں خلیق احمد نظامی نے مسترد کرتے ہوئے لکھا کہ کتاب کی اصل زبان فارسی ہی تھی۔

داراشکوہ اپنی کتاب سفینۃ الاولیاء (مطبوعہ 1640) میں اچانک اطلاع دیتے ہیں کہ حضرت علی ہجویریؒ نے اپنی گرہ سے ایک مسجد تعمیر کروائی تھی لاہور کی دیگر مساجد کے مقابلے میں اس کا قبلہ رخ قدرے جنوب کی جانب تھا جس پر علماء نے اعتراض کیا اور ایک روز آپ نے تمام علماء کو بلایا اور نماز پڑھائی اور پھر کہا کہ دیکھو درست قبلہ کی سمت کدھر ہے، سب کو اپنی کھلی آنکھوں

Marfat.com

سے قبلہ نظر آ جاتا ہے۔اب اس واقعے کا اس سے قبل کہیں ذکر نہیں ہے۔ سفینۃ الاولیاء حضرت علی ہجویریؒ کی وفات کے چھ سو سال بعد تالیف ہوتی ہے داراشکوہ بغیر کسی حوالے کے یہ واقعہ حضرت علی ہجویری کی نسبت سے بیان کر دیتا ہے جبکہ فوائد الفواد میں (جو کہ چودہویں صدی کے ابتدائی عشروں میں تالیف ہوئی) یہی واقعہ خواجہ حسن افغانی کی نسبت سے درج کیا گیا ہے۔(17)

فوائد الفواد کی اکتیسویں مجلس (جلد اول) میں لاہور اور لاہور کے مزاروں کے حوالے سے خواجہ نظام الدین اولیاء کی گفتگو کا اندراج کیا گیا ہے بلکہ شیخ علی ہجویری کے لاہور آنے کے واقعہ کو بھی بیان کیا گیا ہے کہ جب ان کے مرشد نے انہیں لاہور جانے کا حکم دیا تھا مگر آپ کی تعمیر کردہ مسجد کے درست قبلہ رخ کے تعین کا ذکر نہیں ہے۔ ایسی ہی لاپرواہی خواجہ معین الدین چشتیؒ کے حضرت علی ہجویریؒ کی پائنتی جانب کھڑے ہو کر یہ شعر ''گنج بخش فیض عالم مظہر نور خدا۔۔۔۔ ناقصاں را پیر کامل کاملاں را رہنما'' پڑھنے کے بارے میں خزینۃ الاصفیاء اور تحقیقات چشتی کے مصنفین برتتے ہیں جو آپ کے وصال سے کم وبیش آٹھ سو سال بعد اس شعر کو خواجہ معین الدین چشتیؒ سے منسوب کرتے ہیں بلکہ اصرار کرتے ہیں کہ خواجہ معین الدین چشتیؒ نے یہ شعر حضرت علی ہجویریؒ کے بارے میں آپ کے مزار کی جنوبی جانب کھڑے ہو کر اس وقت پڑھا جب ان کو یہاں سے ولایت ملی۔

یہ شعر اور آپ کی مقبولیت بحیثیت گنج بخش اگر پہلے سے ہو گئی ہوتی تو فوائد الفواد کا مصنف آپ کو ''شیخ علی ہجویری''(19) اور سفینۃ الاولیاء کا مصنف آپ کو شیخ پیر علی ہجویری(20) کے بجائے حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری لکھتا اور سفینۃ الاولیاء کا مصنف ''یہ کتاب (کشف المحجوب) درحقیقت ایک کامل رہنما ہے اور کتب تصوف میں ایک مرشد کامل''(21) اور فوائد الفواد میں خواجہ نظام الدین اولیاء ''اگر کسی کا پیر نہ ہو جب وہ اس کتاب کو پڑھے گا اسے پیر مل جائے گا''(22) کہنے کے بجائے یقیناً یہ شعر دہراتے۔

گنج بخش فیض عالم مظہر نور خدا
ناقصاں را پیر کامل کاملاں را رہنما

اسی طرح خواجہ معین الدین چشتیؒ کی درگاہ حضرت علی ہجویریؒ پر چلہ کشی کے حوالے سے ہمیں اولین معلومات تحقیقات چشتی (مطبوعہ 1864) اور خزینۃ الاصفیاء (مطبوعہ 1865) میں

Marfat.com

پہلی بار ملتی ہیں اور ساتھ یہ بھی درج ہے کہ درگاہ حضرت علی ہجویریؒ کے مجاورین کی زبانی یہ تمام باتیں معلوم ہوئی ہیں۔ کہنے والے تو یہاں تک کہہ جاتے ہیں کہ حضرت علی ہجویریؒ کے جسد مبارک کو یہاں نہیں بلکہ قلعہ لاہور کے اندر کہیں دفن کیا گیا تھا۔ اب جس سرزمین پر تاریخ لکھی ہی نہ گئی ہو وہاں اس طرح کے مفروضے قائم کر لینا کوئی اچنبھے کی بات نہیں ہونا چاہیئے۔ تحقیقات چشتی کے مصنف نور احمد چشتی اور خزینۃ الاصفیاء کے مصنف غلام سرور لاہوری نے اپنے کشف کے زور پر انیسویں صدی کی ساتویں دہائی میں کئی صدیاں پہلے موجود اولیاء اللہ اور ان کے مزارات سے ایسی ایسی باتیں منسوب کر دی ہیں کہ ان صوفیاء کا تشخص ان کے درمیان ایک تمسخر بن کر رہ گیا ہے۔ ہندوستان میں تو پروفیسر محمد حبیب اور خلیق احمد نظامی جیسے صاحب نظر اور سنجیدہ مورخین نے نہایت عرق ریزی سے کام کرتے ہوئے چشتی صوفیاء کے حوالے سے قارئین کو کئی خود ساختہ کہانیوں اور مفروضوں سے محفوظ کرتے ہوئے صوفی ازم کی تاریخ قلم بند کی ہے مگر ہمارے ہاں ایسی سنجیدگی اور عرق ریزی سے اس موضوع پر ابھی کام شروع نہیں ہوا۔

بلکہ ہمارے مؤلفین ابھی تک تحقیقات چشتی اور خزینۃ الاصفیاء کو ہی مسلسل لکھے جا رہے ہیں۔ محمد دین فوق نے دو ماہ کے قلیل عرصے میں ''سوانح حضرت داتا گنج بخش'' 1914 میں تالیف کی اور نہایت فخریہ انداز سے کتاب کے دیباچے میں اس قلیل عرصہ میں اس تالیف کے لئے داد کے طلب گار ہوئے۔ (23) اسی طرح مورخ لاہور محمد دین کلیم قادری نے لاہور کے حوالے سے 170 سے زائد کتب و کتابچے اور مقالہ جات تصنیف کئے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ''تذکرہ حضرت میاں میرؒ'' کو مدوّن کرنے کے لئے وہ بھی بمشکل دو ماہ ہی نکال سکے۔ (24)

اب جبکہ ہمارے پاس تحریری شواہد کافی نہیں ہیں اور جو ہیں وہ بھی قابل اعتبار نہیں ٹھہرتے تو ہمیں کیا کرنا چاہیئے، ایک ایسا سوال ہے جس کا جواب مؤلفین کے پاس نہیں ہو سکتا، اس کے لئے ہمیں ماہرین آثار قدیمہ کے طریقہ کار سے مدد لینا ہو گی جو نہایت احتیاط سے کھدائی کرتے ہیں اور پھر دریافت ہونے والے قدیمی آثاروں کے نمونے لیبارٹری میں تجزیہ کے لئے بھجوا دیتے ہیں، ہو سکتا ہے صوفیاء اور ان کی خانقاہوں سے عقیدت میں سرشار لوگوں کو یہ بات ناگوار گذرے مگر ہمارے پاس یہی ایک راستہ بچتا ہے جو ہمیں بہت سے مفروضوں کی صداقت کو جھٹلانے یا ثابت کرنے میں مددگار ہو سکتا ہے۔ اب اس سلسلے میں ایک اچھی بات یہ ہوئی ہے کہ ان مزارات کی توسیع کے وقت زیادہ تر یوں ہوا ہے کہ پہلے سے موجود کچے صحنوں کی سنگ مرمر سے فرش بندی

Marfat.com

کر کے ایک لحاظ سے ان آثاروں کو زیر زمین محفوظ کر دیا گیا ہے، یہ کم و بیش سبھی جگہوں پر اپنی اصل حالت میں موجود ہیں۔ نئی مسجد حضرت علی ہجویریؒ کی تعمیر کے وقت جب مسجد کے ایوان کی بنیادوں کے لئے کھدائی کی گئی تو نیچے سے پانی کے کنویں برآمد ہوئے اور دیگر آثار ملے، اگر اس وقت سمجھ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان آثاروں کی تجزیہ رپورٹیں حاصل کر لی جاتیں یا پھر تہہ خانے کی کھدائی کے وقت مٹی ہٹاتے ہوئے برآمد ہونے والے آثاروں کی ڈاکومینٹیشن کی گئی ہوتی تو یہ معلومات ایسی بہت سی باتوں کو ہمارے اوپر آشکار کرتیں جن کا تعلق مزار حضرت علی ہجویریؒ کے گردونواح اور وہاں پر صدیوں پہلے کی جانے والی تعمیرات سے بنتا ہے۔

اب ایک سوال جو لوگوں کے ذہنوں میں کلبلاتا ہے کہ حضرت علی ہجویریؒ کی قبر اسی سطح پر ہے یا اس سے کئی فٹ نیچے گہرائی میں ہے، جہاں چھٹی اور ساتویں دہائی تک لوگ سیڑھیوں سے اتر کے جاتے تھے، اس کا جواب ہمیں صرف آثار قدیمہ کی طرز پر کی گئی کھدائی سے ہی مل سکتا ہے۔ اسی طرح حضرت علی ہجویریؒ اور خواجہ فریدالدینؒ کے موجودہ مزارات کی عمارات کس قدر پرانی ہیں، اس کا جواب بھی صرف آثاریاتی شہادت میں ہی موجود ہے۔ خواجہ فریدالدینؒ کے مزار پر واقع قدیمی مسجد کو 1999ء میں اس وجہ سے شہید کر دیا گیا کہ اس وقت کامل خان ممتاز، ڈاکٹر احمد نبی خان اور ڈاکٹر سیف الرحمٰن ڈار کوئی ایسا تحریری حوالہ نہ پیش کر سکے کہ مسجد کی قدامت کا چودہویں صدی سے تعلق بنتا ہے۔ (25) اب اگر مسجد کی عمارت میں استعمال ہونے والے سامان تعمیرات کا لیبارٹری تجزیہ اس کے عہد کی شہادت دیتا تو یقیناً ہم اس قدیمی مسجد کو گرانے سے بچانے کا جواز پیدا کر سکتے تھے۔ حضرت بی بی پاک دامناںؒ کا مزار اس وقت شیعہ اور سنّی عقیدت مندوں کے لئے وجہ نزع بنا ہوا ہے بلکہ یہاں تک کہ دربار شریف کے احاطہ کو سنّی اور شیعہ دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ سنّی عقیدت مند یہ کہتے ہیں کہ یہ سید احمد توختہ کی بیٹیوں کی قبریں ہیں۔ یہ بزرگ چھٹی صدی ہجری میں کرمان سے ہجرت کر کے لاہور آباد ہوئے تھے۔ (26) جبکہ تحقیقات چشتی کے مصنف نور احمد چشتی ان قبروں کی نسبت حضرت علیؓ، حضرت عباسؓ اور حضرت عقیلؓ کی صاحبزادیوں سے جوڑتے ہیں۔ (27)

1995-96 میں جب نئی تعمیرات کے موقع پر زمینی معائنہ کی تحقیقی رپورٹ تیار کروائی گئی تو معلوم ہوا کہ قبرستان بی بی پاک دامناں کی گہرائی بارہ فٹ ہے جس کے بعد اصل زمین کے شواہد ملتے ہیں اور جب بنیادوں کی کھدائی کی گئی تو واقعی اس کے بعد ہڈیوں کے آثار نہیں ملے، اب آثار

Marfat.com

قدیمہ کے ماہرین زمین کی ان تہوں سے بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ قبرستان کتنا قدیمی ہے اور یوں حقیقی صورتحال سے آگاہی کے بعد اس جنگ کا خاتمہ ہوسکتا ہے جو شیعہ اور سنّی فرقوں کے مابین صرف ڈیڑھ سو سال قبل کی تحریری شہادتوں پر بنیاد رکھتی ہے۔

خواجہ فریدالدینؒ کے مزار مبارک کی تعمیر نو کی بات کریں تو فوراً کہا جاتا ہے کہ اس مزار میں استعمال ہونے والی ایک ایک اینٹ پر قرآن مجید پڑھا گیا ہے اور اس کے لئے کہا جاتا ہے کہ خواجہ نظام الدین اولیاء اپنے ہمراہ دہلی سے تین سو حفاظ لے کر آئے تھے اگرچہ اس کی بھی کوئی تحریری سند نہیں ہے اگر خواجہ فریدالدینؒ کے مزار مبارک پر استعمال ہونے والی اینٹوں کا تجزیہ کروالیا جائے تو ان کی قدامت کا علم شاید بہت سے عقیدت مندوں کو اصل صورتحال سے آگاہ کر سکے۔

حضرت علی ہجویریؒ کے مزار مبارک کی جنوبی جانب واقع حجرہ خواجہ معین الدین چشتیؒ کے حوالے سے بھی ہمیں 1864 سے قبل کوئی تحریری شواہد نہیں ملتے۔ نور احمد چشتی نے تحقیقات چشتی میں مجاورین کی زبانی جو احوال معلوم ہوا بغیر تحقیق کئے لکھ دیا کہ خواجہ معین الدین چشتیؒ یہاں چلّہ کش ہوئے اور آپ کو یہیں سے ولایت ملی، مجاورین کے خاندان سے ہی ایک صاحب (28) تو یہاں تک لکھ جاتے ہیں کہ خواجہ معین الدین چشتی نے شیخ ہندی کے حجرہ میں چالیس دن چلّہ کشی کی، اس وقت یہ حجرہ موجود ہے اگر کھدائی کے بعد ہمیں آثاریاتی شہادت مل جاتی ہے کہ ان بنیادوں پر آٹھ نو سو سال پہلے تک کوئی حجرہ موجود تھا، تو ہمیں اس کی صداقت پر یقین کر لینے میں کوئی حرج نہیں ہے، وگرنہ تحریری شہادت کا تو یہ عالم ہے کہ چشتی سلسلے کے صوفیاء کے ملفوظات میں خواجہ معین الدین چشتیؒ کے حضرت علی ہجویریؒ کے مزار پر چلّہ کشی کا کہیں ذکر موجود نہیں ہے۔

مزار حضرت علی ہجویریؒ پر تعمیر کی جانے والی نئی مسجد کے درست قبلہ رخ کے تعین کے لئے سروے آف پاکستان کے ماہرین سے گزارش کی گئی اور گورنر پنجاب نے 22 جولائی 1981 کو اس کی باضابطہ منظوری بھی دی یہ قبلہ رخ تقریباً وہی تھا جو آپ کی مسجد اور مزار مبارک کی نسبت سے نکلتا ہے اس لحاظ سے آپ کی نسبت سے بیان کی گئی داراشکوہ کی وہ کرامت بھی ثابت ہو جاتی ہے کہ جب حضرت علی ہجویریؒ نے مسجد کی تعمیر کے بعد علماء اکرام کو دعوت دی اور ان کو بچشم خود قبلہ نظر آ گیا، بالکل اسی طرح جب خواجہ فریدالدینؒ کے مزار پر نئی مسجد کی تعمیر کے لئے سائنسی بنیادوں پر درست قبلہ رخ کا تعین کیا گیا تو وہ قدیمی مسجد کے قبلہ رخ سے 16 ڈگری کے فرق کے ساتھ تھا اور یوں نئی مسجد کی تعمیر درست قبلہ رخ کے مطابق ہی کی گئی یہ فرق اس وقت اور بھی نمایاں ہو جاتا

Marfat.com

ہے جب اس کا موازنہ خواجہ فرید الدینؒ کے قدیمی مزار کی نسبت سے کیا جاتا ہے، ایک لحاظ سے سائنسی بنیادوں پر کام کی شروعات ہو چکی ہے بس اس میں مزید توسیع کی ضرورت ہے۔

## حوالہ جات


1- خلیق احمد نظامی ''The Life and Time of Sh. Farid-ud-Din'' یونیورسل بکس لاہور (1976)۔

2- پروفیسر محمد حبیب ''حضرت نظام الدین اولیاء: حیات و تعلیمات'' بک ہوم لاہور (2006)

3- فوائد الفواد (ملفوظات حضرت نظام الدین اولیاء) دلیل العارفین (ملفوظات خواجہ معین الدین چشتی) اور سفینۃ الاولیاء کا خصوصی تذکرہ کیا گیا ہے اور طوالت سے بچنے کے سبب مابعد کے تذکرہ جات کی تفصیل میں جانے سے گریز کیا گیا ہے۔

4- امیر حسن علاء سجزی ''فوائد الفواد'' محکمہ اوقاف پنجاب لاہور (2001) صفحہ 80

5- ایضاً۔ صفحہ 82-81

6- ایضاً۔ صفحہ 108

7- ایضاً۔ صفحہ 204

8- ایضاً۔ صفحہ 266

9- ڈاکٹر پی ایم کیوری
"Cult and Shrine of Kh. Mu'in-ud-Din Chishti of Ajmer"
آکسفورڈ انڈیا (1989) صفحہ 23

10- ایضاً۔ صفحہ 24

11- اعجاز الحق قدوسی تعارف ''سیر الاولیاء'' اردو سائنس بورڈ لاہور (1996) صفحہ 30

12- ایضاً۔ صفحہ 29

13- امیر خورد ''سیر الاولیاء'' اردو سائنس بورڈ لاہور (1996) صفحہ 68-67

14- مولانا جمالی ''سیر العارفین'' رضوی پریس دہلی (1311ھ) صفحہ 47-46


Marfat.com

15- شیخ عبدالحق محدث دہلوی ''اخبار الاخیار'' مجتبائی پریس دہلی (1309ھ) صفحہ 53-52

16- تاریخ فرشتہ جلد دوئم۔ دوست ایسوسی ایٹس لاہور۔ صفحہ 338

17- امیر حسن علاء سجزی ''فوائد الفواد'' محکمہ اوقاف پنجاب لاہور (2001) صفحہ 51

18- ایضاً۔ صفحہ 87

19- ایضاً۔

20- داراشکوہ ''سفینتہ الاولیاء'' نفیس اکیڈمی کراچی (1958) صفحہ 209

21- ایضاً۔ صفحہ 210

22- سید محمد متین ہاشمی ''سید، ہجویر'' محکمہ اوقاف پنجاب لاہور (1985) صفحہ 59-58

23- محمد دین فوق ''سوانح حضرت داتا گنج بخش'' محکمہ اوقاف پنجاب لاہور (2002) صفحہ 11

24- محمد دین کلیم قادری ''تذکرہ حضرت میاں میر'' ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور (1999) صفحہ 23

25- قدیمی مسجد حضرت خواجہ فرید الدین گنج شکر پاک پتن کو گرائے جانے سے محفوظ رکھنے کے لئے محکمہ آثار قدیمہ اور تعمیراتی کمیٹی کے درمیان جنگ دس سالوں (1999-1989) تک چلتی رہی۔ بالآخر وزیراعلیٰ پنجاب نے چیف سیکرٹری پنجاب کی بھجوائی ہوئی تلخیص کی توثیق 9 اگست 1999 کو کر دی کہ قدیمی مسجد کو گرا دیا جائے کیونکہ اس کی قدامت کے بارے میں کوئی تحریری شہادت پیش نہیں کی جا سکی اور نئے کمپلیکس کے اندر اس قدیمی مسجد کی کوئی گنجائش باقی نہیں ہے۔ اگرچہ 6 اپریل 1998ء کو وزیراعظم پاکستان نے جس ترمیمی ڈیزائن اور تخمینہ جات کی منظوری دی تھی اس میں یہ قدیمی مسجد موجود تھی بلکہ یہ سفارشات بھی کی گئی تھیں کہ نئی مسجد کا ڈیزائن قدیمی مسجد کی نسبت سے تیار کیا جائے۔

26- کنہیا لال ہندی ''تاریخ لاہور'' مجلس ترقی ادب لاہور (1996) صفحہ 335

27- نور احمد چشتی ''تحقیقات چشتی'' الفیصل لاہور (2001) صفحہ 159

28- محمد سلیم حماد ہجویری قادری ''فاتح قلوب'' ہجویری فاؤنڈیشن لاہور (2004) صفحہ 33


❁❁❁❁❁

# اکیسویں صدی میں درگاہ کی کایا کلپ

لفظ ''صوفی'' روزمرہ کی زندگی میں اتنا عام اور سہولت سے استعمال ہوتا ہے کہ اس نے اپنے حقیقی لغوی معنی کھو دیئے ہیں اور ہم کسی کو بھی ''صوفی'' کہہ دیتے ہیں یا کوئی بھی ''صوفی'' کہلوانے لگتا ہے۔ مولانا جامی کی تحقیقات کے مطابق سب سے پہلے جو بزرگ صوفی کے لقب سے مشہور ہوئے وہ شیخ ابو ہاشم کوفیؒ (المتوفی 150ھ) تھے۔ حضرت محمدؐ نے جب ''انا خاتم النبین'' کہہ دیا تو نبوت اور پیغمبری کا سلسلہ مکمل ہو گیا مگر معاشرے میں اللہ کا نام لینے والوں کی رہنمائی کے لئے ایک ایسے شخص کی ضرورت تھی جو روحانی سطح پر عام انسانوں کو وہ تمام مراحل طے کراتا جس کے بعد حقیقت تک رسائی کی صورت بنتی۔ یہ کردار صوفیاء نے اپنے ذمے لیا اور پھر خوب نبھایا۔

خلیق نظامی نے اپنی کتاب ''تاریخ مشائخ چشت'' 1953ء میں لکھا ہے کہ بنوامیہ کے عہد میں حکمرانوں نے ظلم و ستم کے ایسے معیار قائم کئے کہ خلقِ خدا نے حضرت محمدؐ اور خلفائے راشدینؓ کے دور کو یاد کرنا شروع کر دیا۔ لوگ زیاد اور حجاج بن یوسف کے مظالم سے کانپ اٹھے۔ (1) حجاج بن یوسف کے مظالم دیکھ کر حضرت خواجہ حسن بصری گیارہ سال تک گوشہ نشین رہے۔ اموی گورنروں کے ظلم و ستم کے ردِّ عمل کے سبب بصرہ اور کوفہ تصوف کے مراکز بنے۔ یہیں صوفیاء کے اولین طبقے نے جنم لیا۔ (2) ان کا زمانہ (850-661ء) ہے۔ اس عہد کے صوفیاء توبہ پر بہت زور دیتے تھے یہاں تک کہ خشیت الٰہی کا جذبہ ان لوگوں کے لئے ''حب الٰہی'' سے بڑھ کر تھا۔ اس عہد میں لوگ انفرادی سطح پر عبادت و ریاضت میں مشغول رہے اور اپنے طرز فکر کو اجتماعی شکل نہیں دی۔ گوشہ نشینی باعث اطمینان تھی۔ تحریر و تربیت کی جانب بہت کم صوفیاء نے توجہ دی۔

صوفیاء کا دوسرا عہد وہ ہے جب یونانی فلسفہ، حکمت اور علوم نے اسلامی معاشرے میں ''عقلیت'' کا طوفان برپا کر دیا۔ (3) سوچ اور فکر نے تذبذب اور شک کو جنم دیا۔ مامون الرشید

Marfat.com

نے بیت الحکمت کے لئے قیصر روم کو خط لکھا اور یوں پانچ اونٹوں پر فلسفہ وحکمت کی کتب لاد کر مامون الرشید کو بھیج دی گئیں جس میں ارسطو کی کافی کتب شامل تھیں۔اس عہد میں صوفیاء کا جو طبقہ پیدا ہوا اس نے عقلیت کے خلاف آواز اٹھائی اور عشق پر زور دیا اور خود حُب الٰہی میں سرشاری اختیار کی۔منطق اور فلسفہ کی پیدا کردہ لامرکزیت کو دور کرنے کے لئے استغراق پر زور دیا گیا۔

صوفیاء کا تیسرا عہد دسویں صدی عیسوی کا ہے جب امام مالک، امام ابوحنیفہ، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کی دینی بصیرت سے متعین کردہ راہوں کا تعین ہونے لگا تھا۔(4) یہ تدوین فقہ کا دور تھا مگر اس عہد میں فقہی مسائل میں حیلہ بازی کا آغاز ہوا۔فقہ کی کتب میں ''باب الحیل'' نے لازم حیثیت اختیار کی۔اس عہد میں صوفیاء نے مذہب کی حقیقی روح بیدار کرنے، اصلاح باطن اور درستگی اخلاق کی طرف خصوصی توجہ اور کوشش کی۔یہی وہ عہد ہے جب شیخ ابونصر السراج نے کتاب اللمع تحریر کی (5) جس میں تصوف کے بنیادی تصورات اور مشمولات پر سیر حاصل بحث کی گئی۔اس صدی میں صوفیاء کے گروہوں کی تشکیل کا آغاز ہو گیا تھا جس کا ذکر شیخ علی ہجویریؒ کی کتاب ''کشف المحجوب'' میں ملتا ہے (6) اور شیخ علی ہجویریؒ نے ان کی تعداد بارہ بتائی ہے جن میں دس گروہ مقبول اور دو گروہ مردود ٹھہرائے گئے ہیں۔یہ کتاب فارسی میں تحریر کی گئی۔ہندوستان میں حقیقی تصوف کے تصورات کو اجاگر کرنے میں اس کتاب کا بہت بڑا حصہ ہے۔

بارہویں صدی میں امام غزالی نے تصوف کو ''زندگی گزارنے کے طریق'' سے بڑھا کر پورا فلسفہ مدون کیا اور اخلاقی تعلیم کی بنیاد تین چیزوں ''صحیح مذہبی وجدان، حکمت اور نفسیات'' پر رکھی۔ تصوف کی اصطلاحات کا مفہوم واضح کیا۔اس صدی میں شیخ عبدالقادر جیلانی (متوفی 1166ء)، شیخ نجیب الدین سہروردی، ابن عربی اور شیخ شہاب الدین سہروردی جیسی جید اور صوفی شخصیات کا ظہور ہوا اور ایک عہد کو اپنی علمی و مذہبی بصیرت سے متاثر کیا۔شیخ عبدالقادر جیلانی کی زبان میں ایسی طاقت تھی اور آپ کا انداز بیان ایسا پُر تاثیر اور مدلل ہوتا تھا کہ لوگ گھنٹوں بیٹھ کر سنتے۔شہاب الدین سہروردی کی کتاب ''عوارف المعارف'' میں تصوف کے بنیادی اعتقادات، خانقاہی نظام و تنظیم، مریدین و شیوخ کے باہمی تعلقات اور دیگر مسائل و معاملات کو قرآن و حدیث کی روشنی میں بیان کیا گیا (7)، یہی وہ عہد ہے جب فارسی شاعری میں صوفیانہ عنصر شامل ہوا۔

اس عہد کے ساتھ ہی اسلامی تصوف میں سلاسل کا باقاعدہ آغاز ہوا۔سلسلہ نقشبندیہ کو مقبول

Marfat.com

بنانے کا سہرا خواجہ بہاء الدین نقشبندیؒ کے سر ہے(8) انہوں نے اتباع سنت پر زور دیا۔ رہنما اصولوں میں ''ہوش دردم، نظر برقدم، سفر در وطن، خلوت در انجمن، یاد کرد، بازگشت، نگاہ داشت اور یادداشت'' اہم ہیں۔ سلسلہ قادریہ کا آغاز شیخ عبدالقادر جیلانی سے ہوا(9) انہوں نے مریدین کی اصلاح وتربیت کا بہت اعلیٰ نظام قائم کیا جس کے دوررس نتائج برآمد ہوئے۔ سلسلہ چشتیہ کی داغ بیل ابواسحاق شامی نے ڈالی(10) ہندوستان میں اسے حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ نے پروان چڑھایا۔ سلسلہ سہروردیہ کے بانی شیخ شہاب الدین سہروردیؒ تھے(11) ان کی کتاب ''عوارف المعارف'' نے اسلامی تصوف کے لئے نئی راہیں متعین کیں۔ ہندوستان میں شیخ بہاء الدین زکریا ملتانیؒ اور بعدازاں حضرت شاہِ رکن عالمؒ نے اس سلسلہ کے مریدین کی تعلیم وتربیت کی۔

اسلامی تصوف پر موجود ابتدائی مطبوعہ کتب میں تین انتہائی اہم ہیں۔ ابونصرالسراج کی ''کتاب اللمع'' جو دسویں صدی کی آخری دہائیوں میں تحریر کی گئی۔ ابوالقاسم کا ''رسالہ القشیریہ'' جو گیارہویں صدی کے نصف میں تحریر کیا گیا اور اس کے بعد حضرت علی ہجویریؒ کی تصنیف ''کشف المحجوب'' ہے جس کی تخلیق کم وبیش گیارہویں صدی کی درمیانی دہائیوں میں ہوئی۔

تصوف پر موجود میسر لٹریچر کی تین اہم اصناف بنتی ہیں:

1- ملفوظات (صوفیاء کی غیر رسمی گفتگو)

2- تذکرہ جات (احوال صوفیاء اوران کی تعلیمات)

3- مکتوبات (صوفیاء کے خطوط)

ہندوستان میں تصوف کے موضوع پر ''ملفوظات'' کے حوالے سے اہم اور نمائندہ کتب میں شیخ نظام الدین اولیاء کی راحت القلوب (ملفوظات بابا فریدؒ) حمید قلندر کی خیرالمجالس (ملفوظات بابا فریدؒ) شیخ بدرالدین کی ''ابرار الاولیاء'' (ملفوظات بابا فریدؒ) شیخ فریدالدین کی ''فوائد السالکین'' (ملفوظات خواجہ بختیار کاکیؒ) خواجہ حسن دہلویؒ کی ''فوائد الفواد'' (ملفوظات شیخ نظام الدین اولیاءؒ) شامل ہیں۔ اسی طرح تذکروں میں امیر خورد کی ''سیرالاولیاء''، شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی ''اخبارالاخیار''، شیخ حامد بن فضل اللہ جمالی کی ''سیرالعارفین''، غلام سرور قادری کی خزینۃ الاصفیا'' داراشکوہ کی ''سفینۃ الاولیاء''، شیخ شہاب الدین کی ''عوارف المعارف'' شیخ فریدالدین عطار کی ''تذکرۃ الاولیاء''، شیخ عبداللہ انصاری کی ''طبقاتِ صوفیاء'' وغیرہ اہم ہیں۔ مکتوبات میں

Marfat.com

''مکتوبات گیسودراز''،''مکتوبات معصوم''،''مکتوبات مجدد الف ثانی''وغیرہ کا نام لیا جاسکتا ہے۔

مذکورہ بالا لٹریچر کم وبیش حکایات اور تصوف کے قرآنی تصور پر مشتمل ہے صوفیاء نے ان حکایات کے ذریعے لوگوں کی تعلیم وتربیت اور اصلاح کی ہے۔حکایت کے لئے لازم ہے کہ اس میں بیان کیا جانے والا واقعہ دلچسپ اور توجہ طلب ہو۔بعض اوقات اس کو موثر اور حقیقی بنانے کے لئے اس میں ذاتی زندگی کا عنصر یا جھلک بھی ڈال دی جاتی ہے۔یہ غیر رسمی گفتگو بھی ہوسکتی ہے جس کے لئے کسی وقت یا جگہ کے تعین کی ضرورت کو اہم نہیں سمجھا جاتا۔بعض اوقات یہ مریدین کی جانب سے کئے جانے والے سوالات کے پُر مغز جوابات پر بھی مشتمل ہوسکتی ہے۔

تقریباً تمام صوفیاء نے اپنے ملفوظات کو تحریری شکل میں لانے سے اجتناب کیا ہے بلکہ منع بھی کیا ہے اس کے پس پردہ کیا محرکات ہیں یہ الگ بحث ہے تاہم یہ بات مسلمہ ہے کہ حکایت کا اسلوب اپنانے کے پیچھے یقینی طور پر ''قصص الانبیاء'' اور''قرآن'' کا ڈکشن واضح طور پر جھلکتا ہے۔یہاں تاریخی عنصر نمایاں ہے جبکہ حکایات میں عام معاشرتی کردار نظر آتے ہیں۔انداز بیان اور الفاظ اتنے عام فہم،سادہ اور بات اتنی سہولت سے بیان کی جاتی ہے کہ عمومی سوچ اور عامؔ ذہنی سطح کا حامل شخص بھی باآسانی معانی کی تہہ تک پہنچ جاتا ہے۔ان حکایات میں جانور وغیرانسانی اشیاء حرکت پذیر نظر آتی ہیں،بولتی ہیں جیسے وہ بھی انسان ہوں،بعض جگہوں پر واقعات کی بنیاد تاریخی حقائق سے متصادم معلوم ہوتی ہے البتہ ان کے ہونے کے امکان کو رد نہیں کیا جاسکتا۔گفتگو کا انداز غیر رسمی ہے شیخ اپنے خلفاء ومریدین کے مرکز میں مسند نشین ہوتا اور گفتگو کرتا۔موضوع کچھ بھی ہوسکتا تھا،بات کہیں بھی جاسکتی تھی۔یہی غیر رسمی مگر پُر تاثیر انداز گفتگو ملفوظات کی مقبولیت اور اثر پذیری کا سبب بنا۔ملفوظات وقت اور لوگوں کی ذہنی رسائی سے مطابقت رکھتے تھے عمومی ذہنی صلاحیت کے حامل افراد بھی ان کو سراہ سکتے تھے،لطف لے سکتے تھے اور سمجھ سکتے تھے۔

ان ملفوظات اور تذکرہ جات میں بیان کی جانے والی حکایات کا موضوع بہت وسیع تھا،معاشرے کی بہتری،افراد کی تعلیم وتربیت،اخلاقی اقدار کا فروغ،خیرات کرنا،قربانی اور سخاوت کا جذبہ بیدار کرنا،مہربانی،ترحم وہمدردی،معافی،برداشت،نذرانہ جات کو قبول اور تقسیم کرنا،توکل،فقر،تجرد،شادی،کسب معاش،فتوح،علم،خودستائشی کی ملامت،عشقِ مجازی،خواب وتعبیر،عزلت وتنہائی،جلالی وجمالی وغیرہ اہم ترین موضوعات رہے ہیں۔

یہ حکایات مختلف زمانوں میں مختلف ماحول کے ساتھ مختلف جگہوں پر بیان ہوتی رہی ہیں مقصد ایک ہی تھا، سننے والے کو خود بخود کسی نتیجے پر لے کر آنا، تاکہ اس کی اصلاح و تربیت ہو سکے۔ تربیت و اصلاح کا یہ طریقہ کار کئی صدیوں تک قائم رہا اور بہت بعد میں تصوف کو فلسفہ زندگی بنا کر پیش کیا گیا، آج بھی بے شمار لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ تصوف کوئی فلسفہ نہیں ہے، قواعد کا مطبوعہ مجموعہ نہیں ہے بلکہ زندگی گزارنے کا ایک طریں ہے کہ جس سفر میں انسان حقیقت تک رسائی کی جانب منازل طے کرتا چلا جاتا ہے۔

ہندوستان میں عہد مغلیہ میں صوفیاء کو بہت عروج حاصل رہا ہے یہاں تک کہ کسی سلطنت پر حملے سے قبل اگر وہاں کوئی صوفی موجود ہوتا تھا تو مغل بادشاہ اس سے اجازت لیتا تھا۔ اگر لشکر کشی کے لئے روانہ ہوتا تو راستے میں آنے والی اہم درگاہوں پر سلام و عقیدت کا نذرانہ پیش کرتا، اکبر اعظم کے ہاں جب شہزادہ سلیم نے جنم لیا تو اکبر اعظم ننگے پاؤں خواجہ معین الدین چشتیؒ کے مزار پر حاضری کے لئے گیا۔

عہد مغلیہ کے زوال کے ساتھ ہی اسلامی تصوف بھی زوال پذیر ہوا اور درگاہوں کی قدر و منزلت میں کمی ہوتی چلی گئی۔ اگرچہ سکھ عہد میں سرداروں کی عقیدت ان درگاہوں سے رہی ہے مگر پھر بھی کوئی پرسان حال نہ تھا۔ یوں تو بقول خلیق احمد نظامی مغل عہد میں ہی درگاہیں متولیوں اور گدی نشینوں کے لئے محض آمدن کا ذریعہ بن کر رہ گئی تھیں تاہم جب انگریزی عہد حکومت آیا تو اپنے ساتھ حکومتی و معاشرتی سطح پر کئی تبدیلیاں لے کر آیا۔ اس دوران میں ہمیں صوفیاء کے ملفوظات و تذکرہ جات کی تحریر و اشاعت بہت کم نظر آتی ہے۔ برطانوی حکومت کے بنگال کوڈ 1810ء کے تحت ہندوؤں، سکھوں اور مسلمانوں کی تمام مذہبی عبادت گاہیں و درگاہیں اور ان کا انتظام ریونیو بورڈ کے حوالے کر دیا گیا اور ان کو انتظامی اختیارات دے دیئے گئے۔ نصف صدی کے بعد 1863ء کے Endowment Act کے تحت ان درگاہوں و مذہبی عبادت گاہوں کا کنٹرول ریونیو بورڈ سے لے کر (سول عدالت کی زیر نگرانی) متولیوں کے حوالے کر دیا گیا۔ درگاہ سے حاصل ہونے والی آمدن و تقریبات پر اٹھنے والے اخراجات کے حساب کتاب کا متولی ذمہ دار تھا اور متولی و نگران کے اوپر ایک کمیٹی بنا دی گئی جس کے عہدیدار آمدن و اخراجات و دیگر سرگرمیوں کے نظم و ضبط کے لئے بااختیار بنا دیئے گئے اور پھر ان سب سے اوپر سول کورٹ کو اختیار دے دیا گیا کہ وہ کسی بھی متولی یا

رکن کوذمہ داری سے ہٹا کر کسی دوسرے کواس کی جگہ لگا سکتی تھی۔اٹھارہویں اورانیسویں صدی میں ہمیں اسلامی تصوف کے موضوعات پر کوئی قابلِ ذکر تحریر وتصنیف کا کام نظر نہیں آتا۔

برطانوی عہد حکومت میں حکومتی سرپرستی ونگرانی کے سبب درگاہ نے نجی سطح سے اوپر اٹھ کر معاشرے کے ایک اہم ادارے کی حیثیت اختیار کر لی، یہ بہت بڑی تبدیلی تھی اوراس کے سبب درگاہ ذاتی ونجی حیثیت سے بلند تر ہو کر ایک معاشرتی یا تمدنی ادارہ بن گئی۔اب اس موضوع پر لکھنے والے مریدین یا عقیدت مند نہیں تھے بلکہ عمرانی علوم کے ماہر لوگ تھے جن کی تعلیم وتربیت مدرسوں یا خانقاہی نظام کے علاوہ ایک دوسرے تدریسی ضابطے کے تحت ہوئی تھی ان کی بصیرت محدود نہ تھی لہٰذا درگاہ کو بصیرت اور بصارت کے مختلف تناظر سے دیکھا جانا لازم تھا۔یہ بیسویں صدی کا آغاز تھا جب پروفیسر آر۔اے نکلسن نے 1911ء میں ''کشف المحجوب'' کا انگریزی زبان میں ترجمہ کیا اور مغربی مفکرین کو اسلامی تصوف کے رموز ومعاملات سے روشناس کرایا۔اس کے علاوہ پروفیسر نکلسن نے اسلامی تصوف کے موضوع پر تین کتابیں تحریر کیں۔

1- Mystics of Islam مطبوعہ 1914ء

2- Studies in Islamic Mystics مطبوعہ 1921ء

3- The Idea of Personality in Sufies مطبوعہ 1923ء

یہ کتابیں لندن میں شائع ہوئیں۔یہ اسلامی تصوف کے موضوع پر تحریر وتجزیہ کا ایک نیا سفر تھا۔درگاہ کے معاملات اوراس میں دفن صوفی کی تعلیمات کو ایک نئے معاشرتی فنامنا (Phenomenon) کے طور پر لیا گیا، لکھنے والوں کی بصیرت اور بصارت بہت مختلف اورالگ تھی۔

اس کے ساتھ ساتھ دیگر کئی لوگوں کے اس موضوع پر مضامین بھی شائع ہوئے مثلاً 1911ء میں طبع ہونے والے پنجاب ہسٹاریکل سوسائٹی کے جرنل میں ایم اروِنگ (M. Irving) کا مضمون ''The Shrine of Baba Farid in Pak Pattan'' شائع ہوا۔(12) اسی طرح ایچ روز (H. Rose) نے اس جرنل کے شمارہ تین مطبوعہ 1914-15ء میں ''Shrines of the Punjab'' کے نام سے ایک آرٹیکل قلم بند کیا۔کسی ایک مزار پر یا پنجاب کے کئی مزارات پر مجموعی طور پر تحریر کیے جانے والے ان مضامین نے لکھنے اور پڑھنے والوں کی بصیرت کو نئے زاویوں سے روشناس کرایا اور یوں تحریر وتحقیق کا یہ سلسلہ جان اے سبحان کی کتاب پر منتج ہوا۔(13)

Marfat.com

کتاب کی اولین اشاعت لکھنو میں ہوئی اور بعد ازاں نیویارک سے بھی یہ کتاب شائع ہوئی۔

جان اے سبحان ''دی ہنری مارٹن سکول آف اسلامکس لاہور'' میں لیکچرر تھے۔ ہندوستان میں صوفی ازم کے مطالعہ کی یہ غالباً اولین کتاب تھی جو انگریزی زبان میں تحریر کی گئی۔ اس کتاب میں ہندوستان میں تصوف کے ارتقاء و تعارف پر سیر حاصل بحث کی گئی اس کے علاوہ اسلامی تصوف کے چار نمائندہ سلاسل چشتی، قادری، نقشبندی اور سہروردی پر بھی تحریر کیا گیا ہے۔ تاہم اہم ترین مضمون وہ ہے جہاں جان اے سبحان نے تصوف کا ہندوستانی فکر کے ساتھ موازنہ کیا ہے اور صوفی اور گرو کے درمیان مماثلت تلاش کرنے کی کوشش کی ہے۔ کتاب کے آخر میں جہاں مختلف سلاسل سے تعلق رکھنے والے صوفیاء کی فہرست شامل ہے وہاں ان صوفیاء کے عرسوں کی تاریخیں بھی نہایت چھان بین کے بعد قلم بند کی گئی ہیں۔

ہندوستان میں اسلامی تصوف کے حوالے سے اُردو اور انگریزی ہر دو زبانوں میں کیا جانے والا گرانقدر کام خلیق احمد نظامی کا ہے ان کی کتاب انگریزی زبان میں حضرت بابا فریدؒ کے بارے میں 1955ء میں شائع ہوئی۔ خلیق احمد نظامی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں پڑھاتے تھے انہوں نے حضرت بابا فریدؒ کی سوانح حیات، شاعری و شخصیت اور تعلیمات کے حوالے سے نہایت عرق ریزی اور چھان بین کے بعد یہ کتاب تحریر کی۔ آج بھی مؤرخین کے لئے یہ ایک مستند دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کے علاوہ خانقاہی نظام پر ان کی کتاب 1957ء میں شائع ہوئی، تیرہویں صدی میں مذہب اور سیاست کے چند پہلوؤں پر انہوں نے اپنی کتاب میں روشنی ڈالی جو 1961ء میں شائع ہوئی ''تاریخ مشائخ چشت'' (1953) اور ''سلاطین دہلی کے مذہبی رجحانات'' (1958) اردو زبان میں شائع ہونے والی اہم کتابیں تھیں۔ خلیق نظامی کی کتابیں زیادہ تر بیانیہ انداز لئے ہوئے ہیں کہیں کہیں تاریخی حوالوں سے موازنہ و مقابلہ نظر آتا ہے مگر یہ کتابیں تجزیے سے عاری ہیں البتہ تاریخ ہونے کے حوالے سے اپنے اندر بہت کچھ سمیٹے ہوئے ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ یہ کام اپنے موضوع اور عہد کے اعتبار سے بہت اہم ہے۔

1968ء میں ادریس شاہ کی کتاب شائع ہوئی (14) جس میں مصنف نے نہ صرف چشتی، قادری، سہروردی اور نقشبندی سلسلوں پر بات کی بلکہ الغزالی، عمر خیام، ابن العربی، سعدی آف شیراز اور رومی وغیرہ کے خیالات اور تعلیمات کو بیان کیا تاہم یہ تخلیقی یا تجزیاتی سطح پر اہم کتاب نہیں

Marfat.com

ہے۔ اسلامی تصوف کے سلاسل پر اہم ترین کتاب جے سپنسر ٹرمنگھم نے تحریر کی۔(15) دوسری صدی ہجری سے لے کر جدید وقت تک اسلامی تصوف میں متعارف اور پروان چڑھنے والے سلاسل کے مختلف پہلو اس کتاب میں قلم بند کئے گئے ہیں غالباً یہ سلاسل پر پہلی جامع اور مستند کتاب ہے جو انگریزی زبان میں تحریر کی گئی ہے کتاب میں مسلم معاشرے میں ان سلاسل کے کردار پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے اور اسی طرح عہد موجود کی اسلامی دنیا میں ان سلاسل کے وجود کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ ان سلاسل کی تنظیم و ترقی کیسے ہوئی، مختلف سلاسل کے امتیازی پہلو کونسے ہیں۔ مزارات پر وقوع پذیر ہونے والی رسومات اور تقریبات کو بھی بیان کیا گیا ہے گویا بات محض بیانیہ انداز سے آگے بڑھ کر معاشرتی سطح کے تجزیہ پر آن پہنچی ہے۔

ڈاکٹر پی ایم کیوری (P. M. Currie) خود سرکاری افسر تھے انہوں نے آکسفورڈ اور کیمبرج یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کی تھی ان کی بصیرت اور بصارت عام مورخین اور صوفی مصنفین سے قطعی مختلف تھی لہٰذا انہوں نے جب درگاہ خواجہ معین الدین چشتیؒ کے حوالے سے کتاب تحریر کی تو کئی نئے زاویئے سامنے آئے۔(16) کتاب میں شامل ابواب کے عنوانات کچھ یوں ہیں ''اسلام میں صوفی کا کردار''، ''خدام''، ''سجادہ نشین''، ''درگاہ کا انتظام''، ''درگاہ کے نذرانہ جات'' وغیرہ۔ اس سے قبل یا تو صوفی زیر بحث رہا یا پھر درگاہ، مگر درگاہ پر وقوع پذیر ہونے والے معاملات، سرگرمیاں، مختلف بااثر کردار، جمع ہونے والے نذرانہ جات و اخراجات کی تفصیلات کے حوالے سے بات نہیں کی گئی۔

ڈاکٹر کیوری کے نزدیک گویا درگاہ کے معاملات کو سمجھنے کے لئے اس کے انتظامی، سیاسی و سماجی اور معاشی پہلوؤں کو سمجھنا اور جاننا انتہائی ضروری ہے اور یوں درگاہ تحریر و تجزیہ کی آخری منازل میں داخل ہوتی ہے اول دور وہ تھا جب صوفی خود زندہ تھا اور اس کی زندگی کا انداز ہی طریقت کے اصول وضع کر رہا تھا تحریری طور پر کچھ بھی موجود نہ تھا دوسرا دور وہ ہے جب ملفوظات تذکرہ جات اور مکتوبات تحریر کئے گئے۔ تیسرا دور وہ ہے جب ان درگاہوں کے انتظام کے لئے برطانوی حکومت نے وقف آرڈیننس جاری کئے۔ اس دور میں صدر ایوب کا عہد بھی آ جاتا ہے جب پاکستان میں وقف آرڈیننس 1959ء اور 1961ء جاری کیا گیا تا کہ حکومت مزارات و گدی نشینوں پر انتظامی کنٹرول حاصل کر سکے۔ اسلامی تصوف اور درگاہوں کے موضوع پر تحریر و

Marfat.com

تجزیے کا چوتھا دور ڈاکٹر پی ایم کیوری کی کتاب سے شروع ہوتا ہے جہاں درگاہ اور اس کے متولی و خدام ایک معاشرتی ادارہ قرار پاتے ہیں اور جدید بنیادوں پر اس میکانیت (Mechanism) کو سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے جس کے تحت یہ ادارہ معاشرے میں فعال کردار ادا کرتا ہے۔

تحریر و تجزیے کا یہی سلسلہ ہمیں کرسٹین ڈبلیو ٹرال کی کتاب (جو دراصل مختلف مقالہ نگاروں کے مقالہ جات کا مجموعہ ہے) میں آگے بڑھتا ہوا نظر آتا ہے۔(17) کتاب میں شامل مضامین کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے پہلا حصہ تاریخی تناظر میں ہے جس میں خواجہ معین الدین چشتی، سالار مسعود، اور اولین چشتی درگاہوں کے حوالے سے بات کی گئی ہے۔ان درگاہوں پر ہونے والی رسومات اور سرگرمیوں کا بھی ذکر ہے اور اسی طرح احمد آباد اور پٹنہ کی درگاہوں کے حوالے سے مضامین شامل ہیں اس حصہ میں تجزیہ کم اور بیانیہ انداز زیادہ اختیار کیا گیا ہے۔

دوسرے حصے میں چار مضامین شامل ہیں جو مختلف مصنفین نے تحریر کیے ہیں۔یہ مضامین اپنے موضوع اور مواد کے حوالے سے انتہائی اہم اور پُر مغز ہیں کیونکہ ان میں عالمانہ سطح پر درگاہ کو ایک سیاسی وسماجی و معاشی ادارے کی حیثیت سے بحث کیا گیا ہے لہٰذا جہاں زائرین کی بڑھتی ہوئی تعداد کے محرکات پر بات کی گئی ہے وہاں اسلامی تصوف میں پیری مریدی تعلق کے مختلف زاویوں کو بھی اجاگر کیا گیا ہے یہاں ایک مضمون دربار شاہ جمال علی گڑھ کے معاشی ذرائع، مقابلہ کی فضا، حیثیت واہمیت کے حوالے سے بھی شامل ہے جبکہ چوتھے مضمون میں کشمیریوں کی زندگی پر درگاہ حضرت بلؒ کے سیاسی، سماجی اور مذہبی حوالے سے جو اثرات مرتب ہوئے ہیں، ان پر بات کی گئی ہے۔

کتاب کے تیسرے حصے میں دو مضامین شامل ہیں ایک میں شاہ ولی اللہ کے نظریات پر بات کی گئی ہے کہ وہ درگاہ کو اسلامی معاشرے اور اسلامی تعلیمات میں کس حوالے سے دیکھتے ہیں دوسرا مضمون اسلام میں وہابی تحریک کے بارے میں ہے جہاں قبر پرستی کو لازمی شرک کی ایک شکل قرار دیا گیا ہے۔اسی طرح کتاب کے چوتھے اور آخری حصے میں صوفی ازم اور درگاہوں کے حوالے سے جدید موضوعات پر اہم مضامین شامل ہیں۔ اسلامی تصوف پر یہ کتاب مغرب میں انتہائی مقبول اور اہمیت کی حامل ہے۔

مذکورہ بالا موضوع کی توسیع کے طور پر حال ہی میں شائع ہونے والی دو اہم کتب ہیں۔پہلی کتاب کے کے عزیز کی تحریر کردہ ہے۔(18) پاکستانی مسلم معاشرے میں پیری مریدی، پیروں و

Marfat.com

گدی نشینوں کا سیاسی وسماجی سطح پر ہمارے معاشرے میں کردار، حکومتوں کے بنانے اور گرانے میں پیروں وگدی نشینوں کا مؤثر کردار کے موضوع پر انتہائی سنجیدگی سے تجزیے کیے گئے ہیں۔ زیر بحث موضوع پر عہد حاضر کے تناظر میں لکھی جانے والی اہم کتاب ہے۔ جہاں درگاہ نے ایک بااثر معاشرتی و مذہبی ادارہ کے طور پر اپنی حیثیت کو منوایا ہے۔ ایوب خان نے اس ادارے کو اس طرح اپنے کنٹرول میں لیا، کہ خود بھی سیہون شریف کے عرس کی تقریبات کا افتتاح کیا اور تمام نوکر شاہی کو بھی پابند بنایا کہ اپنے علاقے کی درگاہوں ودرباروں پر عرس کی تقریبات اپنی زیر نگرانی کروائیں اسی طرح ذوالفقار علی بھٹو اور جنرل محمد ضیاء الحق کے حوالے سے کئی حقائق بیان کیے گئے ہیں۔

ڈاکٹر ریاض الاسلام نے اپنی کتاب میں چودہویں صدی کی مسلم سوسائٹی پر اسلامی تصوف کے اثرات کا جائزہ لیا ہے۔(19) ڈاکٹر ریاض الاسلام نے اس کتاب میں درگاہ کے معاشی نظام پر بحث کی ہے اور اس کی سیاسی جہات کو اجاگر کیا ہے معاشی نظام، خیرات، کسب اور فتوح کے ان تصورات پر بات کی ہے جو اسلامی تصوف میں پائے جاتے ہیں۔ شادی اور تجرد زندگی گزارنے کے حوالے سے صوفیاء کا رویہ کیا رہا ہے اس کے پس پردہ کیا محرکات تھے اور ان سے کیا نتائج نکلے، اس پر بات کی گئی ہے۔ یہاں بھی ہمیں پیری مریدی کے موضوع پر ایک مقالہ پڑھنے کو مل جاتا ہے تاہم آخری مضمون اس حوالے سے اہم ہے کہ اس میں ریاض الاسلام نے اسلامی تصوف کے ان اثرات کا جائزہ لیا ہے جو سیکھنے اور دلیل دینے کے متعلق جنم لینے والے روّیوں پر مرتب ہوتے ہیں۔

ایتھل سارہ وولپر کی کتاب (20) اس حوالے سے بہت اہمیت کی حامل ہے کہ اس میں صوفیاء کے مراکز اور ان کی وجہ سے شہری منصوبہ بندی اور آبادی پر پڑنے پر اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ تاریخی حوالے سے ان جگہوں کا تذکرہ کیا گیا ہے جن سے صوفیاء جیسے طاقت کے سرچشمے پھوٹے تھے۔ وولپر نے انطولیہ کے تین شہروں میں درویشوں کے ٹھکانوں کا باہمی موازنہ اور تجزیہ کیا ہے وسطی ایشیاء اور ایران سے آنے والے مسلمان تاجروں کے لئے مذکورہ شہر تیرہویں صدی میں اہم مراکز بنے رہے ہیں۔ مگر اس کتاب میں سارہ وولپر نے درویشوں کے گھروں کی اندرونی جگہوں اور پلاننگ کے میکنزم کے بارے میں کچھ نہیں لکھا کہ جہاں مزار، مدرسہ اور مسجد کی تعمیر کی گئی تھی یہ کتاب گویا درویشوں کے گھروں کی ڈیوڑھی پر ختم ہو جاتی ہے، ڈیوڑھی کے اندر جگہیں کس طرح تشکیل پاتی تھیں، اس پر ابھی کام کرنے کی ضرورت ہے۔

ہندوستان میں موجود مختلف صوفی سلسلوں سے تعلق رکھنے والی گیارہ درگاہوں کے حوالے سے ممتاز کرام کی زیرادارت شائع ہونے والی انتہائی اہم کتاب ہے۔(21) کتاب میں چھ چشتی صوفی سلسلے کی درگاہوں کے بارے میں تفصیل سے لکھا گیا ہے۔ ہر درگاہ کے بارے میں چار حوالوں سے تحریر کیا گیا ہے۔

1- زندگی اور زمانہ
2- شخصیت اور تعلیمات
3- سرپرستی
4- خانقاہ کا فن تعمیرات، رسومات، روایات

کتاب میں صرف معلومات دی گئی ہیں مگران کا تجزیہ اور تقابلی موازنہ نہیں کیا گیا۔ کتاب میں روایات اور رسومات کا تعمیرات پر کیا اثر پڑا، اس کے بارے میں مصنف کچھ نہیں بتاتا اور نہ ہی مختلف صوفی سلسلوں سے تشکیل پانے والے مزارات کے خدوخال میں امتیاز واضح ہوتا ہے۔ ان مضامین کو قلم بند کرنے والے مصنفین مختلف شعبوں سے وابستہ ہیں کوئی مورخ ہے تو کوئی آرکیٹیکٹ، کوئی اسلامی تصوف کا پروفیسر ہے تو کسی کا تعلق عمرانیات سے ہے۔

اکیسویں صدی کے آغاز میں درگاہ کو ایک اہم ترین سیاسی، سماجی اور معاشی ادارہ کے طور پر قبول کیا جا چکا ہے جو بھی وزیراعلیٰ، صدر یا وزیراعظم حلف اٹھاتا ہے، سب سے پہلے درگاہ حضرت علی ہجویریؒ پر حاضری دیتا ہے۔(22) اسی طرح سیہون شریف، گولڑہ شریف، سخی سلطان باہوؒ، امام بری سرکارؒ کی درگاہیں مرجع خلائق ہیں۔ عوامی سطح پر درگاہ بابا بلھے شاہؒ، درگاہ شاہ حسینؒ اور درگاہ وارث شاہؒ کو مقبولیت حاصل ہے۔ پنجاب حکومت میں صرف محکمہ اوقاف ایسا محکمہ ہے جس کا بوجھ حکومت کے کاندھوں پر نہیں ہے اس کا 2007-2006ء کا بجٹ اسّی (80) کروڑ روپے سالانہ تک پہنچ چکا ہے۔ محکمہ اوقاف یہ تمام رقم اپنے ذرائع سے اکٹھی کرتا ہے دن کے چوبیس گھنٹوں میں جب بھی درگاہ حضرت علی ہجویریؒ پر جائیں زائرین کی تعداد سینکڑوں سے لے کر ہزاروں تک موجود ہوتی ہے ایک وہ شخص جس کے وصال کو نو سو سے زائد برس گزر چکے ہوں، آج بھی کوئی ایسی کشش درگاہ کو اپنے حصار میں لئے ہوئے ہے کہ تمام دنیا سے مسلمان حاضری کے لئے آتے ہیں یہ معاملہ انسانی سمجھ سے بالاتر ہے اس درگاہ پر عام دنوں میں چالیس ہزار اور جمعہ و جمعرات کے روز ساٹھ ہزار سے زائد

Marfat.com

لوگ حاضری دیتے ہیں۔ درگاہ سے حاصل ہونے والی روزانہ کی اوسط آمدن تین لاکھ روپے بنتی ہے درگاہ کا رقبہ جو تیس سال پہلے صرف چار کنال اور چند مرلے تھا آج محکمہ اوقاف کے توسیعی منصوبہ کی بدولت یہ رقبہ اٹھاون کنال ہو چکا ہے۔ خصوصی ایام میں زائرین کی بڑھتی ہوئی تعداد کے سامنے یہ رقبہ بھی کم پڑ جاتا ہے۔ درگاہ کو اگر معاشی زاویہ نگاہ سے دیکھا جائے تو آج کے ترقی یافتہ سرمایہ داری نظام میں کاروبار کی ایسی کوئی مثال نہیں ملتی کہ جہاں انویسٹمنٹ نہ ہو اور صرف آمدن ہی آمدن ہو۔ یہی وجہ ہے کہ درگاہ پر سرانجام پانے والا زندگی کا کرشمہ اپنی مختلف جہات سے سوشل سائنسز کے لوگوں کو متوجہ کر رہا ہے اور نئے نئے انداز میں تجزیہ وتحریریں سامنے آ رہی ہیں۔

## حوالہ جات


1- خلیق نظامی ''تاریخ مشائخ چشت'' مکتبہ عارفین کراچی (1953) صفحہ 69

2- ایضاً، صفحہ 73

3- ایضاً، صفحہ 79

4- ایضاً، صفحہ 87

5- شیخ ابونصر السراج ''کتاب اللمع'' گب میموریل سیریز (1914)

6- شیخ علی ہجویری ''کشف المحجوب'' مکتبہ زاویہ لاہور (2002)

7- شیخ شہاب الدین سہروردی ''عوارف المعارف'' بیروت (1966)

8- خواجہ بہاء الدین نقشبندی نے نقش بندی سلسلے کو متعارف کروایا۔ آپ 1389ء میں فوت ہوئے۔ ہندوستان میں نقش بندی سلسلے کو باقی باللہ لے کر آئے۔ اس کو پھیلانے میں شیخ احمد سرہندی (1563-1625) نے کوششیں کیں۔

9- شیخ عبدالقادر جیلانی (1077-1166) سے قادری سلسلہ کا آغاز بغداد میں ہوا۔ ہندوستان میں سید محمد غوث (متوفی 1517) نے اس سلسلے کو آگے بڑھایا اور اُچ شریف میں رہائش اختیار کی۔

10- سلسلہ چشتیہ کے بانی خواجہ ابو اسحاق شامی چشتی تھے ہندوستان میں خواجہ معین الدین چشتی

نے اس صوفی سلسلے کو پروان چڑھایا جبکہ پنجاب میں خواجہ فریدالدین گنج شکر (متوفی 1265) اس کے نمائندہ تھے۔

11- سلسلہ سہروردی کے بانی نجیب سہروردی تھے ان کی وفات 1167ء میں ہوئی۔ شہاب الدین سہروردی (متوفی 1235) اس کے بہت بڑے نمائندے تھے ہندوستان میں شیخ بہاء الدین سہروردی (1182-1268) نے اس سلسلے کو متعارف کرایا۔ آپ کا مزار ملتان میں ہے۔

12- یہ پنجاب ہسٹاریکل سوسائٹی کے جرنل کا پہلا شمارہ تھا۔

13- جان اے سبحان ''Sufism: Its Saints and Shrines'' (1938) کتاب کا ایک نسخہ بادشاہی مسجد کی لائبریری میں موجود ہے۔

14- ادریس شاہ ''The Way of the Sufi'' پینگوئن بکس (1968)

15- جے سپنسر ٹرمنگھم ''The Sufi Orders in Islam'' آکسفورڈ یونیورسٹی نیویارک (1971)

16- ڈاکٹر پی ایم کیوری ''The Cult and Shrine of Kh. Muin-ud-Din Chishti of Ajmer'' آکسفورڈ یونیورسٹی پریس دہلی (1989)

17- کرسٹین ڈبلیو ٹرال ''Muslim Shrines in India'' آکسفورڈ یونیورسٹی پریس انڈیا (1989)

18- کے کے عزیز ''Religion Land and Politics in Pakistan'' وین گارڈ لاہور (2001)

19- ڈاکٹر ریاض الاسلام ''Sufism in South Asia'' آکسفورڈ پریس کراچی (2002)

20- اینتھل سارہ وولپر ''Cities and Saints'' پنسلونیا سٹیٹ یونیورسٹی (2003)

21- ایڈیٹر ممتاز کرم ''Dargahs-Abodes of the Saints'' مارج پبلی کیشنز انڈیا (2005)

22- درگاہ حضرت علی ہجویری لاہور میں واقع ہے آپ کا وصال 972ء میں ہوا داتا دربار کمپلیکس کا ڈیزائن نقوی اینڈ صدیقی نے تیار کیا اس سلسلے میں راقم کی کتاب داتا دربار کمپلیکس: تعمیر سے تکمیل تک 2004ء میں شائع ہوئی۔

❁❁❁❁❁

Marfat.com

# وقف کا اسلامی تصور اور وقف پراپرٹی آرڈیننس

''وقف'' کی لغوی اور اصطلاحی تحقیق میں جائیں تو معلوم ہوتا ہے کہ قرآن و حدیث میں لفظ ''وقف'' اپنے لغوی تناظر یعنی ''ٹھہرنے'' اور ''رکنے'' کے مفہوم میں ہی استعمال ہوا ہے (1)۔ اور یوں اس کے اصطلاحی مفہوم یعنی ''صدقہ کرنے'' کا کوئی حوالہ قرآن و حدیث میں براہ راست نہیں ملتا۔

قرآن میں آتا ہے ''وقفوا هم انهم مسئولون''۔ ''اور ان کو ٹھہراؤ کہ ان سے کچھ پوچھنا ہے۔''

فرمانِ نبویؐ ہے:

''لو يعلم المار بين بيني المصلي ماذا عليه من الاثم لكان ان يقف اربعين خيراً له۔

ترجمہ: ''اگر نمازی کے آگے سے گزرنے والا جانتا کہ اس پر کتنا گناہ ہوگا تو وہ چالیس (سال، مہینے یا دن) تک کھڑے رہ کر انتظار کرتا۔''

عربی زبان و ادب میں وقف کا لفظ اپنے لغوی سیاق و سباق میں استعمال ہوا ہے۔ اور غالباً خلافت راشدہ کے عہد فاروقی میں وقف کا مفہوم صدقہ کے طور پر مستعمل ہوا۔

اسلامی دنیا میں لفظ ''وقف'' اپنے وسیع تر اصطلاحی مفہوم میں ''وقوف'' کے طور پر استعمال ہوتا ہے جس کے معنی ''وقف شدہ شے'' نکلتے ہیں اس کو انگریزی میں (Endowment) کے مترادف استعمال کیا جاتا ہے۔ شمس الائمہ السرخسی کے مطابق ''وقف'' کے معنی ''کسی شے کو محفوظ کرنے اور کسی تیسرے فرد کی ملکیت میں جانے سے بچانے کے ہیں۔'' (2)

امام ابو حنیفہؒ اسی مفہوم کو قدرے تفصیل سے بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں (3) ''وقف کسی

Marfat.com

شے کو وقف کنندہ کی ملکیت میں روک دینا اور اس کے فوائد وثمرات کو صدقہ کر دینا ہے، جیسے عاریتاً لی ہوئی شے۔''

وقف کی اسی بنیادی روح کی وضاحت امام ابو یوسف اور امام محمدؒ نے متفقہ طور پر یوں کی ہے(4) ''کسی شے کو اللہ تعالیٰ کی ملکیت کے حکم پر اس پر روک دینا کہ اس کے منافع لوگوں کی طرف لوٹائے جاسکیں۔''

امام احمد بن حنبلؒ نے ''وقف'' کے مفہوم کی وضاحت ایک اور زاویئے سے کی ہے(5) وہ کہتے ہیں ''اصل شے کو محفوظ رکھنا اور اس کے منافع کو تقسیم کرنا وقف ہے۔''

فتاویٰ عالمگیری میں اس موضوع پر خاصی تفصیل سے بحث کی گئی ہے اور پیش آنے والے بے شمار نشیب وفراز کی وضاحت کرتے ہوئے رہنمائی کے اصول وضع کئے گئے ہیں فتاویٰ عالمگیری میں درج ہے ''گویا کسی شے کو وقف کر دینے سے وہ شے واقف کی ملکیت سے نکل کر اللہ تعالیٰ کی ملکیت میں منتقل ہو جاتی ہے اور متعلقہ افراد کے لئے فائدے کا ذریعہ بنی رہتی ہے۔ وقف شدہ شے کو اس کا سابقہ مالک نہ تو فروخت کر سکتا ہے اور نہ ہی اسے ہبہ کر سکتا ہے اور نہ ہی کسی طریقے سے اس پر اپنی ملکیت جتلا سکتا ہے۔''

اب تک کی بحث سے درج ذیل باتیں سامنے آتی ہیں:

1- وقف کے لئے کسی ایسی شے کا ہونا لازم ہے جو عام الناس کے لئے فائدہ مند ہو۔

2- وقف کے بعد وہ شے براہ راست اللہ تعالیٰ کی ملکیت میں چلی جاتی ہے۔

3- وقف شدہ شے کو نہ تو بیچا جا سکتا ہے اور نہ ہبہ کیا جا سکتا ہے۔

4- ''وقف'' گویا اپنے لغوی معنوں میں ''ٹھہرنے یا رکنے'' کے مفہوم میں استعمال ہوتا ہے، گویا اس کے فوائد وثمرات نجی اور ذاتی دائرہ استعمال سے روک دیئے جاتے ہیں اور مخصوص کردہ لوگوں کے لئے محدود ہو کر رہ جاتے ہیں۔

اگر اسلامی تاریخ کا جائزہ لیا جائے تو عملی طور پر وہ تمام اراضی جو فتوحات کے بعد اسلامی حکومت کے قبضہ میں آئیں وہ سرکاری بیت المال کا حصہ قرار پائیں اور ان سے حاصل ہونے والے فوائد وقف عام قرار پائے۔ اسی طرح اسلامی دنیا کے بااثر اور صاحب ثروت لوگوں نے انفرادی یا اجتماعی/مشترکہ طور پر اپنی اشیاء و ملکیتیں فی سبیل اللہ نیک مقاصد اور رفاہ عامہ کے لئے

وقف کیں، جیسے مساجد، مدارس، ہسپتال، سرائے، قبرستان، پانی کے ذرائع وغیرہ مستحق لوگوں کے فائدہ کے لئے مخصوص کر دیئے۔

وقف رفاہ عامہ اور مستحق افراد کے لئے ہے اور اس میں وقف کنندہ کی دستاویز بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ ایک بار زبان سے کہہ دینے سے بھی اشیاء اوقاف کی ذیل میں چلی جاتی ہیں تاہم وقف شدہ شے کا فائدہ وثمرات کن لوگوں کے لئے ہے، وقف کنندہ کو نہایت احتیاط اور باریک بینی سے وقف دستاویز میں واضح طور پر لکھنا چاہئے وگرنہ وقف کا مقصد صحیح معنوں میں پورا نہ ہونے کا خدشہ رہے گا۔ وقف شدہ شے کا قیمتی ہونا لازم ہے، اس کی ملکیت کے بارے میں کسی قسم کا ابہام یا شک نہیں ہونا چاہئے جب وہ شے وقف کی جارہی ہو تو وقف کنندہ کی ملکیت میں اس شے کا ہونا لازم ہے یوں وقف کردہ شے کے تابع جو کچھ ہوگا، وقف کے تحت آ جائے گا۔ جیسے اراضی وقف کرنے پر اس میں لگے درخت، پھل، آلاتِ زراعت وغیرہ وقف کی ذیل میں آ جائیں گے۔

وقف کی اقسام میں سب سے اولین "وقف علی اللہ" یعنی وقف شدہ شے کے تمام فوائد و ثمرات اللہ تعالیٰ کی عبادت یا اس کے دین کی سربلندی کے لئے وقف کر دینا ہے اس ذیل میں مساجد، عیدگاہیں، دینی مدارس، جائیداد، آبی ذخائر وغیرہ آ جاتے ہیں (6)۔ گویا شے کو اعلیٰ ترین دینی وملی مقاصد کے لئے وقف کر دینا۔ دیگر اقسام میں اسلامی حکومت کا بیت المال ہے جو مفتوحہ اراضی، اجتماعی فنڈ یا اس سے خریدی گئی جائیداد، فتوحات کے بعد مل جانے والی اراضی وغیرہ پر مشتمل ہوتا ہے۔

ایک وقف علی الاولاد بھی ہوتا ہے جس میں وقف کنندہ اپنی جائیداد سے حاصل ہونے والی آمدن کا ایک حصہ تو دین کی سربلندی کے لئے اور بقایا اپنی آل اولاد کے لئے مخصوص کر دیتا ہے۔ یہ وقف اولاد کے نام منتقل نہیں ہوتا تاہم اس سے حاصل ہونے والی آمدن کا ایک حصہ جس کا واضح ذکر وقف نامہ میں درج ہو، اولاد کو دیا جا سکتا ہے۔ آج اسلامی دنیا میں سب سے بڑا اور اہم وہ وقف ہے جو حکومت کی زیرنگرانی ہے یہ بیت المال سے الگ ہے اس میں وہ تمام جائیدادیں وغیرہ شامل ہوتی ہین جو وقف کنندہ نے اپنی مرضی سے حکومت کی نگرانی میں دے دیئے ہوں یا پھر حکومت نے ان اوقاف کو اپنی نگرانی میں بحکم سرکار لے لیا ہو۔ ایسی صورت میں جب اوقاف کا

Marfat.com

کوئی متولی یا ناظم نہ رہا ہو، یعنی لاوارث اوقاف یا پھر ایسا متنازعہ اوقاف کہ جس کے نظم ونسق میں کوئی گڑبڑ ہو یا امن عامہ کا خطرہ ہو، حکومت قاضی کی وساطت سے اپنی تحویل اور نگرانی میں لینے کی مجاز ہے۔ نظم ونسق میں گڑبڑ سے مراد اولاد میں وقف جائیداد سے ملنے والے حصے کے متعلق کوئی تنازعہ ہوسکتا ہے، مذہبی فرقہ پرستی وجہ نزعہ بن سکتی ہے۔ یا پھر بااثر لوگ ذاتی مفاد کے لئے طاقت کے بل پر قبضہ کرنے کے خواہاں ہوں، یا متولین خاطر خواہ انتظام کر سکنے کی اہلیت نہ رکھتے ہوں۔ ایسی تمام صورتحال میں حکومت اس وقف کو اپنے دائرہ انتظام میں لاکر کوئی منیجر، ایڈمنسٹریٹر یا پھر کوئی متولی جو جملہ شرائط پر پورا اترتا ہو، رکھ سکتی ہے۔

متولی سے مراد وہ شخص ہے جسے وقف کے انتظام کے لئے ہر طرح کے حقوق اور اختیارات حاصل ہوں اس انتظام میں وقف کی دیکھ بھال، منافع کے حصول کے لئے حاصل ہونے والی آمدن کا بہتر استعمال، کرائے پر دینا وکرایہ وصول کرنا، آمدن اور خرچ کا حساب کتاب رکھنا، وقف کو جس مقصد کے لئے قائم کیا گیا ہے، اس کی بنیادی روح کے مطابق وقف کو چلانا شامل ہے۔ متولی پر یہ لازم ہے کہ وہ اس مقصد کے لئے اپنی جملہ صلاحیتیں استعمال کرے اسلام کے قانون وقف کے مطابق ”متولی کا عاقل ہونا، بالغ ہونا، امانت دار ہونا اور وقف کی دیکھ بھال کی اہلیت رکھنا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اس عہدے کا طلب گار نہ ہونا لازمی شرائط ہیں (7)۔ اگرچہ متولی کے تقرر کے لئے بانی وقف کو ہی تمام تر اختیارات حاصل ہیں پھر بھی اگر اسلامی احکامات کی خلاف ورزی ہورہی ہو تو عدالت یا قاضی متولی کی تقرری کے درست یا غلط قرار دینے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ قاضی بذات خود بھی وقف کا انتظام چلا سکتا ہے اور اپنی جانب سے کسی اور شخص کو بھی اس کا منتظم یا ناظر تعینات کرسکتا ہے۔ تاہم متولی کی نامزدگی بانی وقف کی شرائط کے مطابق ہی کی جانی چاہئے تاوقتیکہ اس کی ان شرائط سے وقف کو نقصان پہنچنے کا احتمال نہ ہو۔ جہاں تک متولی کے اختیارات کا تعلق ہے تو متولی کو اپنا وکیل یا مختار عام وخاص بنانے کا حق حاصل ہے وہ کسی دوسرے کو اپنا نائب یا قائم مقام بنا سکتا ہے اور اپنے اختیارات دوسرے کو سونپ سکتا ہے متولی کو وقف اور اس کے تحت کام کرنے والے تمام عملہ مدرس، موذن، امام خطیب وغیرہ کو وقف کی آمدن سے ان کی ضروریات پوری کرنے کے لئے مناسب حد تک اجرت یا مشاہرہ دینے کا حق حاصل ہے۔ متولی وقف کو اختیار حاصل ہے کہ وہ وقف کی عمارت کی توسیع ومرمت یا دیکھ بھال کے لئے خاطر

Marfat.com

خواہ انتظام کرے۔ وقف اراضی پر خود کاشت کرے یا مزارعت پر دے، مزارعین کے لئے مکانات تعمیر کرے، مویشی، آلات زراعت خریدے اگر وقف مسجد کے لئے ہے تو مسجد میں استعمال ہونے والا سامان خریدنے کا اختیار حاصل ہے۔ وقف کی حفاظت کے لئے اگر وکلاء مقرر کرے تو ان کی فیس دینے کا اختیار حاصل ہے اگر متولی ایک سے زیادہ وقف کا نگران ہو تو وہ ایک وقف کی آمدن فاضل کسی دوسرے وقف پر خرچ نہیں کرسکتا تاہم اگر دونوں اوقاف کا مقصد ایک ہی ہے تو کوئی حرج نہیں۔

ان تمام اختیارات وسیع کے باوجود متولی کا احتساب یا اس کے حسابات کی جانچ پڑتال حکومت کا نامزد کردہ قاضی یا عدالت کرتی ہے(8) یہ جانچ پڑتال سرسری بھی ہوسکتی ہے اور اس کا تفصیلی حساب کتاب نامزد کردہ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ سے بھی کرایا جاسکتا ہے کسی مکان کی تعمیر و مرمت کی مد میں خرچ ہونے والے اخراجات کے جائزے کے لئے ماہرین کی مدد بھی لی جاسکتی ہے اور اگر متولی کی ذاتی غفلت یا دانستگی سے وقف کو نقصان پہنچا ہو تو اس کی قیمت کے برابر اس سے تاوان بھی لیا جاسکتا ہے۔ متولی کی معزولی کا حق امام ابو یوسفؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک صرف ''بانی وقف'' کو حاصل ہے(9)۔ تاہم اگر اس کی نامزدگی قاضی نے یا عدالت نے کی ہے تو عدالت/قاضی کو حق حاصل ہے کہ وہ اگر متولی کے کام سے مطمئن نہیں ہے تو اسے معزول کرسکتا ہے اسی طرح اگر متولی نے اپنا کوئی نائب یا مددگار وقف کی دیکھ بھال کے لئے مقرر کر رکھا ہے تو وہ اسے خدمات سے برخاست کرسکتا ہے۔

## پاکستان میں وقف پراپرٹی آرڈیننس

انگریزی نوآبادیاتی عہد نے جہاں ہندوستانیوں کے گلے میں غلامی کا طوق ڈالا اور ان کے اندر احساس کمتری پیدا کیا وہاں عہد جدید کی کئی سہولیات کی فراہمی نے عام آدمی کے طرزِ رہن سہن اور معاشرت پر کئی مثبت اثرات بھی ڈالے۔ شہروں میں گلیاں پہلی مرتبہ پختہ کرائی گئیں صفائی کا انتظام کیا گیا فلش سسٹم متعارف ہوا آب رسانی اور نکاسی کے لئے پائپ لائن بچھائی گئی۔ ان تمام کاموں کی نگرانی اور دیکھ بھال کے لئے انگریزی عہد میں مقامی لوگوں کو شمولیت کا موقع دیا گیا۔ مثلاً لاہور امپرومنٹ ٹرسٹ کے انتظامی ڈھانچے کے لئے سات اراکین پر مشتمل کمیٹی بنائی

گئی جس میں ہندوؤں اور مسلمانوں و دیگر مذاہب کے لوگوں کو متناسب نمائندگی دی گئی اور مالی اخراجات کے خاطر خواہ انتظام کے لئے اہل ثروت کی خدمات حاصل کی گئیں۔ میڈیکل کالج، ہسپتال، تعلیمی اداروں و دیگر عمارات کی تعمیر کے لئے نوابوں اور امراء سے مالی معاونت کی اپیل کی گئی۔ سڑکیں بچھائی گئیں، ریلوے لائن سے مختلف شہروں کے باہمی آمدورفت کے ذرائع کو بہتر بنایا گیا ان سارے معاملات پر توجہ دینے کے ساتھ ساتھ برطانوی حکمرانوں نے ہندوؤں، مسلمانوں اور سکھوں کی مذہبی عبادت گاہوں اور ان سے ملحقہ وقف جائیدادوں کی دیکھ بھال اور انتظامی معاملات کی طرف بھی توجہ دی۔ اس حوالے کا اولین ضابطہ "بنگال کوڈ 1810ء" ہے جس کے تحت بورڈ آف ریونیو کو تمام وقف جائیدادوں کے معاملات و انتظامات احسن طریق سے چلانے کے اختیارات دیئے گئے اور عوامی فلاح کی عمارات، سرائے، پلوں و دیگر نوع کی تعمیرات کی دیکھ بھال مرمت یا تعمیرِ نو کے لئے اخراجات اسی آمدن سے مختص تھے۔ کم و بیش نصف صدی تک بورڈ آف ریونیو یہ ذمہ داریاں پوری کرتا رہا۔ عملی طور پر حکومتی و ریاستی معاملات جب حکومت برطانیہ کے معمولات کے مطابق چلنے لگے تو ان کی توجہ مذہبی عبادت گاہوں اور ان سے منسلک وقف جائیداد و دیگر آمدن کے ذرائع کی جانب مبذول ہوئی۔

سکھوں کے عہد میں زیادہ تر مساجد کو اصطبل یا اسلحہ خانہ بنا دیا گیا۔ انگریزی حکومت نے ان مساجد کو یکے بعد دیگرے واگزار کرنے اور ان کا انتظام و کنٹرول مسلمانوں کو دینے کا سلسلہ شروع کیا۔ مسلمانوں کے مزارات اور درگاہیں ہر زمانے میں ہی ہندوؤں اور سکھوں کے لئے قابل تکریم رہی ہیں ان سے ان کی ذاتی وابستگی اور عقیدت بھی ہے۔ لہٰذا ان کی مرمت و تعمیر کا عمل مسلسل جاری رہا ہے۔

ہندوؤں، سکھوں اور مسلمانوں کی مقدس مذہبی عبادت گاہیں و مزارات کی بہتر دیکھ بھال اور انتظامات کے لئے برطانوی حکومت نے (Religious Endowment Act 1863) کی منظوری دی۔ جس کے سیکشن چار کے تحت بورڈ آف ریونیو کو حکومتی احکامات جاری کئے گئے کہ وہ مساجد، منادر و گوردواروں سے منسلک وقف جائیداد و آمدن ٹرسٹی، منیجر یا سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کر دے۔ وقف جائیداد کے توارث میں اگر کچھ ابہام یا جھگڑے کا اندیشہ تھا تو اس کے لئے سول کورٹ کو بااختیار بنا دیا گیا کہ متنازعہ وقف جائیداد کی دیکھ بھال کی ذمہ داری کے لئے کون

Marfat.com

شخص مقرر کرتی ہے۔ ٹرسٹی، منیجر اور سپرنٹنڈنٹ کی حدود و قیود مقرر کرنے کے لئے اسی ایکٹ کے تحت تین یا زائد افراد پر مشتمل کمیٹی بھی تشکیل دینے کے بارے میں احکامات جاری کئے گئے اور اس کمیٹی کو وہ تمام اختیارات تفویض کئے گئے جو اس سے قبل صرف بورڈ آف ریونیو کو حاصل تھے۔ کمیٹی کے اراکین کی اہلیت کے لئے دیگر کئی لازم شرائط عائد کی گئیں جیسے رکن کا تعلق اسی مذہبی عقیدے سے ہوگا جس سے متعلق وہ درگاہ، یا وقف جائیداد ہوگی، عمومی طور پر ایسے خواہش مند لوگوں کو رکن بنایا جائے گا جو دیکھ بھال اور انتظام کے لئے تیار ہوں اور اگر زیادہ لوگ ہوں گے تو بذریعہ الیکشن فیصلہ کیا جائے گا۔ یوں تو کمیٹی کے ہر رکن کو تاحیات رکنیت کا تحفظ دیا گیا تاہم سول کورٹ کو اختیار دیا گیا کہ اگر رکن غلط، غیر اخلاقی یا ناپسندیدہ مشاغل میں ملوث ہو تو اس کی رکنیت خارج بھی کی جاسکتی ہے، ہر ٹرسٹی، منیجر اور سپرنٹنڈنٹ کو پابند کیا گیا کہ وہ وقف کی آمدن وخرچ کا باقاعدہ حساب کتاب رکھے اور کمیٹی کو یہ اختیار دیا گیا کہ وہ سال میں کم از کم ایک مرتبہ آمدن وخرچ کے گوشوارے چیک کرنے کی مجاز ہوگی اور ٹرسٹی، منیجر یا سپرنٹنڈنٹ پابند ہوگا کہ جب سول کورٹ طلب کرے، آمدن وخرچ کا گوشوارہ سالانہ بنیاد پر پیش کرے۔ یہ کمیٹی ضلعی سطح پر یا ڈویژن کی سطح پر قائم کی گئی۔ منیجر ٹرسٹی یا سپرنٹنڈنٹ کے اوپر کمیٹی کو اختیار دیا گیا اور کمیٹی سے بالا اختیار عدالت کو حاصل تھا اور یوں مقامی لوگوں کی شمولیت بھی رہی اور حکومتی نگرانی بھی موجود رہی۔ عملی طور پر یہ ایک کامیاب تجربہ تھا۔ مگر وقت کے ساتھ جوں جوں وقف کی آمدن وخرچ میں اضافہ ہوتا گیا معاملات زیادہ پیچیدہ ہوتے گئے۔ اگلے پچاس برس تک مذہبی عبادت گاہوں، درگاہوں و مزارات پر ہونے والی تقریبات اور حاصل ہونے والی آمدن وخرچ و دیگر معاملات کی دیکھ بھال، انتظام وانتظامی امور کے لئے یہی انداز مروج رہا۔ درگاہوں پر عمومی طور پر حکومتی عمل دخل کے باوجود گدی نشینوں اور متولیوں کی بالادستی قائم رہی وہ من مانیاں اور اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے رہے۔ سالانہ آمدن وخرچ کی مد میں جو اعداد وشمار حکومتی سطح پر ریکارڈ کے لئے پیش کئے جاتے، عرسوں و دیگر تقریبات پر ہونے والے اخراجات ان سے کئی گنا زیادہ ہو جاتے تھے مگر معاملات چلتے رہے۔

اس معاملے میں اولیں مسئلہ اس وقت ابھر کر سامنے آیا کہ جب مسلم وقف سے حاصل ہونے والی آمدن وثمرات پر واقف کی فیملی، بچوں یا ورثاء کے حقوق کی جانب نشاندہی کی گئی اس

مسودہ کی تیاری میں قائداعظم محمد علی جناح کی خدمات قابل ستائش رہی ہیں۔ انہوں نے ہی اس معاملے کو عدالت میں پیش کیا تھا۔ لہٰذا ورثاء کو تحفظ دینے کے لئے، اسلامی نقطہ نظر کے مطابق (The Musalman Waqf Validating Act 1913) تشکیل دیا گیا۔ اور یوں پہلی مرتبہ اسلامی نقطہ نظر سے ''وقف'' کی تشریح و توضیح کرتے ہوئے یہ وضاحت کی گئی کہ مستقل بنیادوں پر اگر کوئی شخص جو مسلمان ہو، اپنی جائیداد کسی ایسے مقصد کے حصول کے لئے مختص کرے جو شریعت محمدیؐ کے تحت (Religious)، (Pious) اور (Charitable) ہو، اس کو وقف قرار دیا جا سکتا ہے اور اس ذیل میں زمین و عمارات کے علاوہ منقولہ جائیداد (Moveable Property) بھی آ سکتی ہے۔ اسی ایکٹ کے تحت وقف علی الاولاد کی تخلیق ہوئی جس کے تحت کلی یا جزوی طور پر جائیداد کی دیکھ بھال اور انتظام و انتظامی امور کے لئے واقف کی فیملی، بچوں یا ورثاء کے درمیان وقف علی الاولاد بھی بنایا جا سکتا ہے۔ تاہم یہ بات صراحت سے بیان کر دی گئی کہ حتمی فائدہ غریب و مساکین کو ہی حاصل ہونا چاہئے اور وہی اس وقف سے حاصل ہونے والے ثمرات کے مستحق ہیں۔

وقف جائیداد سے حاصل ہونے والی آمدن کے جمع و خرچ کے بہتر حساب کتاب کے لئے ''مسلمان وقف ایکٹ 1923'' جاری کیا گیا۔ اس میں زیادہ تر پیش نظر وقف سے حاصل ہونے والی آمدن و خرچ اور دیگر مالی امور ہی رہے۔ اسی ایکٹ میں پہلی مرتبہ متولی کی اصطلاح متعارف کرائی گئی اور متولی کی تصریح و توضیح کرتے ہوئے کہا گیا کہ متولی سے مراد ایک ایسا شخص ہے جس کو زبانی یا دستاویزی طور پر مذکورہ وقف کی دیکھ بھال و انتظام کے لئے مقرر کیا گیا ہو یا پھر عدالت نے اس شخص کو اس کام پر مامور کیا ہو۔ اس ایکٹ میں متولی کی ذمہ داریوں اور فرائض کی صراحت بھی واضح طور پر کر دی گئی اور ایکٹ جاری ہونے کے ساتھ احکامات جاری کئے گئے کہ متولی مذکورہ جائیداد سے حاصل ہونے والی آمدن و اخراجات کی باضابطہ تفصیلات کے بارے میں تفصیلی معلومات چھ ماہ کے اندر عدالت کو مہیا کرے۔ اس کے علاوہ دیگر درج ذیل معلومات کی فراہمی کے لئے بھی متولی کو پابند کیا گیا۔

1- وقف کی تشخیص کے لئے مناسب معلومات

2- وقف کے تمام ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدن

Marfat.com

3- گذشتہ پانچ سالوں میں وقف سے حاصل ہونے والی کل آمدن

4- حکومتی اخراجات ودیگر کرایہ جات کی تفصیل جوحکومت وقف جائیداد پر خرچ کرتی ہے

5- کل سالانہ اخراجات کا تخمینہ

6- متولی ودیگر ملازمین کی تنخواہ وانفرادی الاؤنس ودیگر متعلقہ اخراجات کی تفصیل

7- وقف دستاویز، اگر موجود ہے تو۔

''مسلمان وقف ایکٹ 1923ء'' کے پس پردہ اصل مقصد مالی بے ضابطگیوں کی نشاندہی و کنٹرول تھا اس کو مزید شفاف بنانے کے لئے یہ احکامات بھی جاری کئے گئے کہ وقف جائیداد کی آمدن وخرچ کے حساب کتاب کے گوشوارے عدالت میں پیش کرنے سے قبل کسی پیشہ ورانہ مہارت والی کمپنی سے ان کی پڑتال کرائی جائے تاہم متولی کو اجازت دی گئی کہ وہ اس مد میں وقف کی آمدن و خرچ کی پڑتال کے لئے وقف سے ہی اخراجات کی ادائیگی کرے۔ اور اگر متولی اپنے فرائض احسن طریق سے پورا نہ کر سکا تو اسے پانچ سو سے دو ہزار تک جرمانے کی سزا بھی سنائی جا سکے گی۔ اسی سلسلے میں قبل ازیں (The Charitable and Religious Trust Act 1920) کا نفاذ بھی کیا گیا جس کے پس پردہ کم وبیش یہی اغراض ومقاصد رہے ہیں جن کو 1923ء کے ایکٹ میں قدرے تفصیل اور جامعیت کے ساتھ پیش کیا گیا۔

مسلمان، سکھ اور ہندو چونکہ اس خطے میں اکٹھے رہتے تھے لہٰذا معاشرتی زندگی کے تہواروں، میلوں ٹھیلوں، عرس و دیگر تقریبات میں باہمی شرکت ہوتی رہتی مسلمان دیوالی اور دوسہرے کے تہواروں پر خوشی مناتے تو ہندو عرسوں اور میلوں میں شرکت کرتے اور یوں تینوں مذاہب کی کئی رسومات گڈمڈ ہو کر رہ گئی تھیں انہی رنگ برنگیوں کی دیکھا دیکھی مسلمانوں سے متعلق مزارات و زیارت گاہوں پر قوالی وسماع کے ساتھ ساتھ نوجوان لڑکیوں کے ناچ گانے اور رقص کے رواج نے زور پکڑ لیا چونکہ مسلمانوں میں مذہبی طور پر اس کی ممانعت تھی لہٰذا مسلمانوں کے جذبات کو مجروح ہونے سے بچانے کے لئے حکومت برطانیہ نے (Music in Muslim Shrine Act 1942) لاگو کیا۔ جس کے تحت مسلم درگاہ یا مزار کے احاطہ یا اس سے ملحقہ وقف زمین پر لڑکیوں یا خواتین کے ناچ گانے اور موسیقی پر پابندی لگا دی گئی اور اس پر سختی سے عمل درآمد کرانے کے لئے 6 ماہ قید یا 500 روپے جرمانہ یا دونوں سزائیں بیک وقت دیئے جانے کے اختیارات عدالت کو دے دیئے گئے۔

اس ایکٹ کے بعد مسلم صوفیوں و بزرگوں کی درگاہوں کا تقدس بحال ہو گیا اور وہ طوائفیں یا بدقماش عورتیں جو اپنے مقصد کے لئے مزارت پر حاضری دیتی تھیں، ان میں کمی واقع ہو گئی۔ اس سے قبل طوائفیں ہی اپنی آمدن میں سے کچھ حصہ درگاہوں کی تعمیر و مرمت پر خرچ کرنے لگی تھیں، جس سے کئی لوگوں کے جذبات مجروح ہوتے تھے۔

قیام پاکستان کے بعد جب اس خطے میں صرف مسلمان قوم رہ گئی تو 1947ء کے بعد ایک مرتبہ پھر ضرورت محسوس کی گئی کہ وقف کی آمدن کے بہتر اور باضابطہ انتظام، وقف و نذرانہ جات کے حساب کتاب اور اس میں ہونے والی بے ضابطگیوں اور فراڈ کو روکنے کا خاطر خواہ انتظام کیا جائے اس مقصد کے لئے حکومت پاکستان نے (Charitable Funds Regulation of Collection) Act 1953 کا نفاذ کیا۔ ابتدائی طور پر اس ایکٹ کا نفاذ صرف کراچی کے علاقے میں ہوا تاہم 1967ء کی تجدید کے بعد قبائلی علاقوں کے سوا پاکستان کے بقیہ تمام علاقوں پر اس ایکٹ کا اطلاق ہو گیا۔ اس ایکٹ میں پہلی مرتبہ Charitable Fund کی صراحت کی گئی اور اس سے مراد وصول ہونے والے وہ تمام عطیہ جات ہیں جو روپے یا دیگر کسی شکل میں خیرات و نذرانے کے مقصد کے لئے دیئے گئے ہوں۔ ان نذرانہ جات کا کسی فرد، خاندان، لوگوں کی جماعت کے لئے ثمرات و فوائد سے تعلق ہو سکتا ہے یا یہ عطیات کسی ادارے، ایسوسی ایشن یا انجمن سے متعلق ہو سکتے ہیں جس کے اغراض و مقاصد میں کسی مسجد، درگاہ، معذور بچوں کی بہتری، تعلیمی ادارہ، یا اس جیسے دیگر ادارے، غریبوں کی امداد، بیماروں کی مدد یا دیگر مذہبی تعلیمی و رفاہی یا امدادی نقطہ نظر شامل ہو۔ اس ایکٹ میں تین اصطلاحات استعمال کی گئیں۔

1- ''Promotor'': وہ شخص یا فرد جو عطیہ جات و نذرانہ جات کا حساب رکھنے، انتظامی معاملات کی دیکھ بھال کرنے، اور وقف کو محفوظ رکھنے کی ذمہ داری رکھتا ہو۔

2- ''Collector'': وہ شخص جو ذاتی طور پر عطیہ جات اکٹھے کرے۔

3- ''Recipient'': وہ فرد، ادارہ، ایسوسی ایشن یا انجمن جس کی خاطر نذرانہ جات و عطیہ جات اکٹھے کئے گئے ہوں۔

اس ایکٹ کے تحت ذمہ دار افراد کو پابند کیا گیا کہ وہ لازم طور پر نذرانہ جات و عطیہ جات کے گوشوارے بنائیں، ان کا آڈٹ بھی ہو اور افسران بالا کو رسیدیں بھی جمع کرائی جائیں اور اس

Marfat.com

میں لاپرواہی وحکم عدولی کے لئے سزا بھی مقرر کی گئی۔ اسی طرح اس ایکٹ میں ان نذرانہ جات کے خرچ واستعمال کی بابت بھی واضح ہدایات جاری کی گئیں۔

1- جمع کی گئی وقف کی رقوم ونذرانہ جات اسی مقصد کے لئے خرچ کئے جائیں گے جس کے لئے اکٹھے کئے گئے تھے۔

2- کسی بھی غیر متعلق یا غیر مجاز شخص کو یہ نذرانہ جات حوالے نہ کئے جائیں۔

فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے جب بیسویں صدی کی چھٹی دہائی کے آخری سالوں میں ملک کا انتظام سنبھالا تو اقتدار میں آتے ہی اپنی توجہ مزارات، گدی نشینوں اور سجادہ نشینوں کی جانب مبذول کی۔ اس کے ذہن میں ہمیشہ یہ خدشات رہے کہ معاشرے میں یہی وہ مقدس جگہیں ہیں جہاں عقیدت مند اور ارادت مند اکٹھے ہوتے ہیں جن کی اطاعت وارادت غیر مشروط ہوتی ہے ایوب خان دیہی معاشرت سے بھی آگاہ تھا اور اس کے پیش نظر ملتان کے سہروردی، اچ شریف کے گیلانی اور بخاری، پاک پتن کے چشتی، سندھ کے پیر پگاڑا شریف کے اثر ورسوخ اور مریدین کا وسیع حلقہ تھا۔ حکومتی معاملات کو احسن طریق سے چلانے اور اختیار مطلق حاصل کرنے کے لئے ایوب خان کو معاشرے کے اس گروپ کی قوت پر ضرب کاری لگانے کی ضرورت محسوس ہوئی۔

ایوب خان ایک جانب تو مختلف مزارات پر ہونے والی رسومات میں شرکت کرنے لگا اور دوسری جانب اس نے بیوروکریسی کے افسران کو بھی ہدایات جاری کیں کہ وہ عرس کی رسومات، چادر پوشی وغسل وغیرہ کی تقریبات میں سرکاری طور پر شرکت کریں۔ ایوب خان خود بھی پیر آف دیول شریف کا مرید تھا اور دوسری جانب ان مزارات ووقف جائیدادوں کے بہتر انتظام وانتظامی کنٹرول کے لئے اور گدی نشینوں پر موثر اختیار حاصل کرنے کے لئے اس نے ''مغربی پاکستان وقف پراپرٹی آرڈیننس 1959'' جاری کیا۔

آرڈیننس کا بنیادی مقصد مغربی پاکستان کے مزارات وملحقہ جائیداد کے انتظام وانتظامی اختیارات کا لامحدود حصول تھا۔ وقف پراپرٹی آرڈیننس 1959ء میں پہلی مرتبہ وقف جائیداد کو وسیع تناظر میں دیکھا گیا اور یہ طے کیا گیا کہ درج ذیل جائیدادیں اس ذیل میں آتی ہیں:

1- کسی بھی مسلمان کی جائیداد جو مستقل طور پر ایسے مقصد کے لئے مختص کی گئی ہو جو اسلام کی

Marfat.com

نظر میں (Religious)، (Pious) اور (Charitable) ہے۔

2- اگر ہندوستان میں رہ جانے والی وقف جائیداد کے بدلے میں پاکستان میں کوئی جائیداد دی گئی ہے تو وہ بھی وقف ہی کہلائے گی۔

3- اگر کوئی جائیداد وقف جائیداد کے بدلے میں خریدی جائے، یا باہم تبدیل کی جائے یا وقف سے حاصل ہونے والی آمدن سے خریدی جائے، وقف کی ذیل میں آئے گی۔

4- مزارات پر رکھے جانے والے کیش بکسوں سے حاصل ہونے والی آمدن یا خیراتی مقاصد کے لئے دیئے جانے والے نذرانہ جات کو ''Charitable Purpose'' کے لئے خرچ کرنے کی یوں وضاحت کی گئی کہ جس سے غرباء کو فائدہ ہو، تعلیم، عبادت، ادویات، مزارات کی دیکھ بھال ومرمت۔

مغربی پاکستان حکومت نے تمام مزارات پر انتظام وانتظامی اختیارات سنبھالنے کے لئے چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف کا تقرر کیا اور اس کے لئے درج ذیل شرائط عائد کیں۔

''حکومت چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف کا تقرر کرے گی۔ اس عہدے کی اہلیت کے لئے مسلمان ہونا لازمی شرط رکھا گیا اور چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف کو کسی بھی مزار اور اس سے ملحقہ وقف جائیداد کا کنٹرول سنبھالنے، دیکھ بھال کرنے، مرمت کرنے کے وسیع اختیارات دیئے گئے۔

چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف محض ایک نوٹیفیکیشن جاری کرنے پر کسی بھی وقف جائیداد کا مکمل کنٹرول سنبھال سکتا ہے۔ تاہم اس بات کی گنجائش رکھی گئی کہ نوٹیفیکیشن جاری ہونے کے تیس دن کے اندر اندر ضلعی عدالت میں درخواست دی جاسکتی ہے کہ مذکورہ بالا جائیداد وقف نہیں ہے لہٰذا اس پر قبضہ نہیں کیا جاسکتا۔

وقف پراپرٹی آرڈیننس 1961ء میں وضاحت کی گئی کہ مسجد، تکیہ، خانقاہ، درگاہ یا دیگر مزارات وزیارت گاہوں کے نام کی گئی جائیدادیں وقف کی ذیل میں آئیں گی۔ مزید یہ وضاحت کی گئی کہ واقف کی زندگی میں، اگر وہ چاہے تو، چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف وقف جائیداد کا انتظام نہیں سنبھال سکتا کہ جب تک وہ وصال نہ کر جائے۔

ان ایکٹ کے تحت چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف کو مزارات پر ہونے والی رسومات، تقریبات، سرگرمیوں، عرسوں، جائیداد، آمدن، خرچ، دیکھ بھال، انتظام، تعمیر ومرمت وغیرہ سب پر لامتناہی

Marfat.com

اختیار حاصل ہو گیا۔

مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد جب پاکستان میں وفاقی حکومت بنائی گئی تو اوقاف فیڈرل کنٹرول ایکٹ 1976ء کے تحت ذوالفقار علی بھٹو نے ملک کے تمام مزارات و وقف جائیدادوں کو وفاقی تحویل میں لے لیا اور نگرانی کے لئے ایڈمنسٹریٹر جنرل آف پاکستان کی تقرری کی جبکہ چاروں صوبوں میں چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف مقرر کئے گئے مگر یہ تجربہ کامیاب نہ رہا اور یوں اوقاف فیڈرل کنٹرول ایکٹ 1979ء کے تحت تمام وقف جائیداد کو صوبائی حکومتوں کی تحویل میں دے دیا گیا اور یوں صوبائی سطح پر انتظام و انتظامی کنٹرول کے لئے وقف پراپرٹی آرڈیننس 1979ء جاری کیا گیا۔

آرڈیننس میں یہ وضاحت کی گئی کہ مزار اور اس کے احاطے میں دیئے جانے والے نذرانہ جات وعطیات وقف کی ذیل میں آتے ہیں اور ان پر مجاورین کا یا گدی نشینوں کا کوئی اختیار نہیں ہے۔

آج خود مختار ادارہ ہونے کے باوجود محکمہ اوقاف پنجاب صوبے کے چونتیس محکموں میں ایک اہم محکمہ سمجھا جاتا ہے(10)۔اس کا سالانہ بجٹ برائے 2006-2007ء 81.88 کروڑ تک پہنچ چکا ہے۔ ملازمین کو پنشن کی مد میں پانچ کروڑ روپے ادا کئے جاتے ہیں،صرف درگاہ حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری سے محکمہ کو سالانہ چودہ کروڑ روپے کی آمدن ہوتی ہے جس سے پانچ کروڑ روپئے سے داتا دربار فری ہسپتال کی ذیل میں خرچ ہوتے ہیں،خواتین کے لئے دستکاری سکول موجود ہے،قرآن پڑھانے کے لئے مدرسہ،مرکز معارف اولیاء، لائبریری جیسی سہولیات موجود ہیں پانچ کنال اور چند مرلے کے رقبے پر محیط دربار آج 58 کنال کے احاطے میں پھیل گیا ہے۔ 1989ء میں محکمہ اوقاف نے گیارہ کروڑ کی لاگت سے مسجد داتا دربار اور 1999ء میں چونتیس کروڑ کی لاگت سے پارکنگ،سماع ہال،لنگر خانے،دفاتر،تبرکات گیلری اور مغل طرز کا باغ بنایا ہے۔اسی طرح دربار بابا فریدؒ پاک پتن،دربار بابا بلھے شاہؒ،دربار سخی سیدن شیرازیؒ سے ملحقہ نئی مساجد کی تعمیر کا کام تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔محکمہ اوقاف حکومت پنجاب سے کسی قسم کی مالی معاونت حاصل نہیں کرتا۔اس کی آمدن کے ذرائع اپنے ہیں چوہتر ہزار کنال وقف زرعی اراضی محکمانہ ملکیت میں ہے چار سو سے زائد مزارات اور چار سو تیرہ مساجد کا انتظام محکمہ اوقاف پنجاب کے ذمہ ہے۔

Marfat.com

# حوالہ جات


1- ڈاکٹر محمود الحسن عارف ''اسلام کا قانون وقف'' (1994) صفحہ 24

2- ایضاً، صفحہ 25

3- ایضاً، صفحہ 26

4- ایضاً، صفحہ 26-27

5- ایضاً، صفحہ 27

6- ایضاً، صفحہ 39

7- ایضاً، صفحہ 147

8- ایضاً، صفحہ 163

9- ایضاً، صفحہ 166

10- پنجاب کی طرز پر سندھ اور سرحد میں بھی محکمہ اوقاف موجود ہے مگر وہاں زیادہ مزارات نہ ہونے کے سبب محکمہ نہ تو اتنا فعال ہے اور نہ ہی مزارات سے اس قدر آمدن ہوتی ہے جیسا کہ پنجاب میں ہے۔


❁❁❁❁❁

Marfat.com

# مزارات کی میکانیت

اکیسویں صدی میں مسلم سوسائٹی میں خانقاہ نے با قاعدہ ایک بڑے اور منظم ادارے کی حیثیت حاصل کر لی ہے خانقاہوں سے حاصل ہونے والی سالانہ آمدن کروڑوں روپے تک پہنچتی ہے یہاں روزانہ حاضری کے لئے آنے والوں کی تعداد سینکڑوں سے لے کر ہزاروں تک پہنچتی ہے دن رات یہاں لوگ حاضری کے لئے آتے ہیں اس لحاظ سے خانقاہ کو آج جدید تر شہری منصوبہ بندی اور فن تعمیر کے اصول وضوابط کے مطابق پر کھنے، ڈیزائن کرنے اور زائرین کو سہولیات فراہم کرنے پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

انسائیکلو پیڈیا آف اسلام کے مطابق خانقاہ فارسی زبان کا لفظ ہے اور اس سے مراد ایک ایسی عمارت کی قسم ہے جو کسی خاص صوفی سلسلے سے متعلق صوفیاء اور ان کے مریدین کے زیر استعمال رہتی ہے(1)۔لفظ خانقاہ سب سے پہلے دسویں صدی عیسوی کے لٹریچر میں ملتا ہے اس عہد کے مصنفین نے لفظ خانقاہ کو اپنی نوعیت کے ایک ایسے ادارے کے معنوں میں استعمال کیا ہے جو خراسان میں ظاہر ہوئے۔ حدود العالم (982ء) کے مصنف نے بھی سمرقند میں قائم ہونے والے ایسے اداروں کا ذکر کیا ہے۔ دسویں صدی کے آخری عشروں میں خانقاہ نے ایک ایسے ادارے کی شکل اختیار کر لی جس کی پہچان ایک مخصوص گروپ سے ہوتی تھی، جس کے زیادہ تر اراکین کا اصل وطن کہیں اور ہوتا اور وہ ہجرت کر کے ایسے اداروں میں قیام پذیر ہوتے۔

ہجرت کا یہ عمل بنیادی طور پر حضرت محمدؐ کی مکہ سے مدینہ کی جانب ہجرت کی تقلید میں کیا جاتا۔ آج اگر برصغیر میں صوفیاء کے بارے میں معلوم کریں تو کم و بیش سبھی وسطی ایشیاء (افغانستان، ایران وملحقہ ممالک) سے ہجرت کر کے ہندوستان آئے۔صوفیاء کے ہاں علم و ریاضت کے حصول کے ساتھ سفر کو بھی لازم خیال کیا جاتا تھا۔سفر کی بدولت صوفی کے دل میں

Marfat.com

زمین سے جڑے رہنے کی محبت ختم کر کے عالم گیریت کے جذبہ کی نشو ونما ہوتی تھی۔اپنی زمین، اپنے اعزاء واقرباء سے دوری، دولت ومرتبہ سے فرار صوفیاء کی عملی تربیت وریاضت کے لئے ضروری خیال کیا جاتا بلکہ یہاں تک سمجھا جاتا تھا کہ سفر کرنے کا عمل نوافل، روزہ اور نماز سے کسی طرح بھی کم نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ خال خال ہی ایسی مثال ملتی ہے کہ اس عہد کے کسی صوفی کا وصال وہیں ہوا ہو جہاں وہ پیدا ہوا تھا۔صوفیاء عمر کے ابتدائی سالوں میں اس لئے سفر کرتے تھے کہ علم حاصل کر سکیں اور عمر کے آخری سالوں میں اس لئے وطن سے دور بس جاتے کہ دوسروں کو کچھ سکھا سکیں۔ان کی تمام زندگی اسی لینے اور دینے کے عمل تک محدود رہی ہے۔ابراہیم خواص کے مطابق کسی شہر میں چالیس دن سے زائد نہیں ٹھہرنا چاہئے۔سفر کے لئے صوفیاء نے بارہ قوانین بھی بنا رکھے ہیں بہر حال سفر کا بنیادی مقصد علم حاصل کرنا،لوگوں سے ملنا اور ان کو کچھ دینا اور ان سے کچھ لینا تھا۔

صوفیاء جب تک زندہ رہے ان کا مستقر نہیں تھا وصال کے بعد ان کے حجرے کو ہی ان کی جائے تدفین بنا دیا گیا اور ان کے مریدین کے لئے یہ جائے تدفین،مزار یعنی زیارت گاہ قرار پائی جہاں صوفی یا شیخ کے وصال کے بعد اس کے خلیفہ نے ان کی تعلیمات کو جاری رکھا۔خانقاہ میں دو طرح کے لوگ ہوتے ہیں ایک تو مریدین، زائرین یا مسافر جو زیارت یا حاضری کے لئے آتے ہیں اور چلے جاتے ہیں جبکہ دوسرے وہ لوگ جو یہاں قیام پذیر رہتے ہیں یہ خدمت گار ہیں، منتظم ہیں،متولی ہیں، گدی نشین یا شیخ کے خاندان سے متعلق لوگ ہیں جو زیارت کے لئے آنے والوں کو خوش آمدید کہتے ہیں، ان کے لئے میزبانی کے فرائض سرانجام دیتے ہیں، ان کا نان ونفقہ کا حصول درگاہ سے حاصل ہونے والے نذرانہ جات سے ہوتا ہے لہٰذا جس طرح آج ملٹی نیشنل کمپنیاں اپنے کلائنٹ کے ساتھ خصوصی برتاؤ کرتی ہیں اسی طرح یہ متولی یا وقف انتظامیہ کے ملازمین زائرین کو زیادہ سے زیادہ توجہ اور بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کرتے ہیں، بقول ان کے زائرین چونکہ شیخ کے مہمان ہیں، لہٰذا ان کی خدمت، دیکھ بھال اور ان کی ضروریات کا خیال کرنا ان کا اولین فرض ہے۔

پرانے زمانے میں خانقاہوں پر آنے والوں کے لئے کچھ اخلاقیات طے کر دی گئی تھیں (2) مثلاً اگر کوئی صوفی کسی خانقاہ پر آنا چاہتا تھا تو اسے سہ پہر سے قبل پہنچنا ہوتا تھا، خانقاہ میں داخل

Marfat.com

ہونے کے بعد دو رکعت نفل پڑھتا، سلام کرتا اور پہلے سے موجود لوگوں کو گلے ملنے اور ہاتھ ملانے میں گرم جوشی کا اظہار کرتا۔ روایت یہ تھی کہ آنے والے کو کچھ نہ کچھ کھانے کے لئے پیش کیا جاتا، جو بھی خانقاہ میں موجود ہوتا۔ خانقاہ میں عمومی طور پر تین دن قیام کیا جاتا، شیخ سے ملاقات کی جاتی اور اگر رخصت ہونا ہوتا تو شیخ سے اجازت لی جاتی تھی۔ تین دن سے زائد قیام کرنے والے زائرین کو خدمت بھی بجالانا ہوتی، خانقاہ میں پہلے سے قیام پذیر لوگوں پر لازم تھا کہ وہ نئے آنے والوں کو خوش دلی سے ملیں ان کا احترام کریں، شفقت سے پیش آئیں اور چہرے پر مسکراہٹ ہو نہ کہ بد دلی اور نظر اندازی، خدمت گاروں کا گفتگو میں نرم اور شفیق رہنا لازم تھا۔ اگر نیا آنے والا خانقاہ کے آداب سے واقف نہیں ہے تو اہل خانقاہ کو اس کی جانب حقارت سے نہیں دیکھنا چاہئے، ان کا انداز توہین آمیز نہیں ہونا چاہئے۔

عوارف المعارف میں مذکور ہے کہ خانقاہ میں رہائش پذیر لوگوں کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا:

1- اہل خدمت

2- اہل صحبت

3- اہل خلوت

خانقاہ میں رہائش پذیر لوگوں کی دو بنیادی ضروریات تھیں لباس اور اشیائے خورد و نوش، دونوں کے حصول کے لئے یا تو "کسب" کو اپنایا جاتا یا پھر "بھیک یا خیرات" پر گزارہ کیا جاتا۔ خانقاہ کا ادارہ خانقاہ میں مقیم لوگوں کے دلوں کو صاف کرتا، علم و ریاضت کے حصول کے لئے معاونت کرتا، تبادلہ خیالات کے لئے جگہ مہیا کرتا۔ آج ان تمام سرگرمیوں کے لئے مختلف ادارے میدان میں ہیں جیسے کالجز، یونیورسٹی یا مدارس، لائبریریاں مختلف علمی و مذہبی تنظیمیں و ادارے، مساجد، اخبارات و رسائل، ٹی وی ریڈیو، سرائے، ہوٹل، مذہبی و سیاسی رہنماؤں کے ادارے وغیرہ۔

چشتیہ سلسلے کی خانقاہوں میں جماعت خانے کو بنیادی اہمیت حاصل رہی ہے (3) جماعت خانہ اجتماعی زندگی کے لئے ایک مرکز تھا جہاں بادشاہ سے فقیر تک قیام پذیر ہوتے۔ یہیں پر اخلاقی اور روحانی کلچر تشکیل پاتا۔ یہ سماجی اور ثقافتی زندگی کے مراکز تھے۔ چشتی صوفیاء کے ہاں مہمان نوازی ایک اہم ترین جزو رہا ہے جہاں لنگر تقسیم کیا جاتا، چشتی صوفیاء کا خیال تھا کہ اگر کوئی شخص کسی کے ہاں جائے اور اسے کھانے کے لئے کچھ پیش نہ کیا جائے تو یہ ایسے ہی ہے جیسے وہ کسی مردہ شخص

Marfat.com

کے ہاں گیا۔ اگر کچھ بھی خانقاہ میں پیش کرنے کے لئے موجود نہ ہوتا تو کم از کم پینے کے لئے پانی ضرور پیش کیا جاتا۔ لنگر کے اخراجات فتوح یا نذرانہ جات سے پورے کئے جاتے۔

یہ جماعت خانے سب کے لئے کھلے ہوتے، امیر غریب، بادشاہ فقیر، سب کو خوش آمدید کہا جاتا۔ خواجہ معین الدین چشتی کے خیال میں صوفیاء کو دریا کی طرح سخی، سورج کی طرح شفیق اور زمین کی طرح مہمان نواز ہونا چاہئے۔ شیخ کی زندگی میں خانقاہ میں شب و روز کی سرگرمیاں اور مقاصد مختلف تھے، شیخ کے وصال کے بعد یہی خانقاہ محض مزار بن کر رہ گئی جہاں عقیدت منداور زائرین محض زیارت کے لئے اور اپنی خواہشات اور تمناؤں کے برلانے کے لئے دعا مانگنے آتے ہیں، چادریں، دیگیں اور نذرانہ جات پیش کرتے ہیں، اب ان مزارات پر اہل صحبت اور اہل خلوت نہیں ملتے بلکہ زائرین کو صرف اہل خدمت ملتے ہیں جو ان کی خدمت کم کرتے ہیں اور اپنی خدمت زیادہ کرواتے ہیں۔

انگریزی عہد میں ان خانقاہوں کا نظام 1810ء اور 1863ء کے انگریزی حکومت کے ایکٹ کے تحت چلایا جاتا رہا، جہاں پہلے ریونیو بورڈ انتظام و دیکھ بھال کرتا تھا اور پھر ضلعی مجسٹریٹ اور مقامی افراد پر مشتمل کمیٹی ان مزارات کی دیکھ بھال اور رسومات کی ادائیگی کا اہتمام کرتی رہی۔ 1960ء سے سرکاری سطح پر چاروں صوبوں میں محکمہ اوقاف ان مزارات کی دیکھ بھال، تعمیر و مرمت اور توسیع کا کام سرانجام دے رہا ہے، یہاں سے حاصل ہونے والے نذرانہ جات اوقاف سنٹرل فنڈ میں جمع ہوتے ہیں۔ عرس کی تمام رسومات حکومتی نگرانی میں سرانجام پاتی ہیں، آج یہ مزارات اور ان کا انتظام کہیں زیادہ پیچیدہ اور توجہ طلب ہو گیا ہے۔ زائرین کی بڑھتی ہوئی تعداد اور ان کو سہولیات بہم پہنچانے کے لئے حکومتی مشینری نے کہیں زیادہ فعال نظام قائم کر رکھا ہے۔ سال بھر میں ہونے والی تمام سرگرمیوں میں سب سے اہم عرس کا انعقاد ہے جو پہلے ایک روزہ ہوتا تھا مگر اب بڑے مزارات پر دو یا تین روزہ ہو گیا ہے پہلے روز عرس کی افتتاحی تقریب ہوتی ہے جہاں چادر پوشی اور غسل کی رسم ادا کی جاتی ہے، دوسرے دن قوالی و نعت کی محافل، مذاکرے ہوتے ہیں جبکہ تیسرے روز عرس کی اختتامی تقریب ہوتی ہے، ان تمام دنوں میں اہم سرکاری و حکومتی عہدوں پر فائز لوگ شرکت کو خوش قسمتی اور اعزاز سمجھتے ہیں (4)، دعوت نامے چھاپے جاتے ہیں۔ خصوصی لنگر پکوایا جاتا ہے کچھ مزارات پر عرس کی رسومات کے علاوہ دربار شریف کے غسل کی رسومات

Marfat.com

علیحدہ طور پر ادا کی جاتی ہیں اور یوں مزار شریف پر دو اہم سرگرمیاں ہر سال عمل پذیر ہوتی ہیں۔

پہلے پہل خانقاہ صرف شیخ یا صاحب مزار پر مشتمل ہوتی تھی، جہاں ایک چھوٹی سی مسجد بھی تعمیر کی جاتی تا کہ زائرین نماز ادا کر سکیں۔ خواجہ معین الدین چشتیؒ کے مزار پر مختلف مغل بادشاہوں نے اس طرح کی تین مساجد تعمیر کرائی ہیں جبکہ حضرت علی ہجویریؒ، بابا بلھے شاہؒ اور حضرت بابا فریدالدین گنج شکرؒ کے مزارات پر موجود قدیمی چھوٹی مساجد کو گرا کر بہت بڑی جامع مساجد تعمیر کی گئی ہیں جو شہر میں اب مرکزی جامع مسجد کی حیثیت رکھتی ہیں (5)۔ اسی طرح زائرین کے لئے حفاظت پاپوش، مسافر خانے کی تعمیر، طہارت و وضو کی سہولت، سماع ہال، لنگر خانے، پارکنگ، داخلی دروازے، دوکانات، پولیس چوکی، لینڈ اسکیپ وغیرہ کا خصوصی اہتمام کیا جاتا ہے۔

اکیسویں صدی میں مزار شریف نے ایک کمپلیکس کی حیثیت اختیار کر لی ہے اگر حضرت علی ہجویریؒ، حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ، بابا بلھے شاہؒ، حضرت سخی سلطان باہوؒ، حضرت سخی سرورؒ، حضرت خواجہ غلام فریدؒ اور امام بری سرکارؒ کے مزارات کی جانب نظر دوڑائی جائے تو مزار شریف کہ جسے مرکزی حیثیت حاصل ہے، کے علاوہ کئی دیگر لازمی عناصر دربار کمپلیکس کا حصہ بن چکے ہیں ان عناصر کے درمیان باہمی ربط بھی موجود ہے، مگر انفرادی سطح پر ان میں ہونے والی سرگرمیوں اور رسومات نے ایک مخصوص شکل اختیار کر لی ہے مزار شریف کا انتظام اور ان رسومات کی ادائیگی اب ایسی سادہ نہیں رہی جیسے کبھی ہوتی تھی، روز بروز زائرین کی بڑھتی ہوئی تعداد نے اس سارے عمل کو اور بھی پیچیدہ بنا دیا ہے۔

صوفیاء کے مزارات کی اہم ترین اور بنیادی رسم حاضری کی ہے جس میں زائرین وعقیدت مند درگاہ شریف پر حاضری دیتے ہیں اور سلام کرتے ہیں، کم وبیش ہر زائر دربار شریف پر آنے کے بعد یہ رسم ادا کرتا ہے بعض لوگ نوافل بھی ادا کرتے ہیں۔ اس سلسلے کی توسیع سالانہ حاضری بھی ہے، سال کے جس روز صوفی یا شیخ کا وصال ہوا ہوتا ہے، اس روز زائرین کی کثیر تعداد مزار شریف پر جمع ہوتی ہے۔ غسل شریف کی رسم ادا کی جاتی ہے، اس کے بعد چادر پوشی کی تقریب ہوتی ہے جس میں اہم شخصیات و وزراء، وزیراعظم، گورنر، صدر وسیکرٹری صاحبان شرکت کرتے ہیں۔ اسے سالانہ عرس کا نام دیا گیا ہے چھوٹے مزارات پر عرس کی تقریبات ایک روز میں ہی ختم ہو جاتی ہیں جبکہ بڑے مزارات پر یہ رسومات تین دن اور بعض مزارات پر دو سے تین ماہ تک جاری رہتی

Marfat.com

ہیں۔(6) گاؤں ونواحی علاقوں میں عرس کی تقریبات کے ساتھ کبڈی، بگدر، نیزہ بازی، کشتی کے علاوہ میلے اور تہوار کو بھی شامل کرلیا جاتا ہے گویا یہ اس علاقے کی ایک اہم ترین، مقبول ترین سماجی و معاشرتی سرگرمی بن جاتی ہے۔عارضی دوکانات لگائی جاتی ہیں، جہاں خواتین کی دلچسپی کا سامان، مٹھائیاں، سرکس، تھیٹر وغیرہ کا بندوبست کیا جاتا ہے۔حضرت علی ہجویریؒ کے مزار شریف کی رسم غسل 9 محرم الحرام کو ہوتی ہے مگر عرس کی تقریبات 18 تا 20 صفر المظفر جاری رہتی ہیں 18 تاریخ کو چادر پوشی کی رسم کے بعد دودھ کی سبیل کا افتتاح کیا جاتا ہے جہاں زائرین کو مفت تین دن تک دودھ پلایا جاتا ہے۔19 اور 20 صفر المظفر کو دن کے وقت علماء، شیوخ مختلف مذہبی اور صوفیانہ موضوعات پر تقاریر کرتے ہیں ہر روز تین سے چار سیشن ہوتے ہیں جو صبح شروع ہو کر رات گئے تک جاری رہتے ہیں اسی طرح قوالی کی محفل بھی دو دن برپا رہتی ہے جہاں ملک بھر سے منتخب قوال عارفانہ کلام پیش کرتے ہیں جبکہ تیسرے روز رات کے وقت اختتامی دعا ہوتی ہے۔

عرس کے علاوہ دربار حضرت علی ہجویریؒ پر ہر ماہ کی دس تاریخ کو محفل ہوتی ہے، ہر ماہ کی آخری جمعرات کی رات بعد از نماز عشاء محفل نعت ہوتی ہے،اس کے علاوہ محفل میلاد کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے۔

حضرت بابا فریدالدین گنج شکرؒ پاک پتن کے مزار پر عرس کی تقریبات کا آغاز 24 ذیقعد بعد نماز مغرب ہو جاتا ہے اس وقت بعد از نماز مغرب سجادہ نشین دربار شریف کے اندر سرہانے کی طرف جالی کے ساتھ دھاگا باندھتے ہیں اس کو چلّہ باندھنا کہتے ہیں۔25 ذوالحج تا 5 محرم الحرام کو روزانہ چینی پر ختم شریف پڑھا جاتا ہے، چلّے اور چینی کی تقسیم کی جاتی ہے درگاہ شریف کا غلاف تبدیل کیا جاتا ہے جبکہ یکم تا پانچ محرم الحرام ہر روز بعد از نماز عصر سجادہ نشین سماع سنتے ہیں، کوڈیاں اور شکر تقسیم کی جاتی ہے۔5 تا 9 محرم الحرام کو زائرین کے لئے بعد از نماز مغرب بہشتی دروازہ کھول دیا جاتا ہے جو فجر کے وقت بند کیا جاتا ہے یہ دروازہ پہلے دو دن دیوان صاحب کھولنے کا اعزاز حاصل کرتے ہیں جبکہ باقی دن ضلعی واوقاف انتظامیہ بہشتی دروازہ کھولنے کی سعادت حاصل کرتی ہے۔10 محرم الحرام صبح دس بجے دیوان صاحب مزار شریف کے غسل کی رسم ادا کرتے ہیں اور بعد از نماز مغرب رسم صندل ادا کی جاتی ہے اور یوں عرس کی تقریبات اختتام پذیر ہو جاتی ہیں۔

مزارات پر رسومات وتقریبات کے مقاصد خواہ کچھ بھی ہوں ان کی ترتیب وتنظیم اور انعقاد

سے درگاہوں پر ہونے والی سرگرمی میں ایک نظم وضبط پیدا ہو جاتا ہے اور زائرین ایک ضابطے کے تحت ہر رسم پوری کرنے کے پابند ہو جاتے ہیں۔ اور یوں عرس کے تین دن انتہائی مصروف گزرتے ہیں۔ اولیاء کی قبور پر چادر پوشی کی روایت کو کعبہ پر غلاف چڑھانے سے بھی جوڑا جاتا ہے یہ بظاہر فضیلت کی نشانی ہے۔ برصغیر پاک و ہند میں اولیاء کرام کی قبر پر چادر پوشی کی روایت بہت قدیمی ہے مگر آج کل اس کو بھی شاہانہ عظمت سے جوڑ دیا گیا ہے۔ عموماً دو طرح کے لوگ چادر پوشی کی رسم ادا کرتے ہیں۔

1- زائرین کی جب کوئی خواہش پوری ہوتی ہے تو وہ نذرانہ کے طور پر چادر پوشی کی رسم ادا کرتے ہیں۔ یہ عقیدت وتشکر کے اظہار کی ایک شکل ہے۔

2- صاحب ثروت اور سرکاری وحکومتی عہدیداران جب دربار شریف پر حاضری دیتے ہیں، تو سلام سے پہلے چادر پوشی کی رسم ادا کرتے ہیں بیش قیمت چادریں جن پر قرآنی آیات کی کڑھائی کا کام ہوا ہوتا ہے، مزار شریف پر چڑھانے کو باعثِ اعزاز خیال کیا جاتا ہے آج کل سجادہ نشین یا وقف انتظامیہ کے افسران اہم شخصیات کو صاحب مزار کی جانب سے بھی یہ چادریں پیش کرتے ہیں۔ یہ سادہ ترین شکل میں سبز رنگ کے کپڑے سے لے کر اعلیٰ ترین ریشمی بھاری بھرکم تلہ کناری سے آراستہ قیمتی چادریں ہوتی ہیں۔ درگاہ شریف کے باہر چادر فروشی نے ایک بڑے منفعت بخش کاروبار کی شکل اختیار کر لی ہے درگاہ شریف پر چڑھائی جانے والی چادریں بعد ازاں فروخت کر دی جاتی ہیں اور رقم درگاہ کے اکاؤنٹ میں جمع کرا دی جاتی ہے۔ سبز رنگ کی چادر کا تصور حضرت محمدؐ کے گنبد خضریٰ سے بھی وابستہ ہے حدیث نبویؐ ہے کہ قبر پر اگر سبزہ ہو، گھاس یا ہرا درخت، تو جب تک وہ سبز رہتا ہے، تسبیح کرتا رہتا ہے، لہٰذا اس عرصے میں قبر پر عذاب کی شدت میں کمی رہتی ہے۔

چشتی سلسلہ سے متعلق جماعت خانوں میں زائرین کے لئے لنگر کا ایک اہتمام ہوتا تھا تاکہ دور دراز سے آنے والے مہمانوں کو کھانے کے لئے کچھ مل سکے آج مزارات پر لنگر کی پکوائی اور تقسیم ایک اہم رسم اور کاروبار کی شکل اختیار کر چکی ہے، درگاہوں کے باہر پرائیویٹ دیگیں پکانے والوں کی درجنوں دوکانیں کاروبار کی ایک شکل ہیں جہاں ہر وقت پکی پکائی دیگیں مہیا رہتی ہیں، اسی طرح وقف انتظامیہ زائرین کے لئے روزانہ حسب ضرورت دیگیں پکواتی ہے یہ چاول، نان حلوہ،

Marfat.com

دال روٹی کچھ بھی ہوسکتا ہے۔صاحب ثروت عرس کے موقع پر اپنے لئے علیحدہ لنگر کا بندوبست کرتے ہیں لوگ قطاروں میں کھڑے ہوکر لنگر حاصل کرنا باعث خیر و برکت سمجھتے ہیں دربار چھوٹا ہو یا بڑا،لنگر کی تقسیم ضرور ہوتی ہے۔

مزارات پر آمدن کا اہم ترین ذریعہ نذرانہ جات ہوتے ہیں جو زائرین عقیدت کی بنا پر صاحب مزار کو پیش کرتے ہیں پہلے پہل تو یہ نذرانہ جات دستی دیئے جاتے تھے یا رخصت کے وقت دری کے نیچے رکھ دیئے جاتے تھے شیخ کے وصال کے بعد متولی وگدی نشین یہ نذرانہ جات وصول کرتے تھے وقف انتظامیہ نے نذرانہ جات کی وصولی کے لئے کیش بکس رکھے ہوتے ہیں صرف دربار حضرت علی ہجویریؒ میں مختلف مقامات پر 39 کیش بکس رکھے گئے ہیں کیش بکس کی کشادگی کے اوقات مقرر کئے گئے ہیں کیش بکس میں ڈالی جانے والی رقوم کو بحفاظت سنٹرل اوقاف فنڈ میں منتقل کرنے کے لئے طریقہ کار وضع کیا گیا ہے جس سے خرد برد کے خدشات بہت کم ہوگئے ہیں۔

شیخ کے حجرے میں داخلے کے وقت پہلے بھی جوتی اتاری جاتی تھی اور آج بھی مزار شریف میں حاضری کے وقت ننگے پاؤں ہونا لازم ہے بلکہ ایسے ہی جیسے وضو اور طہارت لازم ہیں۔دربار شریف پر پہلے تو داخلی دروازے پر متولی یا گدی نشین یا خدام جوتوں کی حفاظت کرتے تھے مگر اب زائرین کی بڑھتی ہوئی تعداد کے باعث یہ بہت مشکل ہو گیا ہے۔اب وقف انتظامیہ حفاظت پاپوش کے لئے پرائیویٹ ٹھیکیدار کی خدمات حاصل کرتی ہے جو ایک روپیہ فی جوڑا اجرت وصول کرتا ہے اور سالانہ ٹھیکے کے حصول کے لئے اچھی خاصی رقم وقف انتظامیہ کے اکاؤنٹ میں جمع کرواتا ہے۔ 04-2003ء میں داتا دربار کمپلیکس میں حفاظت پاپوش کے سالانہ ٹھیکے کی رقم 1.67 کروڑ روپے تھی۔حفاظت پاپوش کی طرح دربار شریف پر آنے والی گاڑیوں کی پارکنگ کے لئے علیحدہ فیس وصول کی جاتی ہے۔درگاہ حضرت علی ہجویریؒ کا تہہ خانہ جہاں دو سو گاڑیوں کی گنجائش موجود ہے،سالانہ ٹھیکے پر دیا جاتا ہے۔دربار حضرت بابا فریدالدین گنج شکرؒ پر بھی حفاظت پاپوش اور کار پارکنگ کی ایسی ہی صورتحال ہے۔آج شہروں میں جہاں بھی بڑی درگاہ موجود ہو، اور روزانہ ہزاروں زائرین آتے ہوں وہاں کا کلچر اور کاروبار تبدیل ہو جاتا ہے۔درگاہ کے اردگرد تجارتی سرگرمیاں شروع ہو جاتی ہے،دوکانات کی تعمیر شروع ہو جاتی ہے جہاں چادریں، پھول

Marfat.com

مصنوعی جیولری، چھلّے کڑے، اسلامی و مذہبی کتب، دیگیں، اور روزمرہ استعمال کی چھوٹی موٹی اشیاء کی فروخت ہوتی ہے اور سینکڑوں لوگ کاروبار سے وابستہ ہوتے ہیں۔ جبکہ پہلے صرف عرس کے ایام میں عارضی دوکانات لگائی جاتی تھیں اب یہ دوکانات سارا سال چلتی رہتی ہیں اور کاروبار ہوتا رہتا ہے۔ وقف انتظامیہ کرایہ کی مد میں ان دوکانات سے خاصی آمدن حاصل کرتی ہے۔ دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ تک جانے والی لمبی گلی کے دونوں اطراف بے شمار دوکانیں سجائی گئی ہیں۔

آج بھی بے شمار درگاہیں ایسی ہیں جو شراب چرس یا دیگر نشہ آور اشیاء کے استعمال کرنے والوں کے لئے مختص ہو کر رہ گئی ہیں۔ بچے اور نوجوان لڑکیاں گھروں سے فرار ہو کر درگاہوں کا رخ کرتے ہیں۔ زائرین کی جان و مال کی حفاظت، جیب کتروں اور دھوکہ دینے والوں سے بچنے، ماحول کو پُرسکون، پاکیزہ اور صاف رکھنے کے لئے پولیس چوکی کا قیام ناگزیر ہو گیا ہے ساتویں دہائی کے آغاز میں علاقہ مجسٹریٹ ہی درگاہ کے انتظامی افسر ہوتے تھے آج درگاہ کی بدلتی ہوئی شکل، ضروریات اور پیچیدہ معاملات کے باعث پولیس اور ضلعی انتظامیہ کی معاونت اور سرپرستی لازم ہو گئی ہے۔

قدیمی درگاہوں پر صاحب مزار اور مزار کو بنیادی اور مرکزی حیثیت حاصل ہوتی تھی، اور درگاہ شریف میں سب سے اہم عمارت یہی ہوتی تھی، اب صورتحال بدلتی جا رہی ہے قیام پاکستان سے پہلے تک درگاہوں پر صرف مزار شریف اور ایک چھوٹی سی مسجد ہوتی تھی اس وقت درگاہوں پر مسلمانوں کے علاوہ ہندوؤں اور سکھوں کی تعداد بھی سلام و دعا کے لئے حاضری دیتی تھی گویا بھگوان اور اللہ تو اپنے اپنے تھے مگر اولیاء مشترک تھے پاکستان بننے کے بعد اب چونکہ صرف مسلمان ہی اکثریت میں رہ گئے ہیں لہٰذا جب بھی درگاہ کی توسیع کی بات ہوتی ہے تو سب سے پہلے ایک بڑی جامع مسجد تعمیر کر دی جاتی ہے جیسے درگاہ حضرت علی ہجویریؒ، درگاہ بابا بلھے شاہؒ، درگاہ بابا فریدالدینؒ پاک پتن میں ہوا ہے۔ اب یوں لگتا ہے کہ یہ ایک مسجد کمپلیکس ہے جہاں صحن میں مزار شریف ہے، اس صورتحال نے درگاہ کے مخصوص ماحول اور فضاء کو بری طرح متاثر کیا ہے اور درگاہ مسجد کا حصہ بن کر رہ گئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کی ثقافتی و تہذیبی حیثیت معدوم ہوتی جا رہی ہے اور مذہبی حیثیت غالب آتی جا رہی ہے۔ اس عمل نے پاکستان میں درگاہ کے تشخص کو بھی

تبدیل کر دیا ہے جبکہ ہندوستان میں آج بھی درگاہ خواجہ معین الدین چشتیؒ، درگاہ حضرت نظام الدین اولیاءؒ، درگاہ حضرت خواجہ بختیار کاکیؒ کی فضا اور تاثر ویسا ہی ہے جیسے صدیوں پہلے ہوتا تھا پہلے مسجد مسجد ہوتی تھی اور درگاہ محض درگاہ، مگر اب پاکستان میں مسجد نے درگاہ کو اپنے اندر ضم کر لیا ہے درگاہ کے صحن میں اگر قوالی کی محفل ہوتی ہے تو مسجد کے ایوان میں محفل نعت اور محفل میلاد کا انعقاد کیا جاتا ہے گویا شریعت اور طریقت کا یہ انوکھا ملاپ ہے۔

## حوالہ جات


1- انسائیکلوپیڈیا آف اسلام، جلد چہارم (1978)

2- شہاب الدین سہروردی ''عوارف المعارف'' بیروت (1966)

3- خواجہ فرید الدین پاک پتن اور خواجہ نظام الدین اولیاء دہلی چشتی سلسلے کے اہم ترین جماعت خانے رہے ہیں۔

4- حضرت علی ہجویریؒ کے مزار کی رسم غسل شریف کے لئے گذشتہ کئی برسوں سے گورنر پنجاب حاضر ہوتے ہیں جہاں پر وزراء اور صوبائی حکومت کے اہم عہدیدار بھی شامل ہوتے ہیں۔

5- حضرت علی ہجویریؒ کی درگاہ پر 1989ء میں حضرت خواجہ فرید الدین پاک پتن کی درگاہ پر 2004-5ء میں اور بابا بلھے شاہؒ کے مزار پر 2004ء میں بڑی جامعہ مساجد کی تعمیر کی گئی۔

6- دربار پیر چنںؒ (یزمان بہاولپور میں) اور حضرت سخی سرور ڈی جی خان کا عرس مبارک دو سے تین ماہ تک جاری رہتا ہے۔


❁❁❁❁❁

Marfat.com

# درگاہ حضرت علی ہجویریؒ:

## رسومات، روایات اور تقریبات

جہاں جہاں مسلمان گئے اور مقامی لوگوں نے اسلام قبول کیا وہاں پانچ وقت کی نماز کی ادائیگی کے لئے ایک مسجد کا قیام لازمی عنصر کے طور پر کیا گیا۔ مساجد کے ساتھ عبادت کا عمل منسلک کر دیا گیا اور یوں ایک تقدس کا احساس لوگوں کے دلوں میں بیٹھ گیا۔ عبادت کے ساتھ صوفیاء نے جس ریاضت کو لازم قرار دیا یہ مساجد اس کے لئے مناسب خیال نہ کی گئیں اور یہیں سے درگاہ، خانقاہ کا تصور ابھرا اور جب کسی بھی درگاہ یا خانقاہ کا مرکزی کردار یعنی شیخ وصال کر گیا تو عمومی طور پر اسے اس کے حجرے میں دفن کر دیا گیا اور یہاں سے مزارات نے جنم لیا، جس طرح لوگ شیخ کے پاس اس کی زندگی میں رہنمائی کے لئے آتے تھے اس کے مرنے کے بعد وہ اس کی قبر پر بھی اس تعدد سے آتے رہے بلکہ اکثر اوقات یہ تناسب بڑھ گیا۔ اور یوں مسلم آبادی والے علاقے میں پہلے سے کہیں بڑھ کر مزارات پر مختلف سرگرمیاں انعقاد پذیر ہونے کے سبب زائرین کی آمد و رفت کا سلسلہ رات دن جاری ہو گیا۔ آج اکیسویں صدی میں یہ درگاہیں اور مزارات، مسلمانوں کی سماجی و مذہبی زندگی کا انتہائی اہم حصہ ہیں اور لوگوں کی کثیر تعداد ایک تسلسل سے ان آستانوں پر قدم بوسی کے لئے حاضری دیتی ہے۔

آج ان مزارات پر حاضری دینے والے دو طرح کے لوگ ہیں ایک تعداد ان لوگوں کی ہے جو یہاں انعقاد پذیر ہونے والی سرگرمیوں میں فعال شمولیت کرتے ہیں جبکہ زیادہ تر تعداد ان لوگوں کی ہے جو شیخ سے اپنی دکھی زندگی، محرومیوں اور تہی دامنی کا رونا رونے آتے ہیں اور توقع کرتے ہیں کہ شیخ ان کی مرادیں پوری کرنے میں اللہ کے حضور ایک وسیلے اور سفارشی کا کردار ادا

Marfat.com

کرے گا۔ لوگ پہلے درگاہوں پر خدا کی تلاش میں آتے تھے درگاہیں تہذیب اور مذہبی تعلیمات کا مرکز تھیں مگر آج ان کا کردار قدرے تبدیل ہو گیا ہے۔ صوفیاء جہاں بھی گئے، انہوں نے اپنے کردار، اخلاقیات اور عقیدے کی بنیاد پر مقامی لوگوں کی زندگیاں اور اعتقادات یکسر تبدیل کر دیئے۔ حتیٰ کہ جن لوگوں نے اسلام قبول نہیں بھی کیا ان کی زندگیوں پر بھی صوفیاء کی تعلیمات اثر انداز ہوئیں۔

حضرت محمدؐ نبی آخرالزماں نے خطبہ حجتہ الوداع کے موقع پر اہل اسلام کو یہ خوشخبری سنادی تھی کہ آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا ہے۔ قرآن وسنت کی روشنی اور رہنمائی میں مسلمانوں کو جس ضابطہ حیات کی تکمیل کی نوید سنائی تھی اس میں مزید کسی تبدیلی کی گنجائش نہ تھی مگر وقت کے ساتھ جب حالات اور معاشرت تبدیل ہوئی تہذیب کی نئی جہات روشناس ہوئیں تو تبدیلی ناگزیر تھی اور آنے والی صدیوں میں صوفیاء نے ان معاملات میں رہنمائی کا بیڑا اٹھایا۔ جغرافیائی حد بندیوں اور تہذیب و معاشرت میں فرق کے سبب دنیا کے مختلف خطوں میں علاقائی مذہب کی تشکیل ہوئی جس میں بنیادی اسلامی تعلیمات تو یکساں تھیں مگر تہذیب و معاشرت میں امتیاز ہونے کے سبب ایک انفرادی رنگ اور تشخص ابھر کر سامنے آیا جو انہیں اس خطے کے دیگر مذاہب کے پیروکاروں سے الگ کرتا تھا اور عالمی سطح پر اسلامی معاشرت اور مذہب اسلام سے جوڑتا تھا یہ تشخص دراصل تہذیب وروایات اور رسومات سے ہی تشکیل پایا جو صوفیاء اپنے ہمراہ لے کر ہجرت کر کے آئے تھے۔ اور انہوں نے مقامی طرزِ معاشرت اور رسم ورواج کو پہلے اپنایا اور پھر تبدیلی لائی۔

خانقاہوں میں مختلف خاندانوں گروہوں اور نسلوں سے تعلق رکھنے والے انسانوں نے مل جل کر اجتماعی زندگی کا ضابطہ تشکیل دیا۔ اس سے قبل لوگ اپنے اپنے گھروں میں ایک خاندان کی سی زندگی بسر کرتے تھے اسلام پہلے ان لوگوں کو گھروں سے نکال کر ایک اجتماعی سماجی زندگی کے لئے مساجد میں لے کر آیا مگر یہاں مقصد صرف عبادت تھا اسی طرح صوفیاء ان لوگوں کو گھروں سے نکال کر خانقاہوں میں لے آئے اور ان افراد نے کہ جنہوں نے اسلام قبول کر لیا تھا، بغیر کسی خونی رشتے، مفاد یا جبر کے ایک چھت تلے اجتماعی زندگی گزارنا شروع کر دی، چشتیوں کے ہاں جماعت خانے کی تشکیل ہوئی جہاں کھانے اور رہنے کے لئے مناسب انتظامات مہیا کئے گئے۔ رہنے والے

Marfat.com

سینکڑوں اور ہزاروں کی تعداد میں یہاں رہتے تھے اس طرح ایک نیا سماجی کلچر ابھر کر سامنے آیا جو کئی صدیوں تک جاری رہا بلکہ آج بھی کسی نہ کسی شکل میں موجود ہے۔ علم بشریات کے ماہرین نے مزارات پر ہونے والی سرگرمیوں کے مطالعہ اور تجزیاتی جائزے کی جانب بہت کم توجہ دی ہے اگرچہ مخصوص تناظر میں رہتے ہوئے یہ سرگرمیاں، رسومات اور اعتقادات دین اسلام کا حصہ نہیں ہیں مگر ان کے دوررس اثرات لوگوں کی سماجی، انفرادی اور مذہبی زندگی پر دیکھے جاسکتے ہیں (1)۔

شروع شروع میں ان رسومات اور روایات کا آغاز کیسے ہوا ہمیں اس سلسلے میں کہیں بھی تفصیلات نہیں ملتیں، صوفیاء اور ان کے مراکز کے بارے میں معلومات صرف تذکرہ جات، ملفوظات اور مکتوبات کی صورت میں موجود ہیں جہاں عقیدت مندی کا عنصر غالب ہے، تذکرہ جات اور ملفوظات میں عمومی طور پر شیخ کی زندگی اور اس کے فرمودات کے بارے میں معلوم پڑتا ہے (2)، کسی بھی تذکرہ نگار نے ان رسومات اور روایات کے آغاز وارتقاء کے بارے میں کوئی خبر نہیں دی اور نہ ہی کبھی ان کے اثرات کی تہہ تک پہنچنے کی کوشش کی ہے کہ کس طرح مختلف درگاہوں پر ان رسومات اور روایات کا آغاز ہوا، ہاں ایک بات یقینی ہے کہ ان رسومات اور روایات کو جاری وساری رکھنے اور ان میں شمولیت کرنے والوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا جارہا ہے یہاں تک کہ عرس کے موقع پر ان کی تعداد لاکھوں تک پہنچتی ہے جبکہ عام دنوں میں جمعہ اور جمعرات کے روز حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے مزار پر زائرین کی تعداد ستر ہزار تک پہنچتی ہے۔

ظاہری طور پر یوں محسوس ہوتا ہے کہ خدام اور گدی نشینوں نے یہ قوانین وضوابط، اصول یا روایات جو صوفیاء کی تعلیمات پر بنیاد رکھتے ہیں، تشکیل دیتے ہوئے یہ مقصد پیش نظر رکھا کہ درگاہ شریف پر ایک نظم وضبط قائم ہو، شیخ کے مہمان ایک طریقے اور سلیقے سے بغیر کسی الجھاؤ و پریشانی کے ان سرگرمیوں میں شمولیت کریں خصوصاً جب سالانہ عرس کی تقریبات انعقاد پذیر ہورہی ہوتیں ہیں۔ یہ رسومات وروایات دراصل غیر مطبوعہ اخلاقی ضابطے ہیں جو درگاہ شریف پر وقوع پذیر ہونے والی سرگرمیوں کو منظم کرتے ہیں۔ درگاہوں پر انتظامات کی ذمہ داری پہلے گدی نشینوں اور متولیوں کے سر تھی مگر 1960ء سے پاکستان میں ایک نیم سرکاری ادارہ ایک آرڈیننس کے تحت مزارات پر تمام سرگرمیوں کو منظم کرتا ہے، عمارات کی تعمیر نو کرتا ہے زائرین کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بناتا ہے اور عرس کے انتظامات کو احسن طریقے سے چلانے کے لئے ٹھوس حکمت عملی تیار کرتا ہے۔ عرس

Marfat.com

کے موقع پر ادارے کا سربراہ چادر پوشی و رسم غسل وغیرہ میں شرکت کرتا ہے۔

آج مزارات مذہبی رسومات وشیخ سے متعلق تقریبات کے انعقاد کے بڑے مراکز بن گئے ہیں، پہلے جو رسومات گھر یا محلّے کی سطح پر انفرادی طور پر ادا کی جاتی تھیں ان کو ایک بڑے واقعے کے طور پر مشترکہ منایا جاتا ہے اس سے نہ صرف ان رسومات کی اہمیت بڑھ گئی ہے بلکہ ان کی ادائیگی میں جامعیت آ جانے کے سبب شرکت کرنے والوں کی تعداد میں بے تحاشا اضافہ ہوا ہے لوگوں کے مابین اخوت، بھائی چارہ اور تعلق باہمی مضبوط ہوا ہے یہ درگاہ کا دوسرا پہلو ہے جس نے آج کی مسلم معاشرت میں اسلامی جذبات واحساسات کی مجموعی واجتماعی فضا کو اجاگر کرنے میں انتہائی اہم کردار ادا کیا ہے۔

کسی بھی صوفی سلسلے کی یہ مخصوص رسومات ہی دراصل اس سلسلے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی زندگیوں کے خدوخال تشکیل دیتی ہیں جن کو اپناتے ہوئے ہر مرید کو یہ یقین ہوتا ہے کہ وہ اپنے نفس کو پاک کر کے قرب حقیقی حاصل کر سکے گا۔ اس کی ایک عمومی مثال ''ذکر'' کی ہے صوفیاء کے ہاں اللہ تعالیٰ کے مختلف ناموں کا ذکر کرنے کے بے شمار انداز ہیں سب کا مقصد استغراق اور یکسوئی حاصل کرنا ہے اپنے ذہن کو غیر متعلق اور فالتو خیالات سے چھٹکارا دلانا ہے مگر اس کے لئے ذہنی یکسوئی اور یقین کی قوت درکار ہوتی ہے کچھ صوفیاء تنفس کے ردھم کے ساتھ ذکر کرتے ہیں کچھ قدرے اونچی آواز میں ورد کرتے ہیں اور کچھ نہایت زیریں آواز میں ریاضت کرتے ہیں یہ ذکر جلی اور ذکر خفی کہلاتا ہے ذکر کو صوفیاء نے خدا تک پہنچنے کے عمل میں ایک ریڑھ کی ہڈی کا درجہ دیا ہے، ذکر کرنے کے لئے صوفیاء کے ہاں سانس کو روکنے کی ریاضت کے مشکل مراحل سے گزرنا پڑتا ہے۔

یوں تو موسیقی کی اسلام میں قطعی گنجائش نہیں ہے صرف قرآن اور اَذان کے الفاظ کو نہایت دلنشین آواز اور ردھم کے ساتھ ادائیگی کی اجازت دی گئی ہے خوش گلو قراء قرآنی آیات کی تلاوت ایسے دلنشین انداز میں کرتے ہیں کہ باطنی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے جبکہ اذان اس انداز سے دی جاتی ہے کہ حجر، شجر، پرند، انسان سبھی خاموشی سے سنتے ہیں۔ موسیقی کی مختلف اشکال نے صوفیاء کی زندگیوں میں بہت اہم کردار ادا کیا ہے بلکہ صوفیاء نے موسیقی کی نئی جہات دریافت کی ہیں۔ موسیقی دراصل خوابیدہ جذبات اور احساسات کی بیداری میں نہایت سرعت سے معاونت کرتی ہے بلکہ

Marfat.com

استعاراتی الفاظ اور زیر و بم والی سکنات کے ساتھ موسیقی کو پیش کیا جائے تو ایک بڑی روحانی قوت جنم لیتی ہے لہٰذا قوالی خصوصاً چشتی صوفیاء کے روز و شب میں ایک اہم جزو بن کر شامل ہوگئی۔ جو لوگ قوالی کی مخالفت کرتے ہیں وہ بھی اس سے پیدا ہونے والی روحانی قوت کا اعتراف کرتے ہیں اس لئے بھی کہ کئی صوفیاء نے قوالی اور دھمال میں جان جان آفرین کے سپرد کی ہے، قوالی وجد کی کیفیت حاصل کرنے میں صوفی کی معاونت کرتی ہیں۔ صوفیاء نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ دھمال سے کشف و وجد حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔ زمین کی سطح سے اوپر اچھلنے کے عمل میں دراصل یہ خواہش پوشیدہ ہوتی ہے کہ زمان و مکاں کی حدود سے نکل کر روحانی وجود میں تحلیل ہو جانا ہی صوفی کے لئے معراج کا درجہ رکھتا ہے۔

ابتدائی طور پر مزارات پر انعقاد پذیر ہونے والی تقریبات و رسومات بہت سادہ اور کم ہوتی تھیں لوگ درگاہ پر سلام اور فاتحہ کے لئے حاضر ہوتے، اور پھر رخصت ہو جاتے تھے مزارات سے ملحقہ مساجد یا تو ہوتی نہیں تھیں یا پھر بہت چھوٹی سی مسجد جو شیخ کی زندگی میں ہی تعمیر کی گئی ہوتی تھی، پھر درگاہ شریف پر آنے والوں کے لئے ایک ضابطہ تشکیل دیا گیا، ہر خانقاہ پر مہمان تین دن بغیر کسی کام کے رہ سکتا ہے، شام غروب آفتاب سے پہلے اس کو خانقاہ میں پہنچنا ہوتا تھا وگرنہ اسے رات بھر باہر قیام کرنا پڑتا اور پھر صبح ہونے کے بعد ہی وہ خانقاہ میں داخل ہو سکتا تھا، تین دن سے زیادہ عرصہ اگر قیام کرتا ہے تو پھر مہمان کو کچھ کام بھی کرنا پڑتا تھا۔ اسی طرح شاہ ولی اللہ دہلوی نے فاتحہ شریف کا پورا طریقہ کار اور اس دوران کیا پڑھنا چاہئے، نہایت تفصیل سے اپنی کتاب میں تحریر کیا ہے۔

یہ سادگی چودہویں اور پندرہویں صدی تک تھی اس کے بعد جب مغلوں کا عہد شروع ہوا تو ان درگاہوں پر ان کی متواتر حاضری کے سبب یہاں نئی رسومات شامل ہوگئیں، تقریبات و اعراس اور لنگر کے لئے خصوصی انتظامات کئے جانے لگے۔ ایک ایسا ضابطہ تشکیل دیا گیا جو اداروں کو چلانے کے لئے لازم ہوتا ہے۔ اکبر نے پہلی مرتبہ درگاہ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ پر ایک متولی کا تقرر کیا(3) اور یوں درگاہ کے انتظامی اور مالی معاملات کا سلسلہ مسند شاہی سے جڑ گیا۔ بادشاہوں کو جب مختلف صوفیاء کے ہاں حاضری دینے کے بعد اولاد کی دولت ملی تو عقیدت اور توجہ اور بھی بڑھ گئی، سینکڑوں گاؤں سے حاصل ہونے والی آمدن اور فصلوں سے حاصل ہونے والا

Marfat.com

محصول یا ٹیکس درگاہوں کے نام مختص کر دیا گیا۔ اس عہد میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان باہمی اخوت اور بھائی چارے میں اضافہ ہوا اور ایک نیا کلچر ابھر کر سامنے آیا اور درگاہوں کے انتظامی معاملات کے لئے مغل درباروں میں رائج اور مستعمل لفظیات اور اصطلاحیں اور لباس استعمال ہونے لگا۔ سالانہ اعراس یا قوالی کی محفلوں پر شامیانے لگانے، رات کے لئے مشعلچی کی خدمات حاصل کرنا، توشہ خانہ، نوبت خانہ، غلام گردش، فرّاش جیسی اصطلاحات کا استعمال شروع ہوا۔ مغل درباروں کی طرح درگاہوں پر خدمات سرانجام دینے والے خدام نے بھی چوب داروں جیسا لباس زیب تن کرنا شروع کر دیا۔ گویا مغل درباروں کا کلچر درگاہوں میں رائج ہو گیا، شہنشاہ اکبر نے درگاہ خواجہ معین الدین چشتیؒ پر ایک بڑی دیگ میں سینکڑوں من لنگر پکانے کی روایت کا آغاز کیا، یہ دیگ آج بھی درگاہ پر پکائی جارہی ہے ایسی ہی دو دیگیں درگاہ خواجہ سخی سرورؒ ڈیرہ غازی خاں میں بھی موجود ہیں اگرچہ اب ان میں لنگر پکانے کا کام نہیں ہوتا، جہانگیر کے عہد میں کسی انگریز سیاح نے خواجہ معین الدین چشتیؒ کے مزار کا دورہ کیا اور لکھا کہ مغل بادشاہ نے ایک وقت میں پانچ ہزار لوگوں کے لئے کھچڑی پکانے کے احکامات جاری کئے۔ اسی طرح تاریخ گواہ ہے کہ ایک مرتبہ شاہجہان نے اپنی شکار کردہ نیل گائے اسی دیگ میں پکوائی تھی۔

ہمارے ہاں مزارات پر یہ رسم ورواج کم وبیش ایک ہزار سال سے نبھائے جارہے ہیں بلکہ وقت کے ساتھ ان کی نوعیت میں اضافہ ہوا ہے۔ پہلے میلادالنبیؐ کی رسم ہر سال 12 ربیع الاوّل کے موقع پر منائی جاتی تھی اب ان مزارات پر ہر قمری مہینے کی بارہ تاریخ کو ''بارہ وفات'' کے نام سے منائی جاتی ہے۔ خواجہ معین الدین چشتیؒ کے یوم وصال 6۔ رجب المرجب کی نسبت سے ہر قمری ماہ کی چھ تاریخ کو چھٹی شریف کا ختم کیا جاتا ہے اس کے لئے محفل نعت وقرآنی تلاوت کا خصوصی اہتمام کیا جاتا ہے اور زائرین کی تواضع لنگر سے کی جاتی ہے عقیدت منداس میں شرکت کو باعث سعادت سمجھتے ہیں۔ داتا دربار لاہور میں حضرت علی ہجویریؒ کے یوم وصال 19۔ صفرالمظفر کی نسبت سے ماہانہ ختم شریف ہر ماہ کی 19 تاریخ کو کیا جاتا ہے اس میں بھی تلاوت کلام مجید اور نعت خوانی کی محفل منعقد کی جاتی ہے۔ درود وسلام کے بعد محفل جب اختتام پذیر ہوتی ہے تو زائرین میں لنگر تقسیم کیا جاتا ہے۔ 9 محرم الحرام کو حضرت داتا گنج بخش کے مزار پر تقریب غسل مزار شریف ہر سال منعقد ہوتی ہے جس میں صوبے کا وزیراعلیٰ یا گورنر خصوصی طور پر شرکت کرتا ہے اور مزار شریف

کو 50 من سے زائد عرق گلاب سے غسل دیا جاتا ہے۔

اب تو حضرت علی ہجویریؒ کے مزار شریف کے دروازے کو صبح فجر سے پہلے کھولنے اور رات عشاء کے بعد بند کرنے کی رسم بھی ایک تقریب کی شکل اختیار کر گئی ہے۔ حضرت علی ہجویریؒ کے ہشت پہلو مزار شریف کا جنوبی دروازہ فجر سے تقریباً ایک گھنٹہ قبل کھولا جاتا ہے۔ زائرین غلام گردش میں جمع ہو جاتے ہیں، قرآن مجید کی تلاوت کی جاتی ہے حضرت علی ہجویریؒ کے ایصال ثواب کے لئے ختم شریف پڑھا جاتا ہے اس کے بعد آپ کا شجرہ طریقت با آواز بلند پڑھا جاتا ہے، اس کے بعد سلام بحضور حضرت علی ہجویریؒ اشعار کی شکل میں پیش کیا جاتا ہے آخر میں آپ کی عقیدت میں تحریر کئے جانے والے اشعار کو با آواز بلند پڑھا جاتا ہے جن کے اختتام پر دروازہ کھولنے کی رسم ادا کی جاتی ہے اس کے فوراً بعد جھاڑو دے کر قبر مبارک پر تازہ پھول رکھے جاتے ہیں اور پھر دعا ہوتی ہے بالکل اسی طرح رات نماز عشاء کے بعد مزار شریف کی صفائی کر کے تقریباً دو گھنٹے بعد دربار شریف کا دروازہ بند کرنے کی رسم ادا کی جاتی ہے اس سے قبل آپ کے ایصال ثواب کے لئے دعا اور ختم شریف ہوتا ہے، لوگ بلند آواز میں یہ شعر پڑھتے ہیں: ؎

گنج بخش فیض عالم مظہر نور خدا
ناقصاں را پیر کامل کاملاں را رہنما

حضرت علی ہجویریؒ کے مزار شریف پر ہر جمعرات کو نماز ظہر اور نماز عصر کے دوران میں سماع ہال میں سماع کمیٹی کے زیر اہتمام ایک محفل سماع کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں حضرت علی ہجویریؒ سے عقیدت رکھنے والے قوال منقبت پیش کرتے ہیں۔ نماز عصر کے بعد جامع مسجد میں ختم خواجگاں پڑھا جاتا ہے، محفل ذکر کے بعد دعا مانگی جاتی ہے بعد از نماز مغرب محفل نعتؐ کا اہتمام کیا جاتا ہے نماز عشاء کے بعد ایک دوسری محفل نعت کا انعقاد ہوتا ہے جس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا جاتا ہے۔ آخر میں زائرین میں تبرک تقسیم کیا جاتا ہے اور معمول کے مطابق دربار شریف بند کر دیا جاتا ہے۔

ہر قمری ماہ کی پہلی جمعرات کو نماز عشاء کے بعد درگاہ حضرت علی ہجویریؒ پر محفل نعت کا خصوصی اہتمام کیا جاتا ہے یہ محفل نعت کی رسم چار سال قبل شروع ہوئی تھی، بلکہ اس کے ساتھ ایک نعتیہ

Marfat.com

مشاعرہ کا بھی بعض اوقات اہتمام کیا جاتا ہے۔

9 محرم الحرام کو منعقد ہونے والی تقریب غسل مزار شریف حضرت علی ہجویریؒ پر سب سے پہلے سورہ یٰسین کی تلاوت کر کے حضرت علی ہجویریؒ کے ایصال ثواب کے لئے ختم شریف پڑھا جاتا ہے اس کے بعد بالترتیب آپ کا شجرہ طریقت اور شجرہ نسب باآواز بلند پڑھا جاتا ہے، دعا مانگ کر غسل کا آغاز کیا جاتا ہے پہلے عام پانی سے مزار شریف کو دھو کر بعدازاں عرق گلاب سے تعویذ مبارک کو غسل دیا جاتا ہے، خصوصی کپڑوں سے خشک کر کے تمام استعمال شدہ عرق گلاب محفوظ کرلیا جاتا ہے جسے زائرین باعث شفاء سمجھ کر تبرک کے طور پر لے جاتے ہیں، لحد مبارک خشک کرنے کے بعد چولی مبارک چادریں اور غلاف مبارک دوبارہ چڑھا کر تازہ پھول رکھ دیئے جاتے ہیں اور آخر میں حسب معمول دعا ہوتی ہے۔

درگاہ حضرت علی ہجویریؒ پر سب سے بڑی سالانہ تقریب عرس کی ہوتی ہے۔ حضرت علی ہجویریؒ نے 19 صفر المظفر کو اس جہان فانی سے پردہ فرمایا۔ پہلے پہل 19 اور 20 صفر المظفر کو دو دن کے لئے عرس کی تقریبات ہوتی تھیں مگر اب یہ تقریبات باقاعدہ طور پر 18 صفر المظفر کو ہی شروع ہو جاتی ہیں اور پھر تین دن تک جاری رہتی ہیں۔ عرس کی ان تقریبات میں لاکھوں کی تعداد میں زائرین حاضری کے لئے دنیا بھر سے آتے ہیں اور دعا اور فاتحہ خوانی کرتے ہیں۔

عرس کے پہلے دن رسم چادر پوشی سے تقریبات کا آغاز ہوتا ہے اس کے لئے عموماً اعلیٰ ترین صوبائی شخصیت کو مدعو کیا جاتا ہے وزیراعلیٰ و گورنر پنجاب اس رسم میں شرکت کو اپنے لئے باعث سعادت سمجھتے ہیں۔ تلاوت کی جاتی ہے، نعت خوانی ہوتی ہے، ختم شریف کے بعد لحد مبارک پر تازہ پھول چڑھا کر اختتامی دعا کی جاتی ہے، اس کے بعد صوبائی شخصیت کو دودھ کی سبیل کے افتتاح کے لئے مدعو کیا جاتا ہے، پہلے روز عشاء کی نماز کے بعد خصوصی محفل نعت کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

دوسرا یوم جو 19 صفر المظفر کا بنتا ہے وہی دراصل حضرت علی ہجویریؒ کے وصال کا دن ہے اس نسبت سے نماز فجر کے بعد آپ کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی کی رسم ادا کی جاتی ہے جس میں بے شمار طلباء اور حفاظ شرکت کرتے ہیں۔ عرس کے دوسرے روز صبح آٹھ بجے تبلیغی و روحانی اجتماعات کی محافل کا آغاز ہو جاتا ہے جہاں ملک بھر کے جید علماء کرام اور روحانی اسکالر

Marfat.com

تصوف کے مختلف موضوعات پر خطاب کرتے ہیں، ان محافل کو پانچ اجلاس میں تقسیم کر دیا جاتا ہے پانچواں اجلاس محفل عشاء کے بعد شروع ہو کر رات 3 بجے ختم ہوتا ہے اس خصوصی محفل میں ختم شریف ''ختم الانبیاء''، ''ختم غوثیہ'' اور ''ختم خواجگان'' پڑھے جاتے ہیں۔ رات ڈھائی بجے خصوصی اجتماعی دعا ہوتی ہے محفل کے اختتام پر لنگر تقسیم کیا جاتا ہے محفل سماع کی رسم افتتاح عرس کے دوسرے روز صبح دس بجے سماع ہال میں ادا کی جاتی ہے اس کا آغاز حضرت امیر خسروؒ کے کلام سے کیا جاتا ہے پھر حضرت علی ہجویریؒ کی منقبت پیش کی جاتی ہے اس کے بعد رات دو بجے تک ملک بھر سے قوال اپنے جوہر دکھاتے ہیں، ریڈیو پاکستان یہ محفل سماع رات گیارہ بجے سے ایک بجے تک براہ راست نشر کرتا ہے۔

عرس کے تیسرے روز بھی روحانی و تبلیغی محافل کا انعقاد جاری رہتا ہے اسی طرح پانچ حصوں پر مشتمل یہ اجلاس رات ڈھائی تین بجے اختتام پذیر ہوتے ہیں۔ محفل سماع کی تقریب بھی عرس کے تیسرے روز صبح آٹھ بجے سے رات تین بجے تک جاری رہتی ہے۔ ان دو دنوں میں کم و بیش تین سو قوال قوالی پیش کرتے ہیں صبح نماز فجر سے پہلے خصوصی اختتامی قوالی میں حضرت امیر خسروؒ کا کلام ''رنگ'' کے نام سے پڑھا جاتا ہے۔

ارے او مائی کے دیوڑو سنیو ہمری بات
مورے خواجہ گھر رنگ ہے تم جگیو ساری رات

اس کے علاوہ شب برات، (15 شعبان المعظم) اور معراج النبی (27 رجب المرجب) اور 12- ربیع الاوّل کو خصوصی محافل کا انعقاد حضرت علی ہجویریؒ کی درگاہ پر کیا جاتا ہے جہاں ہزاروں لوگ ایک وقت میں جمع ہو کر ان روحانی محفلوں کو رونق بخشتے ہیں۔ درود و سلام اور اختتامی دعا ہوتی ہے اور زائرین میں لنگر تقسیم کیا جاتا ہے۔

آج اکیسویں صدی میں یہ درگاہیں سیاسی و سماجی، مذہبی و روحانی محافل اور تقاریب کے انعقاد کے اہم مراکز کی شکل میں اپنی اہمیت منوا چکی ہیں، انتظامی حسن اور ذمہ داری کے ساتھ تمام رسومات اور تقریبات کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنانے کے لئے سارا سال کوششیں جاری رہتی ہیں بلکہ اب تو بڑے درباروں کے علاوہ محلوں و چھوٹے شہروں کے عام درباروں پر بھی ایسی تقریبات

Marfat.com

اوررسومات کا آغاز ہو چکا ہے، ہر درگاہ کے ساتھ ایک بڑی جامع مسجد کی تعمیر لازم ہوتی جارہی ہے، جہاں جمعہ کے روز زائرین خصوصی طور پر نماز پڑھنے کے لئے اکٹھے ہوتے ہیں اور اجتماعی دعا میں شمولیت کو اپنے لئے باعث سعادت سمجھتے ہیں۔

## حوالہ جات

1- درگاہ پر وقوع پذیر ہونے والی سرگرمیوں کو مذہبی عقیدت مندی سے بالاتر ہو کر دیکھنے کا سہرا مستشرقین کے سر ہے اور آٹھویں دہائی میں اس کا آغاز ہوتا ہے۔

2- تذکرہ جات اور ملفوظات چشتی اور سہروردی صوفیاء کے متعلق ہی ملتے ہیں جو زیادہ تر ان کی وفات سے کئی صدیوں بعد تحریر کیے گئے، لہٰذا بہت کم قابل اعتبار ٹھہرتے ہیں۔

3- مغل بادشاہ اکبر نے درگاہ خواجہ معین الدین چشتی پر نذرانہ وزمین وقف کرتے ہوئے پہلی مرتبہ سرکاری سطح پر متولی تعینات کیا۔

❁❁❁❁❁

Marfat.com

# مزارات کا معاشی پہلو

کشف المحجوب میں حضرت علی ہجویریؒ نے حضرت ابوالحسن نوریؒ کے حوالے سے کیا خوب لکھا ہے۔(1)

''فقیر کی تعریف یہ ہے کہ نہ ہونے کے وقت خاموش رہے اور جب ہو تو سب کچھ خرچ کر دے اور یہ بھی فرمایا کہ موجودگی کے وقت مضطرب رہے۔''

یہ گیارہویں صدی کا زمانہ ہے جب کشف المحجوب تحریر کی گئی، فقر اور تمنا کے حوالے سے حضرت علی ہجویریؒ نے نہایت تفصیل سے تحریر کیا ہے۔ حضرت علی ہجویریؒ اپنی زندگی میں کچھ اس طرح اس کی عملی تفسیر بنے رہے کہ آپ کے بعد آنے والے صوفیاء نے بھی اس کو خوب مقدم جانا اور عملی طور پر اپنایا۔ ہندوستان میں چشتی سلسلہ کی بنیاد رکھنے والے خواجہ معین الدین چشتیؒ کے حوالے سے سیر الاولیاء کا مصنف لکھتا ہے۔ ''جس میں تین خصلتیں ہوں گی وہ اس حقیقت کو جان لے کہ خدائے تعالیٰ اس کو دوست رکھتا ہے اول سخاوت دریا کی طرح، دوسرے شفقت آفتاب کی طرح تیسرے تواضع زمین کی طرح۔''(2)

یہی وجہ ہے کہ صوفیاء خصوصاً چشتی شخصی ملکیت کے سخت خلاف رہے اگرچہ ان کی درگاہوں پر سلاطین وقت سے لے کر نہایت غربت میں زندگی گزارنے والوں سے یکساں سلوک کیا جاتا رہا۔ ان درگاہوں پر جو کچھ بھی نذر نیاز کے طور پر پیش کیا جاتا، اسے فوراً مستحقین میں تقسیم کر دیا بلکہ خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کے بقول اگر شام سورج کے غروب سے پہلے درگاہ پر پیش کیے جانے والے نذرانہ جات تقسیم نہیں کر دیئے جاتے اس کا مطلب یہ ہے کہ صوفی کو اللہ پر توکل نہیں ہے کہ کل طلوع ہونے والا سورج اس دن کی ضروریات کے لئے سب کچھ ساتھ لے کر آئے گا۔

شیخ نظام الدین اولیاءؒ کسی کو بھی اپنی زندگی میں اس وقت تک مریدی میں نہ لیتے جب تک

Marfat.com

وہ اپنی کل ملکیت بیچ کر تمام دولت غرباء و مساکین میں تقسیم کر دیتا۔ یہ ایک لازم شرط تھی جس پر آپ نے کبھی سمجھوتہ نہ کیا اور خود بھی اس پر عمل پیرا رہے ان برسوں میں صرف دو باتوں کی اجازت تھی ایک تو بغیر مانگی ہوئی امداد کو قبول کرنا اور دوسرا کاشت کاری کرنا، ملازمت کسی شکل میں بھی اس عہد کے صوفیاء کے لئے قابل قبول نہ تھی۔

تصوف اور دولت دراصل شروع سے ہی دو ایسے کنارے رہے ہیں جو ریل کی پٹریوں کی طرح باہم کبھی نہیں مل پائے۔ ایک اگر وصل حقیقی کی راہیں متعین کرتا ہے تو دوسرا دنیاوی آسائشوں کے حصول کی جانب دامن دل کھینچتا ہے لہٰذا صوفیاء نے فقر کو اپنایا، یہاں تک کہ فاقہ کشی سے جسم میں عبادت و ریاضت کے لئے بھی توانائی نہ رہتی۔ کئی کئی دنوں تک حلق سے نیچے کچھ نہ اترتا یہاں تک کہ پانی بھی حسب ضرورت پیتے، زائرین جو کچھ بھی بخوشی نذر کرتے سب کچھ غرباء، درویشوں اور مساکین میں فوراً تقسیم کر دیتے چشتیوں کے ہاں نہ تو ارتکاز دولت کی جانب دھیان دیا جاتا اور نہ ہی ضروریات زندگی پوری کرنے کے لئے اناج وغیرہ کی ذخیرہ اندوزی کی جاتی چشتی صوفیاء اس معاملے میں بہت واضح اور دوٹوک نظریات کے حامل تھے۔

مولانا حسام الدین ملتانی کو جب خواجہ نظام الدین اولیاء نے خلافت عطا کی (3) تو انہوں نے پیش کئے جانے والے نذرانہ جات کی بابت نصیحت چاہی۔ مولانا حسام الدین ملتانی نے فرمایا۔

''جب میرے پاس فتوحات (بغیر مانگے نذرانہ جات) آتی ہیں تو اس میں سے کچھ اپنے فرزندوں پر خرچ کرتا ہوں۔ اور کچھ مسافروں کے لئے رکھتا ہوں۔ اور کبھی ایسا وقت بھی آتا ہے کہ جب کئی کئی دن تک کچھ نہیں آتا اس وقت میرے بال بچے مجھے تنگ کرتے ہیں اور مسافر بھی محروم جاتے ہیں کیا میں ایسے موقع پر قرض لے سکتا ہوں۔

سلطان المشائخ نے فرمایا اگر تم قرض لو گے تو وہ دو حال سے خالی نہ ہوگا یا تو تم اپنے بال بچوں کے لئے لو گے یا مسافروں کے لئے، یہ مسافر بھی دو قسم کے ہیں یا تو یہ مسافر وہ ہوں گے جو دور دراز سے آتے ہیں یا اسی شہر کے لوگ ہوں گے جو تمہارے پاس روزانہ آتے جاتے رہتے ہیں۔ ان لوگوں کے لئے جو دور دراز سے آتے ہیں اگر کچھ قرض حاصل کر لو تو کوئی حرج نہیں اس کے لئے تم معذور سمجھے جاؤ گے۔ جو لوگ شہر سے آتے ہیں ان کے لئے تکلیف کی کوئی ضرورت نہیں۔ جو کچھ ہے سو ہے، رہا بال بچوں کا معاملہ، سو اگر تمہارے پاس فتوحات آئیں تو ..

Marfat.com

سے خرچ کرو، اگر کچھ نہ ہو تو قرض لے سکتے ہو، لیکن اگر اسی لین دین کے چکر میں رہو گے تو درویشی کے فرائض کب سرانجام دو گے درویش تو وہ ہوتا ہے کہ اگر اس کے پاس موجود ہو تو خرچ کرے ورنہ صبر کرے۔ اور نامرادی کے ساتھ بسر کرے۔''

اس حکایت سے خانقاہ کے نظام کو چلانے کے لئے مالی ذرائع کے حصول پر روشنی پڑتی ہے فتوح سے حاصل ہونے والی آمدن درویش کے بیوی بچوں پر خرچ کرنا جائز تھا اگر فتوح نہ آ رہی ہو تو وقتی طور پر قرض لے کر بھی گزارا کیا جاتا تھا اور جب فتوح آ جاتی تو لیا ہوا قرضہ واپس کر دیا جاتا اور یوں درگاہ کا معاشی نظام کامیابی سے چلتا رہتا۔

ابتدائی طور پر فتوح کا تصور بغداد اور خراسان میں متعارف ہوا اور جنوبی ایشیا میں پروان چڑھا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ صوفی اگر مسائل کو حل کرنے کے لئے ملازمت کرتا تو اسے چند قواعد و ضوابط کا پابند رہنا پڑتا اور اپنے کفیل کے سامنے ہاتھ پھیلانا پڑتے جبکہ تصوف کی بنیادی روح ہی یہ ہے کہ سوائے اللہ تعالیٰ کے، صوفی کسی کے سامنے اپنا سر نہ جھکائے۔ لہٰذا ماتحت ہونے اور سر جھکانے کے اس عمل نے صوفی کو مزدوری سے دور رکھا۔ اب اس کی دو صورتیں تھیں پہلی یہ کہ خیرات مانگی جائے اور دوسری فتوح کا انتظار کیا جائے۔ اس کے لئے صوفی کو اللہ تعالیٰ پر توکل کرنا پڑتا اور جب اللہ تعالیٰ کسی کو مدد کے لئے بھیج دیتا تو وہ اللہ کا شکر گزار ہوتا۔ اس ضرورت نے صوفیاء کے اندر نئی سوچ کو جنم دیا اور وہ یقین رکھتے تھے کہ امراء کی دولت پر اللہ تعالیٰ نے غرباء اور مساکین کے لئے حق رکھا ہے اور یوں اس مد معاش کو اپنا حق سمجھتے ہوئے وہ سوائے ذات خداوندی کے کسی کے زیر بار یا ممنون نہ ہوتے۔

فتوح فارسی زبان کا لفظ ہے عربی میں اس کے لئے تحفہ، نذر، عطا وغیرہ کے الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں۔ ابونصر السراج کی کتاب میں لفظ ''تحفہ'' فتوح کے معنوں میں استعمال ہوا ہے (4) اس کا مطلب یہ ہے کہ دسویں صدی کے اخیر تک صوفیاء کی معاشی امداد کے لئے فتوح یا تحفہ و نذر کا سلسلہ چل نکلا تھا۔ امام ابوالقشیری نے فتوح کے موضوع پر پانچ حکایات بیان کی ہیں (5) ان پانچ حکایات میں سے تین حکایات میں فتوح قبول کرنے کے بجائے لوٹا دی جاتی ہے ایک حکایت میں فتوح قبول کرنے پر سزا ملنے کا درس ملتا ہے جبکہ پانچویں حکایت میں فتوح کی تقسیم پر جھگڑا شروع ہو جاتا ہے۔

عوارف المعارف (6) میں ایک خانقاہ کی سماجی و مذہبی زندگی اور خانقاہ کے نظام کا فعال

Marfat.com

طریقے سے کام کرنے کے بارے میں کچھ رہنما اصول دیئے گئے ہیں کہ خانقاہ میں کیسے داخل ہونا ہے، کتنے دن قیام کرنا ہے اور اگر قیام تین دن سے زائد ہے تو خانقاہ پر بوجھ بننے کے بجائے کیا طریقہ کار اختیار کرنا ہے مگر وہاں فتوح کی تقسیم کے حوالے سے کچھ مذکور نہیں ہے اسی طرح سیر الاولیاء میں امیر خورد جس طرح بیان کرتے ہیں اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ چشتیوں کی خانقاہوں پر ہزاروں اور لاکھوں کی تعداد میں فتوح آتی تھی مگر اس اناج اور روپے کا کوئی باقاعدہ ریکارڈ نہ رکھا جاتا۔ نہ ہی وصولی اور خرچ کی کوئی رسید بنائی جاتی، نہ ہی کہیں اندراج کیا جاتا بلکہ فتوح کی مناسب تقسیم کا بھی کوئی معیار، پیمانہ یا اصول مقرر نہیں تھا۔

فوائد الفواد میں حضرت شیخ نظام الدین اولیاءؒ کے حوالے سے دو تین حکایات فتوح کے بارے میں ملتی ہیں وگرنہ اس سے زیادہ کہیں ذکر نہیں ہے اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ چشتی جماعت خانے میں فتوح کو ذخیرہ کرنے کا کوئی رواج نہ تھا جو کچھ حاصل ہوتا اسے شام تک تقسیم کر دیا جاتا۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کے جماعت خانے میں ہر جمعہ کے روز موجود تمام اناج روپیہ مستحقین میں تقسیم کر دیا جاتا اور آنے والے دنوں کے لئے ذخیرہ اندوزی نہ کی جاتی۔ پاک پتن میں حضرت فرید الدین گنج شکرؒ کا 1265ء میں وصال ہوا تو آپ کے گھر میں کئی دن سے فاقہ چل رہا تھا، آپ کی متاع ایک چادر تھی جس سے آدھا جسم ڈھانپا جا سکتا تھا۔ آپ کے کفن کے لئے امیر خورد کی دادی نے سفید چادر پیش کی (7) جبکہ آپ کی قبر کے لئے اینٹیں گھر کی دہلیز سے اکھاڑ کر استعمال کی گئیں (8) زندگی میں ایک مرید نے آپ کے گھر کو پختہ اینٹوں سے تعمیر کرنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا مگر آپ نے سختی سے منع فرما دیا۔ ان باتوں سے چشتیوں کے معاشی و مالی حالات کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے مگر اس کے برعکس سہروردیوں کی معاشی حالت مقابلتاً بہت بہتر تھی۔

چشتی سلسلے کے صوفیاء جس قدر حکمرانوں اور مال و دولت دنیا سے دور بھاگتے تھے سہروردی اتنا ہی خوش دلی سے فتوح قبول کرتے تھے، فتوح میں چشتی زمین کا تحفہ قبول نہ کرتے تھے مگر سہروردیوں نے سینکڑوں ایکڑ اراضی فتوح میں حاکم وقت سے قبول کی۔ وہ عوام الناس میں گھلنے ملنے کو بھی زیادہ پسندیدہ نہ سمجھتے بلکہ ان سے ملنے کے لئے مریدوں کو شاہی دربار کی طرح باقاعدہ اجازت نامہ لینا پڑتا۔ سہروردی سلسلے کے بانی حضرت بہاء الحق ذکریا ملتانی نے جب انتقال

Marfat.com

تو اپنے پیچھے ہر بیٹے کے لئے سات لاکھ تنکے (چاندی کا سکہ) ترکے میں چھوڑے جبکہ ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی درگاہ کے نام وقف تھی جسے آٹھویں دہائی میں ذوالفقار علی بھٹو نے اشتمال اراضی کے دوران ہاریوں کو اس زمین کے مالکانہ حقوق دے دیئے۔

چشتی صوفیاء نے فتوح کے حوالے سے کچھ اصول بنا رکھے تھے جن کو انہوں نے آخر دم تک اپنائے رکھا۔ اور اپنے خلفاء کو بھی مسلسل اس کی ترغیب دیتے رہے کہ:

1- فتوح جیسے ہی ملے اسے فوراً تقسیم کر دینا چاہئے۔

2- دہلی میں خواجہ نظام الدین اولیاء ے جماعت خانہ میں جو کچھ موجود ہوتا بروز جمعہ اسے تقسیم کر دیا جاتا اور بچا کے کچھ نہ رکھا جاتا۔

3- شیخ نظام الدین اولیاء کا قول تھا ''سینکڑوں میں قبول کرو اور ایک ایک کر کے تقسیم کرو۔''

فتوح کی تقسیم کے لئے چشتیوں نے یہ طریقہ کار اپنائے رکھا کہ انفرادی ضرورت مندوں میں فتوح تقسیم کر دیتے۔ بھوکوں کو کھانے کے لئے مہیا کرتے اور جماعت خانے میں ہر وقت لنگر موجود رہتا۔ جو صوفیاء بھیک نہ مانگتے تھے اور یاد الٰہی سے فرصت نہ ملتی کہ مزدوری کر سکیں ان کے لئے واحد راستہ فتوح تھا اس سلسلے میں مولانا برہان الدین غریب نے نہایت سخت لہجہ اختیار کیا ہے اور کہا ہے ''صرف وہی شخص فتوح قبول کرنے کا حق رکھتا ہے جس کے بازو اور پاؤں نہ ہوں یا جس نے خود کو ایسا بنا لیا ہو یعنی وہ کوئی کام نہ کرتا ہو۔''

ملفوظات میں فتوح کے قبول کرنے یا فتوح کن لوگوں سے قبول کرنا چاہئے، اس کے بارے میں ہمیں کہیں بھی تفصیلی ذکر نہیں ملتا جیسے صوفیاء کی زندگی میں فتوح کوئی ایسا بڑا مسئلہ نہ رہا ہو۔ بس یہی معلوم ہوتا ہے کہ فتوح آ جاتی تو تقسیم ہو جاتی اور اگر نہ آتی تو فاقہ کشی اور صبر و استقامت سے کام لیا جاتا۔ خیر المجالس میں شیخ نصیر الدین چراغ دہلیؒ کے تیس سالہ قیام میں فتوح کے حوالے سے کہیں کچھ ذکر نہیں ملتا۔ اس کے قوانین وضوابط اور معیاروں کے بارے میں بحث نہیں ملتی اور نہ ہی عوارف المعارف یا پھر شیخ شرف الدین منیری کے خطوط میں اس موضوع پر کوئی سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ فوائد الفواد میں جب شیخ نظام الدین اولیاء سے فتوح کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے تو آپ کہتے ہیں۔ فتوح کو قبول کر لینا چاہئے اور اس ضمن میں ایک حدیث بھی بیان کی گئی ہے کہ ''اگر کوئی آپ کو بغیر مانگے کچھ دے دے تو اسے قبول کر لینا چاہئے، استعمال کر لینا چاہئے اور بقایا کسی

Marfat.com

دوسرے کو دے دینا چاہئے۔'' کچھ صوفیاء کے نزدیک رقم کی صورت میں فتوح جائز نہیں ہے، اب اگلا سوال یہ ہے کہ فتوح کن لوگوں سے قبول کرنا چاہئے۔ اس حوالے سے بھی ہمیں ملفوظات یا مکتوبات میں کہیں کوئی رہنمائی نہیں ملتی۔

جب تک صوفیاء زندہ رہے ان کی خانقاہوں کا نظام چلتا رہا، جماعت خانے آباد رہے، لنگر سے مسافروں اور غرباء کو کھانا ملتا رہا۔ مگر ان کی وفات کے بعد ان کے لواحقین نے ان کی تعلیمات کو یکسر فراموش کر دیا۔ یہ آستانے جو فقر و استغنا کے مراکز تھے، اب محض دولت سمیٹنے کے ذرائع بن کر رہ گئے۔ حضرت فریدالدین گنج شکرؒ کی وفات کے بعد آپ کو دفن کرنے کے لئے جب نواحی قبرستان میں لے کر گئے تو آپ کے بڑے بیٹے شیخ نظام الدین نے تمام اہل خانہ کو اس بات پر قائل کر لیا کہ اگر شیخ فریدالدین گنج شکرؒ کو باہر قبرستان میں دفن کر دیا تو فاتحہ کے لئے آنے والے باہر سے ہی چلے جائیں گے۔ ایسے حالات میں اہل خانہ کی خبر گیری کون کرے گا(9) لہٰذا فیصلہ یہ ہوا کہ آپ کو اپنے حجرے میں ہی دفن کر دیا جائے اور پھر ایسا ہی ہوا۔ جس روز فریدالدین گنج شکرؒ کو ان کے حجرے میں دفن کیا گیا تو دراصل اس بات کی بنیاد رکھ دی گئی کہ درگاہیں اب ذریعہ آمدن ہیں۔ پروفیسر محمد حبیب نے بجا طور پر لکھا ہے (10) ''دور مغلیہ اور اس کے بعد صوفیاء کے مراکز کا طرۂ امتیاز فقر کے بجائے اوقاف ہو گئے اور ان اوقاف کی ضامن حکومت وقت تھی۔'' جب تک صوفیاء زندہ رہے، وہ قرآن و حدیث اور سنت کے مطابق زندگی بسر کرتے رہے اور اپنے خلفاء اور عقیدت مندوں کو بھی عمل پیرا ہونے کی تلقین کرتے رہے، ذرا سی کہیں بھول ہو جاتی تو فوراً خود بھی معافی کے خواستگار ہوتے اور اپنے مریدوں کی رہنمائی بھی کرتے رہے۔

سیرالاولیاء میں حضرت فریدالدین گنج شکرؒ کی زندگی کے آخری لمحات کے بارے میں نہایت تفصیل سے لکھا ہے کہ آپ نے یکے بعد دیگرے تین بار آنکھیں کھولیں اور پوچھا کیا میں نے عشاء کی نماز پڑھ لی ہے، ہر بار اثبات میں جواب ملتا مگر آپ پھر عشاء کی نماز پڑھنے لگتے اور یوں تین بار آپ نے آخری لمحات میں نماز عشاء ادا کی۔ فاقہ کشی کا یہ عالم تھا کہ ہر بار نماز کے بعد بے ہوش ہو جاتے۔ جس وقت آپ آخری سانس لے رہے تھے۔ آپ کی زبان پر ''یاحی و یاقیوم'' کا ورد جاری تھا۔ کچھ دہائیوں تک تو معاملات چلتے رہے مگر اس کے بعد صوفیاء اور ان کے لواحقین کی زیادہ تر توجہ خانقاہوں سے حاصل ہونے والی آمدن اور بادشاہوں کی وقف کردہ زمینوں سے متعلق ہو گئی۔

Marfat.com

صوفیاء نے اپنی زندگیوں میں تو سلاطین وقت سے نذر نیاز یا مدد معاش کچھ ایسے خوشگوار انداز میں قبول نہ کی بلکہ اس سے دور ہی بھاگتے رہے مگر ان صوفیاء کے وصال کے بعد جب بادشاہ مزارات پر حاضری کے لئے آئے تو پہلے پہل مزارات کی تعمیر نو و مرمت کے لئے مالی امداد کا سلسلہ شروع کیا۔ عرس کے موقع پر خصوصی طور پر لنگر پکانے کے لئے بادشاہ کی خصوصی معاونت رہی، رات کے وقت درگاہ میں روشنی کے لئے دیے جلائے جاتے تھے، تیل کے لئے بادشاہ شاہی خزانے سے رقم مختص کر دیتا، اناج کی بوریاں لنگر کے لئے بھجوا دیتا اور جب اس کی کوئی دلی مراد بر آتی تو نوازشات اور سخاوت کے دروازے کھول دیئے جاتے، درگاہ کے خدّاموں اور گدّی نشینوں کے لئے بھی مدد معاش کے طور پر کچھ نہ کچھ مقرر کر دیا جاتا۔

عہد مغلیہ میں سب سے زیادہ نذرانہ جات خواجہ معین الدین چشتیؒ کی درگاہ پر مغل بادشاہوں نے پیش کئے (11)۔ 1567ء میں اکبر نے اپنے زیر تصرف 18 گاؤں سے ملنے والا محصول خواجہ معین الدین چشتیؒ کے مزار کے لئے مختص کر دیا۔ اس کے بعد نمک کی فروخت سے حاصل ہونے والی آمدن میں سے ایک فیصد درگاہ شریف پر لنگر کے اخراجات کے لئے وقف کر دیا گیا۔ 75-1574ء کی ایک دستاویز کے شواہد کے مطابق اکبر بادشاہ نے درگاہ خواجہ معین الدین چشتیؒ پر جلنے والے لیمپ کے لئے ایک من سالانہ کے حساب سے تیل بھی نذر کیا۔ شاہ جہان کے شاہی فرمان کے مطابق وہ تمام زمین جو خدّام کاشتکاری کے لئے بادشاہ کی جانب سے استعمال کرتے تھے، مرنے کے بعد وہ تمام زمین لواحقین کو دینے کے احکامات جاری ہوئے، اس سے قبل اکبر کے زمانے میں زمین پر کاشت کرنے والا اگر مر جاتا تو لواحقین کے حصے میں صرف آدھی زمین آتی تھی یہ سہولت صرف خواجہ معین الدین چشتیؒ کے خدّام کے لئے تھی۔ 1637 کے فرمان کے مطابق شاجہان نے اپنے زیر تصرف سترہ گاؤں کی زمین سے حاصل ہونے والی سالانہ آمدن -/15723 روپے اور -/10,057 روپے نقد درگاہ اجمیر شریف کے لئے وقف کر دی تاکہ سالانہ عرس کے موقع پر لنگر، روشنی، مصلے، پھول وغیرہ خریدے جا سکیں اور موذن، امام، قاری اور خدّام کو تنخواہ کی ادائیگی کی جا سکے۔ 1717ء میں فرخ سیر نے دو اور گاؤں کی آمدن بھی درگاہ اجمیر شریف کے لئے وقف کر دی جس سے درگاہ کی آمدن میں -/3984 روپے کا اضافہ ہوا۔

یہ تمام رقم گدی نشین اپنی ذاتی ضرورتوں کے لئے استعمال کرنے لگ گئے تو اس کے بعد

Marfat.com

نذرانہ دینے والوں نے واضح ہدایات دینا شروع کر دیں کہ فلاں اخراجات کی مد میں اتنی اور فلاں اخراجات کی مد میں اتنی رقم خرچ کی جائے۔ انگریزی عہد حکومت میں 1893ء میں نظام آف حیدرآباد نے سرکاری خزانے میں -/12000 روپے سالانہ کے حساب سے جمع کروانا شروع کیا تو واضح ہدایات جاری کیں کہ اس میں سے ایک حصہ متولی کو لنگر کے اخراجات کے لئے دیا جائے تاکہ دیگر ضروریات خوشبویات عطریات صندل وغیرہ پر خرچ کیا جا سکے۔ ایک حصہ دیوان کی ضروریات کے لئے مختص کیا جبکہ تیسرا حصہ خدام کو ان کی ضروریات کے لئے دینے کے احکامات جاری کئے گئے۔ علاوہ ازیں نظام آف حیدرآباد نے مدرسے کے لئے -/1200 روپے ماہانہ اور نقارخانے کے لئے -/600 روپے ماہانہ اخراجات کے لئے مقرر کئے۔

1948ء میں نظام آف حیدرآباد نے ایک ٹرسٹ بھی قائم کیا جس سے حاصل ہونے والی تمام آمدن درگاہ اجمیر شریف کو جاتی تھی۔ 1949ء میں دیوان نے مزار حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے احاطے میں جمع ہونے والے تمام نذرانہ جات کا ٹھیکہ سالانہ بنیاد پر خدام کے حوالے کر دیا اور اس کے لئے خدام سے ایک ہزار روپے سالانہ کی ادائیگی مقرر کی گئی۔

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ درگاہوں سے حاصل ہونے والی آمدن میں جہاں اضافہ ہوتا گیا وہاں اس آمدن کے حصہ داروں میں بھی اضافہ ہوتا گیا اور ان کے لئے حصہ طے کرنے کے لئے بعض اوقات معاملات اس قدر پیچیدہ اور خطرناک نوعیت اختیار کر گئے کہ انصاف کے لئے شاہی فرمان بھی جاری کئے گئے۔ 1584ء کے شاہی فرمان کے مطابق حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کی درگاہ سے حاصل ہونے والی کل آمدن کو ساڑھے پانچ حصوں میں تقسیم کر دیا گیا جس میں سے علیم عبدالکریم اور اس کے بھائیوں کے لئے ڈیڑھ حصہ، شیخ ہاشم کے لئے آدھا حصہ، شیخ ابراہیم اور اس کے خاندان کے لئے ایک حصہ، شیخ قطبان اور ایک دوسرے دیوان کے لئے ایک ایک حصہ اور شیخ منصور کے لئے نصف حصہ مقرر کیا گیا۔ بعد ازاں دوبارہ جب پیچیدگی پیدا ہوئی تو جہانگیر نے 1619ء میں کل آمدن کو ساڑھے چھ حصوں میں تقسیم کر دیا۔

عہد مغلیہ کے بعد جب برطانوی دور میں عدالتیں مقرر کی گئیں تو حقدار اپنا حق وصول کرنے کے لئے عدالتوں سے رجوع کرنے لگے۔ لہٰذا 1929ء کے ایک عدالتی فیصلے کے مطابق سجادہ نشین علی رسول خان درگاہ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ سے حاصل ہونے والی تمام آمدن

Marfat.com

گیا۔ 1931ء میں عدالت نے فیصلہ دیا۔ ''درگاہ شریف سے حاصل ہونے والے تمام سونا چاندی کپڑے زیورات کے آدھے حصے کا حق دار ہوگا۔ درگاہ شریف پر چڑھائے گئے تمام جانوروں کا آدھا حصہ دیوان کے لئے ہوگا۔ تاہم دربار شریف سے باہر اور خانقاہ کی حدود کے اندر دیئے جانے والے نذرانہ جات پر اس کا کوئی حق نہ ہوگا۔ یہ فیصلہ دونوں کے لئے قابل قبول نہ تھا لہٰذا اس کے خلاف عدالت میں اپیل کی گئی اور فیصلہ ہوا کہ غلّہ سے حاصل ہونے والی تمام آمدن درگاہ کمیٹی کی ملکیت ہوگی۔ دربار شریف سے باہر تمام نذرانہ جات پر خدّام کا حق ہوگا۔ اور درگاہ شریف کے اندر پیش کئے جانے والے تمام نذرانہ جات خدّام اور سجادہ نشین میں برابر تقسیم کردیئے جائیں گے۔

تحقیقات چشتی (1864ء) کے مصنف نے دربار شریف حضرت بی بی پاک دامناں لاہور اور درگاہ حضرت علی ہجویریؒ سے حاصل ہونے والی آمدن و نذرانہ جات کی تقسیم کا طریقہ کار نہایت تفصیل سے بیان کیا ہے۔ نور احمد چشتی دربار حضرت بی بی پاک دامناں کے بارے میں لکھتے ہیں (12) کہ یہاں پر پہلے چار مجاور تھے جن میں سے ایک لاوارث فوت ہوگیا۔ آج کل تین مجاور ہیں عظیم شاہ، اللہ دین اور محمد بخش۔ چوتھا وارث جو لاوارث فوت ہوا اس کا حصہ عظیم شاہ اور اللہ دین نصفا نصفی لیتے ہیں۔ سال بھر میں کل اڑتالیس جمعرات آتی ہیں ان میں سے ساڑھے انیس جمعرات کی آمدن اللہ دین لیتا ہے اور ساڑھے انیس جمعرات کی آمدن عظیم شاہ وصول کرتا ہے، بقیہ نو جمعراتوں کی آمدن محمد بخش کو ملتی ہیں۔ اسی طرح ہر مہینے میں سے بارہ دن عظیم شاہ، بارہ دن اللہ دین اور چھ دن محمد بخش چڑھت آمدن لیتا ہے۔ اس طرح قبرستان میں جو میّت دفن ہونے کے واسطے آتی ہے، اس سے ملنے والی آمدن بھی تقسیم ہوتی ہے مثلاً اگر ایک روپیہ ملے تو پانچ آنہ حق گورکنی ہے جبکہ گیارہ آنہ سجادگان میں درج بالا نسبت سے بانٹ لیا جاتا ہے تاہم عرس کے روز خرچ و چڑھت مشترک رہتی ہے۔

حضرت بی بی پاک دامناں کے مجاورین نے درگاہ سے حاصل ہونے والی آمدن کی تقسیم دنوں کے حساب سے کر رکھی ہے۔ اب ان دنوں میں جس کی قسمت میں جو کچھ ہوتا ہے مل جاتا ہے۔ یہ تقسیم 1967ء تک چلتی رہی اس کے بعد اوقاف ڈیپارٹمنٹ نے دربار حضرت بی بی پاک دامناں کو اپنے انتظامی کنٹرول میں لے لیا اور یوں یہاں سے حاصل ہونے والی تمام آمدن سنٹرل اوقاف فنڈ میں جانے لگی۔

1960ء سے درگاہ حضرت علی ہجویریؒ بھی محکمہ اوقاف کے انتظامی کنٹرول میں ہے اور یہاں سے حاصل ہونے والی تمام آمدن محکمہ اوقاف کے سنٹرل اوقاف فنڈ میں جاتی ہے۔ اس سے قبل درگاہ سے حاصل ہونے والی آمدن مجاورین میں تقسیم ہوتی تھی، یہ مجاور حضرت علی ہجویریؒ کے اولین مجاور شیخ ہندی کی اولاد میں سے ہیں جو پہلے رائے راجو کے نام سے پنجاب کا نائب حاکم تھا، مسلمان ہو کر مرید ہو گیا۔ ان کے ہاں بارہ پشتوں تک ایک ہی بیٹا پیدا ہوتا رہا۔ تب تک آمدن کی تقسیم کا کوئی مسئلہ نہ پیدا ہوا۔

اکبر کے عہد میں شیخ لطف اللہ مجاور تھا اس کے بعد ان کی اولاد میں اضافہ ہونے لگا۔ تحقیقات چشتی کے مصنف نور احمد چشتی کے مطابق، درگاہ سے حاصل ہونے والی تمام آمدن مجاورین میں برابر تقسیم ہوتی رہی (13)۔ یعنی جب بھی کوئی لڑکا یا لڑکی پیدا ہوتا تو اس کا حصہ جاری ہو جاتا اور جب بھی کوئی مر جاتا تو اس کا حصہ درگاہ حضرت علی ہجویریؒ سے حاصل ہونے والی آمدن میں سے بند ہو جاتا۔ اسی طرح اگر مجاورین میں کوئی غیر حاضر ہو جاتا یا کسی دوسرے ملک چلا جاتا تب بھی اس کا حصہ بند ہو جاتا اور جب وہ واپس آتا تو اس کا حصہ آمدن میں سے جاری ہو جاتا، یہ دستور کئی صدیوں تک مجاورین کے درمیان جاری رہا۔ یہاں تک کہ 1960ء میں محکمہ اوقاف نے درگاہ علی ہجویریؒ کو اپنے انتظامی کنٹرول میں لے لیا اب ان مجاورین کو یہاں سے حاصل ہونے والی آمدن میں سے کچھ بھی نہیں ملتا۔ اوقاف سے قبل حضرت علی ہجویریؒ کی درگاہ کے احاطے میں ان مجاورین کی نشست گاہیں تھیں جہاں یہ کپڑا بچھا کر بیٹھ جاتے اور اگر کوئی ارادت مند ان کو علیحدہ چڑھاوا کچھ دے جاتا تو یہ تمام ان کا اپنا حصہ ہوتا اور دوسرے کی اس میں شمولیت نہ ہوتی اور جو چڑھاوا خانقاہ معلٰی پر ہوتا اس میں سب برابر کے حصہ دار ہوتے۔

وہ مزارات جہاں آمدن زیادہ تھی، وہاں وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ گدی نشینوں کی اولادوں میں اضافہ کے سبب حصہ داروں میں اضافہ ہوتا گیا اور یوں فی کس آمدن کی شرح کم ہوتی گئی اس آمدن کی شرح کو بڑھانے کے لئے بیسویں صدی کے نصف تک گدی نشین و متولی مختلف طریقہ کار اختیار کرتے رہے۔ درگاہ شریف پر حاضری دینے والوں کو بڑھ چڑھ کر شیخ کی کرامات بیان کرتے رہے کہ کن کن موقعوں پر کن لوگوں کی شیخ نے کس طرح مدد کی، ان مصدقہ یا غیر مصدقہ کرامات کے سبب زائرین کے دلوں میں اپنے مسائل کے حل اور امیدوں کے بر لانے

Marfat.com

کی ایک امید سی پیدا ہو جاتی اور یوں زائرین اس امید کی ڈور سے بندھے بار بار درگاہ شریف کی جانب کھنچے چلے آتے۔ جب بھی درگاہ پر حاضری کے لئے آتے حسب استطاعت درگاہ شریف کے لئے کچھ نہ کچھ نذرانہ جات و نقدی کی صورت میں ضرور لے کر آتے۔ گدی نشینوں نے اس مقصد کے لئے مزار شریف کے اردگرد نشست گاہیں بنا رکھی تھیں جہاں وہ باقاعدگی سے بیٹھتے اور زائرین کو فیوض و برکات سے نوازتے۔

وہ درگاہ جہاں زائرین کی تعداد قدرے کم ہوتی، اس درگاہ سے کسی ایسے بڑے شیخ کی نسبت پیدا کر لی جاتی تاکہ لوگ اس نسبت سے کم آباد درگاہ پر بھی حاضری اور نذرانہ جات کے لئے تشریف لائیں اور یوں اس طرح زائرین کا رخ موڑنے کا یہ ایک موثر طریقہ ثابت ہوتا۔

پاکستان بننے سے پہلے دہلی مغل بادشاہوں کی توجہ کا خاص مرکز رہا، ہندوستان کے سب سے مقبول صوفی سلسلے چشتیہ کے بانی خواجہ معین الدین چشتیؒ اجمیر شریف میں دفن ہیں جہاں مغل بادشاہوں کی عنایات کے دروازے ہمیشہ کھلے رہے۔ خواجہ معین الدین چشتیؒ کو جب ہندوستان جانے کا حکم ملا تو وہ لاہور اور ملتان سے ہوتے ہوئے اجمیر شریف پہنچے۔ فوائد الفواد میں مذکور ہے کہ آپ کی ملاقات لاہور میں شیخ حسین زنجانیؒ سے ہوئی جبکہ حضرت علی ہجویریؒ کی درگاہ پر حاضری اور چلہ کشی کا فوائد الفواد، سیر الاولیاء اور اخبار الاخیار میں کہیں بھی مذکور نہیں ہے حتیٰ کہ سولھویں صدی میں تحریر کی جانے والی سفینۃ الاولیاء میں بھی دارا شکوہ نے حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے درگاہ حضرت علی ہجویریؒ پر چلہ کشی کے بارے میں کہیں تحریر نہیں کیا اور نہ ہی کوئی حوالہ دیا۔ یہاں تک وہ لکھتا ہے (14) کہ ''آپ کی قبر اپنی مسجد کے موافق سمت میں ہے۔'' چشتی سلسلہ سے وابستہ صوفیاء کے ملفوظات پر مبنی ایک درجن سے زائد کتب موجود ہیں مگر کہیں بھی گفتگو کے دوران خواجہ معین الدین چشتیؒ، شیخ فریدالدینؒ، شیخ قطب الدین بختیار کاکیؒ، شیخ نظام الدین اولیاءؒ، نصیرالدین چراغ دہلیؒ، امیر خسروؒ، غرض کوئی بھی شیخ اس جانب اشارہ نہیں کرتا کہ خواجہ معین الدین چشتیؒ نے مزار حضرت علی ہجویریؒ پر چلہ کشی کی، حالانکہ ان ملفوظات اور تذکرہ جات میں دل کھول کر دیگر سینکڑوں صوفیاء کا ذکر اور ان کی باتیں پڑھنے کو مل جاتی ہیں۔ خواجہ معین الدین چشتیؒ کے مزار حضرت علی ہجویریؒ پر چلہ کشی کا پہلا حوالہ 1864ء میں تحریر کی جانے والی کتاب تحقیقات چشتی نور احمد چشتی لکھتے ہیں (15):

Marfat.com

''سن پانسو ہجری میں حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ ان حضرت (علی ہجویریؒ) کی مزار پر آئے اور چلّہ ادا کیا، چنانچہ حضرت کے مزار کے جنوب دیدا اندرون چار دیواری مکان چلّہ اب تک موجود ہے۔''

خواجہ معین الدین چشتیؒ کا سال ولادت 537ھ ہے لہٰذا 500ھ میں خواجہ معین الدین چشتیؒ کا حضرت علی ہجویریؒ کے مزار پر آنا ویسے ہی قابل یقین نہیں ہے۔

نور احمد چشتی مزید لکھتے ہیں (16): ''علی مخدوم ہجویریؒ سید حسنی ہیں اور نسب شریف کی اس طرح سے زبانی مجاورین کے ظاہر ہوئی۔''

اس سے ایک بات پورے وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ خواجہ معین الدین چشتیؒ کی چلّہ کشی کے بارے میں نور احمد چشتی کو کسی تاریخی حوالے سے نہیں بلکہ مجاورین کی زبانی معلوم ہوا اور انہوں نے جو کہا نور احمد چشتی نے بغیر تحقیق و تصدیق کئے لکھ دیا۔ دارا شکوہ نے 40-1639ء میں ''سفینۃ الاولیاء'' تالیف کی جس میں حضرت علی ہجویریؒ کے مزار شریف پر خواجہ معین الدین چشتیؒ کی چلّہ کشی کا کہیں مذکور نہیں ہے جبکہ بابا فرید الدین گنج شکرؒ کے چلّہ معکوس کا تذکرہ ہمیں چشتی صوفیاء کے کئی ملفوظات میں مل جاتا ہے۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ درگاہ علی ہجویریؒ پر خواجہ معین الدین چشتیؒ کی چلّہ کشی کی کہانی کا نقطہ آغاز 1639 تا 1864 کے درمیانی سالوں میں کہیں پنہاں ہے۔

ہمارا سوال یہ ہے کہ درگاہ علی ہجویریؒ پر خواجہ معین الدین چشتیؒ کی چلّہ کشی اور چلّہ گاہ کی اختراع کی ضرورت گدی نشینوں کو کیوں پیش آئی، جواب میں ایک ہی واضح دلیل نظر آتی ہے کہ عہد مغلیہ میں درگاہ اجمیر شریف پر مغل بادشاہوں کی نوازشات کے ڈھیر لگے ہوئے تھے لہٰذا حضرت علی ہجویریؒ کی درگاہ پر ان کی چلّہ کشی کی کہانی دراصل زائرین اور ان کے نذرانہ جات کا رخ اس جانب موڑنے کی ایک کاوش نظر آتی ہے۔ اس برس (2006ء) 6 رجب المرجب کو حضرت علی ہجویریؒ کے مزار شریف پر واقع چلّہ گاہ خواجہ معین الدین چشتیؒ کی نہ صرف غسل کی رسم ادا کی گئی ہے بلکہ گذشتہ دو تین سالوں سے نہایت تزک و احتشام سے خواجہ معین الدین چشتیؒ کا عرس سرکاری سطح پر یہاں بھی اجمیر شریف کے متوازی منایا جاتا ہے۔

بالکل انہی بنیادوں پر حضرت عزیز الدین پیر مکّی کے گدی نشینوں نے یہ بات مشہور کر رکھی ہے کہ حضرت عزیز الدین پیر مکّی حضرت علی ہجویریؒ کے مرشد تھے اور آپ کا حکم ہے کہ

Marfat.com

میری درگاہ پر آنے سے قبل میرے مرشد کی قبر پر حاضری ضروری ہے۔ اور ایسی ہی ایک صورت ہمیں حضرت بی بی پاک دامناں کے مزار پر نظر آتی ہے جہاں مشرقی دیوار پر سنگ مرمر کی ایک سِل کے اوپر یہ لکھا ہوا ہے۔ ''یہ وہ مقام ہے جہاں حضرت علی ہجویریؒ حاضری کے لئے آیا کرتے تھے۔''

ایسا ہی معاملہ درگاہ حضرت سلطان باہوؒ سے منسوب ہے کہ جہاں یہ مشہور کر دیا گیا ہے کہ حضرت سلطان باہوؒ کا حکم ہے کہ میرے مزار پر حاضری سے قبل میرے مائی باپ کے مزار پر حاضری دی جائے، حالانکہ حضرت سلطان باہوؒ کے والدین کے مزارات مبینہ طور پر ملتان میں ہیں، حقیقی صورتحال یہ ہے کہ دو تین پشت پیچھے گدی نشینوں میں درگاہ سے منسوب جائیداد و ذرائع آمدن کی تقسیم ہوئی تو یہ درگاہ حضرت سلطان باہوؒ ایک بھائی کو مل گئی جبکہ مائی باپ کے مزارات و ان سے منسلک سینکڑوں ایکڑ زمین دوسرے بھائی کو مل گئی۔

ان سب کہانیوں کے پیچھے دراصل معیشت کی کہانی چھپی ہوئی ہے یہ ساری کہانیاں زائرین کو اپنی جانب متوجہ کرنے اور بلانے کے طریقہ کار ہیں، زیادہ زائرین کی حاضری کا مطلب زیادہ آمدن ہے، زیادہ نذرانہ جات ہے اور یہی مطمع نظر ہوتا ہے ان تمام گدی نشینوں کا جو یہ کہانیاں پھیلاتے ہیں۔

1960ء سے پنجاب میں تمام اہم مزارات محکمہ اوقاف کے انتظامی کنٹرول میں ہیں۔ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب کو اختیار حاصل ہے کہ وہ بغیر وجہ بتائے کسی بھی وقف دربار کو محض ایک نوٹیفکیشن جاری کر کے اپنے انتظامی کنٹرول میں لاسکتا ہے۔ ان احکامات کو کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکتا۔ اوقاف میں جن مدات میں آمدن حاصل کی جاتی ہے ان میں 55 فیصد کے قریب کیش بکس سے حاصل ہونے والی آمدن ہے جبکہ 44 فیصد کے قریب زرعی اراضیات حفاظت پاپوش اور گل فروشی کے سالانہ ٹھیکے سے آمدن حاصل کی جاتی ہے۔ وقف زمینوں پر تعمیر کی جانے والی شہری عمارات سے بھی کرائے کی مد میں آمدنی حاصل کی جاتی ہے۔ اوقاف ڈیپارٹمنٹ کا سالانہ بجٹ بنتا ہے، سالانہ آڈٹ ہوتا ہے، سالانہ بجٹ میں آمدن کا ایک کثیر حصہ مزارات کی تعمیر نو اور مرمت پر خرچ کیا جاتا ہے۔

محکمہ اوقاف پنجاب نے کیش بکس میں اکٹھی ہونے والی آمدن کو بحفاظت سنٹرل اوقاف

فنڈ میں پہنچانے کے لئے ٹھوس بنیادوں پر چند اقدام کر رکھے ہیں۔ مختلف مزارات پر رکھے ہوئے کیش بکسز کی کشادگی کے لئے پورے سال کا ایک مطبوعہ پروگرام تشکیل دیا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ پہلے سے آگاہ ہوتی ہے۔ اہم مزارات پر کشادگی کے لئے منیجر/ایڈمنسٹریٹر، خطیب اور بینک آفیسر پر مشتمل تین رکنی کمیٹی بنائی گئی ہے۔ ہر کیش بکس پر تالہ لگا ہوتا ہے جس پر سرکاری سیل لگائی جاتی ہے۔ جمعہ کے روز کہیں بھی کیش بکس کی کشادگی نہیں کی جاتی صرف حضرت علی ہجویریؒ لاہور کے مزار پر 39 کیش بکس رکھے گئے ہیں اور ہفتے میں تین دن کیش بکس کی کشادگی کی جاتی ہے، عرس کے ایام میں روزانہ کیش بکس کی کشادگی کی جاتی ہے۔ دور دراز کے ایسے چھوٹے مزارات جہاں آمدن کم ہے، محکمہ اوقاف پنجاب ان کو سالانہ بنیاد پر ٹھیکے پر دے دیتا ہے اسی طرح چند مزارات ایسے ہیں جو سڑک کے کنارے واقع ہیں اور گزرنے والی بسوں اور گاڑیوں میں سے مسافر کرنسی نوٹ نذرانے کے طور پر پھینک دیتے ہیں ایسی صورت میں محکمہ اوقاف نے مزارات کو سالانہ بنیاد پر چلتی ٹریفک کے ٹھیکہ پر دیا ہوا ہے۔

اسی طرح زرعی زمینوں کو بھی ٹھیکے پر دینے کے لئے محکمہ اوقاف نے چند قوانین وضع کر رکھے ہیں۔ زرعی زمینوں کے ٹھیکہ جات سالانہ بنیاد پر دیئے جاتے ہیں اگر پچھلے سال والا شخص اگلے سال کے لئے ٹھیکہ لینا چاہے تو اس کو سہولت دی گئی ہے کہ وہ گذشتہ رقم سے 10 فیصد دوسرے سال کے لئے اور پھر مزید دس فیصد تیسرے سال کے لئے بڑھا کر ٹھیکہ جاری رکھ سکتا ہے۔ نیلامی کے لئے اخبارات اور اشتہارات کے ذریعے وقت، موقع اور جائیداد کی تشہیر کی جاتی ہے۔

محکمہ اوقاف پنجاب کا سال 07-2006ء کے لئے بجٹ 81.88 کروڑ روپے ہے یہ تمام آمدن مزارات پر دیئے جانے والے نذرانہ جات، رقوم، وقف زمینوں کے ٹھیکہ جات اور دوکانات کے کرایہ جات کی صورت میں حاصل ہوتی ہے اس میں حکومتی مالی معاونت شامل نہیں ہوتی۔ تاہم گذشتہ ایک دہائی میں وفاقی حکومت نے 12 کروڑ روپے تعمیر نو مسجد حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ اور ڈیڑھ کروڑ روپے مزار بابا بلھے شاہ کی تعمیر نو کے لئے دیئے ہیں جبکہ حکومت پنجاب نے میاں میر سیرت سنٹر و قرآن بورڈ کی عمارت کی تعمیر کے لئے بتیس کروڑ روپے کی جزوی مالی امداد کے لئے تحریری عندیہ دیا ہے۔ اس سے قبل نویں دسویں دہائی میں پنجاب اور وفاقی حکومت کے مالی تعاون سے محکمہ اوقاف اڑتیس کروڑ کا پراجیکٹ داتا دربار کمپلیکس تعمیر کر چکا ہے۔

Marfat.com

# حوالہ جات


1- حضرت علی ہجویریؒ "کشف المحجوب" مکتبہ زاویہ لاہور (2002) صفحہ 68

2- امیر خورد "سیر الاولیاء" اردو سائنس بورڈ لاہور (1996) صفحہ 128

3- ایضاً۔ صفحہ 414

4- ابونصر السراج "کتاب اللمع" گب میموریل سیریز (1914)

5- امام ابوالقشیری "رسالہ القشیریہ" مصر (1959)

6- شیخ شہاب الدین سہروردی "عوارف المعارف" بیروت (1966)

7- امیر خورد "سیر الاولیاء" اردو سائنس بورڈ لاہور (1996) صفحہ 89

8- امیر حسن علاء سجزی "فوائد الفواد" محکمہ اوقاف پنجاب لاہور (2001)

9- امیر خورد "سیر الاولیاء" اردو سائنس بورڈ لاہور (1996) صفحہ 91-89

10- خلیق احمد نظامی "تاریخ مشائخ چشت" مکتبہ عارفین کراچی (1953) صفحہ 19

11- ڈاکٹر پی ایم کیوری (P. M. Currie) نے اپنی کتاب خواجہ معین الدین چشتی آف اجمیر کے صفحہ 78-174 میں نہایت تفصیل سے ان نذرانہ جات پر بات کی ہے۔

12- نور احمد چشتی "تحقیقات چشتی" الفیصل لاہور (2001) صفحہ 162

13- ایضاً۔ صفحہ 172

14- داراشکوہ "سفینۃ الاولیاء" نفیس اکیڈمی کراچی (1959) صفحہ 210

15- نور احمد چشتی "تحقیقات چشتی" الفیصل لاہور (2001) صفحہ 167

16- ایضاً۔ صفحہ 164


❁ ❁ ❁ ❁ ❁

Marfat.com

# پنجاب میں مزارات اور اُن کا فنِ تعمیر

قبر کا عام مفہوم جائے تدفین ہے اور اسی لئے اسے مدفن بھی کہا جاتا ہے مگر جب یہی قبر کسی بادشاہ یا سلطان کی ہو تو مقبرہ کہلاتی ہے، جب صوفی یا شیخ دفن ہو تو اسے مزار کہا جاتا ہے۔ مزار کا لفظ عربی زبان میں زیارت سے ماخوذ ہے گویا ایسی قبر جہاں لوگ زیارت کے لئے آئیں مزار کہلاتی ہے۔

ابتدائی طور پر انبیاء کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ تدفین کے بعد زمین ان کے جسم کو اصل حالت میں رہنے دیتی ہے اور اس کی تطہیر نہیں ہوتی۔ اس نقطہ نظر کی توسیع شہداء کے جسد خاکی تک کر دی گئی، اسی لئے قرآن میں شہداء کے بارے میں یہ کہا گیا کہ ان کو مردہ مت کہو یہ زندہ ہیں مگر تمہیں اس کا شعور نہیں ہے، اسی نسبت سے صوفیاء کو حضرت بھی کہا جاتا ہے۔ حضرت محمدؐ کے وصال کے بعد نبوت کا سلسلہ مکمل ہو گیا مگر بقول حضرت نظام الدین اولیاء ''صوفی اپنے مریدوں کے درمیان یونہی ہے جیسے حضرت محمدؐ اپنے صحابہ کے درمیان۔'' لہٰذا بعد از وفات جسد خاکی کی عدم تطہیر کا خیال صوفیاء کے لئے بھی قبول کر لیا گیا اور صوفیاء کے لئے ''وصال'' کا لفظ استعمال کیا گیا۔ عقیدت مندوں اور مریدوں کا اس بات پر قوی یقین ہوتا ہے کہ وصال کے بعد بھی صوفی کی روح وہیں موجود رہتی ہے اور اس کا جسدِ خاکی قبر کے اندر اپنی اصل حالت میں جوں کا توں محفوظ رہتا ہے اسی لئے تو قبر کے لئے ''مرقد'' کا لفظ بھی استعمال کیا گیا جس کے معنی فارسی میں ''خوابگاہ'' کے ہیں یعنی ''سونے یا آرام کرنے کی جگہ'' اور حضرت کا لفظ جس کے معنی حاضر اور موجود ہونے کے ہیں، استعمال کیا جاتا ہے۔

صوفیاء کو ان ے حجرے میں دفن کرنے کی روایت کا آغاز حضرت محمدؐ سے ہوتا ہے جنہیں حضرت عائشہ ے حجرے میں دفن کیا گیا۔ قبر کی نشانی کو سطح زمین سے بلند کرنے کا عمل کوئی ایسا

قابل تحسین نہ تھا اور قرآن کی آیات کے حوالے سے کہ ''ہم نے تمہیں اس میں سے پیدا کیا ہے اور اسی میں واپس جانا ہے اور اسی سے دوبارہ اٹھایا جائے گا'' ابتداء میں قبر کو زمین کے ساتھ ہموار کر دیا جاتا رہا۔

حضرت محمدؐ کی وفات کے چند عشروں کے بعد ہی ان کی قبر کو ارفع کر دیا گیا اور ان کے وصال کے سات عشروں بعد اس پر مزار بنا دیا گیا۔ اموی خلیفہ الولید اوّل نے مسجد نبویؐ میں آپؐ کے مزار کو نمایاں انداز میں تعمیر کرایا۔ یوں یہ مقام اہل اسلام کے لئے ایک زیارت گاہ بن گیا مگر صحابہ و اولیاء کے مزارات کی تعمیر کا سلسلہ اس کے فوراً بعد شروع نہیں ہوا۔ آغاز اسلام سے ابتدائی دو صدیوں تک تدفین بہت سادہ انداز میں ہوتی رہی تاہم نویں صدی عیسوی میں چند عباسی خلفاء کو ان کے گھروں میں دفن کیا گیا۔

چونکہ ابتداء میں قبروں کو نمایاں کرنے کی ممانعت تھی لہٰذا چند دیگر روایات نے جنم لیا۔ اہم اور صاحب حیثیت شخصیات کو ریشم واطلس کے کفن میں لپیٹ کر دفن کرنے کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ مختلف قرآنی آیات کی کڑھائی اعلیٰ قسم کے ریشم کے کفنوں پر کر کے صاحب حیثیت لوگوں کی تدفین کی جاتی رہی۔ بعد ازاں اعلیٰ لکڑی کے تابوت جن پر منبت کاری کے خوبصورت نمونے بنائے جاتے تھے، شہداء اور دیگر اہم شخصیات کی تدفین کے لئے استعمال ہوتے رہے۔ اسی طرح قبر کے سرہانے کتبہ لگانے کا رواج عام ہوا۔ کتبے پر عموماً بسم اللہ، صاحب قبر کا نام، ولدیت، تاریخ پیدائش ووفات اور آخر میں مرنے والے کے لئے چند دعائیہ کلمات تحریر کئے جاتے رہے۔

ابتدائی مزارات جن کا ذکر کتابوں میں ملتا ہے وہ صحابہ کرام کی قبور پر تعمیر کئے گئے۔ بعد ازاں شہدائے کربلا کی قبور پر بھی مزارات کی تعمیر کی گئی۔ مزار کی تعمیر کا مقصد محض جائے تدفین یا یادگار نہیں تھا بلکہ دوسروں کو یہ بتانا مقصود تھا کہ صاحب مزار کتنی حیثیت اور مرتبہ کا مالک ہے۔ مزارات کی تعمیر کے لئے کوئی حدود وقیود بھی نہیں تھیں لہٰذا جو شخص، جس شخص کا چاہتا اور جیسے چاہتا مزار تعمیر کر سکتا تھا۔

صحابہ کرامؓ کے مزارات کی نوعیت مذہبی نہیں تھی۔ شہدائے کربلا کے مزارات کی نوعیت سیاسی اور مذہبی ہر دو حوالوں سے قابل تکریم وتقدیس رہی ہے لہٰذا تربت کے قریب خصوصاً پاؤں کی جانب دفن ہونے کو وجہ سعادت اور حصول برکت کی ضمانت سمجھا جاتا رہا ہے۔ اسی وجہ سے کہ

صوفیاء، امام اور شیوخ کے مزارات وقت گزرنے کے ساتھ بہت بڑے قبرستان کی شکل اختیار کرتے رہے ہیں۔ جیسے بغداد میں امام احمد بن حنبلؒ کی جائے تدفین بعدازاں بہت بڑے قبرستان کی شکل اختیار کرگئی۔

جان اے سبحان نے ہندوستان میں صوفی ازم کے آغاز کے حوالے سے تین مزارات کا ذکر کیا ہے (1) اول مزار حضرت بی بی پاک دامناں جو لاہور میں شملہ پہاڑی کے پاس محلہ محمد نگر میں ہے۔ دوئم مزار سید سالار مسعود غازی میاں جن کی مرقد بہرائچ میں ہے اور سوئم درگاہ حضرت علی ہجویریؒ ہے جو لاہور میں بھاٹی دروازے کے باہر واقع ہے۔ حضرت بی بی پاک دامناں کا زمانہ (81-680ء) بتایا گیا ہے جبکہ سالار مسعود غازی میاں کا وصال 20-719ء میں ہوا اور حضرت علی ہجویریؒ کا یومِ وصال 1072ء کے لگ بھگ بتایا جاتا ہے۔

مزارات حضرت بی بی پاک دامناں میں سات قبور ہیں جن میں چھ بیبیاں حضرت علیؓ کے گھرانے سے متعلق ہیں ان میں بی بی رقیہ یا بی بی حاج حضرت علیؓ کی بیٹی تھیں جبکہ بی بی حور، بی بی نور، بی بی گوہر، بی بی تاج اور بی بی شہباز حضرت علیؓ کے بھائی عقیل کی بیٹیاں تھیں جبکہ ساتویں قبر بی بی تنور کی بنی جوان کی خانساماں تھی۔ یہ بیبیاں زندہ ہی زمین میں دفن ہوگئی تھیں جہاں جہاں ان کے دوپٹے نظر آرہے تھے وہیں قبور بنادی گئیں۔

حضرت علی ہجویریؒ کو ان کے حجرہ میں ہی دفن کردیا گیا جبکہ غازی میاں ہندوؤں کے خلاف لڑتے ہوئے انیس سال کی عمر میں شہید ہوگئے۔ زہرہ بی بی نے غازی میاں کا مزار تعمیر کیا۔ حضرت علی ہجویریؒ کے نزدیک اسلامی تصوف کا آغاز حضرت ابوبکر صدیقؓ سے ہوتا ہے۔ ہندوستان میں چار سلسلوں کا خصوصی ذکر ملتا ہے یہ سلاسل چشتیہ، سہروردیہ، نقشبندیہ اور قادریہ ہیں۔ دیگر سلاسل جیسے نظامی، شطاری وغیرہ انہی سلاسل کی توسیع ہیں۔

پنجاب میں سلسلہ چشتیہ کی اولین درگاہ حضرت بابا فریدالدین گنج شکرؒ کی ہے جو اس سلسلے کے پنجاب میں بانی بھی تھے آپ کا وصال 1265ء میں اجودھن موجودہ پاک پتن میں ہوا۔ آپ کے بیٹے شیخ نظام الدین کے اصرار پر آپ کو قریبی قبرستان کے بجائے اپنے حجرہ میں ہی دفن کیا گیا۔ (2) سلسلہ چشتیہ میں چلہ کشی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے اس کے علاوہ سماع یا قوالی کو بھی خصوصی اہمیت حاصل رہی ہے اس سلسلے کے بزرگوں نے توکل پر بہت زور دیا ہے جو کچھ نذر نیاز

Marfat.com

میں اکٹھا ہوتا رات سونے سے قبل مستحقین میں بانٹ دیتے اور اس بات پر یقین رکھتے تھے کہ آنے والی صبح اپنے ساتھ ضروریات پورا کرنے کا سامان لے کر آئے گی۔

پنجاب میں اس سلسلے کے دیگر نمائندہ صوفیاء میں حضرت امام علی الحقؒ سیالکوٹ (متوفی 1287ء)، شیخ کبیر شاہ دولہ دریائیؒ گجرات (متوفی 1453ء)، خواجہ نور محمد مہارویؒ چشتیاں (متوفی 1719ء)، شاہ محمد سلمان تونسویؒ تونسہ شریف (متوفی 1851ء)، خواجہ شمس الدین سیالویؒ (متوفی 1883ء)، خواجہ غلام فریدؒ کوٹ مٹھن (متوفی 1901ء)، پیر مہر علی شاہؒ گولڑہ شریف (متوفی 1937ء) شامل ہیں۔ چشتیہ سلسلے کی درگاہوں میں جماعت خانے اور لنگر خانے لازم جزو رہے ہیں سلسلہ چشتیہ کے صوفیاء دولت اور درِ حکومت سے ہمیشہ دور رہے ہیں۔ بابا فرید گنج شکرؒ کے وصال پر امیر خورد کی دادی نے کفن کے لئے اپنی سفید چادر دی (3) جبکہ ان کی قبر کے لئے کچی اینٹیں ان کے گھر کے دروازے کو اکھاڑ کر حاصل کی گئیں (4)۔ یہی وجہ تھی کہ جب ان کو دفن کرنے کے لئے شہر سے باہر قبرستان لے جا رہے تھے تو ان کے بیٹے شیخ نظام الدین نے سختی سے روکا اور کہا کہ بعد میں اہل خاندان کا گزارہ کس طرح ہوگا (5)۔ یہی بنیادی وجہ ہے کہ سلسلہ چشتیہ کی درگاہیں اپنی تعمیر میں سادہ، کم قامت اور نسبتاً کم تزئین و آرائش کی حامل رہی ہیں۔ چشتی صوفیاء خود بھی چونکہ جلالی طبیعت کے نہ تھے اور عوام و خواص میں ایک ہی سطح پر گھل مل جاتے تھے لہٰذا ان کے مزارات میں عمارتی ساخت سے زائرین پر جاہ و جلال اور رعب طاری نہیں ہوتا بلکہ زائرین کے لئے خانقاہ کا ماحول بہت دوستانہ اور گھریلو سا رہتا ہے۔ خانقاہ میں مزار کے بجائے صاحبِ مزار کی قبر کو ہی مرکزیت حاصل رہتی ہے (6)۔

سلسلہ چشتیہ کے مزارات سائز اور قامت میں چھوٹے ہوتے ہیں لہٰذا زائرین کو بیٹھنے کی سہولت مہیا کرنے کے لئے مزار کے گرد برآمدہ، بارہ دری یا غلام گردش کی تعمیر لازم جزو بن گئی ہے۔ یہ جگہ سماع کے لئے بھی استعمال ہوتی ہے (7)۔

پنجاب میں سہروردی سلسلہ کو حضرت بہاء الدین زکریاؒ ملتانی نے متعارف و پروان چڑھایا۔ آپ نے 1267ء میں رحلت فرمائی۔ سہروردی سلسلہ میں عوام اور خواص میں ہمیشہ امتیاز رہا ہے یہاں تک کہ سہروردی سلسلے کے صوفیاء کے حجروں میں داخل ہونے کے لئے عام لوگوں کو اجازت لینا پڑتی تھی۔ یہ صوفیاء ہمیشہ سے ہی حاکمِ وقت کے قریب اور اقتدار کے ایوانوں میں رہے

Marfat.com

ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس سلسلے سے متعلق صوفیاء کے مزارات عالی شان، ارفع، خوبصورت اور تعمیراتی جمالیات کے اعلیٰ نمونے رہے ہیں(8)۔

سہروردی سلسلے کو پنجاب میں پروان چڑھانے میں دیگر صوفیاء میں حضرت جلال الدین بخاریؒ سرخ پوش اچ شریف (متوفی 1291ء)، حضرت شاہ رکن عالمؒ ملتان (متوفی 1335ء)، مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ اچ شریف (متوفی 1383ء)، سید موسیٰ آہن گرؒ لاہور (متوفی 1519ء)، حضرت موج دریا بخاریؒ لاہور (متوفی 1604ء)، سید عبدالرزاقؒ نیلا گنبد لاہور (متوفی 1638ء)، میاں وڈاؒ لاہور (متوفی 1674ء) وغیرہ شامل ہیں۔

سہروردی سلسلے میں صاحب مزار کی شخصیت کی طرح ان کے مزار کی خوبصورتی، جاہ وجلال اور جمالیات زائرین پر ایک رعب طاری کرتے ہیں ان کو دیکھ کر خود ہی زائرین کے دلوں میں ایک فاصلے کا احساس پیدا ہوتا ہے جو حقیقی طور پر اس سلسلے کے صوفیاء اور عوام کے درمیان رہا ہے۔

سہروردی سلسلے کے یہ مزارات اس لئے بھی کشادہ بنائے جاتے تھے تاکہ خاندان کے دیگر افراد کی تدفین کے لئے جگہ میسر آسکے(9)۔ چشتیوں کی درگاہوں کے برعکس سہروردی سلسلے کے مزارات کے اندر بے شمار قبور ہوتی ہیں اپنے آباءواجداد کے پہلو میں دفن ہونے کی روایت دیگر سلاسل میں بہت ہی کم نظر آتی ہے۔ ملتان اور اچ شریف کے یہ مزارات قلعہ کے اندر شاہانہ مقام پر موجود ہیں۔

شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی وفات کے تین سو سال بعد پنجاب میں سلسلہ قادریہ کا تعارف سید محمد غوثؒ نے کرایا۔ کچھ عرصہ لاہور میں قیام کرنے کے بعد وہ 1428ء میں اچ شریف میں متمکن ہوئے جو پہلے سے سہروردی سلسلے کے صوفیاء کا مرکز بن چکا تھا۔ سید محمد غوثؒ کا انتقال 1517ء مین ہوا اور اچ شریف میں دفن ہوئے۔ اچ گیلانیاں انہی کی نسبت سے ہے۔

پنجاب میں اس سلسلے کے دیگر صوفیاء میں حضرت محمد غوثؒ المعروف بالا پیر اوکاڑہ (متوفی 1552ء)، شیخ داؤد بندگی کرمانیؒ شیر گڑھ (متوفی 1574ء)، حضرت موسیٰ پاکؒ شہید ملتان (متوفی 1592ء)، حضرت شاہ ابوالمعالیؒ لاہور (متوفی 1615ء)، حضرت میاں میرؒ لاہور (متوفی 1635ء)، حضرت شاہ جمالؒ لاہور (متوفی 1639ء)، خواجہ بہاریؒ لاہور (متوفی 1655ء)، حضرت شاہ چراغ لاہور (متوفی 1658ء)، حضرت سلطان باہوؒ شورکوٹ (متوفی 1691ء)،

شاہ عنایتؒ قادری لاہور (متوفی 1728)، بابا بلھے شاہؒ قصور (متوفی 1758ء) شامل ہیں۔

سلسلہ قادریہ کے صوفیاء کے مزارات سہروردی سلسلے کے صوفیاء کے مزارات کی طرح تزئین و آرائش اور عظمت و سطوت نہیں رکھتے تاہم یہ سلسلہ چشتیہ کی طرح سادہ اور عام بھی نہیں ہیں۔ اپنے سطحی نقشہ اور روکار میں تو سہروردیوں جیسے ہیں مگر سادگی اور عمومیت چشتیوں جیسی جھلکتی ہے (10) چونکہ سلسلہ کے بانی سید محمد غوثؒ اچ شریف میں متمکن ہوئے جہاں سہروردی سلسلے کے خوبصورت عالی شان اور تزئین و آرائش سے بھرپور مزارات تھے لہٰذا اس تناظر میں قادری سلسلہ کے مزارات کو بھی ویسا تعمیر کرنا پڑا۔ دوسری اہم وجہ ان کا زمانہ ہے چونکہ یہ مزارات زیادہ تر پندرہویں اور سولہویں صدی میں تعمیر کیے گئے، جب مغل حکمران ہندوستان کی سرزمین پر عالی شان عمارات تعمیر کر رہے تھے چونکہ کاری گر اچھے میسر تھے لہٰذا اس عہد میں قادری سلسلہ کے مزارات بھی اپنے تناسب اور قامت میں بہتر بنائے گئے۔ قادری سلسلے کے صوفیاء کے مزارات طرزِ تعمیر میں نہ تو مغلیہ عہد کی عظیم الشان عمارات کے معیار تک پہنچتے ہیں اور نہ ہی تزئین و آرائش اور جمالیات میں سہروردی سلسلے کے مزارات کو چھوتے ہیں۔ البتہ ان مزارات کی عمارات قامت میں بلند، تناسب میں اونچی اور ان میں ہلکی پھلکی تزئین و آرائش دیکھنے کو مل جاتی ہے۔

ہندوستان میں نقشبندی سلسلہ کا تعارف خواجہ باقی باللہ بیرنگؒ نے کرایا جو مرشد کے حکم پر دہلی آئے۔ تین سال بعد ان کا وصال ہو گیا۔ تاہم سید احمد سرہندیؒ نے ہندوستان میں نقشبندی سلسلہ کو پروان چڑھایا۔ سید احمد سرہندیؒ کو عبدالقادر جیلانیؒ کی وصیت کے مطابق ان کا خرقہ پیش کیا گیا۔ سہروردی اور چشتی سلسلے کے صوفیاء کی ارواح نے بھی انہیں اپنے سلسلے کو آگے بڑھانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ نقشبندی سلسلہ حضرت ابوبکر صدیقؓ سے جاملتا ہے۔ سید احمد سرہندیؒ کا وصال 1625ء میں ہوا اور سرہند میں دفن ہوئے۔

پنجاب میں نقشبندی سلسلے کے نمائندہ شیخ طاہر لاہوریؒ (متوفی 1630ء) خواجہ خاوند حضرت ایشانؒ لاہور (متوفی 1642ء)، حضرت شیر ربانیؒ شرقپور (متوفی 1928ء) اور پیر جماعت علی شاہؒ نارووال ہیں۔ ان صوفیاء کے زیادہ تر نمائندہ مزارات آزاد کشمیر اور سرہند میں ہیں۔

پنجاب میں تمام سلاسل کے تعمیر ہونے والے مزارات کو دو واضح گروہوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے اولین مربع یا مستطیل اور دوئم ہشت پہلو۔ یوں تو مربع پلان کے مزارات تقریباً تمام

Marfat.com

سلاسل کے صوفیاء کے ہاں مل جاتے ہیں تاہم قادری اور چشتی سلسلہ کے صوفیاء کے مزارات عموماً مربع یا مستطیل ہوتے ہیں۔ رابرٹ ہیلن برانڈ نے چار اضلاع سے تشکیل پانے والے اس پلان کو خلفائے راشدین کی نسبت سے جوڑا ہے (11) مگر یہ محض قیاس آرائی ہے اور حقیقت میں ایسا کوئی التزام نظر نہیں آتا۔

مزار کے اندر داخل ہونے کے لئے دروازہ عموماً جنوبی جانب رکھا جاتا ہے (12) تاہم موقع محل کی مناسبت سے یہ بعض اوقات شرقی یا غربی جانب بھی ہوسکتا ہے چونکہ شمالی جانب قبر کا سر ہوتا ہے لہٰذا اس جانب دروازہ نہیں بنایا جاتا۔ بہت کم مثالیں ایسی ہیں جہاں ہوا یا روشنی کے لئے شمالی جانب کھڑکی یا سنگ مرمر کی جالی نصب کی گئی ہو۔ بعض اوقات مربع پلان بالائی سطح پر ہشت پہلو شکل اختیار کر لیتا ہے تاکہ گنبد کے لئے گردنے کی تعمیر کی جاسکے۔ مغل عہد کے مزارات کم وبیش اسی انداز میں تعمیر کئے جاتے رہے ہیں۔

سہروردی سلسلے کے صوفیاء کے مزارات حجم اور تناسب میں بڑے ہونے کے سبب سطحی نقشہ میں مربع کے ساتھ ساتھ ہشت پہلو بھی تعمیر کئے گئے۔ حضرت بہاء الدین زکریاؒ کا مزار مربع ہے جبکہ شاہ رکن عالمؒ کا مزار ہشت پہلو ہے اچ شریف میں مربع یا مستطیل کے علاوہ ہشت پہلو مزارات کی تعمیر کی گئی۔

بصری حوالے سے بھی مزارات کی تقسیم دو سطح پر کی جاسکتی ہے۔ مربع یا ہشت پہلو سطحی نقشہ والے مزارات جن پر گنبد کی تعمیر کی گئی اور دوسری قسم مربع یا مستطیل سطحی نقشہ والے مزارات جن کی چھتیں لکڑی کی ہیں (13) اور لکڑی کے ستون ہی عمودی سہارے کے لئے استعمال کئے گئے ہیں۔ ہر دو صورتوں میں چھت کی زیریں سطح فریسکو، نقش ونگار یا کاشی کاری سے مزین کی جاتی رہی ہے۔

سہروردی سلسلے کے صوفیاء کے مزارات کے داخلی دروازوں پر اور چشتی سلسلے کے صوفیاء کے مزارات کے دو سے چار اطراف برآمدے کی تعمیر ایک اور امتیازی وصف کے طور پر سامنے آتی ہے جبکہ قادری سلسلے کے صوفیاء کے مزارات کے گرد برآمدے کی تعمیر شاید ہی کہیں کی گئی ہو۔ چشتی سلسلہ کے صوفیاء کے مزارات کے گرد یہ برآمدہ غلام گردش یا بارہ دری زائرین اور عقیدت مندوں کے بیٹھنے، نوافل پڑھنے یا سماع کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ اور اس کی تعمیر سراسر ضروریاتی ہے نہ کہ جمالیاتی۔ اس کے برعکس سہروردی صوفیاء کے مزارات کے داخلی دروازوں پر برآمدے کی تعمیر

Marfat.com

نہ صرف جمالیاتی سطح پر عمارت کا حصہ قرار پاتی ہے بلکہ یہ جگہ بھی خاندان کے افراد کی تدفین کے لئے استعمال ہوتی رہی ہے (14)۔

قادری سلسلے کے صوفیاء کے مزارات کے ساتھ برآمدہ، غلام گردش یا بارہ دری کی تعمیر کا اہتمام نظر نہیں آتا البتہ جو امتیازی وصف ان مزارات کو دیگر سلاسل کے مزارات سے الگ کرتا ہے وہ یہ کہ قادری سلسلے کے صوفیاء کے کم و بیش سبھی مزارات کے گرد بلند پلیٹ فارم تعمیر کیا جاتا رہا ہے (15) یہ پلیٹ فارم مزار کی عمارت کو نواح سے بلند کر دیتا ہے اور زائرین کے بیٹھنے کے لئے استعمال ہوتا ہے اس کی اونچائی بعض اوقات چار فٹ تک جا پہنچتی ہے۔ اور یہ عمارت کے لئے کرسی کا کام کرتا ہے۔ قادری سلسلے کے مزارات کی جمالیات ایسی ہے کہ مزار کے گرد برآمدہ یا غلام گردش کی موجودگی اس کے بصری تاثر کو مجروح کرتی ہے۔ اس اہتمام کے پیچھے کیا وجہ رہی ہے معاملہ تحقیق طلب ہے۔

صوفیاء کے سلاسل سے ہٹ کر پنجاب میں مزارات پر اگر طائرانہ نگاہ ڈالی جائے تو ہمیں چند مزارات ایسے ملتے ہیں جن پر عمارت تعمیر نہیں کی گئی اور محض قبر کی نشانی ہے جو کھلے آسمان تلے بغیر چھت کے صدیوں سے موجود ہے جیسے یزمان بہاولپور میں مزار حضرت چنن پیرؒ ہے جو صحرا میں واقع ہے۔ اسی طرح ضلع جھنگ میں حضرت شاہ جیونہؒ کی قبر بغیر چھت کے موجود ہے۔

چند شہروں اور قصبوں کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ ان کے نام ان کی زمین میں دفن صاحب کرامات صوفیاء کے ناموں کی نسبت سے اپنا تشخص رکھتے ہیں جیسے میاں چنوں درگاہ حضرت میاں چنوںؒ کی نسبت سے جانی جاتی ہے اسی طرح حضرت سخی سیدن شیرازیؒ کے مزار کی نسبت سے چوا سیدن شاہ اور حضرت ہو بہو کلر کہار کی نسبت سے کلر کہار کا شہر آباد ہوا۔ ساہیوال عارف والا روڈ پر بستی پناہ کمیر بھی حضرت پناہ کمیرؒ کے مزار کی نسبت سے پہچانی جاتی ہے۔

پنجاب میں چند مزارات کا امتیازی وصف ان کا جغرافیائی وقوع ہے۔ صاحب مزار نے اپنی زندگی میں کسی پہاڑی مقام پر گوشہ نشینی اختیار کی، فطرت سے محبت یا عبادت الٰہی میں یکسوئی کی تلاش اگر کسی صوفی کو ایسے پہاڑی مقام پر لے گئی تو دفن ہونے کے بعد یہ ویرانہ عقیدت مندوں کی توجہ کا مرکز بن گیا جیسے مزار عبدالسلام چشتی بڑا بھائی مسرور سیالکوٹ، مزار حضرت شاہ کمال چشتی قصور، یا پھر دربار سخی سیدن شیرازی یا دربار ہو بہو کلر کہار، شہری آبادی و بستی سے باہر دور الگ تھلگ

Marfat.com

واقع ہیں۔اسی طرح اچ شریف اور ملتان کے مزارات شہر کے بلند ترین مقامات اور قلعوں کے اندر تعمیر کئے گئے یہ جگہیں آج بھی شہروں کی سطح سے بلند ہیں۔کئی مزارات ایسے بھی ہیں جو تعمیر کے وقت شہری آبادی کے نواح میں واقع تھے جیسے درگاہ حضرت علی ہجویریؒ، مزار بابا بلھے شاہؒ، درگاہ حضرت میاں میرؒ، درگاہ شاہ دولہؒ دریائی، وغیرہ مگر شہروں کی توسیع اور آبادی میں اضافے کے سبب یہ مزارات آج شہری آبادی کے اہم مراکز کی حیثیت اختیار کر گئے ہیں۔

سامان تعمیرات کے حوالے سے دیکھا جائے تو چشتیہ سلسلے کے مزارات عمومی طور پر اینٹ اور گارے کی چنائی سے تعمیر کئے گئے ہیں جن پر بعدازاں چونے کا پلستر کیا گیا ہے جبکہ سہروردی اور قادری سلسلہ کے مزارات چھوٹی اینٹ اور چونے کی چنائی سے تعمیر کئے گئے ہیں چھتوں کے لئے لکڑی اور اینٹوں کے گنبد ہر دو طرح سے مزارات کی تعمیر نظر آتی ہے، اندرونی دیواروں پر تزئین و آرائش کے لئے بیل بوٹے اور قرآنی آیات کے نمونے کاشی ٹائل اور فریسکو ہر دو انداز میں دیکھنے کو مل جاتے ہیں۔کئی مزارات میں سنگ مرمر کی جالیاں بھی خوبصورتی میں اضافہ کا سبب بنتی ہیں۔ گنبد کی بیرونی سطح پر چونے کا پلستر اور پکا قلعی کیا جاتا ہے یا سبز ٹائل لگا دی جاتی ہے البتہ کچھ جگہوں پر سبز رنگ گنبد خضریٰ کی نسبت سے کر دیا جاتا ہے۔گنبد کے اوپر دھات کا کلس اور زیریں سطح پر چونے کے پلستر میں بیل بوٹے یا پتے عموماً دیکھنے کو مل جاتے ہیں۔

پنجاب میں مزارات کی تعمیر کا سلسلہ کم و بیش نو صدیوں پر پھیلا ہوا ہے۔ابتدائی طور پر حضرت علی ہجویریؒ کی درگاہ کی تعمیر لاہور میں ہوئی۔ان کا وصال 1072ء میں ہوا۔حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ کا وصال پاک پتن میں 1265ء میں ہوا۔بعدازاں ان کی قبر پر مزار کی تعمیر کی گئی۔

مزارات کی تعمیری روایت کا غالب تاثر سہروردی سلسلے کے مزارات کا بنتا ہے اس میں اولین مزار حضرت بہاء الدین زکریاؒ ملتانی کا ہے جن کا سن وصال 1267ء ہے۔سولہویں اور سترہویں صدی میں پنجاب میں قادری سلسلہ کے مزارات کی تعمیری روایت خوب پھلی پھولی۔ان عمارات کی جمالیات نے جہاں مغل عہد تعمیر سے اثرات قبول کئے وہاں سہروردی سلسلے کے مزارات کی روایت سے بھی استفادہ کیا۔

سکھوں اور انگریزوں کے عہد حکومت میں پنجاب میں مزارات کی تعمیر و توسیع کا کوئی سلسلہ

Marfat.com

نظر نہیں آتا بلکہ عدم توجہی اور بدتر سیاسی و سماجی حالات کے سبب عمارات کی حالت ابتر ہوتی چلی گئی(16)۔ پاکستان کے قیام کے بعد فیلڈ مارشل محمد ایوب خان پہلا حکمران تھا جس نے سیاسی ضرورت کے پیش نظر پہلی مرتبہ مزارات کی جانب توجہ دی۔ اس نے وقف آرڈیننس 1959ء اور 1961ء کے تحت اوقاف کا محکمہ تشکیل دیا جس کا سربراہ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف کہلاتا ہے اور اس کے فرائض میں مزارات کے انتظامی معاملات اور ان کی تعمیر و مرمت کا اہتمام کرنا ہے یہ محکمہ ہر صوبے میں آزادانہ طور پر صوبائی حکومت کے تحت اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہے(17)۔ فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے مزارات پر منعقد ہونے والے عرسوں و دیگر تقریبات میں نہ صرف خود شمولیت کی بلکہ ڈپٹی کمشنر صاحبان کو پابند کیا کہ وہ اپنے اضلاع میں مزارات پر ہونے والے عرسوں کی افتتاحی تقریب میں چادر پوشی کی رسم خود ادا کریں۔ ایوب خان کے بعد جنرل محمد ضیاء الحق نے عملی طور پر مزارات کی تعمیرِ نو میں دلچسپی لیتے ہوئے اس کمیٹی کی سربراہی قبول کی جس کے ذمہ حضرت علی ہجویریؒ کی درگاہ پر تعمیرات کے ڈیزائن کا حتمی فیصلہ کرنا تھا۔ اس منصوبے کے لئے جنرل محمد ضیاء الحق نے پچاس ہزار روپے اپنی جانب سے پیش کئے اور وفاقی اور صوبائی حکومت کو پابند کیا کہ وہ تمام تعمیراتی اخراجات اٹھائیں(18)۔

مئی 1987ء میں جب جنرل محمد ضیاء الحق نے خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ پاک پتن کے مزار پر حاضری دی تو خواہش کا اظہار کیا کہ حضرت داتا گنج بخشؒ کے کمپلیکس کی طرز پر یہاں بھی تعمیرات کا سلسلہ شروع کیا جائے۔ اس سلسلے میں بعدازاں 26- مئی 1993ء کو محمد نواز شریف نے مسجد کی تعمیر کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔ بعدازاں 2- مئی 1994ء کو محترمہ بےنظیر بھٹو نے لاہور کا دورہ کیا اور گورنر ہاؤس میں دربار حضرت بی بی پاک دامناں اور دربار بابا فریدالدین گنج شکرؒ پاک پتن میں زائرین کی سہولیات اور ترقیاتی کاموں کی خواہش کا اظہار کیا اور احکامات جاری کئے۔ محکمہ اوقاف نے 52 لاکھ روپے دربار بی بی پاک دامناںؒ کی تعمیرات پر صرف کئے جبکہ محترمہ بےنظیر بھٹو نے وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں بابا فریدؒ کمپلیکس کے لئے نیس پاک (NES PAK) کے تیار کردہ ڈیزائن کی منظوری 23- جولائی 1995ء کو دی اور اس کی تعمیر کے لئے بارہ کروڑ روپے کے فنڈز مختص کئے۔

وزیراعظم محمد نواز شریف نے 31- مئی 1999ء کو داتا دربار کمپلیکس کی تکمیل کا افتتاح کیا۔

Marfat.com

یہ منصوبہ مجموعی طور پر اڑتیس کروڑ روپے میں پایہ تکمیل تک پہنچا۔

بابا بلھے شاہ کمپلیکس کی مجموعی تعمیراتی لاگت کا تخمینہ ساڑھے چار کروڑ روپے ہے۔ اس کے اولین فیز، جس میں مسجد کی تعمیر شامل ہے، کا افتتاح گورنر پنجاب خالد مقبول نے فروری 2002ء میں کیا۔ مسجد کی تعمیراتی لاگت ایک کروڑ ستاسی لاکھ روپے ہے جبکہ 18- ستمبر 2003ء کو وزیراعظم پاکستان میر ظفراللہ جمالی نے نہ صرف بابا بلھے شاہ کمپلیکس کے ماسٹر پلان و ڈیزائن کی منظوری دی بلکہ اعلان کیا کہ اس کی تعمیر کے لئے ڈیڑھ کروڑ روپے وفاقی حکومت اور ڈیڑھ کروڑ روپے صوبائی حکومت مہیا کرے گی۔

مزار و مسجد حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کی تعمیر و توسیع کے لئے باون کنال رقبہ خریدا گیا اور اس پر چار لاکھ ساٹھ ہزار مربع فٹ کی تعمیر کی گئی ہے۔ دربار خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ کی توسیع کے لئے محکمہ اوقاف نے 1988ء میں دس مرلے کا پلاٹ پانچ لاکھ روپے کے عوض خریدا۔ 30- مئی 1997ء کو مزید توسیع کے لئے ایک کنال سولہ مرلے کی اراضی مبلغ تیس لاکھ روپے میں خریدی۔ وزیراعظم محترمہ بے نظیر بھٹو کی ہدایات کے مطابق داخلی راستے کی توسیع و زائرین کو سہولیات مہیا کرنے کے لئے جنوبی جانب دو کنال کا رقبہ ایک کروڑ سات لاکھ روپے میں خریدا گیا۔ دربار و مسجد حضرت شاہ دولہؒ دریائی گجرات کی تعمیر و توسیع کے لئے حکومت پنجاب نے 26- دسمبر 2002ء کو 6 کنال اور 4 مرلہ ملحقہ رہائشی و کمرشل رقبہ خریدنے کے لئے گزٹ نوٹیفکیشن جاری کیا اور فیز اول میں 2 کنال 18 مرلہ کا رقبہ خریدنے کے لئے ایک کروڑ تینتالیس لاکھ روپے کا تخمینہ لگایا ہے۔ اسی طرح دربار بابا بلھے شاہؒ کے توسیعی منصوبہ کے لئے ملحقہ دو کنال زمین کی خریداری کے لئے ایک کروڑ سے زائد رقم درکار ہے۔

آج مزار محض صوفی یا شیخ کی جائے تدفین نہیں بلکہ زائرین کی ہزاروں لاکھوں تک پہنچتی تعداد نے اس کی اہمیت معاشرے میں ایک سماجی ادارے کے طور پر مسلمہ کر دی ہے مسجد تو ابتداء سے ہی مزار کا لازمی حصہ رہی ہے اس کے علاوہ کئی دیگر عناصر زائرین کی کثیر تعداد کی بدولت اہمیت اختیار کر گئے ہیں۔

آج اس امر کی شدید ضرورت ہے کہ پنجاب میں مزارات کے فن تعمیر کی روایت اور تشخص کا سنجیدگی سے مطالعہ و تجزیہ کیا جائے اور اکیسویں صدی میں مزارات کے فن تعمیر کے خدوخال واضح

Marfat.com

کئے جائیں۔شہری و دیہی آبادی میں جہاں مزارات موجود ہیں ان کی تزئین و آرائش کی بحالی اور تعمیر نو کرتے وقت زائرین کی بڑھتی ہوئی تعداد، ان کی ضروریات اور بنیادی آسائشوں کی فراہمی کو تسلی بخش معیار پر پورا کرنے کے لئے منصوبہ بندی کی جائے ایک جانب مزارات کا تقدس قائم رہے اور دوسری جانب ان کے تعمیراتی تشخص کی روایت آگے بڑھے اور زائرین وعقیدت مندوں کو جسمانی و روحانی ہر دو سطحوں پر اطمینان نصیب ہو۔

## حوالہ جات


1- جان اے سبحان "Sufism: Its Saints and Shrines" صفحہ 121-126
2- خلیق نظامی "The Life and Time of Sh. Farid-ud-Din" صفحہ 58
3- امیر خورد سیر الاولیاء، اردو سائنس بورڈ لاہور (1996) صفحہ 89
4- امیر حسن علا سجزی فوائد الفواد، محکمہ اوقاف پنجاب لاہور (2001) صفحہ 212
5- خلیق نظامی "The Life and Time of Sh. Farid-ud-Din" صفحہ 58
6- دیکھئے چشتی سلسلے کے صوفیاء کے مزارات۔
7- مزار بابا فرید الدین گنج شکر کی جنوبی جانب بارہ دری موجود ہے۔
8- دیکھئے ملتان اور اُچ شریف کے سہروردی سلسلے کے مزارات۔
9- شیخ بہاء الدین سہروردی اور شاہ رکن عالم کے مزارات کے اندر بے شمار قبور ہیں۔
10- دیکھئے مزارات حضرت میاں میر، خواجہ بہاری، شاہ چراغ لاہوری، شاہ ابوالمعالی لاہوری۔
11- رابرٹ ہیلین برانڈ "Islamic Architecture" لندن۔
12- دیکھئے مزار حضرت علی ہجویریؒ لاہور، مزار بہاء الدین زکریا ملتان، مزار شاہ رکن عالم ملتان وغیرہ۔
13- اُچ شریف میں گنبد اور بغیر گنبد دونوں طرح کے مزارات تعمیر کئے گئے۔
14- دیکھئے مزارات حضرت بہاء الدین زکریا اور شاہ رکن عالم ملتان۔


Marfat.com

15- دیکھئے مزارات حضرت غوث بالا پیر، میاں میرؒ، شیخ داؤد بندگی، خواجہ بہاریؒ

16- انگریزی عہد حکومت میں 1810ء اور 1863ء کے ایکٹ کے تحت مذہبی عبادت گاہوں اور مزارات کے انتظامی معاملات کی دیکھ بھال عدالتی سرپرستی میں ہوتی رہی۔

17- محکمہ اوقاف پنجاب چار سو سے زائد مزارات اور چار سو سے زائد مساجد کی پنجاب میں دیکھ بھال کرتا ہے۔ محکمہ کا 07-2006ء کا سالانہ بجٹ اسّی (80) کروڑ سے زائد ہے۔

18- مزید تفصیلات کے لئے راقم کی کتاب ''داتا دربار کمپلیکس تعمیر سے تکمیل تک'' دیکھئے مطبوعہ 2004ء۔ ادراک پبلی کیشنز لاہور۔

❁❁❁❁❁

# مزارات: تعمیر و توسیع کے دیگر محرکات

برصغیر پاک و ہند کے معاشرے میں خانقاہ کو ایک ادارے کی حیثیت حاصل رہی ہے۔ خانقاہ میں مرکزی مقام صاحب مزار کو حاصل ہوتا ہے جو اپنی زندگی میں انسانی فلاح و بہبود، اخوت و یگانگت، خلقِ خدا سے محبت و شفقت کے ایسے گہرے نقوش چھوڑ جاتا ہے کہ اس کے وصال کے بعد بھی لوگوں، عقیدت مندوں اور زائرین کے دل اس بے پناہ محبت، احساس تحفظ، بے پایاں عقیدت اور ارادت سے سرشار رہتے ہیں، اور اس میں مسلسل اور مستقل اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

درگاہ کی بالکل ابتدائی شکل ایک حجرے کی ہوتی ہے جو چار دیواروں اور بعض اوقات ایک گنبد نما چھت پر مشتمل ہوتا ہے جب تک صوفی زندہ رہتا ہے یہ حجرہ صاحب کشف و کرامات کی قیام گاہ ہوتا ہے، وصال کے بعد عموماً صوفی یا شیخ کو اسی حجرے میں دفن کر دیا جاتا ہے اور یوں جو مقام زندگی میں شیخ کو حاصل ہوتا ہے، وصال کے بعد کم و بیش وہی حیثیت و مرتبہ اس کی درگاہ یا تربت کو حاصل ہو جاتا ہے، بلکہ انتقال کے بعد تو زائرین کی نظروں میں عقیدت و ارادت اور بھی بڑھ جاتی ہے کہ اب شیخ ان کی تمنائیں، خواہشات، دعائیں براہ راست خالق حقیقی تک موثر طور پر پہنچانے کے زیادہ اہل ہو جاتا ہے اور یوں قبولیت زیادہ یقینی ہو جاتی ہے۔

وقت گزرنے کے ساتھ درگاہ اور اس سے متعلق دیگر عمارات کی تعمیر و توسیع کا ایک لامتناعی سلسلہ شروع ہو جاتا ہے زائرین کی بڑھتی ہوئی تعداد کو سہولیات کی فراہمی کے لئے وقف انتظامیہ ہمیشہ کوشاں رہتی ہے یہی وجہ ہے کہ درگاہیں بڑے اداروں کی حیثیت اختیار کر لیتی ہیں اور شہری آبادی میں ان کی موجودگی گرد و پیش کی عمارات پر اور سیاسی، سماجی اور مذہبی سرگرمیاں ان پر اثر انداز ہوتی ہے۔

خصوصاً شہری آبادی میں درگاہ کی حیثیت ایک مقناطیس جیسی ہوتی ہے جو اپنی جیسی فطرت و

Marfat.com

ہیئت رکھنے والے زائرین کے لئے زیادہ کشش رکھتا ہے اور جس طرح ہر مقناطیس کے گرد ایک حلقہ کشش (Magnetic Field) ہوتا ہے کہ لوہ چون جب اس کی کشش کی حدود میں آتے ہیں تو اول باہم کشش کا احساس جنم لیتا ہے اور جب قدرے قریب ہوں تو کھچے چلے آتے ہیں، بالکل ایسی ہی صورتحال سے زائرین اس وقت دوچار ہوتے ہیں، جب وہ کسی صوفی یا شیخ کے حلقہ ارادت میں آتے ہیں، شیخ ایک مقناطیس کی طرح ان کو اپنی جانب کھینچ لیتا ہے اور پھر جیسے لوہ چون جو مقناطیس کے ساتھ چپکے رہتے ہیں، ان کے اپنے اندر کشش کی قوت پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہے ایسی ہی صورتحال سے زائرین گزرتے ہیں اور اپنی اپنی استعداد و اہلیت کے مطابق ان کے اندر روحانی تبدیلیاں وقوع پذیر ہونے لگتی ہیں۔

خانقاہوں پر دن بدن بڑھتی ہوئی زائرین کی تعداد کی بنیادی وجہ صرف آبادی میں اضافہ کو قرار نہیں دیا جا سکتا اس کے پس پردہ کئی دیگر عوامل بھی کارفرما ہوتے ہیں جو زائرین کی تعداد میں اضافہ کا سبب بنتے ہیں۔

عمومی سطح پر تو یہی سمجھا جاتا ہے کہ زائرین کی خواہشات، دعائیں اور تمنائیں اگر پوری ہو رہی ہوں، تو درگاہ پر حاضری دینے والوں کی تعداد میں اضافہ یقینی ہے اور اس کے لئے زائر کا مسلمان ہونا بھی ضروری نہیں۔ گزشتہ چند دہائیوں میں اگر کئی خانقاہیں وسیع اور مقبول ہوئی ہیں تو کئی ایسی بھی ہیں کہ جنہوں نے زائرین کی کشش کے حصار کو توڑا ہے اور اب وہاں ویرانی سر پھوڑتی ہے، کوئی چراغ جلانے کے لئے بھی حاضر نہیں ہوتا، اس ردوقبول کے پیچھے سیاسی، سماجی، معاشی اور مذہبی سطح پر کئی محرکات ہیں، یہاں ان کا ذکر ہی مقصود ہے۔

اس بات سے تو قطعی انکار نہیں ہے کہ زائرین کی توجہ اور کشش کا مرکز و محور دراصل شیخ کی شخصیت ہی ہوتی ہے اور یہ کرشمہ شیخ کی شخصیت کی وہ روحانی قوتیں دکھاتی ہیں، جو وصال کے بعد بھی لوگوں کو اپنے حلقہ اثر اور حلقہ ارادت میں رکھتی ہیں۔ عموماً یہ سمجھا جاتا ہے کہ ایک وقت میں تمام کائنات کو تین سو اسّی (380) صوفیاء کنٹرول کرتے ہیں ان میں قطب، ولی، ابدال، اوتاد وغیرہ شامل ہیں۔ زائرین کا یہ اعتقاد ہوتا ہے کہ جس طرح زندگی میں شیخ نے لوگوں کی مدد کی ہے، مرنے کے بعد بھی شیخ اسی طرح، بلکہ زیادہ موثر انداز سے ان کی دادرسی کر سکتا ہے۔ جب زائرین کی خواہشات اور دعائیں قبول ہو جاتی ہیں تو شیخ پر ان کا اعتقاد اور بھی مستحکم ہو جاتا ہے اور اگر شنوائی

نہ ہوتو زائرین کسی دوسری درگاہ کا رخ کرتے ہیں۔

جب تمنائیں برآئیں، شیخ پر اعتقاد مضبوط تر ہو جائے، تو زائرین کی حاضری کی تعداد میں اضافہ ہونا قدرتی امر ہے اور وہ نہ صرف خود حاضری دیتے ہیں بلکہ عزیز، رشتہ دار اور اقرباء کو بھی ہمراہ لاتے ہیں اور اجتماعی تشکر ادا کرتے ہیں۔ صوفیاء کی عارفانہ شاعری لوگوں کے دلوں پر براہ راست اثر انداز ہوتی ہے اور انہیں جذباتی طور پر زیادہ متحرک کرتی ہے اور وہ زیادہ عقیدت، طمانیت اور کشش سے صاحب مزار کی جانب رجوع کرتے ہیں۔ مختلف علاقوں سے تمنائیں لئے، متنوع ثقافت وتہذیب کے باشندے درگاہ پر آکر ایک دوسرے کے ساتھ ایک ان دیکھے رشتے میں جڑ کر ایک ہو جاتے ہیں، کہ ان کا مرکز ایک ہی ہوتا ہے، یہ زائرین خون کا رشتہ نہ ہونے کے باوجود ''پیر بھائی'' کے رشتے میں منسلک ہو کر معاشرے میں ایک علیحدہ گروہ کی حیثیت سے ابھرتے ہیں اور پھر اکٹھے ہو کر درگاہ پر حاضری کے لئے آتے ہیں۔

شیخ کے وصال کے بعد اس کا خلیفہ یا گدی نشیں زائرین اور شیخ کے درمیان واسطے کا کام سر انجام دیتا ہے، اگرچہ عقیدت مند یہ یقین رکھتے ہیں کہ ان کی حاضری شیخ کے وصال کے باوجود اس کے علم میں رہتی ہے اور وہ باخبر رہتا ہے کہ کب کون کس تمنا اور خواہش کو لے کر اس کی درگاہ پر آیا، اس کے لئے مختلف حکایات بیان کی جاتی ہیں مابعد الطبیعاتی واقعات کا سہارا لیا جاتا ہے پھر بھی، زندہ شیخ، جو کہ خلیفہ یا گدی نشین ہوتا ہے، اس کا کردار شیخ کے بعد انتہائی اہمیت اختیار کر جاتا ہے، زائرین اس کے ہاتھ پر بیعت کرتے ہوئے یقین کرتے ہیں کہ وہ اصل شیخ کے ہاتھ پر ہی بیعت کر رہے ہیں۔

اس وقت حضرت سخی سلطان باہوؒ کے نویں خلیفہ گدی نشین ہیں، آٹھویں خلیفہ کا وصال 2001ء میں ہوا، انہوں نے اپنی زندگی میں ہی اپنی دوسری بیوی کے بڑے بیٹے کو اپنا خلیفہ مقرر کر دیا تھا، کم سن ہونے کے باوجود، مریدین سمجھتے ہیں کہ اب یہ بچہ ان کے اور پیر صاحب کے درمیان ایک پل کی حیثیت رکھتا ہے۔

---

حضرت علی ہجویریؒ کی شادی اور اولاد کی کوئی باقاعدہ شہادت نہیں ملتی، اس درگاہ پر گدی نشینی کا سلسلہ ان کے اولین متوتی شیخ ہندیؒ کی اولاد کے حوالے سے چلتا ہوا یہاں تک پہنچتا ہے، باقاعدہ گدی نشین نہ ہونے کے باوجود ان کے کشف و کرامات کی مضبوط گرفت ہے کہ دودہائیاں

پہلے چند کنال کے رقبے پر محیط درگاہ اب اٹھاون کنال تک وسیع ہوگئی ہے(1)، زائرین کی تعداد میں بے پناہ اضافہ کی وجہ سے آج بھی یہ جگہ کم پڑ جاتی ہے اسی طرح بابا فریدالدین گنج شکرؒ پاک پتن کی خانقاہ کا احاطہ بھی تین گنا ہو چکا ہے(2)، جو اس بات کا شاہد ہے کہ چشتی سلسلے کی اس درگاہ پر زائرین کی تعداد بڑھ رہی ہے۔

زائرین کی تعداد میں اضافہ کے کئی دیگر جزوی اسباب بھی ہیں، جن کی موجودگی درگاہ کی وسعت کا سبب بنتی ہے ان میں ایک اہم سبب درگاہ کا محلِ وقوع ہے۔ درگاہ اگر شہری آبادی کے ایسے علاقے میں ہے جہاں بسیں ویگنیں بکثرت دستیاب ہوں، اس وجہ سے بھی حاضرین کی تعداد میں اضافہ ہوتا ہے۔ درگاہ حضرت علی ہجویریؒ پر ایک سروے کے مطابق بائیس فیصد زائرین ایسے آتے ہیں جو نہ تو نماز پڑھنے آتے ہیں اور نہ ہی درگاہ پر سلام و فاتحہ، بلکہ وہ یہاں وقت گزارنے آتے ہیں، زندگی جہاں پر مسرت اور بھرپور ہے لہٰذا وہ جس طرح مینار پاکستان یا گلشن اقبال سیر و تفریح یا پکنک کے لئے جاتے ہیں، اسی طرح وہ درگاہ حضرت علی ہجویریؒ پر بھی آتے ہیں۔ قیام پاکستان سے قبل بھاٹی دروازے کے باہر کھلے میدان میں فلم بینی، تھیٹر و نوٹنکی کا ایک سلسلہ جاری رہتا تھا، اس سرگرمی نے بھی درگاہ حضرت علی ہجویریؒ پر آنے والے زائرین کی تعداد میں اضافہ کیا، شمالی جانب سے لاہور میں داخل ہونے والوں کا اولین واسطہ اسی درگاہ سے پڑتا ہے۔ اس طرح درگاہ بابا بلھے شاہ اگرچہ برطانوی عہد سے قبل قدیم شہر قصور سے باہر واقع تھی، مگر جب ریلوے روڈ بنائی گئی اور یہ درگاہ اہم سڑک پر آ گئی، تو وقت گزرنے کے ساتھ زیادہ بارونق اور گزرنے والوں کی توجہ کا مرکز بنتی چلی گئی۔ شاہی قلعہ لاہور کے باہر جی ٹی روڈ پر واقع دربار بابا حیدر سائیںؒ سے حاصل ہونے والی آمدن برائے سال (2001-02ء) مبلغ 31.50 لاکھ تھی، یہ دربار چند برس پہلے تعمیر ہوا، سڑک کے کنارے اور بادامی باغ بس ٹرمینل کے نزدیک ہونے کے سبب یہاں زائرین کی تعداد روز بروز بڑھتی جارہی ہے، یہاں سے حاصل ہونے والی آمدن اس بات کا ثبوت ہے۔

حضرت میاں میر قادریؒ سترھویں صدی کی اہم ترین بزرگ شخصیت تھے، داراشکوہ و دیگر بڑے بڑے لوگ عقیدت مند تھے وقف انتظامیہ نے جب 1960ء میں اس کا انتظام سنبھالا تو اس کا رقبہ 25 کنال ایک مرلہ تھا جبکہ اس سے ملحقہ اصل جائیداد 567 کنال 4 مرلے تھی، مگر آج

Marfat.com

کچی آبادیوں اور برطانوی عہد کی عمارات نے درگاہ کو محدود کر دیا ہے، یہاں سے سالانہ صرف 17.50 لاکھ روپے کی آمدن ہوتی ہے جو کہ زائرین کی کم ہوتی ہوئی تعداد کی غماز ہے۔ آج بھی درگاہ میاں میر قادریؒ پر عقیدت مند حاضر ہوتے ہیں، مگر شہر کے مرکز سے ایک جانب ہونے کے سبب اور پبلک ٹرانسپورٹ کی خاطر خواہ سہولت نہ ہونے کے سبب، یہاں زائرین کی تعداد توقعات سے کہیں کم ہے۔

جھنگ شہر سے اسّی کلومیٹر دور درگاہ حضرت سخی سلطان باہوؒ پر عام دنوں میں مقامی اور قرب و جوار کے علاوہ دور دراز سے لوگ حاضری کے لئے آتے ہیں، مگر محرم کے ایام میں یہاں حاضری دینے والوں کی تعداد لاکھوں تک پہنچتی ہے ہزاروں بسوں میں زائرین خصوصی طور پر حاضری کے لئے آتے ہیں۔ دور دراز ہونے کے باوجود صاحب مزار کی شخصیت کی کشش کا حلقہ اثر انہیں اپنی جانب کھینچتا ہے۔

درگاہ امام بری سرکار اور درگاہ گولڑہ شریف کی اہمیت سے انکار نہیں ہے، صاحب مزار بھی کشف و کرامات کے حامل بزرگ تھے، مگر اسلام آباد جیسا نیا شہر بسنے کے سبب، زائرین کی تعداد میں گزشتہ دو دہائیوں میں بے پناہ اضافہ ہوا۔ حضرت سخی سرورؒ ڈیرہ غازی خان اور خواجہ غلام فریدؒ کوٹ مٹھن کے مزارات دور دراز اور اہم شہروں سے الگ ہونے کے سبب گزشتہ برسوں میں وہ اہمیت نہ حاصل کر سکے، اور زائرین کی تعداد میں بھی اس تناسب سے اضافہ نہیں ہوا، جیسا ہونا چاہئے تھا، تو یہ محل وقوع کی بدولت ایسا ہوا ہے۔ اُچ شریف کبھی روحانی شخصیات کا مرکز و منبع ہوتا تھا، مگر آج بہاولپور شہر سے چالیس کلومیٹر دور ہونے کے سبب لوگ سہولت سے وہاں حاضری کے لئے نہیں جا سکتے، اگرچہ وہاں قادری اور سہروردی سلسلے کے اہم بزرگ مدفون ہیں سید محمد غوثؒ، حضرت محبوب سبحانیؒ، حضرت جلال الدین بخاریؒ سرخ پوش، حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ، حضرت راجن قتالؒ، حضرت فضل دین لاڈلا، بی بی جیوندیؒ، حضرت عبدالحلیمؒ جیسی اہم بزرگ ہستیوں کے مزارات اُچ شریف میں موجود ہیں۔

درگاہ اس وقت بھی زائرین اور عقیدت مندوں کی توجہ کا مرکز بن جاتی ہے، جب بادشاہِ وقت، حاکم زماں، صدر یا وزیراعظم وہاں آ کر ماتھا ٹیکے، اس لحاظ سے شاہی یا حکومتی سرپرستی بھی درگاہ پر لوگوں کی حاضری میں اضافہ کا سبب بنتی ہے۔ اکبر و دیگر مغل بادشاہوں کے عہد میں درگاہ

Marfat.com

حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ پر حاضری دینے والوں کی تعداد میں بے پناہ اضافہ ہوا، اکبر بیٹے کی پیدائش کے بعد عقیدت کے اظہار کے طور پر ننگے پاؤں چل کر درگاہ پر سلام کے لئے آیا(3)، درگاہ حضرت میاں میر قادریؒ پر داراشکوہ کی خصوصی عقیدت نے ہمیشہ لوگوں کو اس جانب متوجہ کئے رکھا یہاں تک کہ اورنگ زیب عالمگیر کو داراشکوہ کو قتل کرنے کے باوجود مزار شریف کی عمارت تعمیر کروانا پڑی، تاکہ حضرت میاں میرؒ سے عقیدت رکھنے والوں کے دلوں میں اس نفرت کا ازالہ ہو سکے، جو داراشکوہ کے قتل کے بعد ان کے دلوں میں پیدا ہو گئی تھی۔

صدر ایوب خان نے 1960ء میں مزارات کی بہتر دیکھ بھال اور وقف آمدن کے بہتر انتظام کے لئے محکمہ اوقاف تشکیل دیا، اور ڈپٹی کمشنر اور کمشنر صاحبان کو ہدایات جاری کیں کہ وہ عرس کی تقریبات، رسم چادر پوشی وغیرہ میں خود شرکت کریں۔ جنرل محمد ضیاء الحق نے 1979ء میں درگاہ حضرت علی ہجویریؒ پر تعمیر ہونے والی جامع مسجد کا نہ صرف سنگِ بنیاد رکھا بلکہ ڈیزائن منتخب کرنے والی کمیٹی کی سربراہی بھی قبول کی، ترقیاتی اخراجات کے لئے صوبائی اور وفاقی حکومت کو 50:50 کی بنیاد پر رقوم فراہم کرنے کی ہدایات جاری کیں اور اپنی ذاتی جیب سے بھی کچھ رقم تعمیراتی فنڈ میں جمع کروائی(4)۔

بے نظیر بھٹو نے وزیراعظم بننے کے بعد درگاہ حضرت بابا فریدالدینؒ گنج شکر سے ملحقہ نئی جامع مسجد کی تعمیر کے لئے 12 کروڑ روپے کی خطیر رقم فراہم کی(5)، وزیراعظم محمد نواز شریف نے نہ صرف داتا دربار کمپلیکس کی تعمیر و تکمیل میں خصوصی دلچسپی لی بلکہ 31- مئی 1999ء کو کمپلیکس کا افتتاح بھی کیا(6)۔

درگاہ حضرت علی ہجویریؒ اور درگاہ بابا فریدؒ پر زائرین کی بڑھتی ہوئی تعداد اور وسیع ہوتے ہوئے کمپلیکس کے پس پردہ جہاں دیگر محرکات کام کر رہے ہیں، وہاں حکومتی سطح پر ان درگاہوں کی سرپرستی بھی ایک اہم سبب ہے، جس نے گزشتہ تین دہائیوں میں زائرین کی تعداد میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے(7)۔

مزارات پر زائرین کی بڑھتی ہوئی تعداد اور اس کی بدولت وسیع تر ہوتے ہوئے دربار کمپلیکس کے پس پردہ، سچ ہے کہ عقیدت مندوں کے اعتقاد اور صاحب مزار سے منسوب تبرکات کا بھی اہم ترین رول رہا ہے مگر جدید تر سماجی زندگی اور معاشرتی تانے بانے نے اس معاملہ کو

پیچیدہ تر کر دیا ہے۔ قیام پاکستان سے قبل ہندوؤں اور سکھوں کے تہواروں کے تقابل میں مسلمانوں کی مذہبی رسومات، اعراس وغیرہ کا آغاز ایک قدرتی عمل تھا تہذیبی و مذہبی شناخت بھی ان سرگرمیوں کے آغاز کا سبب بنی۔ اس فانی دنیا سے رخصت ہونے کے بعد بھی شیخ اپنے مریدین میں زندہ رہتا ہے، اس کی تجدید کے لئے زائرین مزارات پر مختلف رسومات وتقریبات کے لئے اکٹھے ہوتے رہتے ہیں، کئی مزارات پر نئے چاند کی پہلی جمعرات کو عقیدت مند اکٹھے ہوتے ہیں، دعا، فاتحہ، قرآن خوانی، اور قوالی کا اہتمام کیا جاتا ہے، گیارہویں اور بارہویں کا بندوبست کیا جاتا ہے۔ ہفتے میں جمعرات کے روز عقیدت مند ضرور حاضری دیتے ہیں، اسی طرح سالانہ عرس کی تقریب کا اہتمام مریدین کے سال میں کم از کم ایک مرتبہ اکٹھے ہونے کا سبب بنتا ہے۔ یہ وہ روز ہوتا ہے جب شیخ نے اس دنیا سے پردہ فرمایا ہوتا ہے اور عقیدت مندوں کے لئے یہ خوشی کا دن ہوتا ہے کہ یہ شیخ کے خالق حقیقی سے ملنے کی خوشی کے اہتمام کا دن ہے۔

وقت گزرنے کے ساتھ عرس کی ایک روزہ تقریبات پھیل کر سہ روزہ تقریبات کی شکل اختیار کر گئی ہیں (8)۔ پہلے روز کوئی اہم سیاسی و مذہبی شخصیت عرس کی تقریبات کا افتتاح رسم چادر پوشی سے کرتی ہے، دوسرے روز محفل سماع کا انعقاد کیا جاتا ہے اور تیسرے روز اختتامی تقریبات منعقد کی جاتی ہیں، تین دنوں پر عرس کی تقریبات کو پھیلانے کا مقصد زیادہ سے زیادہ زائرین کو سہولت وموقع فراہم کرنا ہے کہ وہ حاضری کے لئے آئیں اور اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

درگاہ بابا فریدالدین گنج شکرؒ پر 5 تا 9 محرم بہشتی دروازہ کھولا جاتا ہے، زائرین وعقیدت مند یقین رکھتے ہیں کہ ان مخصوص ایام میں اگر کوئی بہشتی دروازے سے گزرنے کی سعادت حاصل کرے تو وہ سیدھا جنت میں جائے گا۔ 5 محرم اور 6 محرم کو نماز مغرب کے بعد دیوان صاحب بہشتی دروازہ کھولتے ہیں، 7 محرم کو یہ سعادت چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف کے حصہ میں آتی ہے، 8 محرم کو ضلعی انتظامیہ اور 9 محرم کو زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف بہشتی دروازے کی کشادگی کی رسم ادا کرتے ہیں دنوں کی یہ تخصیص ایک عدالتی فیصلے نے کی ہے اور گزشتہ کئی برسوں سے اس پر عمل درآمد کیا جارہا ہے۔

درگاہوں پر اس طرح کے مفروضے اور تقریبات کے یہ تمام سلسلے دراصل زیادہ سے زیادہ زائرین کو درگاہ کی جانب کھینچنے کے لئے کئے جاتے ہیں اور اسی تناسب سے درگاہوں پر حاصل

Marfat.com

ہونے والی آمدن میں اضافہ بھی ہوتا چلا جاتا ہے۔ جہاں تک عقائد کی بات ہے، زائرین نے مختلف درگاہوں سے مختلف عقیدے باندھ رکھے ہیں، داراشکوہ نے سفینۃ الاولیاء میں لکھا ہے کہ اگر کوئی چالیس روز (جمعرات) تک درگاہ حضرت داتا گنج بخشؒ پر حاضری دے گا تو اس کی مراد لازماً پوری ہوگی۔

درگاہ حضرت زندہ پیرؒ سواں کیمپ راولپنڈی پر حاضری دینے والوں کا پختہ عقیدہ ہے کہ اگر کوئی نابینا یا کم ہوتی ہوئی بصارت والا شخص وہاں حاضری دے تو اس کی بینائی لوٹ آتی ہے، درگاہ حضرت سخی سلطان باہوؒ کی مغربی جانب واقع درخت پر لگے پتوں کے بارے میں خواتین کا عقیدہ ہے کہ اگر کوئی پتا زمین پر بچھائی ہوئی چادر پر گرے، اور وہ عورت اس پتے کو کھالے تو اس کے ہاں اولادِ نرینہ پیدا ہوتی ہے۔

درگاہ حضرت نوری حضوریؒ بھلوال پر حاضری دینے والی خواتین کا عقیدہ ہے کہ اگر وہاں واقع تالاب کے پانی سے نہا لیا جائے تو کئی جسمانی و روحانی زنانہ امراض کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر کسی پاگل کو درگاہ حضرت دیوان چاولی مشائخ بوریوالہ پر زنجیروں سے باندھ کر چھوڑ دیا جائے تو چند روز کے بعد اس کا پاگل پن درست ہونے لگتا ہے، یہ اور اس طرح کے دیگر عقائد بھی دراصل زائرین کی حاضری میں اضافے کا سبب بنتے ہیں۔

یہ ایک سماجی حقیقت بن چکی ہے کہ مزارات اور ان سے متعلق یہ تمام اعتقادات زائرین کے لئے جسمانی و روحانی مسائل و معاملات کو سلجھانے کا سبب بنتے ہیں اور نفسیاتی سطح پر ان کی شخصیت کو توازن بخشتے ہیں۔

وقف انتظامیہ نے ایک اور تجربہ بھی کیا ہے کہ اگر کسی درگاہ پر زائرین کو سہولت پہنچانے کے لئے تعمیرات کا کام کیا جائے تو اس سے بھی نہ صرف زائرین کی حاضری بڑھ جاتی ہے بلکہ درگاہ سے حاصل ہونے والی آمدن میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے۔ درگاہ بی بی پاک دامناںؒ لاہور میں 97-1996ء میں وقف انتظامیہ نے کمپلیکس کی تعمیر کی، تو درگاہ سے حاصل ہونے والی آمدن جو محض سات آٹھ لاکھ روپے سالانہ تھی، بڑھ کر چونسٹھ لاکھ تک پہنچ گئی، جب درگاہ حضرت بابا بلھے شاہؒ پر تعمیراتی کام ہو رہے تھے، تو اس دوران میں کیش بکس سے حاصل ہونے والی آمدن گزشتہ سالوں کے مقابلے میں اٹھائیس فیصد زائد تھی۔

Marfat.com

مختصر یہ کہ آج درگاہ پر زائرین کی بڑھتی ہوئی تعداد، اور مزارات کی توسیع وتعمیرات کے پیچھے محض صاحب مزار کی شخصیت، حیات وتعلیمات یا زائرین کے اعتقادات ہی کارفرما نہیں ہوتے، بلکہ اس کے علاوہ کئی اور محرکات بھی کام کررہے ہوتے ہیں۔ خانقاہی نظام اب ایسا سادہ نہیں رہا، بلکہ اس میں بے شمار پیچیدگیاں پیدا ہوچکی ہیں۔ اب یہ محض عقیدت مندوں کے لئے دعا فاتحہ یا نذر نیاز کی جگہ نہیں ہے بلکہ ان درگاہوں سے جڑے ہوئے لوگوں کے لئے سماجی سطح پر اپنا قد کاٹھ اور اہمیت بڑھانے کا مرکز ہے، وقف انتظامیہ کے لئے ذریعہ آمدن ہے، عقیدت مندوں کے لئے ایک اہم ثقافتی و مذہبی سرگرمی ہے، ذہنی طور پر معذور اور نشہ کرنے والوں کے لئے جائے عافیت ہے، میلوں ٹھیلوں اور تہواروں کے شائقین کے لئے اطمینان گاہ، تجارت سے وابستہ لوگوں کے لئے کاروباری مرکز ہے، نفسیاتی طور پر غیر متوازن لوگوں کے لئے روحانی علاج گاہ ہے اور یہ لمحہ فکریہ ہے کہ اکیسویں صدی میں خانقاہوں کی تعمیر وتوسیع میں بہت تیزی سے اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے۔

## حوالہ جات

1- داتا دربار کمپلیکس کا ڈیزائن صدر پاکستان نے 1981ء میں منظور فرمایا پہلے مرحلے میں بڑی جامعہ مسجد کی تعمیر 1989ء میں 11.06 کروڑ میں مکمل ہوئی جبکہ دوسرا اور تیسرا مرحلہ 1999ء میں پایہ تکمیل کو پہنچا اس میں تہہ خانہ میں 198 گاڑیوں کی پارکنگ، لوئر گراؤنڈ پر سماع ہال، لائبریری، سیمینار ہال، جامعہ ہجویریہ وغیرہ اور گراؤنڈ فلور پر چہار باغ تعمیر کیا گیا ہے۔

2- محکمہ اوقاف نے 2 کنال 8 مرلے رقبہ خرید کر وفاقی حکومت کے تعاون سے 12 کروڑ میں ایک بڑی جامعہ مسجد، مسافر خانے، لائبریری اور ووکیشنل اسکول کی تعمیر 2005ء میں مکمل کی ہے جبکہ آج کل (اگست 2006ء) پارکنگ اور زائرین کمپلیکس کی تعمیر کا کام شروع ہے۔

3- ڈاکٹر پی ایم کیوری نے اپنی کتاب خواجہ معین الدین چشتی آف اجمیر میں نہایت تفصیل کے

Marfat.com

ساتھ ان تمام نذرانہ جات وفتوح کا ذکر کیا ہے جو مغل بادشاہوں نے خواجہ غریب نواز کی درگاہ پر پیش کیں۔

4- تفصیل کے لئے دیکھئے غافر شہزاد کی کتاب ''داتا دربار کمپلیکس۔۔۔تعمیر سے تکمیل تک'' مطبوعہ 2004ء۔ادراک پبلی کیشنز لاہور۔

5- بابا فریدالدین کمپلیکس کا ڈیزائن نیس پاک (NESPAK) نے کیا جبکہ نیشنل کنسٹرکشن کمپنی NCC کو تعمیراتی ٹھیکہ دیا گیا تین منزلہ کمپلیکس میں گراؤنڈ فلور پر مسافر خانے، فرسٹ فلور پر لائبریری، ووکیشنل کالج برائے خواتین اور کثیر مقاصدی ہال ہے جبکہ سیکنڈ فلور کہ جس کا فرش دربار شریف کے صحن کے فرش کے برابر ہے، جامعہ مسجد تعمیر کی گئی۔

6- داتا دربار کمپلیکس کے دوسرے اور تیسرے مرحلے کی تکمیل کے لئے محکمہ اوقاف نے فنڈز اپنے اکاؤنٹ سے مہیا کئے۔ اگرچہ صدر پاکستان کے احکامات کے مطابق وفاقی اور پنجاب گورنمنٹ کو 50=50 پر یہ فنڈز مہیا کرنے چاہئے تھے۔

7- درگاہ حضرت علی ہجویریؒ اور خانقاہ بابا فریدالدینؒ پر صدر پاکستان، وزیراعظم پاکستان اور وزیراعلیٰ اور گورنر صاحبان ہر سال کئی بار حاضری دیتے ہیں۔

8- حضرت علی ہجویریؒ کا وصال 19 صفر کو ہوا تھا پہلے پہل 19 اور 20 صفر کو عرس کی تقریبات ہوتی رہیں آج کل 18، 19 اور 20 صفر (سہ روزہ) کو تقریبات کا ایک بھرپور سلسلہ جاری ہو چکا ہے۔

❁❁❁❁❁

Marfat.com

# مزارات پر تجاوزات

اسلام میں اس جہان کی زندگی سے زیادہ زور آخرت پر دیا گیا ہے اور بار بار قرآن اور حدیث میں عمل صالحہ اور عبادات کی تلقین کی جاتی ہے اگر چہ اس تمام سرگرمی کے پیچھے دونوں جہانوں میں بہتر زندگی گزارنے کا مقصد ہی کارفرما ہے۔ عام انسانوں اور شہداء وصوفیاء میں فرق ہے قرآن میں شہداء کے بارے میں ہے کہ انہیں مردہ مت کہو یہ زندہ ہیں مگر تمہیں اس کا شعور نہیں ہے اور اسی تصور کو انبیاء اور صوفیاء کے وصال کے بعد تسلیم کر لیا گیا اور یہ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے اس دنیا سے پردہ فرما لیا۔ کئی صوفیاء کے حوالے سے کتابوں میں آیا ہے کہ جب کوئی عقیدت مند کسی صوفی کے مزار پر حاضری دیتا ہے تو صاحب مزار کو علم ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مزارات پر حاضری کے آداب کا تعین بھی کیا گیا ہے۔

یہ بات درست ہے کہ ابتدائی اسلامی عہد میں ہمیں کسی مزار کی تعمیر کے شواہد نہیں ملتے مگر یہ بات یقینی ہے کہ حضرت محمدؐ اپنی زندگی میں اپنی والدہ کی قبر پر گئے اور انہوں نے گریہ فرمایا۔ حضورؐ نے جمعہ کا روز والدین کی قبر پر حاضری کے لئے زیادہ بابرکت قرار دیا۔ آپ جنگ احد کے شہداء کی قبور پر گئے اور دعا بھی فرمائی۔ حضرت عائشہؓ کی نسبت سے حضرت محمدؐ کے بارے میں بیان کیا جاتا ہے کہ آپ جنت البقیع جاتے اور مرحومین کے لئے دعا کرتے۔ اسی طرح حضرت عمرؓ کے حوالے سے امام ابوحنیفہ بیان کرتے ہیں کہ حضور پاکؐ کے روضہ مبارک پر داخل ہونے کا درست راستہ یہ ہے کہ قبلہ رخ سے داخل ہوا جائے اور پشت قبلہ رخ ہونی چاہئے جبکہ چہرہ قبر کی جانب ہونا چاہئے اور کہنا چاہئے "اسلام علیکم یا ایو الھنبی و رحمتہ اللہ و بر کاتہ."

وصال کے بعد حضرت محمدؐ کو حضرت عائشہؓ کے حجرے میں دفن کیا گیا اور حجرے کی چابی حضرت عائشہؓ کے پاس ہی رہتی۔ جب بھی کوئی صحابی یا خلفاء راشدینؓ میں سے کوئی حضورؐ کے

Marfat.com

روضہ پر فاتحہ کے لئے آتا تو حضرت عائشہ سے قفل کشائی کے لئے گزارش کرتا۔ اس نسبت سے حضرت عائشہ کو اولین منتظم یا اولین متولی قرار دیا جاسکتا ہے کہ تولیت کا آغاز انہی سے ہوا اور یہاں سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ صحابہؓ حضورؐ کے روضہ مبارک پر حاضری دیتے تھے۔

صوفیاء کے مزارات اپنی سادہ ترین شکل میں ایسے ہی تھے مگر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ دیگر لازمی عمارات کا اضافہ ہوتا چلا گیا اور یوں صوفی کے مزار نے باقاعدہ ایک کمپلیکس کی شکل اختیار کر لی۔ چونکہ حضورؐ کی ازدواج مطہراتؓ کے حجرے مسجد سے ملحقہ تھے لہٰذا آنے والے وقتوں میں مزار کے ساتھ مسجد و دیگر کمرہ جات کی تعمیر ضرورت اور روایت ہر دو حوالوں سے کی گئی۔ پاکستان اور ہندوستان میں اگر مزارات کی سادہ ترین شکل کا مطالعہ کیا جائے تو صورتحال قدرے مختلف نظر آتی ہے۔ یہ تو درست ہے کہ تدفین کے وقت سر شمالی جانب، پاؤں جنوبی جانب اور چہرہ غربی جانب ہی رکھا جاتا ہے مگر ہمیں ہندوستان و پاکستان میں مزارات کے داخلی دروازے جنوبی دیوار میں ملتے ہیں جبکہ غربی اور شمالی دیواریں بند ہوتی ہیں شمالی دیوار میں بعض اوقات کھڑکی اور غربی دیوار میں بعض اوقات محراب نظر آتی ہے جو یقیناً نماز پڑھنے کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ جنوبی دیوار میں دروازے کی وجہ صرف یہ ہے کہ پاؤں کی جانب سے مزار میں داخل ہونے کو وجہ سعادت سمجھا جاتا ہے اور جیسے زندگی میں حاضری کے وقت شیخ کے پاؤں چھوئے جاتے تھے اسی طرح رحلت فرمانے کے بعد حاضری کے لئے آنے والے مزار شریف میں داخل ہوتے ہوئے عملی یا علامتی طور پر قدم بوسی یا پاؤں چھوتے ہیں۔

آج مزار کی یہ سادہ ترین شکل انتہائی پیچیدہ ہوگئی ہے مگر یہ سفر صدیوں میں طے ہوا ہے اور اس میں بہت سی نئی رسومات اور اعتقادات کا عمل دخل ہے اور اگر دیکھا جائے تو یہ تمام تجاوزات کے زمرے میں آتے ہیں۔ جن کی قانونی اور فقہی طور پر نہ تو اجازت ہے اور نہ ہی ضرورت ہے۔ مزارات پر عمل پذیر ہونے والے تجاوزات کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

1- انتظامی تجاوزات (Administrative Interventions)

2- عمارتی تجاوزات (Physical Interventions)

3- جگہاتی تجاوزات (Spatial Interventions)

عمومی طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ انتظامیہ اپنے فرائض احسن طریق اور ذمہ داری سے سرانجام

Marfat.com

نہیں دے پاتی اس وجہ سے مزارات اوران کے گردونواح میں تجاوزات ظہور پذیر ہوتے ہیں دوسری جانب نقطہ نظر یہ ہے کہ انتظامیہ عقیدت مندوں کی ضروریات اور فرمائش کو بنیاد بنا کر مزارات پر اپنی مرضی سے ہر طرح کے تجاوزات کرتی رہتی ہے جس سے مزارات اور ان کی جمالیات بری طرح مجروح ہوتی ہے۔ عقیدت منداپنی عقیدت کا اظہار مختلف انداز میں کرتے رہتے ہیں لیکن اگرانتظامیہ باشعوراور ذمہ دار ہوتو عقیدت مندی کے اظہار کی بہتر صورتیں بھی پیدا کی جاسکتی ہیں۔

یہ بات درست ہے کہ مزارایک مسلم آبادی میں کوئی جامد شے نہیں ہے بلکہ متحرک ہے اور وقت کے ساتھ مزاراوراس کے گردوپیش میں تبدیلیاں رونما ہوتی رہتی ہیں۔ عہد مغلیہ تک پاک و ہند میں مزاراورصاحب مزار دونوں ہی اہم رہے ہیں اور مغل حکمران زندہ صوفیاء یا وصال پا جانے والے صوفیاء، دونوں ہی کے عقیدت مند رہے ہیں اور جس بستی سے گزرتے اوراگر وہاں کوئی بزرگ ہستی محوخواب ہوتی یا موجود ہوتی تو اس کی قدم بوسی کے لئے ضرور حاضری دیتے۔ مغل بادشاہ اکبر حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کا بہت بڑا عقیدت مند تھا اس نے جب درگاہ خواجہ معین الدین چشتیؒ کے انتظامی معاملات چلانے کے لئے جائیداد وقف کی تو اس کی دیکھ بھال کے لئے متولی بھی مقرر کیا اس سے قبل گدی نشین یا دیوان ہی درگاہ کی دیکھ بھال کرتے تھے نگران کی زیادہ تر توجہ مال اکٹھا کرنے کی طرف لگی رہتی۔

صوفی کی زندگی میں درگاہ شریف کے انتظامی معاملات اتنے پیچیدہ نہ تھے اور شیخ کا فیصلہ ہی حتمی ہوتا تھا مگر اس کے وصال کے بعد پیچیدگیاں بڑھ گئیں۔ متولی کی تعیناتی ایک انتظامی مجبوری تھی اور وہ اپنے مالک کے سامنے جوابدہ ہوتا تھا اور اسی وجہ سے اسے درگاہ کی آمدن وخرچ کا باقاعدہ حساب رکھنا پڑتا۔ متولی کی تعیناتی درگاہ کے انتظامی معاملات میں تجاوز کی اولین مثال تھی۔ درگاہ کے بہتر انتظام و دیکھ بھال کے لئے اسے نائب متولی و مددگار مقرر کرنے کی اجازت دی گئی اس لحاظ سے اسے وقف سے حاصل ہونے والی آمدن کے بہتر مصرف کی ذمہ داری بھی ڈالی گئی تاکہ وقف کا مقصد پورا ہو سکے لہٰذا متولی کو درگاہ شریف پر تعمیراتی کاموں کے لئے وقف سے حاصل ہونے والی آمدن کے خرچ کی اجازت بھی دی گئی اسی طرح خدام، معاونین وغیرہ کو تنخواہیں دینے کے لئے اجازت دی گئی، اس لحاظ سے درگاہ کے انتظامی معاملات گدی نشین یا

Marfat.com

دیوان کے ہاتھ سے نکل کر متولی کے دائرہ اختیار میں چلے گئے اور متولی کے سامنے گدی نشین کی حالت ثانوی ہو گئی۔

سکھ عہد میں تمام مذہبی عبادت گاہیں وعمارات براہ راست سکھ سرداروں کے تصرف میں آ گئیں لہٰذا انہوں نے اپنی من مرضی سے ان مساجد اور مزارات کی عمارات اور احاطوں کا استعمال کیا۔ مسجدوں کے صحنوں کو گھوڑوں کا اصطبل بنا دیا گیا جبکہ مزارات بھی عدم توجہی کا شکار ہو گئے۔ دیگر شہری و دیہی آبادیوں کی طرح سکھ عہد میں گدی نشین و متولی بھی اپنی جانیں بچا کر آس پاس کی بستیوں میں چلے گئے تاہم جہاں گدی نشین یا متولی قیام پذیر رہے، وقف جائیداد کو انہوں نے ذاتی منفعت کے لئے استعمال کیا۔ رنجیت سنگھ کو بھی صوفیاء و بزرگوں کے مزارات سے خصوصی دلچسپی رہی ہے لہٰذا وہ سالانہ بنیاد پر تعمیر و مرمت کا کام بھی شاہی خزانے سے کراتا اور سالانہ عرس وغیرہ کے موقع پر خصوصی لنگر کے لئے مالی معاونت بھی کرتا تاہم اس عہد میں یہ ادارہ بحیثیت مجموعی زوال پذیر رہا۔

برطانوی عہد میں حکومت نے تمام مزارات و مساجد کا انتظام بنگال کوڈ 1810ء کے تحت بورڈ آف ریونیو کے حوالے کر دیا جنہوں نے سکھوں مسلمانوں اور ہندوؤں کی مذہبی عبادت گاہوں اور مزارات کی ایک ہی طرح کے قوانین کے تحت دیکھ بھال کی۔ وہ یہاں سے حاصل ہونے والی آمدن کو سڑکوں پلوں اور نہروں کی تعمیر پر خرچ کرتے رہے۔ نصف صدی گزرنے کے بعد Religious Endowment Act 1863 کا نفاذ کیا گیا جس کے تحت بورڈ آف ریونیو کو احکامات جاری کئے گئے کہ وہ وقف جائیداد ٹرسٹی (Trusty) منیجر (Manager) یا سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کر دے جن کی تعیناتی عدالت کے ذمہ تھی۔ ان کی سرپرستی کے لئے عدالت نے تین یا تین سے زیادہ افراد پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی مقصد یہ تھا کہ مقامی افراد کو انتظامی معاملات میں شامل کیا جائے اور اس ادارے کو ایک رفاعی ادارے کی حیثیت سے چلایا جائے۔ یوں درگاہ کی مذہبی حیثیت تبدیل ہو کر زیادہ تر ثقافتی حیثیت بن گئی اور مزارات پر گانے بجانے کے علاوہ رقص و دھمال کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ مسلمانوں کے احتجاج کرنے پر برطانوی حکومت نے مزارات کے احاطے میں عورتوں کے رقص اور گلوکاری پر پابندی عائد کر دی اور اسے قابلِ سزا جرم ٹھہرایا گیا جس کی سزا قید یا جرمانہ کی صورت میں ہو سکتی تھی (1)۔ اسی طرح یکے بعد دیگرے

Marfat.com

برطانوی حکومت نے کئی آرڈیننس جاری کیئے تاکہ مزارات سے حاصل ہونے والی آمدن میں خورد برد یا فراڈ نہ ہو سکے (2)۔ پاکستان بننے کے بعد چھٹی دہائی کے آخری سالوں میں مغربی پاکستان کے گورنر نے صدر پاکستان کے حکم کی پابندی کرتے ہوئے مسلم مزارات کی بہتر دیکھ بھال اور تعمیر و مرمت کے لئے آرڈیننس جاری کیا (3) جس کے بعد تمام گدی نشین، متولی وغیرہ غیر موثر ہو گئے اور مزارات براہ راست چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف کے کنٹرول میں آ گئے اور وہ ایک لحاظ سے حکومتی سطح کا متولی مقرر کیا گیا اور مزارات کو اپنے انتظامی کنٹرول میں لینے کے لئے لامتناہی اختیارات دے دیئے گئے۔ پہلی مرتبہ مختلف اصطلاحات کے مفہوم واضح کئے گئے، باقاعدہ اختیارات اور ان کے استعمال کی حدود و قیود کا تعین کیا گیا۔ اور وقف انتظامیہ کو باقاعدہ ایک ادارے کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا جس کو اپنے اخراجات وقف آمدن سے پورے کرنا چاہئیں اور حکومتی مالی معاونت نہ کی گئی۔

انتظامی تجاوزات کی وجہ سے درگاہ کی میکانیت متاثر ہوئی ہے مگر جگہاتی تجاوزات (Spatial Interventions) کی وجہ سے کئی نئی سرگرمیاں ظہور پذیر ہوئی ہیں۔ ابتداء میں تو زائرین کا درگاہ پر حاضری کا مقصد صرف فاتحہ وسلام ہی ہوتا تھا مگر وقت کے ساتھ مختلف رسومات و تقریبات نے زائرین کو درگاہ پر بہت مصروف کر دیا اور گدی نشینوں و وقف انتظامیہ کا تو مقصد ہی یہی تھا کہ درگاہ پر سرگرمیاں کچھ ایسے تسلسل اور دلچسپ انداز سے سرانجام پائیں کہ زائرین کھچے چلے آئیں۔ مزار شریف کے صبح کھولنے اور شام بند کرنے کی رسم اب باقاعدہ تقریب کی شکل اختیار کرتی جا رہی ہے جس میں شمولیت کے لئے زائرین خصوصاً ایسے وقت مین آتے ہیں کہ وہ اس میں شرکت کر سکیں۔ اس لحاظ سے انتظامی تجاوزات کے ساتھ ساتھ جگہاتی تجاوزات نے بھی درگاہ کے نواح کو ایک ترتیب کے ساتھ باندھ دیا ہے۔ مزار کے گرد موجود کھلی جگہ اگر فاتحہ و درود وسلام کے لئے استعمال ہوتی ہے تو نماز کے اوقات میں یہی جگہ نماز کی ادائیگی کے لئے وقف ہو جاتی ہے، جمعرات کے روز اسی کھلے صحن میں سماع کی محفل بھی سجائی جاتی ہے اور مختلف مذہبی تنظیمیں یہیں ذکر اذکار کی محفلیں برپا کر لیتی ہیں اس لحاظ سے مزار شریف کے نواح میں موجود جگہ کی تخصیص ختم ہو گئی ہے۔

مزار شریف کے نواح میں موجود وقف زمین کو گدی نشینوں اور متولیوں نے اپنی جاگیر سمجھتے

Marfat.com

ہوئے وہاں گھر و تجارتی عمارتیں تعمیر کر لی ہیں اور وہ جگہ جو زائرین کے زیر استعمال آنا چاہئے وہ گدی نشینوں کی ذاتی منفعت کے حصول میں کام آ رہی ہے۔ اسی طرح نئی نئی رسومات کے متعارف کروانے کے بعد مزار شریف کے گرد جگہ کے استعمال کی تخصیص پر بھی نظر ثانی کی گئی ہے۔ مغلوں کی نت نئی عمارات کی تعمیر نے مزار شریف سے ملحقہ کھلے احاطوں کو نگل لیا یا مختلف ایوانوں اور صحنوں میں تقسیم کر دیا، سکھ عہد میں یہی عمارات گھوڑوں کے اصطبل اور بارود خانے کے ڈپو کے طور پر استعمال ہوتی رہیں۔ برطانوی عہد میں مساجد کو ڈپٹی کمشنروں کی رہائش گاہ کے طور پر استعمال کیا گیا(4)۔ مسجد دائی انگہ، مسجد شاہ چراغ میں تو باقاعدہ انگریز ضلعی افسران اپنی رہائش گاہوں کی تعمیر تک متمکن رہے۔ اسی طرح درگاہوں سے ملحقہ کھلی جگہوں پر حکومت برطانیہ نے مختلف انتظامی، عدالتی، تعلیمی و دفتری عمارات تعمیر کر کے مزارات کے منظر کو چھپا دیا اور یوں درگاہوں کا تقدس مجروح ہوا(5)۔ درگاہوں پر انتظامی، جگہاتی اور عمارتی تجاوزات نے کیسے کیسے چر کے لگائے ہیں، اس کا اگر تجزیہ کیا جائے تو یہ بات کھل کر سامنے آتی ہے کہ جس طرح مزار شریف کی عمارت اپنی جگہ قدیم اور جامد ہے اور کم سے کم تبدیلی سہتی رہی ہے، اس کے برعکس مزار شریف کے گرد و نواح میں جگہ و عمارات میں بے شمار تبدیلیاں رونما ہوتی رہی ہیں ایک لحاظ سے یہ بہت دلچسپ بات ہے۔

عمارتی تجاوزات کا تعلق ان تعمیراتی تجاوزات کے ساتھ ہے جو وقف انتظامیہ یا عقیدت مند اپنی ضرورت اور سہولت کے لئے تعمیر کرتے رہتے ہیں مزار تو چار دیواروں اور ایک چھت (بسا اوقات گنبد دار) پر مشتمل ہوتا ہے۔ سب سے پہلے دربار سے ملحقہ ایک برآمدہ تعمیر کیا جاتا ہے تاکہ عقیدت مندوں کو قبر کے قریب بیٹھنے کے لئے زیادہ سے زیادہ جگہ مل سکے۔ بڑے مزارات کے چاروں اطراف جبکہ چھوٹے مزارات پر عموماً داخلی دروازے کی جانب برآمدے کی تعمیر کی جاتی ہے۔ اس سے مزار کا تعمیراتی تشخص بدل جاتا ہے۔ اس وقت صوفیاء کی تصاویر میسر نہ ہونے کے سبب درگاہ حضرت علی ہجویریؒ، درگاہ خواجہ معین الدینؒ چشتی، درگاہ بابا فریدؒ وغیرہ کی تعمیراتی شناخت ہی ان صوفیاء کی پہچان ہے جیسے مسجد نبویؐ کا گنبد دیکھتے ہی روضہ رسولؐ کا احترام آنکھوں کے سامنے پھیل جاتا ہے۔ ان تمام تعمیرات نے خانقاہ کی ایک خاص جمالیات ترتیب دی ہے جس کے سبب وہ ماحول پیدا ہوتا ہے جو کسی خاص عمارت کو اس کے تاثر سے متصف کرتا ہے

Marfat.com

جس مقصد کے لئے وہ عمارت بنائی گئی ہوتی ہے۔

مغلوں کے عہد تک ہندوستان میں مزارات کے اردگرد کوئی خاص تعمیرات نہیں کی گئیں اس کی وجہ گدی نشینوں کی عدم دلچسپی تھی۔ بقول خلیق نظامی مغلوں کے عہد تک صوفیاء کی درگاہیں محض آمدن کا ذریعہ بن کر رہ گئی تھیں۔ درگاہ سے حاصل ہونے والی آمدن کو گدی نشین صرف اکٹھا کرنا جانتے تھے، درگاہ کی عمارات اور زائرین کی ضروریات اور سہولیات کے لئے خرچ کرنے کی طرف انہوں نے کبھی توجہ نہیں دی۔ زائرین اور بادشاہ جب سلام کے لئے درگاہ پر حاضر ہوتے تو حسب توفیق کچھ نہ کچھ نذرانہ جات کی صورت میں ضرور صاحب مزار کی خدمت میں پیش کرتے۔

مغل بادشاہوں نے سب سے پہلے درگاہوں پر تعمیرات کا سلسلہ شروع کیا۔ خصوصی طور پر بہت سے مزارات پر مساجد کی تعمیر سب سے پہلے کی گئی۔ درگاہ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے احاطے میں چار مساجد تعمیر کی گئی ہیں اس کے علاوہ درگاہ سے ملحقہ مسافر خانے ولنگر خانے کی تعمیر کی جاتی رہی، علاوہ ازیں چشتی صوفیاء کے مزارات پر جماعت خانے کی عمارات بھی تعمیر کی گئیں جو زائرین کے لئے ایک درس گاہ بھی تھی، سرائے بھی تھی اور علماء وصوفیاء کے مابین بحث ومباحثہ کا مقام بھی تھا۔ جبکہ سہروردی سلسلے کے مزارات کے ساتھ چھوٹی مساجد تعمیر کی گئیں۔ یہ تمام تعمیرات بغیر کسی پلاننگ یا منصوبہ کے کی جاتی رہیں جہاں اور جب جس عمارت کی ضرورت محسوس کی گئی، زائرین نے یا حکمرانوں نے اپنی خواہش کے مطابق تعمیر کر دی۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے ہاں درگاہ کا وہ جمالیاتی پیکر تشکیل نہیں پا سکا جیسا وسطی ایشیا میں نظر آتا ہے۔

مغلوں نے اپنے عہد میں درگاہوں پر عقیدت کے اظہار کے طور پر مزارات ومساجد کے علاوہ نقار خانے، توشہ خانے، داخلی ڈیوڑھیاں، سرائے، شفا خانے وغیرہ تعمیر کرائے۔ علاوہ ازیں دیگر اخراجات کے لئے کئی کئی گاؤں کی آمدن مالیہ وغیرہ سے حاصل ہونے والی رقوم بھی مختص کیں۔

سکھوں کے عہد میں مزارات کی تعمیر وتوسیع کا کام نہیں ہوا بلکہ مساجد ودیگر شاہی تعمیرات سے قیمتی ماربل اتار کر سکھوں نے اپنی حویلیوں میں استعمال کر لیا۔

برطانوی عہد حکومت میں پہلے تو درباروں سے حاصل ہونے والی آمدن سے پلوں وسڑکوں وغیرہ کی تعمیر ہوتی رہی۔ بعدازاں جب 1863 کا ایکٹ پاس ہوا تو ہر دربار کی آمدن کا الگ

Marfat.com

اکاؤنٹ بنایا گیا اور اسی پر آمدن خرچ کی گئی، تاہم تعمیرات کا کوئی خاص انتظام نہیں کیا گیا۔

پاکستان بننے کے بعد صدر محمد ایوب خان نے مزارات پر خصوصی توجہ دی اور انتظامی معاملات حکومتی ارکان کے ہاتھ میں آ گئے۔ بعد ازاں ضیاء الحق نے پہلی مرتبہ دربار حضرت علی ہجویریؒ کی تعمیر و توسیع کا جامع منصوبہ بنایا اور تین مراحل میں تعمیرات ہوئیں (6)۔ اول مرحلے میں مسجد و زیریں منزل کی تعمیر ہوئی، دوسرے مرحلے میں پارکنگ کے لئے تہہ خانہ، سماع ہال، لائبریری، سیمینار ہال وغیرہ کی تعمیر کی گئی جبکہ تیسرے مرحلے میں کانفرنس ہال، دفاتر، بینک و دستکاری سکول کے لئے عمارات تعمیر کی گئیں۔ درگاہ کا رقبہ جو پہلے چھ کنال چند مرلے تھا، توسیع کے بعد 58 کنال ہو گیا۔ وقف انتظامیہ نے ملحقہ زمین خرید کر درگاہ حضرت علی ہجویریؒ کا احاطہ لوئر مال روڈ تک بڑھا دیا۔ اسی طرح بے نظیر بھٹو نے اپنے عہد میں دربار بابا فریدؒ پاک پتن پر ایک بڑی مسجد کی تعمیر کروائی اور دیگر لائبریری سکول و دفاتر وغیرہ کی عمارات بنائی گئیں۔ مگر یہ کوئی ماسٹر پلاننگ کے ساتھ توسیع نہیں کی گئی بلکہ جیسا کہ ہوتا آیا ہے، حسب ضرورت توسیع کر دی گئی۔

گذشتہ نصف صدی کے دوران کئی تجاوزات درگاہ کمپلیکس کا حصہ بن چکی ہیں ان میں کثیر منزلہ عمارات، ائیر کنڈیشنگ، حفاظت پاپوش کے لئے داخلی ڈیوڑھی، عورتوں و مردوں کے لئے علیحدہ علیحدہ صحن، روشنیوں کا خصوصی اہتمام، لینڈ اسکیپنگ، ریسرچ سنٹر، دوکانات اور پارکنگ وغیرہ شامل ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اب خانقاہ نے ایک کمپلیکس کی صورت اختیار کر لی ہے۔ اور مسجد کا تاثر مزار پر غالب آ گیا ہے، درگاہ کا ثقافتی تشخص اسلامی پہچان کے سامنے دب گیا ہے۔ اس سے درگاہ کا صدیوں سے قائم تشخص مجروح ہوا ہے۔ اب لوگ فاتحہ کے ساتھ ساتھ نماز جمعہ پڑھنے کی ترجیح لے کر درگاہ پر جاتے ہیں۔

## حوالہ جات


1- The Music in The Shrine Act 1942.

2- The Chartiable Funds (Regulation of Collection) Act 1953.


Marfat.com

3- The West Pakistan Waqf Property Ordinance 1959.

4- کنہیالال ہندی نے تاریخ لاہور میں ایسی تفصیلات قلم بند کی ہیں۔

5- حضرت شاہ چراغ لاہوریؒ کے مزار کے احاطہ میں ایوان اوقاف، لاہور ہائی کورٹ وغیرہ کی عمارات تعمیر کی گئیں۔

6- تفصیلات کے لئے دیکھئے راقم کی کتاب ''داتا دربا کمپلیکس۔۔۔تعمیر سے تکمیل تک'' مطبوعہ 2004ء۔ادراک پبلی کیشنز لاہور۔

❁❁❁❁❁

Marfat.com

# قدیمی مسجد و مزار حضرت علی ہجویریؒ: چند معروضات

ہندوستان میں اسلامی تصوف کا اولین حوالہ حضرت علی ہجویریؒ اور ان کی تصنیف کشف المحجوب ہے۔ آپ دسویں صدی کے آغاز میں غزنی (غزنیں) میں پیدا ہوئے اور اپنے مرشد ابوالفضل محمد بن حسن ختلی کی ہدایت پر لاہور تشریف لائے۔ آپ سے قبل لاہور آنے والے جس اولین مبلغ کا نام تاریخی کتب میں آتا ہے وہ شیخ اسماعیلؒ لاہوری تھے جن کا مزار ہال روڈ پر واقع ہے وہ علوم ظاہری و باطنی دونوں میں دسترس رکھتے تھے۔ حضرت علی ہجویریؒ اپنے دو ساتھیوں ابوسعید ہجویری اور احمد حماد سرخسی کے ہمراہ لاہور وارد ہوئے یہ زمانہ سلطان مسعود ابن محمود غزنوی کا اخیر عہد حکومت تھا۔

ژوکوفسکی کے تصحیح کردہ نسخہ کشف المحجوب کے مطابق آپ کا نام ''الشیخ ابوالحسن علی بن عثمان بن ابی علی الجلابی ثم الہجویری'' تھا۔ داراشکوہ نے سفینۃ الاولیاء میں ''کنیت ابوالحسن علی بن عثمان بن ابی علی الجلابی الغزنوی'' لکھا ہے۔ مزید لکھتا ہے (1) ''آپ غزنی کے رہنے والے تھے جلاب اور ہجویر غزنی کے دو محلے تھے آپ کے والد پہلے جلاب میں قیام پذیر تھے پھر ہجویر منتقل ہو گئے ان کے والدین کی قبریں پیر علی ہجویریؒ کے ماموں تاج الاولیاء کے مزار سے متصل غزنی میں ہیں...... یہ عاجز (داراشکوہ) بھی آپ کے روضہ (لاہور) اور آپ کے والدین اور ماموں کے مزارات (غزنی) پر حاضری دے چکا ہے۔''

لاہور میں آپ کے عرصہ قیام کے بارے میں کم و بیش سبھی متفق ہیں کہ آپ تیس سال کے لگ بھگ لاہور میں قیام پذیر رہے۔ شیخ محمد اکرام مرحوم کے بقول ''فارسی نثر کی سب سے پہلی مذہبی کتاب جو برصغیر پاک و ہند میں پایہ تکمیل کو پہنچی کشف المحجوب ہے۔'' اس سے قبل عربی زبان میں اسلامی تصوف کے موضوع پر امام ابوالقاسم کا ''رسالہ قشیریہ'' تحریر کیا جا چکا تھا۔ ''تاریخ

مشائخ چشت'' میں پروفیسر خلیق نظامی لکھتے ہیں ''شیخ ہجویریؒ کی اس کتاب نے ایک طرف تو تصوف سے متعلق عوام کی غلط فہمیوں کو دور کیا اور دوسری طرف اس کی ترقی کی راہیں کھول دیں۔'' کشف المحجوب کا اولین انگریزی ترجمہ 1911ء میں پروفیسر رینالڈ نکلسن نے کیا۔

حضرت علی ہجویریؒ کے بارے میں معلومات کا مستند حوالہ خود کشف المحجوب ہی ہے مگر کتاب مذکورہ میں حضرت علی ہجویریؒ نے اپنے بارے میں کوئی خاص تفصیلات نہیں دیں یہی وجہ ہے کہ آپ کی لاہور آمد، قیام اور وفات کے حوالے سے کہیں سے بھی کوئی مستند معلومات نہیں ملتیں، قیاس آرائیاں البتہ خوب ملتی ہیں۔ حضرت علی ہجویریؒ کے بارے میں اول تذکرہ ''فوائد الفواد'' میں ملتا ہے۔ اس کے بعد قدرے تفصیل کے ساتھ داراشکوہ نے ''سفینۃ الاولیاء'' (مطبوعہ 40-1639) میں آپ کے بارے میں لکھا ہے۔ اس کے بعد تحقیقات چشتی (1864) اور خزینۃ الاصفیاء (1865) میں کئی نئی باتیں اچانک سامنے آتی ہیں جن کا کوئی قدیمی مستند حوالہ دیئے بغیر مولفین تحریر کرتے چلے جاتے ہیں۔ یہیں سے بہت سی غلط فہمیوں اور مختلف تصورات نے جنم لیا۔ آپ کے وصال سے آٹھ سو سال بعد تحریر کی جانے والی یہ کتابیں کسی طرح بھی قابل اعتبار اور مستند نہیں گردانی جا سکتیں۔ بے شمار محققین نے نہایت دقت نظر سے تحقیق کے بعد آپ کے یوم ولادت، یوم وصال، لاہور آمد وغیرہ کے بارے میں قیاس آرائیاں کی ہیں جو یقیناً قابل تحسین ہیں۔ یہ باتیں کچھ ایسی ہیں کہ جن کا اثر حضرت علی ہجویریؒ کی شخصیت کی تشکیل پر نہیں پڑتا مگر کچھ واقعات اور مفروضے ایسے قائم کر لئے گئے ہیں جن کی سند تاریخ کی کسی کتاب میں نہیں ملتی۔ اب اس کی صداقت کے لئے کیا دلیل لائی جا سکتی ہے بذات خود ایک توجہ طلب معاملہ ہے۔ مگر گذشتہ ایک سو سالوں سے حضرت علی ہجویریؒ کے بارے میں لکھنے والے مصنفین و مولفین نے بغیر تحقیق کے ان واقعات کو مسلسل لکھا ہے کہ اب قارئین اور عقیدت مندانِ حضرت علی ہجویریؒ ان کی صداقت کو جھٹلانے کے بارے میں سننے کے لئے تیار نہ ہوں گے اس مضمون کو تحریر کرنے کا مقصد اصل حقائق کو سامنے لانا ہے نہ کہ عقیدت مندان حضرت علی ہجویریؒ کے جذبات کو مجروح کرتا ہے۔ (واللہ علم بالصواب)۔

حضرت علی ہجویریؒ کی قبر مبارک کے حوالے سے قدیم ترین حوالہ داراشکوہ کی کتاب سفینۃ الاولیاء میں ملتا ہے (2) جہاں وہ لکھتا ہے'' آپ کی قبر اپنی مسجد کے موافق سمت میں ہے۔''

Marfat.com

داراشکوہ مزید لکھتا ہے "ہر جمعرات کو آپ کے روضہء اطہر پر ہزاروں آدمی حاضر ہوتے ہیں۔"

سفینۃ الاولیاء 40-1639 میں تحریر کی گئی، مذکورہ بالا جملوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ سترہویں صدی کی چوتھی دہائی میں حضرت علی ہجویریؒ کی قبر پر تعمیرات موجود تھیں، مگر یہ تعمیرات کوئی ایسی قابل ذکر یا شاندار نہیں تھیں بلکہ معلوم پڑتا ہے کہ اس وقت دربار شریف پر گنبد بھی نہیں تھا، اس لئے کہ تحقیقات چشتی کا مصنف لکھتا ہے۔(3)

"اور مزار گوہر بار حضرت پیر علی ہجویریؒ کی چبوترہ سنگ مرمر سفید پر واقع ہے اور مزار شریف سنگ مرمر کی حسیں پر گلکاری سنگین حنوط ہوئی ہوئی ہے اور مزار کے دو درجہ ہیں ایک تو دو فٹ اونچا، اور پھر ایک فٹ کا اور چبوترہ اور اس پر تعویز اور اس چبوترہ پر ایک پنجرہ چوبی ہشت پہلو واقع ہے یہ پنجرہ چوبی میاں عیوض خان فیل بان مہاراجہ رنجیت سنگھ نے بنوایا تھا۔"

سفینۃ الاولیاء کے مطابق آپ کی قبر پر روضہ اطہر موجود تھا جبکہ 1864ء میں تحریر کی جانے والی تحقیقات چشتی ہمیں اطلاع دیتی ہے کہ آپ کی قبر چبوترہ پر تھی اور اس پر ایک پنجرہ چوبی ہشت پہلو رکھا ہوا تھا، چونکہ قرین قیاس ہے کہ آپ کو اپنے حجرہ میں دفن کر دیا گیا تھا لہٰذا ابتداء میں یقینی طور پر آپ کا مزار سطحی نقشہ میں مربع شکل کا رہا ہوگا اور اس پر کوئی گنبد وغیرہ نہ تھا جبکہ بعدازاں یہ مزار مبارک گر گیا تو آپ کی قبر کے چبوترہ کو ہشت پہلو کر دیا گیا اور پھر اس چبوترہ پر ہشت پہلو چوبی پنجرہ رکھا گیا۔ مگر یہ انیسویں صدی کی ساتویں دہائی کی بات ہے۔ اگر مزار شریف موجود ہوتا تو اس چوبی پنجرہ کا قبر پر رکھنے کا کوئی جواز باقی نہیں رہ جاتا کیونکہ لاہور اور اس کے نواح میں اس طرح مزارات کے اندر چوبی پنجرہ کا رواج کبھی نہیں رہا۔ جنوبی پنجاب میں جہاں مزار میں بے شمار قبور ہوتی ہیں، وہاں شیخ کی قبر کو نمایاں امتیاز بخشنے کے لئے چوبی پنجرہ استعمال کیا جاتا ہے جبکہ یہاں مزار شریف کا حجرہ پہلے ہی بہت چھوٹا تھا۔

تحقیقات چشتی کا مصنف گنبد کی تعمیر کے بارے میں مزید لکھتا ہے:(4)

"اور اب 1278ھ میں مسمی نور محمد سادھو نے ایک گنبد بالائے پنجرہ چوبی تعمیر کرایا ہے اور پنجرہ سے لے کر تا عمارت گنبد ڈاکٹر محمد حسین متعینہ میڈیکل کالج نے آئینے چاروں طرف لگوائے ہیں، گنبد چونہ گچ خشتی پختہ، جس کا گنبد اوپر سے سبز ہے، تعمیر ہوا اور اس گنبد کی تاریخیں تعمیر کی

Marfat.com

شعرائے لاہور نے بہت لکھی ہیں۔"

ان حوالہ جات سے درج ذیل باتیں سامنے آتی ہیں۔

1- 1278ھ میں پہلی بار گنبد کی تعمیر کی گئی اور شعراء نے اس کی تعمیر کی تاریخیں بیان کیں۔

2- گنبد سے قبل قبر پر صرف پنجرہ چوبی تھا۔

3- گنبد کی تعمیر کے بعد اندرونی جانب آئینے (شیشہ کاری) اور بیرونی جانب رنگ سبز کیا گیا۔

ایسی ہی تفصیلات بسلسلہ تعمیر گنبد و شیشہ کاری بر مزار حضرت علی ہجویری ہمیں "تاریخ لاہور" میں کنہیالال ہندی اپنی زبان میں دیتے ہیں۔(5)

"چبوترہ سنگ مرمر کا ہے اور فرش سنگ مرمر کا، قبر بھی ایک ٹکڑا سنگ مرمر کی بنی ہوئی ہے۔ چبوترے کے آٹھوں پہلوؤں پر چوبی پنجرہ ہے پہلے اوپر مزار کے گنبد نہ تھا مگر 1278ھ میں مسمی نور محمد سادھو نے یہ گنبد بنوایا ہے جواب موجود ہے گنبد مدّور نہایت خوبصورت ہے، آٹھوں دہن رکھے گئے ہیں آٹھوں میں نیچے پنجرے اور اوپر آئینے لگا کر بند کر دیئے گئے ہیں جنوبی دروازہ رکھا گیا ہے۔"

مزار شریف حضرت علی ہجویریؒ کے بارے میں قدیم ترین بصری حوالہ ہمیں اگر ایک جانب جان اے سبحان کی کتاب (مطبوعہ 1938ء) میں دی گئی ڈاکٹر ایل ای براؤن کی فوٹو گراف میں ملتا ہے(6) تو دوسری جانب کم وبیش اسی زاویئے سے تیار کی گئی استاد میراں بخش مورتاں والے (1844-1877) کی وہ آبی رنگوں کی خوبصورت پینٹنگ ہے جو بالکل اصل معلوم ہوتی ہے ان دونوں حوالوں سے مزار شریف کی بیسویں صدی کی دوسری اور تیسری دہائی کی صورتحال قطعی واضح ہو جاتی ہے۔ ڈاکٹر ای ایل براؤن کی فوٹو گراف میں ہمیں ہشت پہلو مزار کے اندر چوبی پنجرہ واضح نظر آتا ہے جبکہ استاد میراں بخش مورتاں والے کی آبی رنگوں کی پینٹنگ میں چوبی پنجرے پر چڑھایا گیا چاندی کا پرت دکھائی پڑتا ہے جس کے بارے میں ہمیں محمد دین فوق اطلاع دیتے ہیں۔(7)

"آپ کے تعویذ کے گرد ایک پنجرہ چوبی ہشت پہلو ہے جس کو میاں عیوض خان فیل بان مہاراجہ رنجیت سنگھ نے 1240ھ میں بنوایا تھا۔"

"حضرت کے چبوترہ کے گرد جو چاندی کا کٹہرہ ہے عرصہ ستائیس سال کا ہوا نواب غلام محبوب سبحانی نے اس کٹہرہ پر چاندی لگوا دی تھی۔"(8) (گویا چاندی کا کام کہیں 1887ء میں

Marfat.com

ہوا تھا) ۔

مذکورہ بالا تصویر اور آبی رنگوں کی پینٹنگ سے درج ذیل معلومات بھی ملتی ہیں۔

1- ہشت پہلو مزار شریف کی بیرونی دیواروں کی سطح پر سنگ مرمر لگا ہوا تھا۔

2- ہشت پہلو پلیٹ فارم جس پر چوبی پنجرہ تھا وہ اس ہشت پہلو عمارت کی بیرونی دیواروں سے قدرے اندر کی جانب تھا۔

3- ہشت پہلو عمارت کے آٹھوں در پہلے کھلے تھے، بعدازاں ان میں سنگ مرمر کی جالیاں آویزاں کر کے ان کو بند کر دیا گیا اور یہ یقینی طور پر بیسویں صدی کے نصف کا واقعہ ہے۔

4- ہشت پہلو عمارت کے اوپر گنبد کی بیرونی سطح پہلے سبز رنگ کی تھی، بعدازاں ساتویں دہائی میں اس پر سبز ٹائلیں لگا دی گئیں۔

5- حضرت علی ہجویریؒ کی قبر صحن سے کم و بیش تین فٹ بلند پلیٹ فارم پر تھی جو ہشت پہلو تھا اور آج بھی ویسا ہی ہے۔ صرف ہشت پہلو مزار شریف کے گرد بیس فٹ چوڑی غلام گردش بنا دی گئی ہے۔ جس کی دو حصوں میں توسیع ہوئی ہے پہلے مزار شریف کے گرد دس فٹ چوڑی غلام گردش چاروں اطراف بنائی گئی بعدازاں مزید دس فٹ چوڑی غلام گردش کی توسیع کر دی گئی۔ یہ تعمیراتی کام ساتویں دہائی میں ہوا۔

حضرت علی ہجویریؒ کی درگاہ کے بارے میں تفصیلات ہمیں تحقیقات چشتی میں ملتی ہیں، اس سے قبل کسی بھی کتاب یا چشتیوں کے ملفوظات میں کہیں بھی اس کی تعمیر و نواحی عمارات کے بارے میں کچھ معلوم نہیں پڑتا۔ دارا شکوہ سفینۃ الاولیاء میں صرف آپ کی قبر کا ذکر کرتا ہے۔ آئین اکبری میں ابوالفضل نے صرف اتنا لکھا ہے ''آپ نے لاہور میں قیام فرمایا اور یہیں آسودہ خاک ہوئے جہاں آپ کے مرقد پر عقیدت مندوں کا ہجوم رہتا ہے۔''

تحقیقات چشتی کا مصنف لکھتا ہے:(9)

''قبل اس کے گرد و نواح اس کے (مزار حضرت علی ہجویریؒ) قبرستان بہت بھاری تھا مگر اب مسمار ہو گیا ہے اور مہاراجہ رنجیت سنگھ نے بہت سے مقبرہ جات اور قبور جو گرد و نواح اس کے تھے، مسمار کرا دیئے تو بھی بہت قبور تا ہنوز باقی ہیں۔''

جہاں تک انیسویں صدی کے وسط کا زمانہ ہے، درگاہ حضرت علی ہجویریؒ کے بارے میں

ہمیں جو تفصیلی معلومات تحقیقات چشتی میں ملتی ہیں، ان سے معلوم ہوتا ہے کہ (10)

1- درگاہ حضرت علی ہجویریؒ تک جانے کے لئے راستہ حضرت علی ہجویریؒ کے مزار کی غربی جانب واقع قدیمی مسجد کے پیچھے غربی جانب سے گزر کر شمالی جانب جاتا تھا اور پھر مسجد کے ایوان کے اختتام پر شرقی جانب مڑ کر سیدھا مزار حضرت علی ہجویریؒ تک پہنچتا تھا۔ اس راستے کی دونوں جانب اور مزار شریف کے صحن میں کئی چبوترے تھے جو مجاوروں کی نشست گاہیں تھیں جہاں وہ آنے والے عقیدت مندوں سے ملاقاتیں کرتے تھے۔

2- حضرت علی ہجویریؒ کے ہشت پہلو مزار کے نواح میں کئی پختہ قبور و مزارات موجود تھے جن میں سے مزار چوہدری غلام رسول، قبر پختہ محمد خان مہتمم ٹکسال، مزار شیخ امام الدین خان بہادر گورنر کشمیر پختہ قبر شیخ سلیمان مجاور، قبر میر مومن خان نائب ناظم لاہور، قبر سید حضوری شاہ، شیخ ہندی کی قبور زیادہ اہم ہیں۔

3- درگاہ حضرت علی ہجویریؒ کے نواح میں کئی کنویں تھے جو وقف تھے، جہاں سے لوگ ضرورت کے لئے پانی نکالتے رہتے تھے۔ نئی مسجد کی تعمیر کے دوران جب کھدائی کی گئی تو ایسا ہی ایک کنواں نکلا تھا اس کے علاوہ ایک چاہ میاں فضل دین، ایک چاہ میاں صدرالدین کا تھا اور ایک چاہ رنجیت سنگھ نے بنوا کر مجاورین کو دیا۔

درگاہ حضرت علی ہجویریؒ کی نسبت سے خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کے حوالے سے تین باتیں ایسی زبان زد عام ہیں جن پر تحقیق کی جانی مطلوب ہے۔

1- خواجہ معین الدین چشتیؒ جب ہندوستان آئے تو درگاہ حضرت علی ہجویریؒ کی پائنتی جانب چلہ کشی کی اور پھر ان کو ہندوستان کی ولایت عطا ہوئی اور فیوض و برکات سے نوازا گیا اس کی یادگار کے طور پر آج بھی مزار شریف کی جنوبی جانب چلہ گاہ خواجہ معین الدین چشتیؒ موجود ہے۔

2- حضرت علی ہجویریؒ سے ولایت پانے کے بعد خواجہ معین الدین چشتیؒ نے آپ کی قبر کی پائنتی جانب کھڑے ہو کر یہ شعر پڑھا۔ (تحقیقات چشتی میں یہ شعر یوں درج ہے) ۔

گنج بخش ہر دو عالم مظہر نور خدا
کاملاں را پیر کامل، ناقصاں را رہنما

Marfat.com

کچھ لوگ اس شعر کو یوں بھی پڑھتے ہیں۔

گنج بخش فیض عالم مظہر نور خدا
ناقصاں را پیر کامل، کاملاں را رہنما

کیا کوئی ایسا تاریخی حوالہ موجود ہے جو یہ ثابت کرے ہے کہ واقعی یہ شعر خواجہ معین الدین چشتیؒ کا ہے اور انہوں نے حضرت علی ہجویریؒ کی قبر کی پائنتی جانب کھڑے ہو کر پڑھا تھا۔

3- تیسری بات حضرت علی ہجویریؒ کی ''گنج بخش'' کے حوالے سے مقبولیت ہے۔ اکثر مولفین کا خیال ہے کہ مذکورہ بالا شعر کے بعد حضرت علی ہجویریؒ گنج بخش مشہور ہوئے۔ کچھ کہتے ہیں آپ کو اپنی زندگی میں ہی ''گنج بخش'' کے نام سے مقبولیت مل چکی تھی۔

اب ہم باری باری تاریخی حوالہ جات کی روشنی میں مذکورہ بالا تینوں دعوؤں کا جائزہ لینے کی کوشش کریں گے کہ کس حد تک ان میں سچائی موجود ہے۔

خواجہ معین الدین چشتیؒ کے حوالے سے خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کی مرتب کردہ کتاب ''دلیل العارفین'' ہے جو خواجہ معین الدین چشتیؒ کے ملفوظات پر مشتمل ہے۔ دلیل العارفین بارہ مجالس پر مشتمل کتاب ہے جس میں درج ذیل چار اہم موضوعات پر خواجہ معین الدین چشتیؒ کے ملفوظات قلم بند کیے گئے ہیں۔

1- فقر و ثواب کے بارے میں
2- مکتوبات و تسبیح کے بارے میں
3- اوارد و وظائف کے بارے میں
4- سلوک اور اس کے فوائد کے بارے میں

کتاب کی پہلی مجلس نماز اور حرمت مرشد کے بیان کے بارے میں ہے یہ مجلس بغداد میں ہوئی اور یہ وہ پہلا دن تھا جب خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ نے خواجہ معین الدین چشتیؒ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ گیارہویں مجلس کے اختتام پر یہ اطلاع مل جاتی ہے کہ خواجہ معین الدین چشتیؒ اب اجمیر شریف جانے والے ہیں لہٰذا بارہویں مجلس جو ملک الموت کے بیان کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہے وہ اجمیر شریف میں منعقد ہوتی ہے اور یوں ''دلیل العارفین'' کی تکمیل ہو جاتی ہے ان مجالس میں خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کے علاوہ شہاب الدین سہروردیؒ، خواجہ اجل شیرازیؒ، شیخ

Marfat.com

سیف الدین، شیخ داؤد کرمانی، شیخ برہان الدین چشتی، شیخ تاج الدین محمد صفا پانی، شیخ جلال الدین، شیخ محمد احمد چشتیؒ کے علاوہ کئی بزرگ اور صوفیاء موجود رہتے تھے جن کی موجودگی میں خواجہ معین الدین چشتیؒ نے مذکورہ موضوعات پر گفتگو کی۔

نہ صرف ''دلیل العارفین'' بلکہ ''فوائد الفواد'' اور ''سیر الاولیاء'' جیسی چشتی صوفیاء کے ملفوظات پر مشتمل کسی بھی کتاب میں حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کی اس چلّہ کشی کا کہیں مذکور نہیں ہے۔اس طرح سترہویں صدی میں تحریر کی جانے والی داراشکوہ کی کتاب سفینۃ الاولیاء میں بھی ہمیں اس چلّہ کشی کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں ملتی۔اس سلسلے میں اولین حوالہ تحقیقات چشتی میں ملتا ہے جو 1864ء میں طبع ہوئی۔

نور احمد چشتی لکھتے ہیں (11)۔ ''سن پانسو ہجری میں حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ ان حضرت (علی ہجویریؒ) کی مزار پر آئے اور چلّہ ادا کیا چنانچہ حضرت کے مزار کے جنوب دید، اندرون چار دیواری مکان چلّہ اب تک موجود ہے۔''

تحقیقات چشتی میں مصنف لکھتا ہے کہ معلومات مجاورین کے زبانی اس کے علم میں آئیں۔ میاں محمد سلیم حماد ہجویری قادری ''فاتح قلوب'' میں یہاں تک لکھ جاتے ہیں۔(12)

''حضرت خواجہ جب لاہور تشریف لائے تو وہ دس ماہ حضور داتا گنج بخش کے آستانہ پر مقیم رہے اور آستانہ کے سجادہ نشین و متولی حضرت شیخ عنایت اللہ کو آپ کے میزبان اور مصاحب ہونے کا اعزاز حاصل ہوا۔حضرت میراں حسین زنجانیؒ اور حضرت عزیز الدین پیر مکیؒ سے بھی باہم ملاقاتیں رہیں قیام لاہور کے دوران آخری چالیس دن حضرت شیخ ہندی کے حجرہ شریف جو حضرت داتا گنج بخش کے قدموں میں موجود تھا حضرت خواجہ اجمیر نے مزار داتا پر اعتکاف فرمایا۔''

چشتی صوفی چلّہ کو زیادہ پسند نہ کرتے تھے اس لئے جب حضرت فرید الدین گنج شکرؒ نے چلّہ معکوس کے لئے اول خواجہ بختیار کاکیؒ سے اجازت طلب کی تو انہوں نے پہلے انکار کر دیا۔اس وقت چشتی صوفیاء کے ملفوظات پر مشتمل درجنوں کتابیں موجود ہیں مگر کسی کتاب میں ایک بار بھی خواجہ معین الدین چشتیؒ کے درگاہ حضرت علی ہجویریؒ پر قیام، اعتکاف یا چلّے کے حوالے سے گواہی نہیں ملتی، ہاں فوائد الفواد میں خواجہ معین الدین چشتی کے لاہور آنے اور حضرت میراں حسین زنجانیؒ سے ملاقات کے بارے میں ضرور معلوم ہوتا ہے۔دوسری اہم بات یہ ہے کہ محمد دین فوق اور دیگر مولفین لکھتے ہیں

کہ خواجہ معین الدین چشتی 537ھ میں سنجر میں پیدا ہوئے۔ 580ھ کے قریب یا اس سے پہلے وہ ہندوستان تشریف لائے اس لحاظ سے تو نوذ احمد چشتی کا یہ کہنا کہ آپ 500ھ میں درگاہ علی ہجویریؒ پر چلہ کش ہوئے، قابل اعتبار نہیں ٹھہرتا۔ اب اگلی بات اس معروف شعر سے متعلق ہے کہ جسے خزینۃ الاصفیاء اور تحقیقات چشتی کے مصنفین نے خواجہ معین الدین چشتیؒ سے منسوب کر دیا ہے۔ انیسویں صدی کی ساتویں دہائی میں لکھی جانے والی ان کتب سے قبل ہمیں اس شعر کا کوئی اور حوالہ نہیں ملتا۔

یہ شعر اگر خواجہ معین الدین چشتیؒ کا ہی ہے جو انہوں نے حضرت علی ہجویریؒ کے لئے لکھا تھا تو چشتیوں کے ملفوظات میں کہیں تو اس کا ذکر ہوتا، یہاں تک کہ داراشکوہ کی سفینۃ الاولیاء میں بھی اس کا کہیں ذکر نہیں ہے اور وہ آپ کو حضرت علی ہجویریؒ ہی لکھتا ہے۔ اسی طرح فوائد الفواد کا مصنف بھی آپ کو گنج بخش کے بجائے شیخ علی ہجویری لکھتا ہے۔ یوں لگتا ہے یہ کہانی بھی صاحب خزینۃ الاصفیاء اور صاحب تحقیقات چشتی کی خود ساختہ ہے یا پھر اس کے راوی بھی مجاورین ہیں۔

اس شعر کی تشکیل کیسے ہوئی ہمیں تھوڑا پیچھے جھانکنا پڑے گا۔ سفینۃ الاولیاء کا مولف داراشکوہ کشف المحجوب کے حوالے سے لکھتا ہے۔ (13)

''یہ کتاب درحقیقت ایک کامل رہنما ہے اور کتب تصوف میں ایک مرشد کامل، فارسی زبان میں ایسی کامل کتاب تصنیف نہیں ہوئی۔''

اسی طرح مولانا متین ہاشمی نے خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کے حوالے سے درج کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں: (14)

''می فرمودند کشف المجوب از تصنیف شیخ علی
ہجویری است قدس اللہ روحہ العزیز
اگر کسی را پیرے نہ باشد چوں ایں کتاب را
مطالعہ کند اورا پیدا شود من ایں کتاب را
بہ تمام مطالعہ کرد''

ترجمہ: ''کشف المحجوب حضرت شیخ علی کی تصنیف ہے اگر کسی کا پیر نہ ہو جب وہ اس کتاب کا مطالعہ کرے گا اسے پیر کامل مل جائے گا، میں نے اس کتاب کا بتمام وکمال مطالعہ کیا ہے۔''

Marfat.com

اب ذرا آیئے دوبارہ اس شعر کا مصرع ثانی دیکھتے ہیں۔

''کاملاں را پیر کامل، ناقصاں را رہنما''

شیخ نظام الدین اولیاءؒ اور داراشکوہ کے عہد میں خواجہ معین الدین چشتی سے منسوب یہ شعر اگر موجود ہوتا تو ہر دو شخصیات کو حوالے کے طور پر ترجیحاً اسے پیش کرنا چاہیئے تھا۔

مذکورہ بالا صورتحال سے تو یہی واضح ہوتا ہے کہ یہ شعر نہ تو حضرت خواجہ معین الدین چشتی کا ہے اور نہ ہی سترہویں صدی تک اس کا وجود تھا بلکہ اس کے بعد کسی نے داراشکوہ اور شیخ نظام الدین اولیاء کے انہی خیالات کو شعر کی شکل میں باندھا اور مصرع اولیٰ کا اضافہ کر دیا۔ جہاں تک حضرت علی ہجویری کے ''گنج بخش'' کے حوالے سے مقبول ہونے کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں ہماری تائید کو حکیم محمد موسیٰ امرتسری موجود ہیں جنہوں نے کشف المحجوب کے مقدمہ میں یہ لکھا ہے۔(15)

''حضرت شیخ اس صحیح اور جائز لقب سے قریباً پانچ سو سال بعد ملقب ہوئے مفتی غلام سرور نے جو یہ لکھا ہے کہ حضرت خواجہ معین الدین اجمیری قدس سرہ نے انہیں گنج بخش کہا، قدیم تذکروں اور ملفوظات خواجگان چشت سے ہرگز ہرگز اس کی تائید نہیں ہوتی۔''

قرین حقیقت یہ ہے کہ حضرت علی ہجویریؒ کو گنج بخش کا لقب اور مذکورہ بالا شعر دونوں ہی داراشکوہ کی کتاب سفینۃ الاولیاء (مطبوعہ 40-1639) کے بعد کا معاملہ ہے وگرنہ داراشکوہ ضرور اس شعر کو درج کرتا اور آپ کو صرف حضرت علی ہجویریؒ کے بجائے حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری لکھتا لہٰذا حضرت علی ہجویریؒ کو داتا گنج بخش کے حوالے سے مقبول ہونے کا عرصہ سترہویں صدی کا اخیر یا اٹھارہویں صدی کا کوئی زمانہ سمجھنا چاہیئے۔

''کشف الاسرار'' کے صفحہ 5 پر لکھا ہے۔''اے علی! خلقت تجھے گنج بخش کہتی ہے'' اب محققین کا متفقہ خیال ہے کہ کشف الاسرار حضرت علی ہجویریؒ کی تخلیق نہ ہے بلکہ اسے مغلیہ عہد کے آخری سالوں میں تحریر کر کے حضرت علی ہجویریؒ کے نام منسوب کر دیا گیا۔ اس بات کو اگر تسلیم کر لیا جائے تب بھی آپ کے گنج بخش مشہور ہونے کا زمانہ یہی بنتا ہے۔

حضرت علی ہجویریؒ کے کم و بیش سبھی مولفین نے آپ کے ہاتھوں سے تعمیر ہونے والی مسجد کے درست قبلہ رخ کے تعین کے بارے میں آپ کی کرامت بیان کی ہے۔ اس کرامت کا نقطہ

آغاز داراشکوہ کی تالیف ''سفینۃ الاولیاء'' ہے۔ جس میں درج ہے۔(16)

''ایک مسجد تھی جو آپ نے خود تعمیر کرائی تھی جس کا محراب دوسری مساجد کی نسبت جنوب کی طرف جھکا ہوا ہے۔ روایت ہے کہ اس وقت کے علماء نے اس محراب کے ٹیڑھا ہونے کی بابت اعتراض کیا تھا۔ ایک دن آپ نے سب کو جمع کیا اور امامت فرمائی اور بعد ازاں سب کو خطاب کیا، دیکھو کعبہ کس طرف ہے تمام حجابات درمیان سے اٹھ گئے اور کعبہ مجازی نظر آتا تھا۔''

''سفینۃ الاولیاء'' کی اشاعت کے بعد تقریباً سبھی اہم مولفین نے بغیر تحقیق کے اس واقعہ کو کم وبیش اسی تفصیل کے ساتھ بار بار لکھا، جس سے چند جزئیات میں اضافہ بھی ہو گیا۔

محمد دین فوق لکھتے ہیں (17) ''یہ مسجد آپ نے اپنی گرہ سے تعمیر کرائی۔''

خزینۃ الاصفیاء کے مولف نے بھی تعمیر مسجد اور قبلہ رخ کے حوالے سے آپ کی کرامت کا بالتفصیل ذکر کیا ہے۔ جہاں ان کی خانقاہ تھی وہاں ایک مسجد تعمیر کی۔ جب مسجد کی تعمیر مکمل ہو گئی تو ایک دن تمام علمائے شہر کو جمع کیا اور خود امام بن کر اس مسجد میں نماز پڑھائی۔''

اب یہاں غلام سرور قادری مزید معلومات مہیا کر دیتے ہیں کہ جب مسجد کی تعمیر مکمل ہو جاتی ہے تب ایک دن علمائے شہر کو اکٹھا کر کے نماز پڑھاتے ہیں اور مزید لکھتے ہیں کہ جہاں ان کی خانقاہ تھی وہاں ایک مسجد کی تعمیر کی۔

جہاں تک مسجد کی تعمیر کا معاملہ ہے، یقیناً انیسویں صدی کی نویں دہائی تک انہی پرانی بنیادوں پر ایک قدیمی مسجد موجود رہی ہے جسے نئی مسجد کی تعمیر کے وقت گرا دیا گیا۔ یہ مسجد آپ کے مزار شریف کے جنوب مغربی سمت میں تھی۔ اب دوسرا معاملہ اس کے درست قبلہ رخ ہونے کا ہے کہ وہ چونکہ شہر کی باقی مساجد کی نسبت قدرے جنوب کی جانب تھا لہٰذا علماء نے اعتراض کیا۔

اب یہاں دو اہم باتیں محل نظر ہیں، جس وقت حضرت علی ہجویریؒ لاہور تشریف لائے اس وقت یہاں شہر میں کافی علماء موجود تھے، لہٰذا یہاں مسلمانوں کی تعداد بھی کافی ہو گی اور اسی نسبت سے یہاں کئی مساجد پہلے سے تعمیر ہوں گی، یاد رکھئے حضرت علی ہجویریؒ کی لاہور آمد کا زمانہ گیارہویں صدی کا وسط ہے اور آپ سے پہلے شیخ اسماعیل لاہوریؒ اور حضرت میراں حسین زنجانیؒ جیسے علماء موجود تھے لہٰذا یہ تصور کہ آپ کے ہاتھ پر پہلا مسلمان یہاں کا نائب حکمران رائے راجو تھا جسے آپ نے بیعت کرنے کے بعد شیخ ہندی کا خطاب دیا، یقیناً غلط ٹھہرتا ہے۔

Marfat.com

جہاں تک حضرت علی ہجویریؒ کی اس کرامت کا ذکر ہے کہ آپ کے کہنے پر جب حاضرین نے نظر اٹھا کر دیکھا تو سب کو کعبہ اپنی آنکھوں کے سامنے اسی سمت میں نظر آیا، داراشکوہ سے پہلے فوائد الفواد کا مولف بھی ایک اور بزرگ خواجہ حسن افغانی کے حوالے سے ایسا ہی ایک واقعہ بیان کرتا ہے۔(18)

''ایک دفعہ لوگوں نے ایک جگہ مسجد بنائی خواجہ حسن افغانی وہاں پہنچے انہوں نے عمارت بنانے والوں سے کہا کہ محراب کا رخ یوں ہو، قبلہ اس طرف ہے۔ یہ کہہ کر انہوں نے ایک اشارہ کیا، ایک دانشمند وہاں موجود تھا اس نے بحث شروع کر دی اور کہا کہ نہیں سمت کعبہ دوسری طرف ہے، الغرض ان کے مابین بہت سی باتیں ہوئیں، آخر خواجہ حسن افغانی نے اس دانشمند سے کہا کہ جس سمت میں کہہ رہا ہوں تم منہ ادھر کرو اور اچھی طرح دیکھو، دانشمند نے منہ اس طرف کیا اور کعبہ کو اسی سمت میں روبرو پایا جس سمت میں خواجہ حسن نے کہا تھا۔''

جہاں تک لاہور میں قبلہ رخ کا معاملہ ہے تو آج کی سائنسی تحقیقات نے بھی یہ ثابت کر دیا ہے کہ لاہور میں قبلہ رخ جانب مغرب سو فیصد نہیں ہے بلکہ مغرب سے جنوب کی سمت بارہ ڈگری کے فرق کے ساتھ جھکا ہوا ہے۔ چند برس پہلے جب حضرت بابا فریدالدین گنج شکرؒ کے مزار پر نئی مسجد کی تعمیر کا کام شروع ہوا تو قبلہ رخ کا تعین کرتے ہوئے یہ جان کر بہت حیرت ہوئی کہ بابا فریدالدین گنج شکرؒ کی قدیمی مسجد کا قبلہ درست قبلہ سے کم وبیش سولہ ڈگری کے فرق کے ساتھ تھا، نئی مسجد کی تعمیر نے نماز پڑھنے والوں کے لئے ایک نئی الجھن پیدا کر دی ہے کیونکہ لوگ جب مزار شریف سے ملحقہ بارہ دری یا صحن میں نماز پڑھتے ہیں تو قدیمی تعمیرات کے حوالے سے غلط رخ پر قبلہ شریف کا تعین کر لیتے ہیں، اس الجھن کی ایک دوسری وجہ مسجد کے ڈیزائن میں داخلی دروازوں کا رخ بھی ہے جو 45 ڈگری کے زاویئے سے مسجد کے ایوان میں کھلتے ہیں۔

اسی طرح حضرت علی ہجویریؒ کی خانقاہ پر 1981ء میں جب نئی مسجد کی تعمیر کے لئے درست قبلہ رخ کے تعین کا معاملہ پیش آیا تو اس وقت سروے آف پاکستان اور ائیر فورس کے ماہرین کی خدمات حاصل کی گئیں(19)۔ 28 مئی 1981ء کو دونوں محکموں نے آزادانہ طور پر درست قبلہ رخ کا تعین کیا تو نہ صرف دونوں محکموں کے تعین کردہ قبلہ رخ آپس میں نہ ملتے تھے بلکہ یہ قدیمی مسجد اور مزار سے بھی قدرے مختلف تھے سروے آف پاکستان کا تعین کردہ قبلہ رخ درست سمجھا گیا

Marfat.com

اور یہ بہت ہی معمولی سے فرق کے ساتھ حضرت علی ہجویریؒ کے مزار شریف کی نسبت سے نکلنے والے قبلہ رخ کے بہت قریب تھا۔ علماء کا بھی یہی اصرار تھا کہ درست قبلہ کا رخ حضرت علی ہجویریؒ کے تعویذ مبارک کی نسبت سے ہونا چاہئے۔ لہٰذا 22 جولائی 1981ء کو درست قبلہ رخ کے تعین کے لئے ایک تلخیص گورنر پنجاب کو بھیج کر منظوری لی گئی۔ یہاں ایک اور بات کی وضاحت بھی ضروری ہے، چونکہ قدیمی مسجد کی تعمیر و توسیع کا کام گذشتہ کئی صدیوں سے ہو رہا تھا لہٰذا حضرت علی ہجویریؒ کے زمانے کے طے کردہ قبلہ رخ میں معمولی سا فرق آ جانا کوئی بعید از قیاس نہیں ہے، مگر چونکہ آپ کی قبر اور مزار مبارک کی تعمیر نو و توسیع نسبتاً بہت کم ہوئی ہے لہٰذا وہاں کچھ زیادہ فرق نہیں پڑا، اس صورتحال سے سائنسی طور پر حضرت علی ہجویریؒ کے تعین کردہ قبلہ رخ کی توثیق ہو جاتی ہے۔

چشتی، سہروردی، قادری اور نقش بندی صوفیاء کے برعکس حضرت علی ہجویریؒ کے بارے میں ہمیں معلومات نہ ہونے کے برابر ملتی ہیں، اس کی وجہ یقیناً ایک تو یہ ہے کہ چونکہ آپ نے کوئی صوفی سلسلہ شروع نہیں کیا اور نہ ہی مذکورہ صوفی سلسلوں کے نمائندگان کی طرح خلافت عطا کی، یہی وجہ ہے کہ آپ کے وصال کے بعد کئی صدیوں تک آپ کے بارے میں کہیں معلومات نہیں ملتیں، اسی وجہ سے آپ کے بارے میں قیاس آرائیاں زیادہ کی گئیں ہیں، یہ تمام باتیں زیادہ اہم نہیں ہیں، اگر اہمیت ہے تو آپ کی تصنیف کردہ کشف المحجوب کی ہے۔ جو کم و بیش ساڑھے نو سو سال پہلے تحریر کی گئی مگر آج بھی تصوف کے حوالے سے یہ کتاب نہایت جامع اور باکمال ہے۔ اس سے آپ کے بعد آنے والے چشتی، سہروردی اور نقش بندی صوفیاء نے کسب فیض حاصل کیا ہے۔

کشف المحجوب کے حوالے سے مولانا عبدالماجد دریابادی لکھتے ہیں۔ (20)

''اس کتاب کے تقریباً ہم عمر امام ابوالقاسم قشیری کا عربی رسالہ ''القشیریہ'' ہے۔ موضوع اس کا بھی تصوف ہے۔ دونوں کے طرز تصنیف میں فرق یہ ہے کہ امام موصوف نے زیادہ تر متقدمین کے اقوال و حکایات کے نقل کر دینے پر اکتفا کیا ہے برخلاف اس کے مخدوم ہجویریؒ ایک محققانہ و مجتہدانہ انداز سے اپنے ذاتی تجربات مکاشفات، واردات، مجاہدات وغیرہ بھی قلم بند کرتے جاتے ہیں اور مباحث سلوک پر رد و قدح کرنے میں تامل نہیں کرتے اس لئے ان کی کتاب کی حیثیت محض ایک مجموعہ روایات و حکایات کی نہیں بلکہ ایک مستند محققانہ تصنیف کی ہے۔''

سید ہجویر میں مولانا سید محمد متین ہاشمی لکھتے ہیں(21) کہ حضرت فرید الدین عطارؒ نے اپنی کتاب تذکرۃ الاولیاء میں کشف المحجوب کے صفحات کے صفحات نقل کئے ہیں، مولانا جامی نے ''نفحات الانس'' کی تالیف میں کشف المحجوب سے استفادہ کیا ہے، حضرت شاہ شرف الدین یحییٰ منیریؒ نے اپنے مکتوبات میں کشف المحجوب کی عبارتوں کو نقل کیا ہے، ژوفسکی نے بتایا ہے کہ خواجہ محمد پارساؒ نے اپنی عظیم کتاب فصل الخطاب میں کشف المحجوب سے مدد لی۔ مقدمہ کشف المحجوب میں ژوکوفسکی لکھتا ہے کہ سفینۃ الاولیاء، خزینۃ الاصفیاء وغیرہ کی تالیف وتدوین میں کشف المحجوب سے بار بار اقتباسات درج کئے گئے ہیں۔

## حوالہ جات


1- داراشکوہ ''سفینۃ الاولیاء'' نفیس اکیڈمی کراچی (1959) صفحہ 210-209
2- ایضاً۔
3- نوراحمد چشتی ''تحقیقات چشتی'' الفیصل لاہور (2001) صفحہ 819
4- ایضاً۔
5- کنہیالال ہندی ''تاریخ لاہور'' مجلس ترقی اردو لاہور۔ صفحہ 321
6- جان اے سبحان ''Sufism: Its Saints and Shrines'' لکھنو پبلشنگ ہاؤس لکھنو (1938)
7- محمد دین فوق ''سوانح حضرت داتا گنج بخش'' محکمہ اوقاف پنجاب لاہور (2002) صفحہ 155
8- ایضاً۔
9- نوراحمد چشتی ''تحقیقات چشتی'' الفیصل لاہور (2001) صفحہ 814
10- ایضاً۔
11- ایضاً۔ صفحہ 167
12- محمد سلیم حماد ہجویری قادری ''فاتح قلوب'' ہجویری فاؤنڈیشن لاہور (2004) صفحہ 33


Marfat.com

13- داراشکوہ ''سفینۃ الاولیاء'' نفیس اکیڈمی کراچی (1959) صفحہ 210

14- سید محمد متین ہاشمی ''سید ہجویر'' محکمہ اوقاف پنجاب لاہور (1985) صفحہ 158-159

15- حکیم محمد موسیٰ امرتسری مقدمہ کشف المحجوب ترجمہ سید ابوالحسنات قادری۔ صفحہ 24

16- داراشکوہ ''سفینۃ الاولیاء'' نفیس اکیڈمی کراچی (1959) صفحہ 210

17- محمد دین فوق ''سوانح حضرت داتا گنج بخش'' محکمہ اوقاف پنجاب لاہور (2002) صفحہ 53

18- امیر حسن علا سجزی ''فوائد الفواد'' محکمہ اوقاف پنجاب لاہور (2001) صفحہ 51

19- غافر شہزاد ''داتا دربار کمپلیکس تعمیر سے تکمیل تک'' ادراک پبلی کیشنز لاہور (2004) صفحہ 53-54

20- عبدالماجد دریا آبادی ''تصوف اسلام'' اعظم گڑھ (1946) صفحہ 53-54

21- سید محمد متین ہاشمی ''سید ہجویر'' محکمہ اوقاف پنجاب لاہور (1985) صفحہ 206-207


❁❁❁❁❁

# حصہ دوم

Marfat.com

# تعمیر و توسیع مزار حضرت بی بی پاک دامناںؒ لاہور

جان اے سبحان نے اپنی کتاب (Sufism-Its Saints and Shrines) مطبوعہ 1938ء میں ہندوستان کے حوالے سے جن دو قدیمی مزارات کا ذکر کیا ہے ان میں اوّلین حضرت بی بی پاک دامناںؒ ہے جبکہ دوسرا مزار حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کا ہے، اتفاق سے دونوں ہی لاہور میں واقع ہیں۔

داراشکوہ نے اپنی کتاب سکینۃ الاولیاء میں بی بی حاج و بی بی تاج کے قبرستان کے بارے میں لکھا ہے۔ داراشکوہ نے اس قبرستان کو شہر لاہور کے جنوب میں موضع بھیکو وال کے نزدیک بتایا ہے۔ حضرت میاں میرؒ کے حوالے سے داراشکوہ نے مزید معلومات فراہم کی ہیں کہ آپ اس قبرستان میں واقع بیر کے ایک درخت کے نیچے بیٹھا کرتے تھے۔ دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ کے احاطے کی مشرقی دیوار کے ساتھ ایک مقام اس حوالے سے مقبول ہے کہ ایک غیر مصدقہ روایت کے مطابق حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ حاضری کے لئے یہاں آیا کرتے تھے۔ لہٰذا کہا جا سکتا ہے کہ مزار و قبرستان حضرت بی بی پاک دامناںؒ کا زمانہ حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ سے پہلے کا ہے۔ دیگر صوفیاء میں حضرت شیخ عبدالجلیل چوہڑ بندگیؒ سہروردی، جن کا مزار اقدس میکلوڈ روڈ پر ہے، بھی حاضری کے لئے یہاں آیا کرتے تھے اور کئی کئی گھنٹے عبادت و ریاضت میں مصروف رہتے۔

## محل وقوع

دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ وقوع کے اعتبار سے لاہور شہر کے مرکزی علاقے شملہ پہاڑی کے نواح میں واقع ہے۔ شملہ پہاڑی سے اگر کوئین میری کالج کی جانب جائیں تو بائیں

Marfat.com

ہاتھ پر راستہ حضرت بی بی پاک دامناںؒ کے مزار کی طرف جاتا ہے۔ شملہ پہاڑی سے اگر ایمپریس روڈ سے گزرتے ہوئے ریلوے اسٹیشن کی جانب چلے جائیں تو ریڈیو پاکستان کی عمارت سے چند قدم آگے دائیں جانب ایک سڑک مزار شریف کی جانب چلی جاتی ہے۔ محلہ محمد نگر کے وسطی حصے میں واقع اس مزار شریف کو تیسرا راستہ جامعہ نعیمیہ کے قریب علامہ اقبال روڈ سے بھی رسائی دیتا ہے۔

دربار شریف کی مشرقی، مغربی اور شمالی جانب قدیمی قبرستان ہے جبکہ قدرے جنوبی جانب رہائشی علاقہ ہے۔ مشرقی جانب قبرستان میں ایک قدیمی مسجد عرفانیہ ہے جو جامعہ نعیمیہ کے زیر انتظام ہے۔

## داخلی راستہ

حضرت بی بی پاک دامناںؒ کے مزار تک جانے کے لئے ایک تنگ گلی میں سے گزرنا پڑتا ہے، جس کے دونوں اطراف دربار سے متعلقہ دوکانات ہیں، جہاں چادریں، پھول، کتابیں، مصنوعی زیورات، مٹھائیاں، کھانے وغیرہ بیچنے والے اپنی دوکانیں سجائے بیٹھے ہیں۔ داخلی دروازہ دربار شریف کے جنوب مغربی کونے میں ہے۔

## محکمہ اوقاف کی زیر تحویل

دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ و ملحقہ رقبہ جات بہت قدیمی ہیں۔ سرکاری ریکارڈ کے مطابق ان کا اوّلین ذکر 1856ء کی قلعہ گجر سنگھ حلقہ کی جمع بندی میں ملتا ہے، جس کے مطابق خانقاہ، گورستان اور زرعی رقبہ ''تکیہ میرا'' مختلف افراد جیسے اللہ دین شاہ، عظیم شاہ ولد عبدالرحیم، کریم بخش وغیرہ کی ملکیت میں تھا جمع بندی میں کہیں خانقاہ یا مسجد کا نام وقف کی حیثیت سے درج نہیں ہے۔ 25-1924ء کی جمع بندی کے مطابق ملحقہ کھلی زمین کو رہائشی پلاٹوں میں تقسیم کر کے فروخت کرنے کے شواہد ملتے ہیں جہاں ہندوؤں نے اپنی کوٹھیاں تعمیر کرنا شروع کر دی تھیں۔

9 ستمبر 1967ء کو چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف ایم مسعود کھدر پوش نے دربار، مسجد و ملحقہ قبرستان کے رقبہ کو محکمہ اوقاف کی تحویل میں لینے کے احکامات جاری کئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق جائیداد کی تفصیل کچھ یوں تھی۔

Marfat.com

1- دربار بی بی پاک دامناں مشتمل بہ رقبہ 2 کنال 6 مرلہ 113 مربع فٹ
2- ملحقہ قبرستان مشتمل بہ رقبہ 62 کنال 5 مرلہ 42 مربع فٹ
3- مسجد حنفیہ مشتمل بہ رقبہ 2 کنال 6 مرلہ 86 مربع فٹ

جمع بندی کا یہ ریکارڈ قلعہ گوجر سنگھ کے ریونیو اسٹیٹ کے مطابق تھا۔ بعد ازاں مالکان نے عدالت سے رجوع کیا اور ثابت ہو جانے پر کہ یہ وقف جائیداد نہیں ہے علاوہ احاطہ دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ و ملحقہ قبور، دیگر رقبہ بہ مشتمل قبرستان و مسجد حنفیہ وغیرہ 15 دسمبر کو غیر وقف ہونے کی وجہ سے چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف نے واگزار کر دیا۔

کنہیا لال ہندی نے ''تاریخ لاہور'' (مطبوعہ 1884ء) میں دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ کے احاطہ میں واقع عمارات و قبور کی تفصیل بتاتے ہوئے لکھا ہے:

''دروازہ آمدورفت اس کا مغرب کی سمت ہے جب اس سے آگے بڑھیں تو بطور کوچے کے راستہ طے کر کے ایک اور دروازہ آتا ہے اس میں سے بہ جانب شمال جائیں تو بہ مقام مزارات پہنچ جاتے ہیں یہ مزارات تین احاطے میں ہیں۔ ایک احاطہ بیرونی اس میں بی بی صاحبان کی خداموں کی قبریں ہیں اور ایک پختہ مسجد گنبد دار نور ایمان والے کی بنائی ہوئی ہے۔ دوسرے احاطہ کلاں میں قبریں بی بی حاج، بی بی تاج و بی بی نور کی اور تیسرے احاطے میں قبریں بی بی حور بی بی گوہر و بی بی شہباز کی پختہ چونہ گچ بنی ہیں اور ہر ایک احاطہ نہایت عمدہ، مقطع، پختہ چونہ گچ بنا ہوا ہے اور بڑے احاطے کے گوشے میں جو ایک پختہ گنبد دار ہے اور اندر سے اس کے دروازہ ہے وہ سن 1016ھ میں بنا تھا اور سید جلال الدین حیدر بخاری، میراں محمد شاہ موج دریا بخاری کا بھائی اس میں مدفون ہے۔'' (صفحہ 337-336)

تحقیقات چشتی (مطبوعہ 1864ء) کا مصنف نور احمد چشتی دربار شریف سے ملحقہ اراضی کے بارے میں لکھتا ہے۔

''اب اس خانقاہ کے ساتھ زمین مزروعہ و غیر مزروعہ چالیس گھماؤں واگزار ہے اور یہ زمین شامل زمین قلعہ گوجر سنگھ ہے اور جو زمین مشرق

روپیہ ہے یہ بھی ہمیشہ اس خانقاہ کے ساتھ واگزار تھی مگر اب نمبرداران گڑھی شاہو نے اپنے نام شاملات دہ کرالی ہے۔''

دربار کے مجاورین کے متعلق تحقیقات چشتی کے مصنف نے نہایت تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔اور بیان کیا ہے کہ خانقاہ سے حاصل ہونے والی آمدن کا کتنا حصہ کس کو ملتا ہے۔نور احمد چشتی لکھتے ہیں۔

''اب یہاں خانقاہ بی بی صاحبان پر تین مجاور سجادہ نشین ہیں ایک عظیم شاہ دوسرا اللہ دین پسر عبدالرحیم تیسرا محمد بخش پسر کرم بخش اور پہلے چار تھے ان میں سے مسمی وارث لاوارث فوت ہوا۔حصہ اس کا اللہ دین و عظیم شاہ لیتے ہیں اور تین حصہ بقیہ میں سے ایک حصہ اللہ دین اور ایک عظیم شاہ لیتا ہے اور حصہ وارث کا جو لاوارث ہوا ہے اللہ دین و عظیم شاہ نصفا نصفی لیتے ہیں اور یہ قدیمی پشت بہ پشت سے سجادہ نشین چلے آئے ہیں اور یہ جو محمد بخش پسر کرم بخش ہے حال اس کا یہ ہے کہ کرم بخش خواہرزادہ عبدالرحیم مجاور ہے اور حصص ان کے یوں مقرر ہیں کہ سال بھر میں اڑتالیس جمعرات آتی ہیں ان میں ساڑھے انیس جمعرات کی آمدنی اللہ دین لیتا ہے اور ساڑھے انیس کی عظیم شاہ اور بقیہ نو جمعراتیں محمد بخش پسر کرم بخش لیتا ہے اور ہر ماہ میں بارہ روز عظیم شاہ آمدنی چڑھت لیتا ہے اور بارہ روز کی اللہ دین اور چھ روز کی محمد بخش اور آمدنی قبر سے حق کھدائی قبر مزدور کو دے کر بقیہ چار حصہ کر کے ایک حصہ محمد بخش اور تین حصہ بقیہ میں سے ایک حصہ اللہ دین اور ایک عظیم شاہ لیتا ہے اور چوتھا حصہ جو وارث کا ہے اللہ دین و عظیم شاہ لیتے ہیں اور آمدنی کا یہ حال ہے کہ جو میت واسطے گاڑنے کے آتی ہے وہ علی قدر مراتب حق مکان داری و اجرت ان کو دیتا ہے مثلاً اگر کوئی ایک روپیہ دیوے تو اس میں سے پانچ آنہ حق گورکنی اور گیارہ آنہ حق سجادہ نشیں و خرچ مکان ہوتا ہے اور ہر روز یہ لوگ وہاں اپنے اپنے مکانات مقررہ پر حاضر رہتے ہیں، جو کوئی زائر جاوے اگر وہ کچھ کچھ ارادتاً تقسیم کر دیوے تو خیر اور

اگر صرف ایک ہی کو دیوے تو وہ صاحب نوبت لے لیتا ہے اور عرس کے
روز خرچ و چڑھت مشترک ہے۔" (صفحہ 323)

## تاریخی منظر نامہ

لاہور کی معلوم تاریخ ایک ہزار سالوں پر پھیلی ہوئی ہے اس سے قبل یہاں کیا تھا، کسی قسم کے تحریری شواہد نہیں ملتے۔ یہاں تک کہ لاہور کے اپنے ایک درجن کے قریب قدیمی نام تاریخ میں مذکور ہیں۔ لاہور کی ابتدائی قدیمی بستی کے بارے میں بھی دو رائے ملتی ہیں کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ ابتدائی بستی لوہاری دروازے کے اندر واقع تھی جبکہ کچھ بضد ہیں کہ اندرون لاہور کا ٹبی محلہ جو آج بھی شہر قدیم کا بلند ترین مقام ہے، لاہور کی اوّلین بستی کے طور پر قبول کیا جا سکتا ہے تھارنٹن نے تین میل مغرب کی جانب واقع اچھرہ کو شہر قدیم کی ابتدائی بستی قرار دیا ہے۔ ظاہر ہے تاریخ کی ایسی بے بسی اور خستگی کے عالم میں حضرت بی بی پاک دامناںؒ کے حوالے سے کچھ مستند معلومات کی توقع کرنا عبث ہے۔ تاریخ کے حوالے سے قدیم کتاب حدود العالم (982ء) کا مصنف یوں رقم طراز ہے۔

> "لہور شہر کے متعدد اضلاع ہیں اور اس کا حاکم امیر ملتان کا نائب ہے اس میں بازار اور بت خانے ہیں اس میں چلغوزہ، بادام اور ناریل کے درخت بکثرت پائے جاتے ہیں۔ یہاں کے لوگ سب بت پرست ہیں اور مسلمان ایک بھی نہیں۔"

تاریخ لاہور پر قدیم ترین کتاب "تحقیقات چشتی" ہے جسے مولوی نور احمد چشتی نے 1864ء میں تحریر کیا تھا۔ حضرت بی بی پاک دامناںؒ کے حوالے سے مصنف لکھتا ہے:

> "حال ان کا یہ ہے کہ یہ چھ بیبیاں ایک جناب علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی صاحبزادی، ہمشیرہ جناب حضرت عباسؓ کی موسوم بہ رقیہ المشہور بی بی حاج اور پانچ صاحبزادیاں حضرت عقیل برادر حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی جن کے نام یہ ہیں، حضرت بی بی تاج حضرت بی بی حور، حضرت بی بی نور حضرت بی بی گوہر، حضرت شہباز ہمشیرگان حضرت مسلم، حضرت رقیہ المشہور بی بی حاج صاحبہ منکوحہ جناب امام مسلم تھیں۔"

Marfat.com

نوراحمد چشتی مزید لکھتے ہیں کہ جب بیبیاں یہاں پہنچیں تو راہبوں کے آتش کدے سرد ہو گئے اور بستیوں میں فتور و خلل پڑ گیا جوتشیوں نے وجہ بتائی کہ یہاں کوئی اہل اللہ عرب سے آئے ہیں یہ ان کی برکت کا اثر ہے۔

اس وقت لاہور پر ہندو راجہ حکمران تھا اس کے بلانے پر بیبیاں نہ گئیں۔اصرار کرنے پر بی بی صاحبہ نے راجہ کے لڑکے کو اپنے پاس بلایا اور ایک نظر دیکھا، دیکھتے ہی وہ بے ہوش ہو گیا، ہوش آنے پر وہ بی بی صاحبہ کے قدموں میں گر گیا اور اسلام لے آیا۔بی بی صاحبہ نے اس کا نام عبداللہ رکھا جو عبداللہ خاکی کے نام سے معروف ہوا اور مجاور رہا۔

تحقیقات چشتی کے بعد دوسرا اہم تاریخی حوالہ کنہیا لال ہندی کی کتاب ''تاریخ لاہور'' ہے جو 1884ء میں شائع کی گئی۔کنہیالال نے نوراحمد چشتی سے اختلاف کرتے ہوئے سید احمد توختہ کی بیٹیوں کے حوالے سے لکھا ہے۔

> ''مزار حضرت بی بی پاک دامناںؒ شہر لاہور کے مشرق میں قدیم مزار ہے۔یہ مزار 634 ہجری سے پہلے کا ہے۔بعض لوگ انہیں چہل بیبیوں کے محلہ سے آئی ہوئی بیبیوں کے یہاں سما جانے کا ذکر کرتے ہیں کہ یہ ان بیبیوں کے مزارات ہیں۔مزار بی بی پاک دامناںؒ لاہور کے تمام مزارات و مقابر اہلِ اسلام سے یہ نہایت قدیم اور متبرک مشہور ہے۔ اگرچہ ان کی قدامت اور تقدس کا ہر کوئی قائل ہے مگر یہ کسی اور طرح سے ثابت نہیں ہوا کہ یہ بیبیاں لاہور میں کب آئیں اور کس ملک سے آئیں۔زبانی مجاوروں سے تو ایسی بات پائی گئی ہے کہ جسے عقل مانتی نہیں ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ پانچ لڑکیاں بی بی حاج، بی بی تاج، بی بی نور، بی بی گوہر، بی بی شہباز حضرت عقیلؓ کی بیٹیاں تھیں جو علی المرتضیٰؓ کا بھائی تھا اور جب کربلا کا واقعہ امام حسینؓ پر وقوع میں آیا تو یہ اس مصیبت کے وقت مکہ سے نکل کر ہندوستان کو آ گئیں اور لاہور پہنچ کر قیام پذیر ہوئیں اور یہاں فوت ہو کر مدفون ہوئیں۔''

حدیقۃ الاولیاء کا مصنف بحوالہ تذکرہ حاکمیہ لکھتا ہے کہ

Marfat.com

''چھٹی صدی ہجری میں کرمان سے ایک شخص سید، خداپرست، عابدزاہد، ولی اللہ سید احمد توختہ نام لاہور میں آکر قیام پذیر ہوا۔ اس کے گھر کچھ لڑکیاں بی بی حاج، بی بی تاج، بی بی نور، بی بی حور، بی بی گوہر، بی بی شہباز تھیں اور یہ تمام بہنیں تارک الدنیا، عابدوزاہد تھیں۔ سن 604 ہجری میں سید احمد مر گیا۔ لاہور کے اندر محلّہ چہل بیبیاں میں مدفون ہوااور اب تک اس کی قبر موجود ہے۔ اس کے مرنے کے بعد اس کی لڑکیاں لاہور کے حصار سے باہر جاکر قیام پذیر ہوئیں اور لوگوں سے الگ عبادت حق میں مصروف ہوئیں آخر جب 615 ہجری میں سپاہ مغل نے سلطان جلال الدین خوارزمی پر لشکرکشی کی اور لاہور کی رعایا قتل ہوئی تو یہ بیبیاں گھبرائیں کہ اب نامحرم لوگ آکر ہمیں بے پردہ کردیں گے اور سب نے مل کر خدا کے حضور دُعا کی کہ یاالٰہی ہم کو زمین کا پیوند کرے، چنانچہ ایسا ہی ہوا، زمین جابجا پھٹ گئی اور وہ چھ بیبیاں معہ ایک خادمہ عورتوں بی بی تنوری وغیرہ کے زمین میں سماگئیں۔'' (صفحہ 335)

منشی محمد الدین فوق ''مآثر لاہور'' میں رقم طراز ہیں جسے عبداللہ قریشی نے نقوش لاہور نمبر میں (صفحہ 159-157) پر شائع کیا، لکھتے ہیں۔

''منشی محمد الدین فوق نے اپنی تصنیف یادرفتگاں (مطبوعہ 1904ء) میں جہاں حضرت بی بی پاک دامناںؒ کا ذکر کیا وہاں تحقیقات چشتی کے مصنف کے بیان پر خدشے کا اظہار کردیا تھا بعدازاں تاریخ جلیلہ (از پیر غلام دستگیر نامی) میں بھی اس بات کی تائید کردی گئی وجہ یہ بتائی گئی کہ جب واقعہ کربلا ہوا تو اس وقت لاہور میں کوئی مسلمان نہ تھا۔''

منشی محمد الدین فوق نے مزید لکھا ہے۔

''صاحب حدیقۃ الاولیاء اور صاحب تاریخ جلیلہ یہ تو تسلیم کرتے ہیں کہ بی بی حاج اور تاج وغیرہ کا واقعہ کربلا سے کوئی تعلق نہیں نہ وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ یا حضرت عقیلؓ کی صاحبزادیاں ہیں لیکن لاہور میں اس

عام روایت کو وہ بھی تسلیم کرتے ہیں یہ بیبیاں دشمنوں کے خوف سے اپنی عزت و عصمت کو بچانے کے لئے زمین میں زندہ سما گئیں۔'' (نقوش لاہور نمبر صفحہ 158)

بعد کے مورخین میں سے مولانا سید متین ہاشمی، ڈاکٹر محمد باقر اور پروفیسر محمد اسلم نے بھی اس بات کو رد کر دیا کہ دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ کے احاطہ میں مدفون بیبیوں کا تعلق کسی حوالے سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ یا ان کے برادر مسلم بن عقیل سے بنتا ہے زیادہ تر مصنف اس بات پر متفق ہیں کہ یہ بیبیاں کرمان سے آنے والے سید احمد توختہ کی صاحبزادیاں ہیں۔ (واللہ علم بالصواب)
ناموں کے حوالے سے منشی محمد دین فوق نے لکھا ہے کہ بی بی گوہر، بی بی شہباز اس عہد کے اور عربی زبان کے نام ہو ہی نہیں سکتے۔ جس کا جواب جان اے سبحان نے اپنی کتاب (Sufism-Its Saints and Shrines) میں دے دیا ہے کہ اس وقت ایرانی سلطنت تک مسلمان پہنچ چکے تھے اور شہر بانو حضرت امام حسینؓ کی زوجیت میں آ چکی تھیں لہٰذا یہ نام بعید از قیاس نہیں ہیں۔ اسی طرح سے یہ بات بھی دل کو نہیں لگتی کہ سید احمد توختہ ترمذی کے وصال کے بعد یہ بیبیاں شہر سے باہر ویرانے میں آ کر بس گئیں جبکہ ان کو علم تھا کہ ان کی عصمت و جان کی حفاظت ویرانے میں رہتے ہوئے آبادی کی نسبت اور بھی غیر محفوظ ہو جائے گی۔

شہر سے باہر یہ ایک قدیمی قبرستان تھا جس کا ذکر داراشکوہ نے سکینۃ الاولیاء میں بھی کیا ہے یہ قبرستان ان پاک دامن بیبیوں کے دفن ہونے کے بعد بنایا پہلے سے موجود تھا، یہ معاملہ بھی تحقیق طلب ہے۔

## تاریخی مغالطہ

یوں تو ہماری تاریخ مغالطوں سے بھری پڑی ہے مگر چند مغالطے ایسے ہیں جن کی بدولت بعض اوقات نقص امن عامہ کی صورت سے دوچار ہونا پڑ جاتا ہے آج تک یہ معلوم نہ ہو سکا انارکلی کا وجود حقیقی تھا یا محض افسانہ، بادشاہی مسجد کا ماہر فن تعمیر کون تھا، بادشاہوں کے عہد میں تاریخ صرف شہنشاہوں کے گرد گھومتی تھی، ہمیں تو بے شمار معروف صوفیاء کی تاریخ وصال بھی درست معلوم نہیں ہے تو پھر حضرت بی بی پاک دامناںؒ کے حوالے سے کیسے یقین سے کچھ کہا جا سکتا ہے کہ وہ تو

Marfat.com

حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ سے بھی قبل لاہور آئی تھیں؟

مورخین نے ایک جانب تو حضرت بی بی پاک دامناںؒ کا اصل نام حضرت رقیہ بنت علی اور دیگر بیبیوں کا سلسلہ حضرت علیؑ کے بھائی عقیل سے جوڑا ہے تو دوسری جانب ان پاک بیبیوں کی نسبت کرمان کے بزرگ سید احمد توختہ سے قائم کی ہے۔ یہیں سے دربار شریف کا سلسلہ شیعہ اور سنی مسلک سے جوڑا گیا اور آج تک یہ معاملہ لاینحل ہے۔ فریقین کے پاس اپنے اپنے دلائل ہیں اور ان کی بنیاد پر کسی طرح بھی حقیقت کی تہہ تک پہنچنا ناممکن ہے۔ 1967ء کے آخر میں جب محکمہ اوقاف نے یہ دربار اپنے کنٹرول میں لیا تو شیعہ سنی کے باہمی اختلافات شروع ہو چکے تھے یہاں تک کہ 1971ء میں شدید ہنگاموں کا خطرہ پیدا ہو گیا۔ امور مذہبیہ کمیٹی کے اراکین کسی طرح بھی جب معاملہ سلجھا نہ سکے تو معاملے کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب نے 25 اکتوبر 1971ء کو اپنے دفتر میں شیعہ اور سنی مسلک کے نمائندگان کو بلایا اور تفصیل سے معاملہ کے نشیب و فراز پر بات کی گئی۔

جھگڑے کا آغاز 27 جولائی 1971ء کو اس وقت ہوا جب سنی مسلک کے عقیدت مندوں نے دربار شریف پر خلفائے راشدین کے نام لکھے۔ شیخ عبدالمجید جو کہ امور مذہبیہ کمیٹی کے رکن تھے، نے گنبد کی تعمیر کا کام 70-1968ء میں مکمل کیا تو گنبد کے اندر پنجتن پاک اور بارہ اماموں کے نام تزئین و آرائش کے ساتھ لکھ دیئے، جس کی وجہ سے سنی مسلک کے عقیدت مندوں نے خلفائے راشدین کے نام لکھے۔

دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ کا سلسلہ سید احمد توختہ سے ملانے والے عقیدت مندوں کا خیال درج ذیل وجوہات کی بنا پر ہے۔

1- درگاہ کے مجاور معلوم تاریخ سے لے کر آج تک سنی مسلک سے رہے ہیں۔

2- امور مذہبیہ کمیٹی کے چیئرمین و دیگر اراکین ماسوائے ایک کے، تمام سنی مسلک سے ہیں اور اس ایک رکن کو بھی بعد ازاں شامل کیا گیا تھا۔

3- دربار سے ملحقہ مسجد حنفیہ کا تعلق سنی مسلک سے ہے۔

4- احاطہ بی بی پاک دامناںؒ سے ملحقہ قبرستان سنی مسلک کا قبرستان ہے۔

5- احاطہ میں دفن بیبیوں کا تعلق سید احمد توختہ سے ہے جو کرمان سے آ کر لاہور آباد ہو گئے تھے

Marfat.com

اوران کا مزار اندرون لاہور محلہ چہل بیبیاں میں ہے اور اب تک ان کی قبر موجود ہے۔

شیعہ مسلک سے تعلق رکھنے والوں کے پاس تاریخی حوالہ جات ہیں کہ جن کے مطابق کربلا کے واقعہ کے وقت نویں محرم کو حضرت امام حسینؓ نے ان بیبیوں کو جانب ہندوستان روانہ ہونے کی ہدایت فرمائی تھی۔ سیدہ رقیہ بنت علیؑ مدینہ منورہ سے بنی ہاشم کی تین سو خواتین اور بچوں کو لے کر کوفہ کی جانب شہدائے کربلا کی زیارت کے لئے روانہ ہوئیں بعدازاں آپ کو ابراہیم بن مالک اشتر کی سپاہ کے ہمراہ ساحل مکران پر 65 ہجری کو پہنچا دیا گیا۔ سیدہ رقیہ دریائے سندھ کے ساتھ سفر کرتے ہوئے بھکر کے قریب دریا عبور کر کے الارا یعنی لاہور جو اس وقت جیسلمیر راجہ جے پال کے علاقہ میں شامل تھا پہنچ گئیں۔

جب شیعہ اور سنی ہر دو مسلک کے لوگ کسی ایک بات پر متفق نہ ہوئے تو چیف ایڈمنسٹریٹر اوقات نے 25 اکتوبر 1971ء کے اجلاس میں معاملہ نمٹانے کے لئے درج ذیل فیصلے کئے۔

1- کوئی مرد اندرونی صحن جہاں حضرت بی بی پاک دامناںؒ کا مزار ہے، داخل نہ ہوگا۔

2- مجالس میلاد اور مجالس عزاداری اندرونی صحن جہاں دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ ہے، منعقد نہ ہوں گی۔

3- کسی مسلک کا شخص زبانی، تحریری یا کسی دوسری شکل میں کچھ ایسا نہ کرے گا کہ دوسرے مسلک کے لوگوں کی دل آزاری ہو۔

4- مجالس میلاد کا انعقاد تسبیح خانے والے صحن میں جبکہ مجالس عزاداری تسبیح خانے سے ملحقہ مغربی صحن میں جہاں مائی تنوری کی قبر ہے، انعقاد پذیر ہوں گی۔

5- تسبیح خانہ (مسجد) میں کسی مسلک کی اذان نہ ہوگی البتہ ہر دو مسلک کے لوگ یہاں نماز ادا کر سکیں گے۔

6- دربار شریف کی حدود میں کسی قسم کا کوئی بورڈ آویزاں نہ ہوگا۔

چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف کے درج بالا احکامات کے بعد خیال یہ تھا کہ معاملات سلجھ جائیں گے اور باہمی اختلافات کو ہوا نہ ملے گی مگر دربار شریف کے احاطے کے اندر مردوں کے داخلے کی ممانعت نے عام لوگوں میں بے چینی اور عدم اطمینان پیدا کر دیا اور احتجاج کے طور پر فیصلے کے خلاف گورنر پنجاب کو لکھا گیا۔ مجبوراً 15 مارچ 1972ء کو چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف کو اپنے فیصلے پر

Marfat.com

نظر ثانی کرنا پڑی اور پھر درج ذیل احکامات جاری کئے۔

1- دربار شریف کے اندرونی احاطہ میں جہاں حضرت بی بی پاک دامناںؒ کا مزار ہے، فاتحہ و قرآن خوانی پر کوئی پابندی نہ ہو گی البتہ کسی مسلک کا کوئی فرد ایسی حرکت نہ کرے کہ دوسرے کی دل آزاری ہو۔

2- دربار شریف کو سنی وقف کے طور پر محکمہ اوقاف نے اپنے انتظام میں لیا تھا لہٰذا اسے سنی مسلک کے دربار کے طور پر لیا جائے تاہم سنی مسلک کے لوگ شیعہ مسلک کے عقیدت مندوں کو رسومات کی ادائیگی، مجالس عزاداری کے انعقاد سے نہ روکیں گے اور نہ ان کی دل آزاری کریں گے۔

3- دربار حضرت جلال الدین حیدر پر امور مذہبیہ کمیٹی کی مشاورت سے خلفائے راشدین کے نام لکھنے کی اجازت ہو گی اور

چراغ و مسجد و محراب و منبر
ابوبکرؓ عمرؓ عثمانؓ و حیدرؓ

تسبیح خانے پر لکھنے کی اجازت ہو گی۔

4- دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ کے اندرونی صحن میں مجالس میلاد و مجالس عزاداری کے انعقاد کی اجازت نہ ہو گی۔

5- مجالس میلاد کا انعقاد تسبیح خانے والے صحن میں ہو گا جبکہ مجالس عزاداری مسجد کی مغربی جانب جہاں مائی تنوری کی قبر ہے، منعقد ہوں گی۔

6- دربار پر کسی قسم کا کوئی بورڈ آویزاں نہ کیا جائے گا۔

24 مارچ 1972ء کے اجلاس میں چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف کے سامنے سید جمیل حسین رضوی ریٹائرڈ جج نے چند نکات اٹھائے، معاملے کی نوعیت کو سمجھتے ہوئے، چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف نے درج ذیل دیگر احکامات صادر فرمائے۔

1- خصوصی مجالس عزاداری اور خصوصی مجالس میلاد اندرونی صحن میں محکمہ کی پیشگی اجازت کے ساتھ سال بھر میں تین چار مرتبہ منعقد کی جاسکیں گی۔

2- مجالس عزاداری، مجالس میلاد کے لئے سپیکر کے استعمال کی ممانعت ہو گی، اس کے لئے محکمہ

Marfat.com

سے پیشگی اجازت لینا ہوگی۔

تاریخی لحاظ سے یہ بات درست ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی دو صاحبزادیوں کے نام رقیہ تھے۔ایک سیدہ رقیہ کبریٰ زوجہ جناب مسلم بن عقیلؒ تھیں، جن کا مزار اقدس دمشق (شام) میں ہے جبکہ دوسری سیدہ رقیہ صغریٰ زوجہ جناب عبدالرحمٰن بن عقیل تھیں جن کی زیارت گاہ مصر میں موجود ہے ۔ملتان میں بھی مزار حضرت بی بی پاک دامناںؒ ہے مگر ان کا تعلق سہروردی سلسلہ کے بزرگ حضرت بہاؤالحق زکریا اور حضرت شاہ رکن عالمؒ سے ہے۔

## وزیر اعظم کا دورہ دربار شریف

2 مئی 1994ء کو وزیر اعظم پاکستان محترمہ بے نظیر بھٹو نے دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ کا دورہ کیا۔گورنر ہاؤس میں اجلاس کے دوران جہاں دربار حضرت بابا فریدؒ پاک پتن پر ترقیاتی کاموں کے لئے احکامات جاری کئے وہاں محکمہ اوقاف کو خصوصی ہدایات جاری کیں کہ محکمہ اپنے مالی ذرائع سے دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ پر ترقیاتی کاموں کا منصوبہ تیار کرے۔محکمہ اوقاف نے دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ پر ہونے والے لازمی ترقیاتی کاموں اور عوامی سہولیات کے لئے میسر جگہ پر ایک ماسٹر پلان تیار کیا۔یہ تیار کردہ ڈیزائن چیف سیکرٹری پنجاب کی تشکیل کردہ تعمیراتی کمیٹی کے اراکین کے سامنے پیش کیا گیا۔

تعمیراتی کمیٹی کے چیئرمین سیکرٹری اوقاف تھے جبکہ دیگر اراکین میں ڈائریکٹر جنرل آثار قدیمہ،ممبر ٹیکنیکل پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، چیف آرکیٹیکٹ پنجاب،سینئر سٹرکچرانجینئر کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ اور ڈائریکٹر جنرل لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی شامل تھے۔تعمیراتی کمیٹی کی منظوری چیف سیکرٹری نے ستمبر 1994ء کو دی۔ڈیزائن کی منظوری کے بعد،تعمیراتی کمیٹی تعمیر کے کام کے معیار اور رفتار کا جائزہ لینے کے لئے ماہانہ اجلاس موقع پر منعقد کرتی رہی اور یوں یہ منصوبہ پایہ تکمیل تک پہنچا۔

## نئی تعمیرات

دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ کی تعمیرات کا کام کئی لحاظ سے اپنے اندر مشکلات لئے ہوئے تھا،ابتدائی ڈیزائن کی منظوری کے بعد بلڈنگ ریسرچ اسٹیشن کو زمینی معائنے کے لئے تحریر کیا

گیا رپورٹ کے مطابق بنیادوں کی کھدائی کے لئے دس سے بارہ فٹ گہرائی تجویز کی گئی تھی۔ایک ایسا احاطہ جہاں پاؤں پاؤں قدیمی قبریں ہوں وہاں اتنی گہرائی تک کھدائی کا کام ناممکنات میں سے تھا،ایک جانب اسلاف کی بے حرمتی اور دوسری جانب عوام الناس اور عقیدت مندوں کی طرف سے شدید احتجاج کا خطرہ، بہر حال صورتحال جیسی بھی تھی،تعمیرات کا کام تکمیل کے مراحل تک پہنچانا تھا۔

تعمیراتی کمیٹی نے جو ڈیزائن منظور کیا تھا،اس کے اہم اجزاء درج ذیل تھے۔داخلی دروازہ، داخلی ہال،لنگر خانہ، ڈسپنسری، مرد و خواتین کے لئے مسافر خانہ، وضو و طہارت خانے، دفتر منیجر اوقاف،داخلی دروازے برائے شیعہ و سنی زائرین،صحن و برآمدہ جات وغیرہ۔دربار کا صحن دو حصوں پر مشتمل ہے جس کے درمیان میں قدیمی مسجد (تسبیح خانہ) موجود ہے اور یوں قدرتی طور پر صحن دو حصوں میں تقسیم ہو جاتا ہے۔ایک حصہ شیعہ عقیدت مندوں کے لئے ہے۔دوسرا حصہ سنی عقیدت مندوں کے لئے جبکہ دربار کا احاطہ دونوں کے لئے مشترکہ طور پر زیر استعمال رہتا ہے۔

تعمیرات کے وقت ڈیزائن کا بنیادی نقطہ اور توجہ صرف اس جانب تھی، چونکہ تین اطراف قدیمی قبرستان تھا اور چوتھی جانب آبادی اور کسی جانب بھی توسیع کا امکان نہیں تھا،لہٰذا موجود جگہ کو اس انداز سے ڈیزائن کیا گیا کہ زائرین کے لئے زیادہ سے زیادہ جگہ میسر آسکے اور کشادگی کا احساس ہو،اور ہوا اور روشنی کا خاطر خواہ انتظام موجود رہے۔ہوا، روشنی اور کشادگی کے لئے داخلی دروازے کی چھت دوگنی اونچائی پر ڈالی گئی اور شیعہ اور سنی عقیدت مندوں کے لئے داخلی دروازے کو کشادہ رکھا گیا۔داخلی ہال کی شمالی دیوار میں ماربل کی جالیاں، نیلی ٹائلیں اور سٹین گلاس کے خوبصورت استعمال نے اندرونی جمالیات میں اضافہ کیا ہے۔صحن کی دیواروں کی اندرونی جانب ماربل اور ڈاٹوں کی تعمیر نے نفاست میں اضافہ کیا ہے۔غیر ضروری پرانی عمارتوں کے بوسیدہ کمرہ جات کی دیواروں کو گرا کر صحن کو کھلا کر دیا گیا ہے۔جہاں فرش پر ماربل لگایا گیا ہے۔

دربار شریف کی مشرقی اور شمالی جانب برآمدہ جات کی تعمیر اس طرح کی گئی ہے کہ ستون تعمیر نہ کرنا پڑیں تا کہ وہاں بیٹھے زائرین کو کشادگی کا احساس ہو۔وہ جگہ جہاں حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ حاضری کے لئے آتے تھے،اس کو نمایاں کر کے تختی لگا دی گئی تا کہ زائرین کی سہولت کے لئے اس جگہ کی نشاندہی ہو سکے۔داخلی ہال سے ملحقہ فرسٹ فلور پر دفاتر اور مسافر خانہ تعمیر کیا گیا ہے۔تعمیرات کے معیار اور رفتار کا جائزہ لینے کے لئے تعمیراتی کمیٹی کے اجلاس زیادہ تر موقع پر

منعقد کیئے جاتے رہے۔

تعمیرات و جمالیات کے حوالے سے یہ منصوبہ بہت مختلف اور مشکل تھا، تاہم محکمہ اوقاف نے دو سال کے قلیل عرصے میں بے شمار مسائل کا مقابلہ کرتے ہوئے تعمیرات کا کام مکمل کرایا اور اس کے لئے محکمہ اوقاف کے 48.19 لاکھ روپے کے تعمیراتی اخراجات ہوئے مگر زائرین کو کشادہ، صاف ستھری اور روشن جگہ میسر آ گئی۔ تعمیراتی کام کے لئے انتظامی منظوری 15 دسمبر 1994ء کو جاری کی گئی۔

دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ کی مغربی جانب ایک مقبرہ پختہ گنبددار بنا ہوا ہے جس کا سن تعمیر 1016ھ معلوم پڑتا ہے جو کہ میراں محمد شاہ موج دریائی (1013ھ) کے بھائی سید جلال الدین حیدرؒ کا ہے۔ تعمیر نو کے وقت محکمہ اوقاف نے اس مزار کی بھی تعمیر نو کی اور فرش پر ماربل لگوایا اور گنبد پر سبز ٹائلیں لگائیں۔ آج اس خوبصورت مزار پر بھی زائرین دعا کے لئے آتے ہیں۔

## قدیمی مسجد خاکی۔ تزئین و آرائش کی بحالی

دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ کے صحن میں ایک قدیمی مسجد ہے جسے اکبر عہد کی یادگار سمجھا جاتا ہے۔ تین گنبدوں پر مشتمل مسجد کا ایوان صرف ایک صف کی گنجائش رکھتا ہے ایوان کا سائز "3-6 x "3-17 ہے جبکہ مسجد کی دیواروں کی بیرونی پیمائش 11 x "6-22 ہے۔

دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ پر تعمیراتی کاموں کے دوران شدید ضرورت محسوس کی گئی کہ قدیمی مسجد کی تزئین و آرائش اور بحالی کا کام بھی کیا جائے اور اس کے لئے محکمہ آثار قدیمہ کو خصوصی گزارش کی گئی محکمہ آثار قدیمہ نے اس کی تزئین و آرائش کی بحالی کے لئے جو ابتدائی تخمینہ پیش کیا وہ 2.81 لاکھ روپے تھا، جس کے لئے محکمہ اوقاف نے دسمبر 1996ء میں انتظامی منظوری جاری کی۔

محکمہ آثار قدیمہ پہلے ہی مسجد کی عمارت کو خطرناک قرار دے چکا تھا، موقع پر کام شروع ہوا تو یہ رقم ناکافی محسوس ہوئی کیونکہ مسجد کے دونوں کونوں پر چھوٹے مینار بھی تعمیر کرنا تھے، خستہ اور بوسیدہ اینٹوں کو تبدیل کر کے چونے کا پلستر اور اس پر پکا قلعی کا کام کرنا تھا اور تزئین و آرائش کے لئے فریسکو کا کام بھی ضروری سمجھا گیا۔ تزئین و آرائش اور بحالی کا کام کل 4.34 لاکھ روپے میں مکمل ہوا۔ سیکرٹری اوقاف نے ترمیمی انتظامی منظوری مئی 1999ء میں جاری کی۔ آج اس مسجد میں لوگ نماز ادا کرتے ہیں، ایصال ثواب کے لئے نوافل پڑھتے ہیں اور من کی مرادیں پانے کے لئے دعا مانگتے ہیں۔ مزار شریف کے احاطے کے وسطی حصے میں واقع یہ قدیمی مسجد زائرین کے

Marfat.com

لئے مرکزی توجہ کی حامل قرار پائی ہے۔ یہ مسجد تسبیح خانے کے نام سے بھی موسوم ہے اور یہاں ہر جمعرات کو میلاد النبیؐ کے حوالے سے خصوصی تقریب کے لئے ختم شریف کرایا جاتا ہے جہاں ہزاروں کی تعداد میں زائرین شرکت کرتے ہیں۔

## اہم تقریبات ورسومات

دربار حضرت بی بی پاک دامناںؒ کے احاطہ میں یکم تا دس محرم الحرام ہر سال روزانہ خصوصی مجالس محکمہ اوقاف کے زیر انتظام منعقد کی جاتی ہیں جس میں جید علماء فضائل اہل بیت بیان کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ 8 تا 10 محرم کو محکمہ اوقاف کے زیر انتظام لنگر تقسیم کیا جاتا ہے اور سبیل کا خصوصی اہتمام کیا جاتا ہے۔

حضرت بی بی پاک دامناںؒ کے سالانہ عرس کی سہ روزہ تقریبات کا آغاز 6 جمادی الثانی کو ہوتا ہے صبح چار بجے خواتین مزار پاک کو غسل دیتی ہیں اور پھر خصوصی دعا مانگی جاتی ہے، تین روز تک زائرین دربار شریف پر خصوصی حاضری کے لئے آتے رہتے ہیں۔

9 ذوالحجہ کو حضرت بی بی پاک دامناںؒ کے شوہر نامدار حضرت مسلم بن عقیلؓ کا یوم شہادت منانے کا خصوصی اہتمام کیا جاتا ہے اس روز ملک بھر سے عقیدت مند بی بی کو پُرسہ دینے آتے ہیں۔

## مآخذ


1- تحقیقات چشتی — از نور احمد چشتی (1864)

2- تاریخ لاہور — از کنہیا لال ہندی (1884)

3- تذکرہ علمائے لاہور — منشی محمد دین فوق (1920)

4- Sufism-Its Saints and Shrines (1938)
By: John A Subhan

5- لاہور (باغات ومزارات) — منشی محمد دین فوق (1962)

6- نقوش لاہور نمبر — مدیر محمد طفیل (1962)

7- حضرت بی بی پاک دامناں — حفیظ اللہ خان منظر (1983)

8- بی بی پاک دامناں — انجینئر مسعود ہاشمی (2004)


Marfat.com

# تعمیر و توسیع مسجد و مزار حضرت علی ہجویریؒ لاہور

## قدیمی مسجد:

حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ جب لاہور تشریف لائے تو شہر قدیم سے باہر راوی کے کنارے قیام فرمایا۔ پرانی کتابوں میں ذکر ملتا ہے کہ حضرت داتا گنج بخشؒ نے لاہور میں قیام پذیر ہونے کے بعد سب سے پہلے مسجد کی تعمیر کی اور اس پر اٹھنے والے تمام اخراجات اپنی گرہ سے ادا کیے۔ اس سے قبل لاہور شہر کے گلی کوچوں میں اگر کوئی قدیمی مساجد تھیں تو وہ بادشاہوں نے تعمیر کرائی تھیں مگر یہ مسجد اس لحاظ سے اہمیت کی حامل ہے کہ لاہور شہر کی سرزمین پر کسی ولی اللہ نے مسجد کی تعمیر ذاتی اخراجات سے کی۔

داتا دربار کمپلیکس کی نو تعمیر شدہ مسجد سے پہلے قدیمی مسجد اسی جگہ آباد تھی جہاں حضرت داتا گنج بخشؒ نے خود مسجد تعمیر کی تھی۔ تعمیر در تعمیر کے سلسلہ کی وجہ سے اگرچہ اس کی شکل پہلے جیسی نہ رہی تھی مگر پھر بھی قدیمی مسجد کو بہت اہمیت حاصل تھی۔ داتا دربار سے ملحقہ قدیمی مسجد کے بارے میں تحقیقات چشتی (مطبوعہ 1864) کا مصنف ہمیں درج ذیل معلومات فراہم کرتا ہے۔

''بعد اس کے اسی جگہ جہاں خانقاہ شریف ہے، استقامت اختیار کی اور ایک مسجد بصرف ازخود تیار کرائی چنانچہ اب تک اسی مسجد کی زمین پر مسجد ثانی تیار موجود ہے اور اب 1279ھ میں ایک شخص گلزار شاہ نامی سادھوں نے معرفت مسمی نور محمد سادھوں کے اس مسجد کو از سر نو اسی بنا پر تعمیر کرا کے بلند کیا'' (صفحہ 166)

حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے آستانے پر تعمیر ہونے والی مسجد کا دوسرا حوالہ محمد دین فوق کی کتاب ''سوانح حضرت داتا گنج بخش'' مطبوعہ 1914ء میں ملتا ہے محمد دین فوق رقم طراز ہیں:

''یہ پہلی مسجد تھی جو ایک مسلمان ولی اللہ نے اپنے صرف سے اور اپنے ہاتھوں سے لاہور

Marfat.com

میں تعمیر کرائی اس مسجد کی بنیاد 431ھ سمجھنی چاہیے کیونکہ آپ نے لاہور آتے ہی کچھ دنوں کے قیام کے بعد اس کی ضرورت محسوس کی۔" (صفحہ 53)

آگے چل کر محمد دین فوق مزید لکھتے ہیں:

"مسجد کا موجودہ چھت چادری ہے۔ محراب پر اب کلمہ طیبہ بھی لکھا ہوا ہے اور سنگ مرمر کا ایک منبر بھی موجود ہے ایک چھت گیر لیمپ آویزاں ہے ایک لالٹین بھی احاطہ مزار میں نصب ہے مسجد کے سامنے وسیع صحن ہے اور اس میں وضو کرنے کے لیے ایک حوض ہے۔ مسجد کی تعمیر جیسا کہ تحقیقات چشتی (مطبوعہ 1864) میں معلوم ہوتا ہے کہ گلزار سادھو (کشمیری) نے بھی سابقہ جگہ کی بنیاد پر ہی کرائی تھی۔ پہلے اس مسجد کے گنبد وغیرہ نہ تھے صرف چوبی چھت تھی گلزار شاہ نے گنبد بھی بنوا دیے 1309ھ میں جھنڈو چوب فروش نے اس کی پھر مرمت کرائی چنانچہ مسجد پر اسکا نام لکھا ہوا ہے۔" (صفحہ 148)

حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے مزار پر واقع قدیمی مسجد کے بارے میں اگلے دو حوالے ہمیں نقوش کے لاہور نمبر مطبوعہ 1962 میں ملتے ہیں۔ اولین حوالہ مآثر لاہور کا ہے جو منشی محمد الدین فوق مرحوم کی تالیف تھی اور ان کی وفات کے بعد شائع ہوئی یہ کتاب محمد الدین فوق نے وفات (1945) سے ایک سال قبل مکمل کی تھی۔ منشی محمد الدین فوق لکھتے ہیں:

"آپ کے مزار پر پہلے گنبد نہیں تھا 1287ھ میں حاجی نور محمد نام کے ایک بزرگ نے گنبد تعمیر کرایا اور مسجد قدیم کو گلزار شاہ فقیر کی حسن سعی سے دوبارہ مرمت نصیب ہوئی۔" (صفحہ 161)

"چند سال ہوئے میاں غلام رسول کٹھ والا نے یہاں ایک عالی شان مسجد قریباً ایک لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کرائی۔" (صفحہ 162)

نقوش لاہور نمبر میں محمد عبداللہ قریشی کا طویل مضمون "مساجد...... عہد غزنوی سے زمانہ حال تک" شامل ہے جس میں محمد عبداللہ قریشی نے حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے مزار پر واقع مسجد کے حوالے سے لکھا ہے۔

"اب ہمارے عہد کے رئیس میاں غلام رسول کٹھ والا نے 1340ھ (1921ء) میں اس کی توسیع کر کے از سر نو تعمیر کرایا۔ اب یہ مسجد بہت شاندار ہے اس وقت مسجد کے صحن کا رقبہ دو ہزار آٹھ سو سولہ مربع فٹ اور مسجد کے دالان کا دو ہزار مربع فٹ ہے۔ صحن کے ایک کونے میں وضو کے

Marfat.com

لیے حوض بھی ہے۔ اوقاف کمیٹی نے مزار کا انتظام اپنے ہاتھ میں لینے کے بعد مسجد کی مزید توسیع کا منصوبہ بنایا ہے مسجد کے دروازے پر علامہ اقبال کا کہا ہوا یہ قطعہ تاریخ کندہ ہے۔

سال بنائے حرم مومناں — خواہ زجبریل وز ہاتف مجو

چشم بہ المسجد الاقصیٰ فگن — الذی بارکہ ھم بگو

40ھ — 13

(صفحہ 540)

فن تعمیر اور جمالیاتی اعتبار سے قدیمی مسجد روایتی عمارت سازی کا اعلیٰ نمونہ تھی۔ اس کی شرقی، غربی دیواریں "5-'90 اور شمالی جنوبی دیواریں "7-'19 طویل تھیں جبکہ ایوان کی چھت کی اونچائی 26 فٹ تھی اور ایوان کی اندرونی پیمائش "6-'18 x "10-'82 تھی۔ مسجد کے اندر چمکدار تزئینی ٹائلوں کی آرائش کا پتہ بھی ملتا ہے۔ وضوگاہ کی چھت بمشکل آٹھ فٹ اونچی تھی۔

درج بالا حوالہ جات سے دربار حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کی قدیمی مسجد کے بارے میں درج ذیل باتیں واضح ہوتی ہیں۔

1- 1867ء سے پہلے پرانی بنیاد پر ہی گلزار سادھو (کشمیری) نے مسجد کی تعمیر نو کی۔ پہلے اس کی چھت چوبی تھی مگر بعدازاں گلزار سادھو نے ہی پہلی مرتبہ مسجد پر گنبد بنوائے۔

2- حاجی نور محمد نام کے بزرگ نے 1287ھ میں حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے مزار پر پہلی مرتبہ گنبد تعمیر کرایا اور اسی دوران گلزار سادھو نے مسجد قدیم کی مرمت کی۔ ممکن ہے اسی سال کے لگ بھگ مسجد کی ابتدائی چھت جو کہ چوبی تھی، پر گنبد بنائے گئے ہوں۔

3- مسجد کے دروازے پر تحریر علامہ اقبال کے قطعہ تاریخ کے مطابق مسجد کی تعمیر ثانی کا سال 1340ھ (1921ء) نکلتا ہے یہ تعمیر ثانی یقیناً غلام رسول کھ والا نے ہی مبلغ ایک لاکھ روپے کی لاگت سے کی ہوگی اور مسجد کے دالان کا رقبہ دو ہزار مربع فٹ اور مسجد کے صحن کا رقبہ دو ہزار آٹھ سو سولہ مربع فٹ تھا اور قدیمی مسجد کے نقشہ سے بھی یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ نئی مسجد کی تعمیر کے وقت اسی مسجد کو شہید کیا گیا تھا جس کا تصویری حوالہ ہمیں استاد میراں بخش مورتاں والے (1944-1877) کے تیار کردہ آبی رنگوں کے عکس میں ملتا ہے۔

استاد میراں بخش میو اسکول آف آرٹس کے فارغ التحصیل تھے۔ بعدازاں سکول ہذا میں

Marfat.com

پرنسپل (29-1913) بھی مقرر ہوئے۔ ان کا سن وصال 1944ء ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ آبی رنگوں کی یہ تصویر 1944ء سے قبل کی ہے اس تصویر میں ہمیں حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے مزار کے گرد غلام گردش نظر نہیں آتی جبکہ گنبد پر سبز رنگ کی ٹائلیں نصب ہیں۔ مزار کے عقب میں ہمیں پانچ گنبد اور دو میناروں والی مسجد کا ایوان، داخلی دروازہ اور وضوگاہ نظر آتی ہے۔ مسجد کا داخلی دروازہ بطرف شمال واقع تھا جبکہ مسجد کے صحن اور مزار کے درمیان وضوگاہ دکھائی دیتی ہے۔ مسجد کے ایوان کے بطرف مشرقی جانب دونوں شمالی اور جنوبی کونوں پر پچاس فٹ سے زائد قامت کے مینار ایستادہ نظر آتے ہیں۔ ایوان کے پانچ گنبدوں میں درمیانی گنبد کا سائز قدرے بڑا تھا اور پانچوں گنبدوں پر سفید رنگ تھا۔ ایوان کی مشرقی جانب پانچ عدد کثیر البرگی ڈاٹوں والے دروازے تھے جن کے بالائی حصوں پر سنگ مرمر کی لوح پر اشعار تحریر تھے۔ سفید گنبدوں کی بیرونی سطح پر دھاریاں (Volute) نظر آتی ہیں۔ یہ مسجد بہت شاندار تھی اور ماہر کاری گروں کی صناعی کا منہ بولتا ثبوت تھی۔

فن تعمیر اور جمالیاتی اعتبار سے یہ مسجد روایتی عمارت سازی کا اعلیٰ نمونہ تھی۔ اس کی شرقی، غربی دیواریں "5-'90 اور شمالی جنوبی دیواریں "7-'19 تھیں جبکہ ایوان کی چھت کی اونچائی 26 فٹ تھی اور ایوان کی اندرونی پیمائش "6-'18x"10-'82 تھی۔ مسجد کے اندر چمکدار تزئینی ٹائلوں کی آرائش کا پتہ بھی ملتا ہے۔ وضوگاہ کی چھت بمشکل آٹھ فٹ اونچی تھی۔ محکمہ اوقاف نے جب نئی مسجد کی تعمیر کی غرض سے پرانی مسجد کو شہید کیا تو اس کا ملبہ اس وقت کی امور مذہبیہ کمیٹی کے اجلاس منعقدہ 27 اپریل 1984ء کے فیصلہ کے مطابق دریا برد کر دیا گیا۔ پرانی مسجد کو شہید کرنے کے لیے 3 مارچ 1983ء کو پراجیکٹ ڈائریکٹر نے پچاس ہزار روپے کی فنی منظوری جاری کی۔

نقوش لاہور نمبر (مطبوعہ 1962) میں شائع ہونے والے مضمون ''مساجد۔ عہد غزنوی سے زمانہ حال تک'' میں محمد عبداللہ قریشی نے یہ نوید سنا دی تھی کہ ''اوقاف کمیٹی نے مزار کا انتظام اپنے ہاتھ میں لینے کے بعد مسجد کی مزید توسیع کا منصوبہ بنایا ہے۔''

محکمہ اوقاف کے اس وقت کے وقف املاک مغربی پاکستان کے چیف ایڈمنسٹریٹر اے ایچ قریشی نے وقف املاک مجریہ 1959ء کی شق 6 کے تحت 11 جنوری 1960ء کو دربار حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ وملحقہ املاک کا انتظامی کنٹرول جاری شدہ نوٹیفکیشن کے مطابق سنبھال لیا تھا۔

Marfat.com

# تعمیر داتا دربار کمپلیکس۔ فیز اول

1979-80ء میں جب پہلی مرتبہ داتا دربار کمپلیکس کا ڈیزائن تیار کیا گیا تو یہ پاکستان میں خانقاہ کی تعمیر کے حوالے سے کئی نئی چیزیں سامنے آئیں اور ایک لحاظ سے پاکستان میں خانقاہ کا بالکل الگ اور منفرد تشخص ابھرا۔ تمام کمپلیکس کی ایک ہی بار تعمیر ناممکن تھی ایک وجہ تو فنڈ کی عدم فراہمی، دوسری وجہ زمین کی عدم دستیابی اور تیسری وجہ زائرین کی بے پناہ تعداد تھی لہٰذا فیصلہ ہوا کہ داتا دربار کمپلیکس کی تعمیر کے پہلے مرحلے میں مسجد تعمیر کی جائے گی دوسرے مرحلے میں تہہ خانے میں پارکنگ، زیریں گراؤنڈ فلور پر سماع ہال/ دوکانات، لائبریری، سیمینار ہال وغیرہ جبکہ تیسرے مرحلے میں کانفرنس ہال، ہجویری ووکیشنل اسکول، بینک و منیجر آفس وغیرہ کی عمارات تعمیر کی جائے گی۔

## نئی مسجد کی تعمیر کا سنگِ بنیاد:

2 جولائی 1981ء کو صبح 8:00 بجے جنرل محمد ضیاء الحق نے مسجد کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس وقت اوقاف کے وزیر نواب زادہ محمد ذاکر قریشی تھے جبکہ سیکرٹری اوقاف آفتاب احمد خان تھے۔

## صحیح قبلہ رخ کا تعین:

کام کے آغاز میں سب سے اہم مرحلہ مسجد کے لیے درست قبلہ رخ کا تعین تھا۔ اس معاملہ پر اس وقت بھی اعتراض کیا گیا جب حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ نے پہلی مرتبہ لاہور کی سرزمین پر مسجد کی تعمیر کا آغاز کیا جس کا ذکر داراشکوہ نے اپنی کتاب سکینۃ الاولیاء میں بہت تفصیل کے ساتھ کیا ہے۔ نوسو سال سے پرانی جگہ پر تعمیر در تعمیر کے سلسلے کی وجہ سے مسجد کے قبلہ رخ کا تھوڑا بہت تبدیل ہو جانا کوئی ایسی انہونی بات نہ تھی۔ اب چونکہ سائنس اتنی ترقی کر چکی تھی لہٰذا درست قبلہ کا تعین آسان بھی تھا اور لازم بھی تھا۔

اس وقت کے گورنر پنجاب (جو کہ مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر بھی تھے) نے ہدایات جاری کیں کہ داتا دربار کی نئی مسجد کے صحیح قبلہ رخ کا تعین کرنے کے لیے سروے آف پاکستان اور پاکستان ائر فورس کے ماہرین سے مدد لی جائے۔ گورنر پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں محکمہ اوقاف نے متعلقہ

Marfat.com

محکموں کو صحیح قبلہ رخ کے تعین کے لیے درخواست کی۔ 28 مئی 1981ء کو وزیر اوقاف اور سیکرٹری اوقاف کی موجودگی میں دونوں محکموں نے درست قبلہ کا تعین کیا مگر یہ رخ نہ صرف آپس میں نہ ملتے تھے بلکہ پرانی مسجد اور مزار کے رخ سے بھی مختلف تھے۔

پرانی مسجد کے قبلہ رخ کو بنیاد بناتے ہوئے پاکستان ائرفورس اور سروے آف پاکستان کے مطابق قبلہ رخ کے لیے درج ذیل نتائج سامنے آئے۔

| | Degree | Minutes | Second |
|---|---|---|---|
| 1- پرانی مسجد کا قبلہ | 0 | 00 | 00 |
| 2- مزار کا قبلہ | 9 | 13 | 00 |
| 3- سروے آف پاکستان | 9 | 47 | 00 |
| 4- پاکستان ائرفورس | 10 | 19 | 00 |

سروے آف پاکستان کا تعین کردہ قبلہ زیادہ قابل اعتبار تھا اور یہ مزار کے قبلہ کے قریب بھی تھا جبکہ پرانی مسجد کے قبلہ میں اور سروے آف پاکستان کے قبلہ میں کافی فرق تھا۔ معاملات جب متنازعہ ہو گئے تو چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف نے گورنر پنجاب کو اس کی بابت فیصلہ کے لیے ایک تلخیص بھیجی تاکہ اس مسئلے کے لیے رہنمائی حاصل کی جا سکے۔ گورنر پنجاب نے تجویز دی کہ پاکستان ائرفورس اور سروے آف پاکستان کے ماہرین پر مشتمل کمیٹی اس مسئلے کا حتمی فیصلہ کرے۔ مزید ہدایات یہ جاری کی گئیں کہ پرانی قبور کے رخ کو بھی مدنظر رکھا جائے اور بہتر ہوگا کہ اس معاملے میں علماء و مشائخ کو بھی اگر شامل کر لیا جائے تاکہ بعدازاں کوئی مذہبی حوالے سے تنازعہ نہ کھڑا ہو جائے۔

گورنر پنجاب کے احکامات کی روشنی میں 14 جون 1981ء کو دوپہر 11 بجے وزیر اوقاف کی سربراہی میں اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں پاکستان ائرفورس کے بیس کمانڈر نے سروے آف پاکستان کے تجویز کردہ قبلہ رخ کو درست مان لیا جبکہ علامہ سید محمود احمد رضوی اور سید نسیم حسین قادری نے اصرار کیا کہ مجوزہ مسجد کا قبلہ رس حضرت داتا گنج بخشؒ کی قبر کے تعویذ کے رخ کے مطابق ہونا چاہیے۔ دونوں علماء کو وضاحت کر دی گئی کہ سروے آف پاکستان اور تعویذ کے قبلہ رخ میں بہت معمولی سا فرق ہے۔ دوبارہ تلخیص تیار کر کے گورنر پنجاب کو بھجوائی گئی۔ گورنر پنجاب نے

22 جولائی 1981ء کو قبلہ رخ کے تعین کی منظوری عطا فرمائی اور یوں مسجد کی تعمیر کا عملی کام مارچ 1982ء میں شروع ہوا۔ ابتدائی طور پر خیال تھا کہ تعمیراتی کام تین سالوں میں مکمل کر لیا جائے گا مگر مختلف نوعیت کی مشکلات کا سامنا کرنے کے بعد مسجد کی تعمیر کا کام 28 نومبر 1989ء کو مکمل ہوا جس کا افتتاح اس وقت کے وزیر اعلیٰ پنجاب محمد نواز شریف نے کیا۔

## توسیعی منصوبہ کے لیے زمین کی خریداری:

20 فروری 1983ء کو چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف نے داتا دربار کے توسیعی منصوبہ کے لیے اردگرد کی زمین خریدنے کے لیے وزیر اوقاف کی سربراہی میں ایک کمیٹی کی منظوری دی۔

زمین جو خریدی جانی مطلوب تھی اس میں ذیلدار سڑک کے ساتھ 25 دوکانیں اور دربار کی مشرقی جانب 18 دکانیں و کھوکھا جات تھے۔ زمین کی خریداری کا کام مرحلہ وار طے ہوا۔

پہلا مرحلہ: گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول/ جلال دین کوٹھی کا رقبہ

دوسرا مرحلہ: مزار کے سامنے والا رقبہ

تیسرا مرحلہ: رتی گن روڈ کے ساتھ والا رقبہ

چوتھا مرحلہ: پائلٹ ہوٹل کے اردگرد زمین کا رقبہ

پہلے مرحلے میں گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول کو شفٹ کرنا تھا اس کے لیے نئی جگہ اور نئی عمارت درکار تھی۔ گورنر پنجاب نے اس بابت 58.90 لاکھ روپے کی منظوری دی اور احکامات جاری کیے کہ عمارت کی تعمیر کے لیے 33.65 لاکھ روپے محکمہ اوقاف ادا کرے گا جبکہ 25.25 لاکھ روپے محکمہ تعلیم ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ 30 جون 1983ء کو اسکول کی تعمیر کے بعد گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول کی عمارت و رقبہ محکمہ اوقاف کے حوالے کر دیا گیا اور اسکول کو نو تعمیر شدہ عمارت میں منتقل کر دیا گیا۔

## نئی مسجد حضرات داتا گنج بخش علی ہجویریؒ

### (1) ایوان:

نقوی اینڈ صدیقی نے نئی مسجد کا جو ڈیزائن تیار کیا اس کے ایوان کا سائز '80'x160

ہے۔ چوڑائی کے رخ "4-'14 کے درمیانی فاصلے کے ساتھ چھ ستون بلند ہوتے ہیں اور پھر وسطی جانب بڑھتے ہوئے افقی شہتیر (Cantilever Beam) کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔ یہ شہتیر چھت کے بالائی حصے کی طرف نکلے ہوئے ہیں۔ ایوان کی چھت مکمل طور پر کنکریٹ کی ہے اور اپنے اندر شمالی اور جنوبی جانب پانچ پانچ ڈاٹیں بناتی ہے۔ بالائی سطح پر ایک دوسری چھت ڈال کر باہر کی طرف نکل آنے والے ان شہتیروں کو چھپا دیا گیا ہے گویا یہاں بھی دوہرے گنبد کا انداز اپناتے ہوئے دوہری چھت بنائی گئی ہے مگر مجموعی تناظر میں یہ چھت ایک پھیلی ہوئی ڈاٹ پر مشتمل ہے۔

ایوان کی شمالی اور جنوبی جانب خواتین کے لیے گیلریاں بنائی گئی ہیں جن تک پہنچنے کے لیے علیحدہ زینے مہیا کیے گئے ہیں۔ ان گیلریوں میں سرامکس ٹائل کا خوبصورت کام کیا گیا ہے۔ ایوان کی زیریں منزل پر وضو و طہارت کی سہولت مہیا کی گئی ہے اور ائر کنڈیشنگ کے لیے پلانٹ روم اور جنریٹر روم بنائے گئے ہیں۔ رمضان کے دنوں میں یہ جگہ اعتکاف کے لیے استعمال ہوتی ہے جبکہ عام حالات میں یہاں جمعتہ المبارک کی نماز ادا کی جاتی ہے۔ ہر جمعہ کو نمازیوں کی تعداد ہزاروں تک پہنچتی ہے۔ وجہ یقیناً حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کا مزار مبارک ہے جہاں لوگ حاضری کے لیے جوق در جوق آتے ہیں فاتحہ پڑھتے ہیں، دعا مانگتے ہیں اور پھر نماز کے اوقات میں نماز کی ادائیگی بھی کرتے ہیں۔

ایوان کی مشرقی جانب ایلومینیم کی ایک بہت بڑی شیشے کی کھڑکی ہے جس میں سٹین گلاس لگا ہوا ہے۔ سٹین گلاس کا یہ خوبصورت رنگدار ڈیزائن مسجد کے ایوان کو اندرونی و بیرونی ہر دو اطراف سے زیبائش بخشتا ہے۔ مسجد کے صحن کے شمالی اور جنوبی جانب گنبددار چھت والے برآمدے ہیں جو مشرقی جانب بڑھتے ہوئے مزار کے قریب چلے جاتے ہیں۔ مسجد کے وسیع و عریض صحن میں لوئر گراؤنڈ فلور کی سطح پر فوارہ نصب ہے جہاں سے دو زینے نیچے اترتے ہیں جہاں وضوگاہ بنی ہوئی ہے یوں سمجھ لیجئے، صحن کا یہ مرکزی حصہ قدیمی مساجد کے صحن کے وسط میں موجود تالاب کی ایک جدید شکل ہے۔

مسجد کے صحن میں شمالی اور جنوبی جانب سے زینوں کے ذریعے داخل ہونے کے لیے دروازے بنائے گئے ہیں گویا مسجد اپنے سطحی نقشہ کے اعتبار سے خالصتاً روایت سے جڑی ہوئی

Marfat.com

ہے۔ایوان کے شمالی اور جنوبی جانب دو بلند مینار ایستادہ ہیں جو بہت فاصلے سے مسجد حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کا پتہ دیتے ہیں۔ مسجد کا ایوان البتہ اپنی شباہت اور رو کار کے اعتبار سے جدید تر ہے اور اس میں قدیم روایتی جمالیات کی جھلک نظر نہیں آتی تاہم مجموعی سطح پر فیصل مسجد کی طرح مختلف ہونے کے باوجود لوگوں کو پہچاننے میں کوئی دقت پیش نہیں آتی کہ یہ مسجد کا ایوان ہے۔

مسجد کے ایوان میں تزئین و آرائش، جیومیٹری اور خطاطی کا خصوصی اہتمام کیا گیا ہے گیلریوں کی سطح پر کوفی انداز میں خطاطی کے خوبصورت نمونے دیکھنے کو مل جاتے ہیں جبکہ مشرقی دیوار پر منبر کے دائیں اور بائیں جانب نیلی ٹائیلوں میں سورہ اخلاص سات مرتبہ تحریر کی گئی ہے۔ کوفی انداز کی خطاطی تمغہ حسن کارکردگی کے حامل خطاط رشید بٹ نے کی ہے۔

### (2) مینار:

مسجد کے موجودہ مینار صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق کی ہدایات کو مدِنظر رکھتے ہوئے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔جن میں ترکی کا فن تعمیر جھلکتا ہے۔میناروں کی بنیادوں کو ڈیزائن کرتے وقت 120 کلومیٹر فی گھنٹہ ہوا کی رفتار اور زلزلے کے متوقع جھٹکوں کو مدنظر رکھا گیا ہے۔

مینار کی بنیاد سطح زمین سے 16 فٹ نیچے ہے اور اس کی پیمائش 40'x40' ہے۔کراس بیم(Cross Beam) اور رافٹ(Raft) کو باہم ملا کر مینار کے ایک نقطے پر مرتکز ہونے والے وزن کو برداشت کرنے کے لیے بنیاد کو ڈیزائن کیا گیا۔ایوان کے شمالی اور جنوبی بیرونی جانب داخلی دروازوں کے قریب دو مینار ایستادہ کیے گئے۔یہ مینار زمینی منزل پر مکعب ہیں جب کہ ان کا تنا گول مخروطی شکل کا ہے جس کی چوٹی پر ایک گیلری اور سنہری کون (Golden Cone) دیکھنے والوں کے لیے کشش کا باعث بنتی ہے۔مینار مربع سطحی نقشہ "4-'13x"4-'13 کا ہے اور تمام کمپلیکس کے ڈیزائن کے لیے اسی بنیادی اکائی (Grid) کا استعمال کیا گیا ہے۔مربع کے چاروں اضلاع بالائی حصے پر نصف دائروی قوس میں تبدیل ہو کر چاروں کونوں پر ایک ڈھلوان دار گول شکل بناتے ہوئے سطحی نقشہ میں گول دائرے میں تبدیل ہو جاتے ہیں جہاں مختلف طرح کے گولے (Rings) بنائے گئے ہیں۔

مینار کے تنے پر تین جگہ "6"x24 پیمائش کے عمودی روزن مینار کو بصری حوالے سے چار

حصوں میں تقسیم کرتے ہیں اور مینار کی اندرونی سیڑھیوں تک روشنی پہنچاتے ہیں۔ مکعب زمینی منزل اور بالائی گیلری کے زیریں حصے پر فیروزی اور نیلے رنگ کی ٹائلیں خوبصورت ڈیزائن میں آویزاں کی گئی ہیں۔ مینار کی چوٹیاں سنہری کون (Golden Cone) میں ملبوس ہیں جن کی اونچائی 39 فٹ ہے، قاعدہ پر کون (Cone) کا قطر 7 فٹ بنتا ہے۔ یہ سٹین لیس سٹیل 316SL کی دھات کی ہے جس پر سونے کے ورق (Gold Leafing) چڑھائے گئے ہیں۔ اس زمانے میں کون (Cone) پر ایک لاکھ روپے کا آبی سونا چڑھایا گیا تھا۔ میناروں اور مینارچوں کی مجموعی تعداد چودہ بنتی ہے جن کی تعمیر پر پچپن لاکھ روپے خرچ ہوئے۔ ان سنہری کونوں (Cones) کو پیچدار کیلوں سے آرسی سی پر لگایا گیا ہے۔ میناروں کی چوٹی پر ان کونوں کو چڑھانے کے لیے ایک ٹاور کرین کی تنصیب کی گئی۔ مرکزی گول سیڑھی 135 فٹ کی بلندی تک پہنچتی ہے۔ جہاں "6-'3 چوڑی گول گیلری بنائی گئی ہے۔ نیلی اور فیروزی ٹائلیں مل کر گیلری کے زیریں حصے پر ہیرا نما (Diamond Shape) ڈیزائن بناتی ہیں۔ سیڑھی کا اندرونی قطر "6-'6 ہے جبکہ میناروں کی اونچائی 191 فٹ 2 انچ رکھی گئی ہے۔

## (3) دالان:

برآمدہ جات یا رواق کی تعمیر مساجد کی روایتی تعمیر کا ایک اہم حصہ رہی ہے۔ حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کی مسجد کے صحن کے شمالی اور جنوبی جانب گنبد دار چھت والے برآمدہ جات تعمیر کیے گئے ہیں۔ حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کی مسجد کے یہ گنبد دار برآمدہ جات اپنی شکل اور جمالیات کے اعتبار سے بہت منفرد، مختلف اور دلکش ہیں۔ بنیادی سانچہ گنبد سے ہی تشکیل پاتا ہے۔ مگر یہ قدیم برآمدہ جات کی ایک جدید تر شکل ہے۔

## (4) خطاطی:

تمام عالم اسلام میں مساجد کے اندر قرآنی آیات و احادیث کی خطاطی کے دلکش نمونے دیکھنے کو مل جاتے ہیں۔ مسلم خطاط نے اپنی تمام تر تخلیقی صلاحیتیں اور عمریں اسی کی نذر کر دیں۔ مسجد حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے ایوان کے اندر خطاطی کے تین حاشیئے ایستادہ کیے گئے

ہیں یہ خطاطی کوفی انداز میں ہے جو کہ عمارتوں کے لیے مختص ہو کر رہ گیا ہے۔ زیریں منزل پر خطاطی مغربی کوفی انداز میں کی گئی ہے۔ یہ سعادت معروف آرٹسٹ اور خطاط رشید بٹ کے حصے میں آئی ہے۔

ایلومنیم بھرت میں کوفی انداز خطاطی میں کٹائی کر کے تیار کیے جانے والے یہ نادر نمونہ جات جو پاکستانی انجینئر نے تیار کیے ہیں، غیر ملکی ماہرین کو ورطۂ حیرت میں ڈالے ہوئے ہیں انہیں یقین ہی نہیں آتا کہ بغیر کمپیوٹر کٹائی کا ایسا اعلیٰ معیار اور کامل دسترس بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔ ایوان کے اندر خطاطی پیتل کے بھرت میں تیار کی گئی ہے جو فقید المثال ہے۔

ایک اور دو انچ موٹی سنگ مرمر کی خوبصورت جالیوں کی تیاری ایسے ماہرانہ انداز سے کی گئی ہے کہ دیکھنے والی آنکھ پلک جھپکنا بھول جاتی ہے یہ سب عقیدت اور نیاز مندی کا حاصل ہے اسی وجہ سے کام میں برکت پیدا ہوئی ہے اور حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کا آستانہ ایسا بابرکت اور رحمتوں کا مرقد ہے کہ کوئی اس سے مایوس لوٹتا ہی نہیں۔

## (5) ایلومینیم/ گلاس اسکرین:

مسجد حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے ایوان کی مشرقی دیوار میں ایستادہ ایک بڑی گلاس اسکرین جسے سٹین لیس سٹیل اور ایلومنیم کے فریم نے تھام رکھا ہے، کے بارے میں ایک نظر دیکھنے والوں کو گمان بھی نہ ہوگا کہ اس کے ابتدائی ڈیزائن کے مراحل سے تکمیل تک دو سال کا عرصہ لگ گیا اور بے شمار کوششیں اور توانائیاں صرف ہوئیں۔

یہ اسکرین 95 فٹ لمبی اور 40 فٹ اونچی ہے اس کا بالائی حصہ ایک قوس بناتا ہے اور اس کا کل رقبہ 2793 مربع فٹ بنتا ہے۔ یہ اسکرین ایک سو میل فی گھنٹہ سے چلنے والے طوفان کا مقابلہ کر سکتی ہے اس کا گلاس دس ملی میٹر موٹا ہے اور یہ (Toughend) گلاس ہے۔

1- اسٹین لیس سٹیل فریم (316,S16) بمعہ ایلومنیم
2- ٹنٹڈ (Tinted) گلاس 10 ملی میٹر موٹائی
3- اسٹین گلاس
4- عربی خطاطی و ڈیزائن

5- ایلومنیم کھڑکیاں اور دو عدد دروازے

اسٹین لیس سٹیل میں 17 فیصد کرومیم اور 11 فیصد نکل شامل کیا گیا تھا۔

## (6) گولڈ لیف کونز(Gold Leaf Cones):

میناروں کی چوٹی پر گولڈ لیف کون لگانے و مہیا کرنے کا معاہدہ توراۃ لمیٹڈ لندن کے ساتھ یکم ستمبر 1987ء کو ہوا۔ 19 فروری 1980ء کے اجلاس اور یکم ستمبر 1987ء کے معاہدے کے درمیانی ساڑھے سات سالوں پر محیط ایک طویل اور صبر آزما کوشش کی لمبی داستان ہے۔ فن تعمیرات کے طالب علموں کے لیے یہ معاملہ بہت دلچسپی کا حامل ہے۔ آرکیٹکٹ نے تو ڈیزائن کر دیا کہ مسجد کے شمالی اور جنوبی جانب ایستادہ 198 فٹ بلند دو بڑے میناروں کی چوٹیوں پر 7 فٹ قطر کی 39 فٹ اونچی کونیں لگائی جائیں گی۔ اہم معاملہ یہ تھا کہ یہ کس دھات کی بنی ہوں گی۔ یقیناً یہ باتیں پیش نظر ہوں گی کہ خوبصورت ہوں، دیرپا بھی ہوں، دیکھنے والوں کی توجہ اپنی طرف کھینچیں۔ ساون کی برستی بارشوں اور جون کی جان لیوا دھوپوں کا اثر نہ ہو، ان کا رنگ اور سطح ایسی ہو کہ مجموعی تناظر میں مسجد کے ڈیزائن سے مطابقت رکھیں۔

کون (Cone) ہر لحاظ سے مثالی، بے جوڑ، ہموار اور اس کی سنہری سطح دائمی ہونی چاہیے اور کسی قسم کی Maintenance کی ضرورت نہ ہو۔ ظاہر ہے ایسی کڑی شرائط اور ایسے اعلیٰ معیار کا حصول کوئی معمولی کام نہ تھا اس معیار کی تلاش کے لیے ان تھک کوشش اور مستقل مزاجی کی ضرورت تھی۔ ان تمام باتوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ان کونز (Cones) پر گولڈ الیکٹرو پلیٹنگ کا حتمی فیصلہ کیا گیا۔

ٹینڈا لمیٹڈ پہلے ہی مسجد کے لیے آرائشی ٹائلیں مہیا کرنے کا معاہدہ کر چکی تھی اس کا صدر دفتر لندن میں تھا، لہٰذا ان کے ڈائریکٹر سے بات کی گئی۔ اس نے تفصیلات کو جانا اور حامی بھر لی۔

یکم ستمبر 1987ء کو توراۃ لمیٹڈ لندن اور محکمہ اوقاف کے درمیان گولڈ لیف کون مہیا کرنے کا معاہدہ ہوا۔ معاہدے کی رو سے '39 لمبی دو کونیں، '6-'5 لمبی 12 عدد کونیں توراۃ لمیٹڈ نے مہیا کرنا تھی۔ جن کی مالیت ایک لاکھ پینتیس ہزار پاؤنڈ اور تنصیب وغیرہ چودہ ہزار پاؤنڈ اسٹرلنگ طے ہوئی۔

Marfat.com

## (7) سرامکس ٹائلز:

30 جون 1985ء کو ہونے والی میٹنگ میں سرامکس ٹائلز اور کیلیگرافی کے ڈیزائن کی منظوری دی گئی۔ اس وقت بھی توراۃ لمیٹڈ کے ڈائریکٹر سے رابطہ قائم کیا گیا۔

ٹائل والے کل رقبہ کا تخمینہ 6000 مربع فٹ لگایا گیا۔ اس لحاظ سے مئی 1987ء میں ٹائلیں ڈیزائن کرنے و مہیا کرنے کے لیے چھتیں لاکھ روپے اور لگوائی کے لیے تین لاکھ روپے اور یوں کل انتالیس لاکھ روپے کی رقم کا لیٹر آف کریڈٹ جاری ہوا۔

21 فروری 1987ء کو توراۃ لمیٹڈ اور محکمہ اوقاف کے درمیان سرامکس ٹائلز مہیا کرنا و لگانے کا معاہدہ ہوا۔ محکمہ اوقاف نے 8 جولائی 1987ء کو مذکورہ کام کے لیے 42,90,000 روپے کی انتظامی منظوری جاری کی۔ مسجد کے ایوان کے بیرونی اطراف 8761 مربع فٹ ٹائلز لگانا مقصود تھا۔ طے شدہ ریٹ کے مطابق اس کی قیمت -/52,57,014 روپے بنتی تھی۔ اس کے لیے محکمہ اوقاف نے 28 جولائی 1990ء کو -/59,00,000 روپے کا خط منظوری جاری کیا اس میں سرامکس ٹائلز اور اسلامی خطاطی کا کام بھی شامل تھا۔

## (8) مکینیکل سسٹم و الیکٹریکل سسٹم:

مسجد کے ایوان اور زیریں منزل میں تازہ ہوا اور ٹھنڈک کے لیے ایک سسٹم متعارف کرایا گیا ہے جس کے تحت استعمال شدہ ہوا دباؤ کے ساتھ پانی اور فلٹرز کی جانب دھکیلی جاتی ہے۔ اس مقصد کے لیے 75,000 سی ایف ایم اور پچاس ہزار سی ایف ایم کے دو دو پنکھے لگائے گئے ہیں یہ بڑے سائز کے پنکھے ملک میں ہی تیار کر کے لگائے گئے جو کہ انتہائی مشکل کام تھا۔ سردیوں میں وضو کے لیے پانی گرم کرنے کی خاطر سو سو گیلن کے دس گیزر لگائے گئے ہیں۔ گیس سے چلنے والے یہ گیزر ایک خاص درجہ حرارت پر پہنچ کر خودکار طریقے سے بند ہو جاتے ہیں۔

ملک میں لوڈشیڈنگ کے بڑھتے ہوئے معاملے سے نمٹنے کے لیے ایک ہزار کے وی اے (KVA) کا ٹرانسفارمر نصب کیا گیا ہے جو بجلی فیل ہونے کی صورت میں خودکار طریقے سے کام کرنے لگتا ہے۔ مسجد میں آگ بجھانے والا سسٹم بھی نصب کیا گیا اور پبلک ایڈریس سسٹم کا

نظام بہت اعلیٰ مہیا کیا گیا ہے۔ مسجد کو مختلف زاویوں سے منور کرنے کے لیے لائٹ سسٹم بھی لگایا گیا ہے۔

## افتتاحی تقریب:

مسجد حضرت داتا گنج بخش کی تعمیر کا آغاز عملی طور پر 21 مارچ 1982ء کو ہو گیا تھا مگر تعمیراتی رقبہ میسر نہ آنے اور دیگر کئی مسائل کی وجہ سے تعمیرات کا کام التوا کا شکار ہوتا رہا۔ بالآخر 1989ء کے آخری مہینوں میں مسجد کی تکمیل ہوئی۔ مسجد کی تعمیر کا افتتاح اس وقت کے وزیر اعلیٰ پنجاب محمد نواز شریف نے 28 نومبر 1989ء کو کیا۔ اخبارات میں داتا دربار مسجد کی تعمیر کو اسلامی فن تعمیر کی نشاۃ ثانیہ قرار دیا گیا اس سے قبل فیصل مسجد اسلام آباد کی تعمیر لوگوں کے سامنے آ چکی تھی مسجد داتا دربار کو پاکستان میں مساجد کی تعمیر کے حوالے سے دوسری اہم مسجد کے طور پر لیا گیا۔ اس کے لیے 28 نومبر 1989ء کو باقاعدہ افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کی تمام تر ذمہ داری سیکرٹری اوقاف نے اٹھائی۔ افتتاحی تقریب کے فوراً بعد ہی وزیر اعلیٰ پنجاب نے بقیہ کمپلیکس کی تعمیر کے لیے سنجیدگی سے احکامات جاری کیے اور محمد شہباز شریف ممبر صوبائی اسمبلی کو اس سلسلے میں لائحہ عمل طے کرنے کے لیے ذمہ داری سونپی گئی۔

# تعمیر داتا دربار کمپلیکس۔ فیز دوئم

مسجد حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کا سنگ بنیاد جنرل محمد ضیاء الحق نے 28 فروری 1978ء کو رکھا جبکہ ڈیزائن کی منظوری کے بعد مسجد کی تعمیر کا سنگ بنیاد 2 جولائی 1981ء کو صبح 8:00 بجے جنرل محمد ضیاء الحق نے رکھا۔ مسجد کی تکمیل کے بعد افتتاح وزیر اعلیٰ پنجاب محمد نواز شریف نے 28 نومبر 1989ء کو کیا اس وقت سیکرٹری و چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف راجہ ارشاد الحق کیانی تھے۔

داتا دربار کمپلیکس فیز دوئم کار پارکنگ، سماع ہال، مرکز معارف اولیاء لائبریری و سیمینار ہال، پولیس چوکی وغیرہ پر مشتمل ہے۔

Marfat.com

## کار پارکنگ:

داتا دربار کمپلیکس کی تعمیر کا ڈیزائن 80-1979ء کے لگ بھگ تیار کیا گیا اور اس وقت بائیس فٹ کی گہرائی تک کھدائی کر کے 198 گاڑیوں کی کار پارکنگ کی سہولت مہیا کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ ماہرین فن تعمیرات کی نگاہ کس طرح آنے والے وقت کی ضرورتوں کو بھانپ لیتی ہے۔ آج جبکہ داتا دربار کمپلیکس اور بھاٹی دروازے کے گردونواح میں ٹریفک کا اس قدر ہجوم ہوتا ہے کہ سڑک پار کرنا جوئے شیر لانے کے مترادف لگتا ہے مگر حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے مزار پر حاضری کے لیے آنے والوں کی گاڑیوں کے لیے خاطر خواہ پارکنگ کا انتظام موجود ہے۔ گاڑیوں کے داخلے اور اخراج کے لیے الگ الگ راستے ہیں اسی طرح بالائی منزل تک رسائی کے لیے دو مقامات پر سیڑھیاں مہیا کی گئی ہیں۔ وہ تہہ خانہ جہاں پارکنگ کی سہولیت مہیا کی گئی ہے اس کا رقبہ 1,00,200 مربع فٹ ہے۔ کاربن مانو آکسائیڈ کے اخراج اور تازہ ہوا کے لیے مکینکل سسٹم کی تنصیب کی گئی ہے۔

## سماع ہال:

داتا دربار کمپلیکس کے تہہ خانہ کے اوپر کہ جسے لوئر گراؤنڈ فلور بھی کہا جاتا ہے۔ 32750 مربع فٹ پر مشتمل سماع ہال موجود ہے جہاں چار سے پانچ ہزار لوگ بیٹھ کر با آسانی قوالی سن سکتے ہیں۔ سماع ہال میں داخل ہونے کے لیے لوئر مال روڈ، دربار روڈ اور ذیلدار روڈ کی جانب سے زینے اترتے ہیں اور سماع ہال تک رسائی دیتے ہیں۔ سماع ہال کے چاروں اطراف کشادہ راہداری ہے اور پھر اس کے بعد مرکز معارف اولیاء کے دفاتر، لائبریری، سیمینار ہال، مدرسہ، ائر کنڈیشنگ پلانٹ وغیرہ کے لیے کمرہ جات کی تعمیر کی گئی ہے۔ سماع ہال کی ایلومینیم کی کھڑکیاں تیکنیکی مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہیں جبکہ تین اطراف سے داخل ہونے کے لیے تزئینی دروازے فن کاروں کی مہارت کے اعتراف کے طور پر پیش کیے جاسکتے ہیں۔ سماع ہال کی مغربی دیوار کے درمیان میں بہت بڑا لکڑی کا چبوترہ ہے جہاں قوال بیٹھ کر عارفانہ کلام پیش کرتے ہیں۔ چار کونوں پر چھتوں میں فائبر گلاس کے پست قامت گنبد ہیں جہاں سے روشنی اندر داخل ہو کر سماع ہال کو منور

Marfat.com

کرتی ہے۔ ائر کنڈیشنگ کی سہولت کے باعث سماع کی ہفتہ وار محفلوں میں ہزاروں لوگ کئی کئی گھنٹوں تک وجد کے عالم میں سر دھنتے ہیں۔

## چہار باغ:

لوئر مال روڈ کی جانب سے اگر مزار شریف حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کی زیارت کے لیے داخل ہوں تو سب سے پہلے ہم مغلیہ طرز پر تشکیل پانے والے چہار باغ میں ہی داخل ہوتے ہیں۔ یہ کم وبیش ایک لاکھ مربع فٹ کے رقبہ پر مشتمل قطعہ چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جس کی وجہ سے اسے چہار باغ بھی کہا جاسکتا ہے۔ چہار باغ کے عین درمیان میں ایک بڑا فوارہ ہے جس کے مرکز میں شیشے کی تختیوں پر داتا دربار کمپلیکس کی تکمیل کے افتتاحی کلمات کنداں ہیں۔ راستوں کے فرش پر سنگ مرمر لگایا گیا ہے جبکہ شمالی اور جنوبی جانب تیس فٹ چوڑے برآمدے ہیں جن کی اندرونی دیواروں پر زیریں سطح کی پانی کی آبشاریں بنائی گئی ہیں۔ چار بڑے بڑے گھاس کے سبز لان ہیں جو زائرین کی آنکھوں کو طراوت بخشتے ہیں۔ محکمہ اوقاف نے خصوصی طور پر یہاں روشنی کا ایسا انتظام کر رکھا ہے کہ رات کو بھی دن کا سا سماں رہتا ہے۔ چہار باغ کے اس قطعہ کے نیچے سماع ہال ہے جو کہ لوئر گراؤنڈ فلور بنتا ہے جبکہ اسی حصہ کے نیچے تہہ خانہ میں کار پارکنگ کی سہولت مہیا کی گئی ہے۔

## خطاطی:

داتا دربار کمپلیکس کے چہار باغ کی مشرقی، شمالی اور جنوبی جانب محرابی شکل کے برآمدہ جات کی تعمیر کی گئی۔ ان محرابوں کی کل تعداد 197 ہے ان محرابوں پر اسمائے الٰہی اور اسمائے نبی اکرمؐ کے 124 سنگ مرمر کے کتبے نصب کیے گئے ہیں۔ جس میں 100 اللہ تعالیٰ کے نام ہیں جبکہ 24 حضرت محمدؐ کے نام شامل ہیں۔ مشرقی جانب کے محرابی برآمدہ جات کی پیشانی پر 308 فٹ لمبائی 20 انچ چوڑائی میں سورہ الرحمٰن خط نستعلیق میں تحریر کی گئی ہے جبکہ سماع ہال کے بیرونی دروازے پر 108 فٹ لمبائی 20 انچ چوڑائی میں درود تاج کی خطاطی کی گئی ہے۔ دوسرے اہم مقامات پر آیات قرآنی کے 28 فٹ کے چار عدد کتبے نصب کیے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں حضرت

Marfat.com

داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کی مختصر سوانح حیات وتعلیمات کے بارے میں انگریزی اور اردو ہر دو زبانوں میں کتبے نصب کیے گئے ہیں۔ مشرقی جانب کی محرابوں کے وسطی حصے میں ایک بڑے کتبے پر ''گنج بخش فیض عالم مظہر نور خدا...... ناقصاں را پیر کامل کاملاں را رہنما'' تحریر کیا گیا ہے۔ خطاطی کا یہ تمام کام پاکستان کیلیگراف آرٹسٹس گلڈ نے اعزازی طور پر کیا ہے اس کے لیے معروف خطاط خورشید عالم گوہر قلم کی خدمات قابلِ تحسین ہیں۔

خطاطی کا یہ کام سیکرٹری اوقاف محمد اطہر طاہر کی زیر نگرانی ان کی خصوصی توجہ اور دلچسپی کا مرہون منت ہے انہوں نے فی الواقعی خطاطی کے مٹتے ہوئے فن کی نشاۃ ثانیہ کی ہے۔ خطاطی کا یہ بے مثل کام درج ذیل خطاط نے بغیر کسی ہدیے کے محض حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے ساتھ اپنی عقیدت اور وابستگی کے اظہار کے طور پر کیا۔

بشیر موجد، ریاض احمد رانا، شاہد گلزار، ایس ظہور احمد کاظمی، عرفان احمد خان، خورشید شمیم، صوفی خورشید عالم خورشید رقم، ابن کلیم، اکرام الحق، محمد امداد، محمد اطہر طاہر، سید آفتاب شاہ، سید انور حسین نفیس رقم، سید انیس الحسینی، شریف گلزار، احمد علی بھٹہ، الٰہی بخش مطیع، عاطف سلیم اور خورشید عالم گوہر قلم۔

## سماع ہال کے تزئینی دروازے:

داتا دربار کمپلیکس میں لوئر گراؤنڈ فلور پر 32,750 مربع فٹ رقبے پر کشادہ سماع ہال تعمیر کیا گیا ہے۔ سماع ہال میں داخل ہونے کے لیے لوئر مال روڈ (مشرقی جانب) دربار روڈ (جنوبی جانب) اور ذیل دار روڈ (شمالی جانب) پر تین بڑے دروازے لگائے گئے ہیں۔ اندرونی طور پر تو یہ اعلیٰ نسل کی دیودار لکڑی کے بنے ہوئے ہیں مگر بیرونی سطح پر جرمن براس سلور شیٹ (German Brass Silver Sheet) میں اعلیٰ تزئینی و آرائشی کام کیا گیا ہے ابتدائی طور پر اس کا تخمینہ انیس لاکھ روپے لگایا گیا تھا مگر بعدازاں ان تینوں دروازوں کی مجموعی لاگت 12,81,500 روپے آئی ہے میسرز آئی اینڈ ایف یونائیٹڈ بلڈر نے یہ دروازے تیار کیے ہیں۔

Marfat.com

## مرکز معارف اولیاء:

داتا دربار کمپلیکس میں مرکز معارف اولیاء کے نام سے ایک ایسا ادارہ تشکیل دیا گیا ہے جہاں صوفیاء اور مشائخ کی حیات اور تعلیمات پر تحقیق و دیگر علمی کاموں کا ایک سلسلہ شروع کیا گیا ہے مرکز معارف اولیاء میں ایک بڑی لائبریری ہے جہاں مذاہب، تصوف و اسلام پر کتابوں کا بیش بہا ذخیرہ موجود ہے اس کے ساتھ چھ نشستیں تحقیقی کام کرنے والے علماء کے لیے مختص کی گئی ہیں کتابوں کی الماریوں کا خوبصورت منفرد ڈیزائن تیار کیا گیا ہے اور اس سے ملحقہ 120 نشستوں پر مشتمل ایک سمینار ہال تعمیر کیا گیا ہے۔ لائبریری و سمینار ہال کی اندرونی زیبائش اور تزئین کا کام محکمہ اوقاف نے کیا ہے جو ہر لحاظ سے قابل ستائش ہے یہاں مختلف موضوعات اور شخصیات پر سالانہ کانفرنس ہوتی رہتی ہیں، سمینار کا انعقاد کیا جاتا ہے، اتحاد بین المسلمین کے زیر اہتمام کئی اجلاس یہاں منعقد ہو چکے ہیں گویا مرکز معارف اولیاء مذہبی و علمی سرگرمیوں کا مرکز بن گیا ہے۔ محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام ''معارف اولیاء'' کے نام سے اسلامی تصوف پر سہ ماہی ادبی جریدہ کی اشاعت بھی یہیں سے ہوتی ہے۔

## افتتاحی تقریب:

داتا دربار کمپلیکس کے فیز دوئم کی تکمیل کے بعد اس کے افتتاح کا مرحلہ آیا اس وقت کے وزیر اعظم محمد نواز شریف کو افتتاح کے لیے دعوت دی گئی اس سے قبل سیکرٹری اوقاف محمد اطہر طاہر نے اپنا خیال پیش کیا کہ کیوں نہ شیشے پر افتتاحی کلمات لکھے جائیں اور ان کو پارک کے مرکز میں نصب کیا جائے۔ اس کے لیے '8x'2 پیمائش کی 15 ملی میٹر موٹے شیشے کی ایک پلیٹ اور '4x'2 پیمائش اور 15 ملی میٹر موٹے شیشے کی دو پلیٹوں پر مشتمل ایک ڈیزائن بنایا گیا۔ '8x'2 کی شیشے کی پلیٹ کو بغیر سہارہ دیئے عموداً کھڑا کرنا تقریباً ناممکن نظر آتا تھا اس کے لیے نیس پاک کے انجینئرز سے مشورہ لیا گیا۔ انہوں نے '8x'2 پیمائش کی شیشے کی پلیٹ کو عمودی کھڑا کرنے کے لیے اس کی موٹائی پانچ انچ تجویز کی۔ ایسا تو کوئی شیشہ مارکیٹ میں موجود نہیں تھا تاہم محکمہ اوقاف کے آرکیٹکٹ نے ایلومنیم کا چینل استعمال کرتے ہوئے پورے اعتماد کے ساتھ '8x'2 پیمائش کے

Marfat.com

شیشے کی 15 ملی میٹر موٹی پلیٹ کو عمودی کھڑا کیا جو آج بھی چہار باغ کے وسط میں سات سال گزرنے کے باوجود اپنی جگہ پر ایستادہ ہے۔

31 مئی 1999ء کو اس وقت کے وزیراعظم محمد نواز شریف نے داتا دربار کمپلیکس کی تعمیر و تکمیل کے منصوبے کا رسمی افتتاح کیا یہ تقریب سماع ہال میں انعقاد پذیر ہوئی۔

## مآخذ:


1- تحقیقات چشتی از نور احمد چشتی (1864) الفیصل لاہور۔

2- سوانح حضرت داتا گنج بخش از محمد دین فوق (1914) بک ہوم لاہور۔

3- نقوش (لاہور نمبر) مدیر محمد طفیل (1962) لاہور۔


❁❁❁❁❁

Marfat.com

# تعمیر وتوسیع خانقاہ حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ

پنجاب میں چشتی سلسلہ کے بانی حضرت خواجہ فریدالدین مسعود گنج شکرؒ کو کئی لحاظ سے امتیاز حاصل ہے۔ان کے مرشد خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ اور خلیفہ شیخ نظام الدین اولیاءؒ دونوں چشتی سلسلہ کے اہم اور مقبول نمائندے ہیں، خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کے مرشد حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ تھے، جنہوں نے سلسلہ چشتیہ کو ہندوستان میں متعارف کرایا اور شیخ نظام الدینؒ اولیاء کے خلیفہ خواجہ نصیرالدین چراغ دہلیؒ تھے، جن کے بعد باقاعدہ خلافت کا سلسلہ ختم ہو گیا کیونکہ خواجہ نصیرالدین چراغ دہلیؒ کی وصیت کے مطابق ان کا عصاء اور خرقہ ودستار ان کے ہمراہ قبر میں دفن کر دیئے گئے۔اس تناظر میں دیکھیں تو خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ کا مقام چشتی سلسلہ کے ان پانچ بانی اولیاء اللہ کے عین درمیان میں ہے بقول خلیق احمد نظامی، خواجہ معین الدین چشتیؒ نے سلسلہ چشتیہ کو ہندوستان میں متعارف کرایا، خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کی بدولت یہ سلسلہ ہندوستان میں مقبولیت سے ہمکنار ہوا جبکہ خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ نے سلسلہ چشتیہ کو ایک ادارے کی حیثیت سے وقار بخشا اور پروان چڑھایا۔ان کے روز وشب کا معمول مقرر تھا، سخت نظم وضبط کے پابند تھے، جماعت خانے میں صوفیاء وزائرین کے رہنے، کھانے پینے، درس وتدریس اور تعویذ وتوجہ کے اوقات مقرر تھے۔

خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ کو اس لحاظ سے بھی امتیاز حاصل ہے کہ چشتی سلسلہ کے وہ واحد صوفی ہیں، جن کے ملفوظات ان کے دو خلفاء نے تحریری شکل میں محفوظ کئے، خواجہ فریدالدین مسعود گنج شکرؒ نے اپنے مرشد خواجہ بختیار کاکیؒ کے ملفوظات ''فوائدالسالکین'' نامی کتاب میں محفوظ کئے جبکہ شیخ بدرالدین اسحاقؒ نے ''اسرارالاولیاء'' میں اور خواجہ نظام الدین اولیاء نے ''راحت القلوب'' میں خواجہ فریدالدین مسعود گنج شکرؒ کے ملفوظات محفوظ کئے۔یہی وجہ۔ہے کہ اس عہد کے

Marfat.com

صوفیاء کے بارے میں ہمیں تحریری طور پر کچھ نہ کچھ مل جاتا ہے۔

اس کے بعد تین دیگر کتابیں ایسی ہیں جو بعد میں آنے والے صوفیاء نے تالیف کیں۔ امیر حسن علاء سجزی نے شیخ نظام الدین اولیاء کے ملفوظات ''فوائد الفواد'' میں قلم بند کیے، حمید قلندر نے شیخ نصیر الدین چراغ دہلیؒ کے ملفوظات ''خیر المجالس'' میں تحریر کیے جبکہ امیر خورد نے اپنے والد اور دادا سے خواجہ فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کے بارے میں جو سنا ''سیر الاولیاء'' میں تحریر کر دیا۔ امیر خورد کے والد اور دادا دونوں ہی خواجہ فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کے مریدین میں سے تھے۔

یہ وہ علمی خزانہ ہے جہاں سے ہمیں براہ راست خواجہ فرید الدین مسعود گنج شکرؒ اور سلسلہ چشتیہ کے بارے میں گرانقدر معلومات ملتی ہیں۔

## تولید و تعارف

خواجہ فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کے دادا قاضی شعیب کا تعلق کابل کے فرمانروا خاندان سے تھا۔ قاضی شعیب کا قرآن و حدیث کا گہرا مطالعہ تھا اور افغانستان چھوڑنے سے قبل وہ ایک اعلیٰ حکومتی عہدے پر متمکن تھے۔ سیر الاولیاء کے مطابق، قاضی شعیب اپنے تینوں بیٹوں، عقیدت مندوں، فوج اور خاندان کے دیگر افراد کے ہمراہ پہلے لاہور پہنچے مگر یہاں کے سیاسی حالات اور خلفشاروں کو دیکھتے ہوئے قصور چلے گئے۔ قصور کے قاضی نے ملتان کے حاکم کی توجہ ان کی جانب دلائی تو قاضی شعیب کو ملتان کے قریب واقع موضع کا ٹھیوال کا قاضی مقرر کر دیا گیا۔

قاضی شعیب کے درمیانے بیٹے کا نام جمال الدین سلیمان تھا۔ (1) والد کی وفات کے بعد ان کو کوٹھیوال کا قاضی مقرر کر دیا گیا۔ ان کی شادی کوٹھیوال میں مقیم شیخ وجیہہ الدین کی بیٹی قرسم بی بی سے ہوئی۔ (2) جن کے بطن سے خواجہ فرید 1175ء میں تولد پذیر ہوئے۔ آپ کا نام فرید مسعود رکھا گیا اور آپ کی شخصیت پر پہلا اثر آپ کی والدہ قرسم بی بی کا ہوا۔ (3) شیخ فرید الدین عطارؒ نے آپ کو فرید الدین کا خطاب دیا۔ شیخ نظام الدین اولیاءؒ نے اپنی کتاب میں آپ کو شیخ فرید لکھا ہے جبکہ شیخ علاؤ الدین اجودھنی آپ کو بابا فرید کہہ کر پکارتے ہیں۔ زمانے بھر میں آپ شیخ فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کے نام سے مشہور ہیں، سیر الاقطاب کا مصنف آپ کا سلسلہ نسب چودھویں پشت پر امیر المومنین حضرت عمر فاروقؓ سے ملاتا ہے۔

Marfat.com

## گنج شکرؒ کی توجیہات

گنج شکر کے نام سے مقبول ہونے کے حوالے سے کئی کرامات خواجہ فریدالدین مسعودؒ کے نام سے منسوب ہیں۔

1- مسلسل روزہ میں شدید بھوک کی حالت میں چند کنکر آپ کے منہ میں جا کر چونکہ شکر میں تبدیل ہو گئے تھے اس لئے آپ کو گنج شکر یا شکر بار کہا جاتا ہے۔(4)

2- مولانا جمالی لکھتے ہیں کہ ایک روز بابا فرید اپنے مرشد کے گھر جا رہے تھے، انہوں نے کھڑاؤں پہنے تھے۔ راستہ کیچڑ آلود تھا اور آپ سات دن سے روزہ کی حالت میں تھے، شدید کمزوری کے باعث آپ زمین پر گر پڑے۔ کچھ گیلی مٹی جو آپ کے منہ میں چلی گئی، شکر میں تبدیل ہو گئی۔ جب بابا فرید مرشد کے گھر سے لوٹے تو لوگ انہیں شیخ فرید گنج شکر کہہ کر پکار رہے تھے۔(5)

3- ایک دن ایک سوداگر شیخ فرید سے ملنے اجودھن آیا اس کے پاس شکر تھی۔ شیخ فرید نے پوچھا کیا ہے، سوداگر کہنے لگا نمک ہے۔ شیخ فرید بولے ''تو نمک ہی ہو گا۔'' بوری کو کھولا تو دیکھا شکر نمک میں تبدیل ہو چکی تھی۔ دوبارہ شیخ فرید کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی دروغ گوئی پر شرمندہ ہوا اور معافی کا خواستگار ہوا۔ شیخ فرید نے دُعا کی تو نمک شکر میں تبدیل ہو گیا۔ تب سے آپ کو گنج شکر کے نام سے جانا جانے لگا۔(6)

4- بابا فرید بچپن میں شکر کے بہت شوقین تھے، ان کی والدہ نماز فجر کے بعد شکر کی ایک پڑیا ان کے تکیئے کے نیچے رکھ دیتیں تاکہ بابا فرید صبح نماز کے لئے اٹھ سکیں۔ جب آپ کی عمر بارہ سال ہو گئی اور آپ باقاعدگی سے نماز کے عادی ہو گئے تو آپ کی والدہ نے تکیئے کے نیچے شکر کی پڑیا رکھنی بند کر دی مگر ان کو یہ جان کر بہت حیرت ہوئی کہ شکر کی پڑیا بدستور فریدالدین مسعود کو تکیے کے نیچے مل رہی ہے تب انہوں نے جان لیا کہ یہ کرامت ہے۔(7)

لسانی اور زمانی تناظر میں اگر لفظ گنج شکر کو دیکھا جائے تو گنج بخش کے ساتھ اس کا تعلق کہیں نہ کہیں جڑتا ضرور ہے۔ یوں بھی خواجہ فریدؒ کے دادا قاضی شعیب اور حضرت علی ہجویریؒ کی آبائی سرزمین ایک ہی ہے، دونوں ہی افغانستان سے ہجرت کر کے لاہور پہنچے۔ بعدازاں قاضی

Marfat.com

شعیب قصور متمکن ہوئے۔

اس بات کو اور بھی تقویت ملتی ہے جب ہم دیکھتے ہیں کہ نہ تو ''فوائد السالکین'' (جو کہ خواجہ فریدؒ کے مرشد خواجہ بختیار کاکیؒ کے ملفوظات پر مشتمل ہے اور جسے خواجہ فرید کی تالیف سمجھا جاتا ہے) اور نہ ہی خواجہ فریدؒ کے ملفوظات پر مشتمل کتب ''اسرارالاولیاء'' اور ''راحت القلوب'' میں ہمیں گنج شکر کے حوالے سے کوئی سراغ ملتا ہے۔ ''سیرالاولیاء''، ''سیرالعارفین'' اور ''اخبارالاخیار'' بعد کی تصانیف ہیں، جن میں مذکورہ روایات درج کی گئی ہیں۔

## ابتدائی تربیت و تحصیل علم

خواجہ فریدالدین مسعود گنج شکرؒ کی ابتدائی تعلیم و تربیت کا آغاز گھر پر ہوا، پہلی ہستی ماں کی تھی آپ کی والدہ قرسم بی بی کوٹھیوال کے عالم شیخ وجیہہ الدین کی بیٹی تھیں، خود بھی نماز روزہ کی پابند، پاکباز بی بی تھیں۔ روحانی فیوض و برکات کا شرف انہیں بھی حاصل تھا۔ ایک روز کچھ چور ان کے گھر میں گھس آئے مگر قرسم بی بی کے روحانی نور اور کرشماتی شخصیت سے اس قدر متاثر ہوئے کہ قدموں میں گر پڑے اور چوری سے توبہ کی۔ اُنہوں نے خواجہ فریدؒ میں مذہب سے رغبت، شوق عبادت اور حب ایزدی کے جذبات بیدار کئے۔ دوسرا اثر والد محترم جمال الدین سلیمان کا ہوا، جو خود بھی قرآن مجید کے ذہین اور زود فہم عالم تھے اور کوٹھیوال کے قاضی مقرر ہوئے۔ والد نے خواجہ فریدؒ میں علم اور ریاضت و عبادت سے لگاؤ پیدا کیا۔ گھر کے روحانی ماحول، پارسائی اور علمیت کی فضا نے ابتدائی سالوں میں ہی خواجہ فریدؒ کو درست سمت میں روانہ کر دیا۔

تیسرا اثر ان کے مرشد خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کی شخصیت کا تھا کہ جن کو دیکھتے ہی آپ ان کی روحانی شخصیت کے سحر میں اس طرح آئے کہ سر قدموں میں رکھ دیا اور پھر تمام عمر مرشد کامل کا دروازہ نہ چھوڑا۔ خواجہ بختیار کاکیؒ خود خواجہ معین الدین چشتیؒ کے مرید تھے اور سلطان التمش نے ان کی دینی عظمت کے اعتراف کے طور پر ان کو شیخ الاسلام کا عہدہ پیش کیا جسے آپ نے قبول نہ کیا اور اپنی خانقاہ قائم کی اور عمر تصوف کی تعلیم و تربیت کے لئے وقف کر دی۔

خواجہ فریدؒ نے ابتدائی تعلیم کوٹھیوال سے حاصل کی جہاں اُنہوں نے فارسی عربی اور دینیات کے بنیادی قواعد سیکھے۔ اٹھارہ برس کی عمر میں خواجہ فریدؒ ملتان میں مولانا منہاج الدین ترمذی کے

مدرسے میں داخل ہوئے، جہاں بہت کم عرصے میں آپ نے قرآن مجید، شریعت اسلامی اور دیگر علوم و موضوعات کا مطالعہ کیا، قرآن مجید حفظ کیا، دن میں کم از کم ایک بار قرآن کی تلاوت فرماتے تھے۔ علم اور عبادت و ریاضت میں غیر معمولی دلچسپی کے سبب آپ کا نام اپنے ہم مکتبوں میں ''قاضی بچہ دیوانہ'' معروف ہو گیا۔

مزید حصول تعلیم کے لئے خواجہ فریدؒ نے قندھار کا رُخ کیا جہاں پانچ سال تحصیل علم میں گزارے۔(8) ایک روایت کے مطابق خواجہ فریدؒ ایران، عراق، خراسان اور آخر میں مکہ معظمہ بھی گئے مگر خلیق نظامی اس روایت سے اتفاق نہیں کرتے۔ خلیق نظامی کے بقول خواجہ فریدؒ صرف قندھار ہی گئے تھے اور پھر دہلی اپنے مرشد کے آستانے پر لوٹ آئے اور ایک مرید کی سی سادہ زندگی گزارنے لگے۔ مہینے میں صرف دو بار خواجہ بختیار کاکیؒ کے سامنے آتے، باقی وقت گوشہ نشینی میں عبادت و ریاضت میں گزارتے۔(9)

## قبل از و بعد از خلافت

خواجہ معین الدین چشتیؒ اپنے خلیفہ خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کی خانقاہ میں تشریف لائے تو خواجہ فریدؒ کو دیکھ کر کہا ''بابا بختیار آپ کے ہاتھ میں ایک ایسا عالی ظرف شاہین ہے جو کہ سدرۃ المنتہاء کے علاوہ کہیں اور گھونسلہ نہ بنائے گا، فرید وہ چراغ ہے جو درویشوں کے سلسلے کو منور کرے گا۔(10)

خواجہ فریدؒ اس لحاظ سے بہت خوش قسمت ہیں کہ آپ کو اپنے مرشد خواجہ بختیار کاکیؒ اور ان کے مرشد خواجہ معین الدین چشتیؒ دونوں نے بیک وقت دُعا دی۔ خواجہ بختیار کاکیؒ نے آپ کو اپنا خلیفہ مقرر کیا۔ اپنی جائے نماز اور عصا عنایت کیا اور پھر ہانسی جا کر اپنی الگ خانقاہ کے قیام کا حکم دیا۔ دیگر پیشوائی کی علامات اپنے مرشد خواجہ بختیار کاکیؒ کے وصال کے بعد حسب حکم خواجہ فریدؒ کو دی گئیں۔ کچھ مورخین کے مطابق آپ بارہ سال اور کچھ کے مطابق آپ بیس سال ہانسی میں رہائش پذیر رہے۔ اس دور میں ہانسی ایک چھاؤنی تھی اور دیگر شہروں کی نسبت زیادہ پرسکون اور شور و غوغا سے پاک یہ جگہ خواجہ فریدؒ کو بہت پسند تھی۔ آپ کی انسان دوستی، پارسائی اور جذبہ محبت و یگانگت نے مقامی لوگوں کو آپ کا گرویدہ بنا دیا۔

Marfat.com

اپنے مرشد کی اجازت سے خواجہ فریدؒ نے اچ شریف میں مسجد حاجات میں چلہ معکوس کھینچا۔ وہاں پر ہانسی کا رہنے والا موذن خواجہ رشید الدین مینائی خواجہ فرید کو عشاء کے بعد کنویں میں رسے سے باندھ کر اُلٹا لٹکا دیتا اور پھر صبح نماز فجر سے قبل باہر نکال لیتا۔ یہ چلہ چالیس مسلسل راتوں پر مشتمل تھا۔ بوریوالہ کے نواح میں واقع درگاہ حضرت دیوان چاولی مشائخ سے ملحقہ مشرقی جانب بھی ایک کنواں ہے جو خواجہ فریدؒ کی نسبت سے جانا جاتا ہے۔ اسی طرح لاہور میں درگاہ حضرت علی ہجویریؒ گنج بخش کی جنوبی جانب فاصلے پر ایک مقام بہ بابا فریدؒ کے نام سے مقبول ہے، جہاں خواجہ فریدؒ نے اپنے مرشد کے مرشد خواجہ معین الدین چشتیؒ کی تقلید میں چلہ کاٹا؟

آپ کے مرشد خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ نے وصال سے قبل اپنا خرقہ، دستار اور کھڑاؤں قاضی حمید الدین ناگوری کے سپرد کرتے ہوئے کہا کہ ان کے وصال کے پانچویں دن یہ امانت خواجہ فریدؒ کے حوالے کر دینا، وقت نزع خواجہ بختیار کاکیؒ نے خواجہ فریدؒ کا نام لے کر کہا ''میری جگہ تمہاری ہے'' اور ان کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔

اس روز رات کو خواجہ فریدؒ نے خواب میں دیکھا کہ مرشد ان کو بلا رہے ہیں لہٰذا صبح ہوتے ہی وہ دہلی روانہ ہو گئے۔ خواجہ فریدؒ مرشد کے وصال کے چوتھے روز دہلی پہنچے۔ قاضی حمید الدین ناگوری نے خواجہ بختیار کاکیؒ کے حسب حکم امانتیں ان کے سپرد کیں۔ خواجہ فریدؒ نے دو رکعت نفل نماز ادا کی، خرقہ پہنا اور مرشد کی جگہ پر مسند نشین ہوئے۔ (11)

مرشد کی ایک اور خواہش بھی تھی کہ خواجہ فریدؒ ان کی بیوہ کو اپنی منکوحہ بنا لیں۔ مرشد کی تکریم و توقیر آڑے آئی اور خواجہ فریدؒ ایسا نہ کر سکے۔ (12) خواجہ فریدؒ کو چشتی سلسلہ کا سربراہ تسلیم کر لیا گیا کچھ وقت دہلی گزارنے کے بعد دوبارہ ہانسی چلے گئے مگر پھر وہاں بھی دل نہ لگا تو رخت سفر باندھا اور اجودھن کا رُخ کیا جو کہ آج پاک پتن کے نام سے مشہور ہے۔ شہر سے باہر ہی قیام کیا، ایک جھونپڑہ بنایا، کچھ وقت گزرنے کے بعد خانقاہ اور جماعت خانہ کی تشکیل و تعمیر کی اور عمر کے باقی سال یہیں عبادت و ریاضت اور تعویذ و توجہ میں گزارے۔ دور دور سے لوگ اور عالم آ کر آپ کے جماعت خانے میں ٹھہرتے اور حسب خواہش حسب طلب مراد پاتے۔

خواجہ فریدؒ اجودھن پہنچ کر رشتہ ازدواج سے بندھے۔ ایک روایت کے مطابق خواجہ فرید نے تین شادیاں کیں، جن میں ایک سلطان بلبن کی بیٹی بھی تھی مگر خلیق نظامی اس روایت کو نہیں

Marfat.com

مانتے کہ تاریخ کی دیگر کتب میں کہیں بھی مذکور نہیں ہے۔ وہ اس روایت کو علی اصغر چشتی کی تصنیف ''جواہر فریدی'' کی منصوبہ بند خیال آرائی قرار دیتے ہیں۔ بقول بلونت سنگھ آنند ''جواہر فریدی'' کرامات اور غیر ممکن واقعات کے تذکروں سے بھری ہوئی ایک غیر معتبر تصنیف ہے۔ یوں بھی خواجہ فریدؒ کا مزاج گوشہ نشینی اور تخت و حکومت اور سلاطین سے دور رہنے والا تھا لہٰذا یہ بات قرین قیاس نہیں ہے کہ اُنہوں نے اس وقت کے حاکم سلطان بلبن کی بیٹی کو اپنی زوجیت میں قبول کرنا گوارا کیا ہو جبکہ اس کے عطا کردہ گاؤں اور دیگر دولت کو خواجہ فریدؒ نے قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

## خواجہ فریدؒ...... شخصی تاثر

خواجہ فریدؒ کی تمام عمر عسرت و اجتناب میں گزری، ضبط نفس کے لئے روزہ کو ایک مضبوط ڈھال خیال کرتے تھے۔ جسمانی ریاضت کے لئے روزہ کو لازم سمجھتے جبکہ روحانی غذا کے لئے کئی کئی گھنٹے سجدے کی حالت میں رہتے۔ خانقاہ پر جو کچھ فتوح کی شکل میں آتا، غریبوں میں تقسیم کر دیتے، اسلامی تصوف کے وضع کردہ قواعد و ضوابط کی عملی تفسیر تھے۔ قرآن و حدیث سے تجاوز نہ کرتے۔ ان کا عہد تصوف کا وہ عہد ہے جب صوفیاء مشیت خداوندی کو ہی سب سے زیادہ اہمیت دیتے اور عبادت و ریاضت کو یکساں طور پر زندگی کا لازمی حصہ مانتے تھے۔

خواجہ فریدؒ لباس صرف تن ڈھانپنے کے لئے پہنتے۔ زرق برق خلعتوں اور شاہانہ زندگی سے انہیں قطعاً رغبت نہ تھی۔ شیخ جلال الدین تبریزی (13) اور مولانا نور ترک (14) خواجہ فریدؒ کے ساتھ اپنی اپنی ملاقاتوں کا ذکر کرتے ہوئے ان کے لباس کو بہت ہی سادہ قرار دیتے ہیں۔ صرف ایک کمبل تھا جو دن کے اوقات میں بچھونے کے طور پر استعمال کرتے اور پھر رات کے لحات میں سونے کے لئے اوپر اوڑھ لیتے، سرہانہ نہیں تھا اپنے مرشد خواجہ بختیار کاکیؒ کی عطا کی ہوئی عصا کو نہایت تکریم سے چومتے اور پھر سر کے نیچے رکھ کر سو جاتے۔

خواجہ فرید کئی کئی دن تک روزے کی حالت میں رہتے کہ ضبط نفس اور جسمانی ریاضت کے لئے اس سے بہتر کچھ اور نہیں سمجھتے تھے۔ سحری کے وقت کچھ نہ لیتے۔ دن کا بیشتر وقت عبادت و ریاضت میں گزارتے اور حاجت مندوں کی سنتے، افطار کے وقت شربت اور منقہ (خشک انار)

Marfat.com

ان کے سامنے رکھا جاتا۔نصف یا تیسرا حصہ خود لیتے ، باقی حاجت مندوں میں تقسیم کر دیتے۔جوار کی روٹی من پسند تھی۔روزانہ باقاعدگی سے غسل کرتے۔نماز فجر کے بعد کم وبیش دو گھنٹے حالت سجدہ میں گزارتے۔ان کے حجرے کا دروازہ عبادت کے وقت بند رہتا اور باہر بدرالدین اسحاق موجود رہتے کہ کوئی خلل اندازی نہ کرے، نماز ظہر کے بعد کا وقت زائرین اور علماء سے ملاقات کے لئے مقرر تھا۔نماز مغرب ادا کرنے کے بعد اپنے خلیفہ شیخ نظام الدین اولیاءؒ کو بلاتے اور جماعت خانہ میں ہونے والی سرگرمیوں کی بابت ان سے پوچھتے اور ہدایات جاری کرتے۔

## وصال

خواجہ فریدؒ نوے سال سے زائد عرصہ زندہ رہے ان کا وصال 5 محرم الحرام 664ھ بمطابق 16 اکتوبر 1265ء کو ہوا۔

آخری وقت میں عبادت اور روزہ کے سبب کمزوری کا یہ عالم تھا کہ کتنی کتنی دیر تک سکتہ کی حالت میں رہتے۔آنکھ کھلتی تو پوچھتے ، کیا میں نے نماز پڑھ لی ہے؟ دوبارہ نماز پڑھتے اور غنودگی کی حالت میں چلے جاتے۔آخری لمحات میں عشاء کی نماز تین مرتبہ پڑھی اور پھر غنودگی طاری ہو گئی، زبان سے ''یاحیی، یاقیوم'' کے الفاظ دہراتے ہوئے جان جان آفرین کے سپرد کر دی۔

اپنے بیٹے نظام الدین جو غیاث الدین بلبن کی فوج میں آفیسر تھا اور پٹیالی رہتا تھا، کی خواہش اور اصرار پر آپ کو شہر سے باہر واقع قبرستان کے بجائے اپنے حجرہ میں دفن کیا گیا جہاں آج آپ کا مزار شریف ہے۔

امیر خورد کی دادی نے اپنی سفید چادر کفن کے لئے دی، گھر کی دہلیز سے کچی اینٹیں اکھاڑ کر قبر بنائی گئی۔وہ شخص جس نے خواجہ فریدؒ کی زندگی میں ان کا گھر پختہ اینٹوں سے تعمیر کرنے کی پیشکش کی تھی اور جسے انہوں نے مسترد کر دیا تھا، اس نے آپ کی قبر مبارک پر گنبد کی تعمیر کی، جسے بعد ازاں فیروز شاہ تغلق نے مرمت کرایا۔

## خانقاہ حضرت خواجہ فرید الدین مسعود گنج شکرؒ

خانقاہ حضرت خواجہ فرید الدین مسعود گنج شکرؒ میں داخلے کے لئے ایک ڈیوڑھی مشرقی جانب اور دوسری شمالی جانب واقع ہے، مزار شریف کے شمال مشرقی کونے میں آپ کے پوتے حضرت

Marfat.com

علاء الدینؒ موج دریاؒ کا مزار شریف ہے اور اس کے بعد خواتین کا قبرستان ہے جو خانقاہ کے احاطہ کے شمال مشرقی کونے میں ہے اور مزار شریف کے صحن سے پندرہ سولہ فٹ بلند ٹیلے پر واقع ہے۔ مزار شریف حضرت خواجہ فریدالدینؒ اور مزار حضرت علاء الدین موج دریاؒ کے درمیان میں مسجد اولیاء ہے، مزار شریف کی جنوبی جانب کہ جدھر بہشتی دروازہ ہے، ایک بارہ دری موجود ہے جس کی مغربی جانب مزید توسیع کر دی گئی ہے، مزار شریف سے ملحقہ قدیمی مسجد جسے 1999ء میں گرا دیا گیا، مزار شریف کی مغربی جانب واقع تھی، اس قدیمی مسجد کو گرانے کے بعد غربی جانب تین منزلہ ایک بڑی جامع مسجد کی تعمیر نو کی گئی ہے۔

خانقاہ کے احاطہ کی جنوبی جانب کسی زمانے میں تین برج تھے جہاں آپ کے خلفاء گوشہ نشین ہوتے تھے ان میں پہلا جمال الدین احمد ہانسوی کی نسبت سے برج جمالی کے نام سے مشہور ہے۔

دوسرا برج خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کی نسبت سے برج نظامی کہلاتا تھا جسے 91-1990ء میں توسیع کے وقت گرا دیا گیا یہ برج بھی سطحی نقشہ میں ہشت پہلو تھا۔ آپ کا مزار شریف دہلی میں ہے اور خواجہ فریدالدینؒ نے اپنی وفات کے بعد آپ کو ہی اپنا خلیفہ اور جانشین مقرر کیا۔

تیسرا برج صابری کہلاتا ہے جہاں آپ کے حقیقی بھانجے اور مرید خاص حضرت علاؤالدین احمد صابر گوشہ نشیں رہے، آپ کا مزار شریف کلیر شریف (اتر پردیش) میں ہے۔ خانقاہ میں آپ نے بارہ برس تک خواجہ فریدالدینؒ کی زندگی میں جاری لنگر کی نگرانی کی۔ جنوبی جانب توسیع کے وقت جب نیا راستہ نکالا گیا تو 24 فٹ چوڑے زینوں کی تعمیر کے وقت اس برج کو بھی گرا دیا گیا، تاہم آپ کی یادگار کے لئے صابری حجرہ کی تعمیر 1989ء میں کر دی گئی جہاں آج کل قوالی ہوتی ہے صابری حجرہ کے ڈیزائن کا تیار کردہ ماڈل کراچی کے ایک صاحب نے 13 دسمبر 1988ء کو محکمہ اوقاف کو منظوری کے لئے پیش کیا اور پھر اس کی تعمیر بھی اپنی گرہ سے کروائی۔

## نئی مسجد حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ

حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ کے مزار سے ملحقہ نئی مسجد کی عمارت مجموعی طور پر تین منزلوں پر مشتمل ہے۔ گراؤنڈ فلور جو کہ تین ہشت پہلو ہالوں پر مشتمل ہے۔ یہاں عورتوں اور

Marfat.com

مردوں کے لئے سرائے بنائی گئی ہے فرسٹ فلور پر ووکیشنل انسٹیٹیوٹ برائے خواتین، لائبریری اور کثیر مقاصدی ہال تعمیر کیا گیا ہے۔ جبکہ سیکنڈ فلور پر مسجد کا ایوان تعمیر کیا گیا ہے۔ عمارت کی شمالی اور جنوبی جانب سے سیڑھیاں اوپر دربار شریف کے صحن تک رسائی دیتی ہیں جبکہ عمارت کی مغربی جانب ایک چوڑا پلیٹ فارم ہے اور عمارت کی غربی جانب سے ہی سیڑھیاں گراؤنڈ فلور کو فرسٹ فلور سے دو مقامات پر ملاتی ہیں مسجد کا واحد مینار بھی شمال مغربی کونے میں پلیٹ فارم پر تعمیر کیا گیا ہے جس کی اونچائی '157 فٹ رکھی گئی ہے۔

مسجد کے ایوان کی مشرقی جانب دو مربع کمرے ہیں جن کو داخلی ڈیوڑھی کا نام دیا جا سکتا ہے یہ °45 کے زاویئے سے مسجد کے ایوان میں داخل ہونے کے لئے دروازے ہیں۔ مسجد کے ایوان میں شمالی اور جنوبی جانب خواتین کے لئے گیلریاں بنائی گئی ہیں جن تک پہنچنے کے لئے علیحدہ سے شمالی اور جنوبی جانب سیڑھیاں تعمیر کی گئی ہیں ان گیلریوں کا باہم کوئی ربط نہ ہے لہٰذا ایک گیلری سے دوسری گیلری تک نہیں جایا جا سکتا۔ مسجد کے ایوان کی غربی دیوار میں بھی کھڑکیاں دی گئی ہیں ظہر اور عصر کی نماز کے وقت ان کھڑکیوں سے دھوپ ایوان میں نماز کی ادائیگی میں مصروف نمازیوں پر پڑتی ہے۔

تینوں ہشت پہلو ہالوں پر تین گنبد تعمیر کئے گئے ہیں جن کی اندرونی سطحوں پر تزئین و آرائش کا کام نہیں کیا گیا، بعدازاں محکمہ اوقاف نے ایک عقیدت مند کے مالی تعاون سے ان گنبدوں میں فریسکو کا کام کروایا ہے، جس طرح زیریں منزلوں پر ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ، لائبریری اور سرائے کے لئے محض بڑے بڑے ہال بنا کر چھوڑ دیئے گئے ہیں اسی طرح ان تین ہالوں کو ملا کر ایک بڑے ہال یعنی مسجد کے ایوان کو بھی تزئین و آرائش اور اندرونی زیبائش کے بغیر ہی تعمیر کر دیا گیا ہے۔

مسجد کے ساتھ وضو و طہارت خانے کی تعمیر نہیں کی گئی بعدازاں محکمہ اوقاف نے اپنے ذرائع سے دو منزلوں پر مشتمل وضو خانہ و طہارت خانہ تعمیر کیا ہے جو آج کل زیر استعمال ہے۔

## قدیمی مسجد کا انہدام

خانقاہ حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ میں ایک قدیمی مسجد واقع تھی جو مورخین کے بقول سلطان محمود تغلق نے اپنے عہد میں تعمیر کروائی اس کا ایوان '21 X "3-'73 سائز کا تھا۔ چونے

کے مصالحے سے موٹی دیواریں تعمیر کی گئیں جبکہ مسجد کے مستطیل ایوان کو تین مربع سطحی پلان میں تقسیم کرتے ہوئے روایتی مسجد کے ڈیزائن کے مطابق تین گنبد بھی تعمیر کئے گئے تھے اپنے فن تعمیر اور قدامت کی وجہ سے مسجد تاریخی اعتبار سے بہت اہمیت کی حامل تھی۔ تینوں گنبدوں میں درمیانی گنبد قدرے بڑا تھا اور ان کی شکل شلغمی تھی۔ برصغیر میں مساجد کا طرزِ تعمیر کچھ ایسا رہا ہے کہ ان کی تعمیراتی ساخت کی بدولت ان کا صدیوں ایستادہ رہنا کوئی ایسی بڑی بات نہ تھی، روکار میں تین قوسیں تھیں جو چہار نقطی تھیں۔ خانقاہ میں مزار شریف حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ، حضرت علاء الدین موج دریاؒ کے علاوہ یہ تیسری قسم عمارت تھی جو اپنی اہمیت، قدامت اور طرز تعمیر کی وجہ سے انفرادیت کی حامل تھی۔

نویں دہائی کے آخری سالوں میں شمالی جانب واقع گلی میں پانی کی نالی سے مسلسل پانی جذب ہونے کی وجہ سے مسجد کی ٹھوس عمارت میں کچھ دراڑیں نمودار ہوئیں۔ جانی نقصان کے پیش نظر مسجد کے ایوان میں زائرین کو نماز پڑھنے سے روک دیا گیا اور اس کے بجائے شمالی جانب نو تعمیر کثیر منزلہ عمارت کی بالائی منزل کو نماز پنجگانہ کے لئے مختص کر دیا گیا اور عمارت کی مرمت کے لئے محکمہ آثار قدیمہ کو تحریر کیا گیا جنہوں نے ابتدائی طور پر 1.40 لاکھ کا تخمینہ 13 اپریل 1993ء کو محکمہ اوقاف کو مسجد کی فوری مرمت کے لئے پیش کیا۔

21 جنوری 1991ء کو وزیر اوقاف نے چیف انجینئر (جنوبی) کی سربراہی میں ایک ٹیکنیکل کمیٹی تشکیل دی جس کے اراکین میں ڈائریکٹر بلڈنگ ریسرچ سنٹر اور ڈائریکٹر پروجیکٹس اوقاف کے علاوہ انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور سے پروفیسر ڈاکٹر اعجاز احمد چوہدری اور پروفیسر ڈاکٹر ایم ایس قریشی جیسے ماہرین شامل تھے ٹیکنیکل کمیٹی نے 23 فروری 1991ء کو خانقاہ حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ کا تفصیلی معائنہ کیا اور بعد ازاں اپنی تفصیلی رپورٹ میں ان درپیش مسائل کے سدباب کے لئے تجاویز پیش کیں۔

محمد نواز شریف جب وزیراعظم پاکستان بنے تو ان کی توجہ صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم کی اس خواہش کی جانب دلائی گئی کہ جب انہوں نے 30 مارچ 1988ء کو اپنے دورہ پاک پتن کے دوران مزار حضرت خواجہ فریدالدینؒ پر بھی داتا دربار کمپلیکس کی طرز پر تعمیرات کی خواہش کا اظہار کیا تھا مگر اس کے چند ہفتوں بعد وہ ایک فضائی حادثے میں ہلاک ہو گئے، محمد نواز شریف نے

Marfat.com

26 مئی 1993ء کو خانقاہ خواجہ فرید الدینؒ کا دورہ کیا اور یہاں پر ایک بڑی جامعہ مسجد کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔

ایک بڑی مسجد کی تعمیر نو کے سنگ بنیاد کی خبر نے محکمہ آثار قدیمہ پنجاب کے ڈائریکٹر جنرل سیف الرحمٰن ڈار کی توجہ اپنی جانب کھینچی اور انہوں نے حفظ ماتقدم کے طور پر 22 جولائی 1993ء کو چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف کو ایک خط لکھا اور قدیمی مسجد کی مرمت اور کسی بھی صورت میں اس کے گرائے جانے کے عمل کو روکنے کے لئے گزارش کی۔ کیونکہ اس سے قبل داتا دربار کمپلیکس کی تعمیر کے وقت محکمہ اوقاف قدیمی مسجد حضرت علی ہجویریؒ کو گرا چکا تھا۔ قدیمی مسجد پہلے ہی زائرین کے لئے ناگفتہ بہ حالت کی وجہ سے استعمال کے لئے بند کی جا چکی تھی لہٰذا محکمہ آثار قدیمہ کو خدشہ تھا کہ نئی بڑی مسجد کی تعمیر کے دوران کہیں اس قدیمی مسجد کو بھی نہ گرا دیا جائے۔

اس کے بعد نواز شریف کی حکومت کو معطل کر دیا گیا اگلی بار محترمہ بے نظیر بھٹو وزیراعظم پاکستان بنیں تو انہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں 2 مئی 1994ء کو ہونے والے ایک اجلاس میں محکمہ اوقاف کو ہدایت کی کہ خانقاہ حضرت خواجہ فرید الدین گنج شکرؒ پر ترقیاتی کاموں کے لئے ڈیزائن نیس پاک (NESPAK) کے توسط سے تیار کرایا جائے۔

نیس پاک نے اپنے تیار کردہ بابا فرید کمپلیکس میں نئی مسجد کے ساتھ پرانی مسجد کو شامل نہ کیا یہ بات جب ڈائریکٹر جنرل آثار قدیمہ کے علم میں آئی تو انہوں نے چیف سیکرٹری پنجاب کی توجہ اس جانب دلائی جو کنزرویشن کمیٹی کے چیئرمین بھی تھے۔ اس مقصد کے لئے ایک خصوصی اجلاس مورخہ 13 جون 1995ء چیف سیکرٹری پنجاب کی صدارت میں انعقاد پذیر ہوا۔ اجلاس میں معاملے کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے درج ذیل اراکین پر مشتمل ایک ذیلی کمیٹی تشکیل دی گئی۔ اس کے اراکین میں چیف آرکیٹکٹ نیس پاک، ڈائریکٹر جنرل ہاؤسنگ، ڈائریکٹر جنرل آرکیالوجی، سپرنٹنڈنٹ انجینئر کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ اور آرکیٹکٹ کامل خان ممتاز شامل تھے۔ اجلاس میں یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ مذکورہ کمیٹی 16 جون 1995ء کو پاک پتن قدیمی مسجد دیکھنے جائے گی اور پھر اس کی مرمت اور تزئین و آرائش کے لئے اپنی سفارشات مرتب کرے گی۔

اجلاس میں درج ذیل فیصلے بھی ہوئے۔

I- قدیمی مسجد حضرت خواجہ فرید الدین گنج شکرؒ سے منسوب تبرکات کو آویزاں کرنے کے لئے

Marfat.com

استعمال کی جائے گی اور زائرین کے پڑھنے کے لئے قرآن مجید اور دیگر اسلامی کتب بھی رکھی جا سکتی ہیں۔ مسجد اولیاء جو کہ مزار شریف حضرت خواجہ فرید الدینؒ اور حضرت علاء الدین موج دریاؒ کے درمیان واقع ہے، کی طرز پر یہ قدیمی مسجد بھی زائرین انفرادی عبادات جیسے نوافل وغیرہ کی ادائیگی کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔

II- نیس پاک (NESPAK) جب نیا کمپلیکس ڈیزائن کرے تو پہلے سے موجود قدیمی عمارات کے خط و خال اور سامان وطرز تعمیرات کو بھی ملحوظ خاطر رکھے تا کہ نئی مسجد اور یہ عمارات جمالیاتی سطح پر ہم آہنگ ہوں۔

III- محکمہ آثار قدیمہ مزار شریف حضرت خواجہ فرید الدین گنج شکرؒ کی مرمت وتزئین وآرائش کی بحالی کے لئے تخمینہ تیار کرے اور پلاسٹر وغیرہ دیواروں سے اتار کر مسجد کی اصلی صورت بحال کی جائے۔

اجلاس میں یہ فیصلہ بھی ہوا کہ قدیمی مسجد جو کہ مبینہ طور پر چودہویں صدی کی یادگار ہے اس کو اپنی اصلی حالت میں بحال و برقرار رکھا جائے نیس پاک (NESPAK) کے ماہرین نے بھی اس بات سے اتفاق کیا کہ فنی اعتبار سے قدیمی مسجد کی مرمت میں کوئی امر مانع نہ ہے۔

مذکورہ بالا سفارشات پر مبنی ایک تلخیص وزیر اعلیٰ پنجاب کو برائے منظوری بھجوائی گئی اور با قاعدہ طور پر وزیر اعلیٰ پنجاب نے 13 اگست 1995ء کو مذکورہ بالا فیصلوں کی توثیق کی۔

وزیر اعظم پاکستان نے نئی مسجد کی تعمیر نو کے لئے 12 کروڑ روپے مہیا کئے، ڈیزائن نیس پاک نے کیا اور تعمیر کا ٹھیکہ نیشنل کنسٹرکشن کمپنی NCC کو دے دیا گیا۔ دربار شریف کی توسیع کے لئے مزید رقبہ خریدا گیا اور یوں نئی مسجد کی تعمیرات کا کام شروع ہو گیا مگر اس دوران دوبارہ محترمہ بے نظیر بھٹو کی حکومت ختم ہو گئی۔

3 جنوری 1998ء کو وزیر اعظم پاکستان نے زیر تعمیر مسجد کا معائنہ کیا اور کام کو بہتر انداز سے چلانے کے لئے میاں محمود احمد خان کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی جس کے ذمے تعمیراتی کام کا جائزہ لینا، کام کے معیار اور رفتار پر کڑی نظر رکھنا اور درپیش مسائل کو حل کرنے کے لئے ماہانہ بنیاد پر اپنے اجلاس منعقد کروانا تھا۔ کمیٹی کے انہی ماہانہ اجلاس میں قدیمی مسجد کی مرمت یا انہدام کا معاملہ بھی زیر غور آیا تو کمیٹی کے چیئرمین نے اس قدیمی مسجد کو گرانے کی رائے کا اظہار کیا جس پر

Marfat.com

دیگر اراکین بھی متفق نظر آئے۔

وزیراعظم پاکستان نے 6 اپریل 1998ء کو جس ترمیمی ڈیزائن اور تخمینہ کی منظوری دی تھی، اس میں قدیمی مسجد کو بحال و برقرار رکھنا شامل تھا۔ 13 اگست 1995ء کے فیصلے میں وزیراعلیٰ پنجاب پہلے ہی قدیمی مسجد کو تبرکات گیلری کے طور پر استعمال کی منظوری دے چکے تھے مگر نئی مسجد کی تعمیر کے دوران کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ قدیمی مسجد کو گرا کر نئی مسجد کے صحن میں یہ جگہ شامل کرلی جائے۔

کمیٹی کے اس فیصلے کے بعد ڈائریکٹر جنرل محکمہ آثار قدیمہ نے قدرے تفصیل کے ساتھ قدیمی مسجد کی عمارت کے تاریخی اثاثہ ہونے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے لکھا۔

''پورے ملک میں قبل از عہد مغلیہ یادگار خانقاہوں میں انتہائی اہمیت کی حامل اور منفرد ہے، عمارت کے طرز تعمیر کا انتہائی سنجیدگی سے کیا گیا تجزیہ ہمیں بتاتا ہے کہ یہ یقیناً چودھویں صدی کی یادگار ہے۔''

معروف مورخ ڈاکٹر احمد نبی خان سے اس مسجد کے بارے میں رائے لی گئی کہ جنہوں نے اپنی کتاب Mosques in Pakistan میں اس مسجد کے بارے میں تفصیل سے لکھا تھا، انہوں نے فرمایا:

''مسجد کو کسی بھی قیمت پر محفوظ اور مرمت کیا جائے۔''

کامل خان ممتاز جو اس کمیٹی کے اہم رکن تھے کہ جو چیف سیکرٹری نے قدیمی مسجد کو محفوظ رکھنے کے بارے میں بنائی تھی، جب انہوں نے اپنی آواز کو بے اثر جانا تو 29 دسمبر 1998ء کو ایک خط کے ذریعے باقاعدہ طور پر اپنا استعفیٰ بھجوا دیا کہ وہ نہیں چاہتے تھے کہ آنے والے وقت میں تاریخ ان کو ایسے لوگوں کے ہم رکاب پائے کہ جنہوں نے تاریخی اثاثے تباہ کئے ہوں، کامل خان ممتاز نے تو ایوان میں ایک بازگشت پیدا کی اور خود مستعفی ہوگئے مگر اہل اقتدار و بااختیار لوگوں کے لئے ایک لمحہ فکریہ چھوڑ گئے۔ اس احتجاج پر انجینئرنگ یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر شوکت محمود، پروفیسر میاں ضیاء الدین اور سیکرٹری اوقاف پر مشتمل ایک اور کمیٹی تشکیل دی گئی اور 4 جنوری 1999ء کو قدیمی مسجد کا دورہ کرنے کے بعد اپنی رپورٹ پیش کرنے کے لئے کہا گیا۔

ان ماہرین نے اپنی رپورٹ میں لکھا۔ ''مسجد کو اپنی اصل حالت میں بحال رکھا جاسکتا ہے

Marfat.com

اگر اس کی جنوبی سمت میں بنیادوں کو مضبوط کر دیا جائے۔'' مزید لکھا۔ ''اگر مسجد کو منہدم کرنا لازم ہو اس کے مرکزی حصے کو محفوظ رکھا جائے اور نئی مسجد میں اس کو ایک داخلی ڈیوڑھی کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔''

ان تمام سفارشات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اور نظر انداز کرتے ہوئے پراجیکٹ اسٹیرنگ کمیٹی نے قدیمی مسجد کو گرانے کا حتمی فیصلہ اپنے اجلاس مورخہ 24 فروری 1999ء کو کر لیا۔ نہ تو کامل خان ممتاز کا استعفیٰ کچھ کر سکا اور نہ ہی ماہرین کی رائے کو اہم جانا گیا۔ البتہ قدیمی مسجد کی ڈرائینگیں بنانے کے لئے ڈاکٹر شوکت محمود کو پچاس ہزار روپے دینے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ قدیمی مسجد ان ڈرائینگوں میں حوالے کے طور پر زندہ رہ سکے۔

محکمہ آثار قدیمہ نے ایک مرتبہ پھر چیف سیکرٹری کی سربراہی میں قائم کنزرویشن کمیٹی کے پلیٹ فارم پر اس معاملے کو اٹھایا چیف سیکرٹری نے 16 جولائی 1999ء کو اس معاملے کے تارو پود کا جائزہ لینے کے لئے ایک مرتبہ پھر سیکرٹری اوقاف کی سربراہی میں ایک ذیلی کمیٹی تشکیل دی جس کے دیگر اراکین میں کمشنر ملتان، ڈائریکٹر جنرل محکمہ آثار قدیمہ اور چیف آرکیٹکٹ پنجاب شامل تھے۔

ذیلی کمیٹی نے ایک مرتبہ پھر مورخین کی رائے لی ڈاکٹر احمد نبی خان نے پرزور انداز میں کہا۔ ''تغلق عہد کی ایک تعمیراتی یادگار ہونے کی وجہ سے ہر قیمت پر مسجد کی عمارت کو محفوظ رکھا جائے۔''

احتجاجاً مستعفی ہو جانے والے کامل خان ممتاز سے جب پوچھا گیا تو انہوں نے ایک مرتبہ پھر بھرپور طریقے سے مسجد کی عمارت کو اس کی اصل حالت میں برقرار رکھے جانے پر اصرار کیا۔ جبکہ نیس پاک کے ماہرین کا خیال تھا کہ بابا فرید کمپلیکس کے جدید ڈیزائن میں قدیمی مسجد کی کوئی جگہ نہیں ہے بلکہ یہ ایک بدنما داغ ہوگا۔

سیکرٹری اوقاف محمد اطہر طاہر نے اپنی رپورٹ میں لکھا چونکہ معاملہ انتہائی پیچیدہ نوعیت کا ہے اور قومی سطح پر اس کی اہمیت ہے تعمیراتی کام وفاقی حکومت کی زیرنگرانی ہو رہا ہے اور متفقہ طور پر اراکین کسی فیصلے پر پہنچنے سے قاصر ہیں لہٰذا بہتر ہوگا کہ اگر جناب چیف سیکرٹری خود اس سلسلے میں ایک خصوصی اجلاس بلا لیں۔

Marfat.com

کمشنر ملتان ناصر محمود کھوسہ نے اپنے ایک خط بنام سیکرٹری اوقاف میں لکھا۔

''نئے کمپلیکس میں کسی طرح بھی قدیمی مسجد مناسب طور پر شامل نہیں کی جاسکتی، تعمیراتی جمالیات کو بھی کوئی ایسا غیر معمولی قرار نہیں دیا جاسکتا اور داتا دربار کمپلیکس میں بالکل اسی طرح قدیمی مسجد کو گرانے کی ایک مثال پہلے سے موجود ہے۔''

ہر طرف سے قدیمی مسجد کو گرانے کی صدائیں آرہی تھیں اور ان صداؤں میں ڈاکٹر احمد نبی خان، پروفیسر کامل خان ممتاز اور ڈائریکٹر جنرل آثار قدیمہ کی آوازیں کہیں گم ہو گئیں۔ سیکرٹری اوقاف کی درخواست پر 3 اگست 1999ء کو چیف سیکرٹری پنجاب نے اس سلسلے میں ایک خصوصی اجلاس طلب کیا جس میں ڈاکٹر شوکت محمود، میاں محمود احمد ایم این اے، ناصر محمود کھوسہ کمشنر ملتان اور سیکرٹری اوقاف محمد اطہر طاہر نے شرکت کی۔

چیف سیکرٹری کی سربراہی میں منعقد ہونے والے اس اجلاس میں سوائے ڈائریکٹر جنرل آثار قدیمہ کے کوئی رکن بھی قدیمی مسجد کو اس کی اصل حالت میں بحال و برقرار رکھنے کے حق میں نہیں تھا، لہٰذا چیف سیکرٹری نے دس سالوں پر پھیلی محکمہ آثار قدیمہ کی اس جنگ کا یوں حتمی فیصلہ کر دیا۔

''چونکہ مزار حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ سے متصل قدیمی مسجد دگرگوں حالت میں ہے، اس کی کوئی تعمیراتی اہمیت بھی نہیں بنتی، جبکہ مزار شریف کو خانقاہ میں مرکز نگاہ ہونا چاہئے اور چونکہ کوئی بھی قدیم تاریخی حوالہ یہ ثابت نہیں کرتا کہ مذکورہ مسجد کا تعلق عہد سے تعلق ہے، اراکین اس بات پر متفق ہیں کہ قدیمی مسجد کو گرا دیا جائے۔ تاہم قدیمی مسجد کے اہم تعمیراتی خدوخال جیسا کہ وزیراعظم پاکستان نے بھی کہا ہے، نئی مسجد کے ڈیزائن میں شامل کر لئے جائیں۔ ساتھ ہی ساتھ تاریخی ریکارڈ کے لئے ڈاکٹر شوکت محمود کی زیر نگرانی قدیمی مسجد کی ڈرائنگیں تیار کروائی جائیں، اس سے پہلے کہ پراجیکٹ سٹیرنگ کمیٹی اس کا گرا دے۔''

اور یوں ایک اور قدیمی مسجد کہ جسے اس کی اصل حالت میں بحال و برقرار رکھا جاسکتا تھا، بیوروکریٹس اور سیاستدانوں کی جدت پسند سوچ کی بھینٹ چڑھ گئی ڈاکٹر سیف الرحمٰن ڈار، کامل خان ممتاز، ڈاکٹر احمد نبی خان کی تمام تر تگ و دو اور کوشش ناکام ہو گئی، اس فیصلے کی ایک بار پھر توثیق 9 اگست 1999ء کو وزیراعلیٰ پنجاب نے کر دی اور یوں ستمبر 1999ء کے آخری ایام میں

Marfat.com

صدیوں پرانی اس عہد قدیم کی یادگار کو گرا دیا گیا کہ جس کو اصل حالت میں برقرار رکھنے کے لئے محکمہ آثار قدیمہ بارہ لاکھ روپے مانگ رہا تھا جبکہ اس کو گرانے کے بعد اس کے ملبے کو دریا میں بہانے کے لئے چودہ لاکھ روپے خرچ ہوئے۔

وزیراعظم پاکستان اور دونوں بار وزیراعلیٰ پنجاب کے کیے جانے والے فیصلوں میں بار بار اس بات پر زور دیا گیا کہ نئی مسجد کے ڈیزائن میں قدیمی مسجد کے خط و خال اور تزئین و آرائش کو منعکس کیا جائے مگر نیس پاک کے ماہرین فن تعمیرات نے جو ڈیزائن پہلے دن تیار کیا تھا، موقع پر ویسا ہی تعمیر کروا دیا۔

اس کے بعد کسی نے بھی اس معاملے میں باز پرس نہیں کی اور نہ ہی کسی نے اس معاملے کو کسی پلیٹ فارم پر اٹھایا۔ خانقاہ حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکرؒ پر تعمیر ہشت پہلوؤں والے سطحی پلان پر مشتمل مسجد کا ڈیزائن قریب ہی ایستادہ تیس ہزار گیلن پانی کی ٹینکی سے اتنا مشابہہ ہے کہ یوں لگتا ہے کہ ماہرین تعمیرات نے پہلے سے تعمیر کی گئی اس ہشت پہلو پانی کی ٹینکی کے ڈیزائن کے خدوخال اور جمالیات سے متاثر ہو کر نئی مسجد کا ڈیزائن کیا ہے، ہم صرف اسی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں کہ کیسے اپنے صدیوں قدیم تعمیراتی اثاثوں کو صفحۂ ہستی سے مٹایا جا سکتا ہے مگر ہمارے پاس اتنا وقت نہیں کہ ہم ڈیزائن میں پہلے سے موجود عمارتوں کے خدوخال کو شامل کر سکیں تاکہ مجموعی جمالیاتی یکسانیت پیدا ہو سکے۔

بات یہیں پر ختم نہیں ہو جاتی، ستمبر 1999ء میں جب قدیمی مسجد کے ٹھوس ایوان کا کہ جو پیمائش میں '21 X "3-'73 تھا، جب ملبہ ہٹایا گیا تو شمالی جانب کثیر منزلہ گدی نشینوں کی عمارات جو کہ بارہ فٹ بلند ٹیلے پر واقع تھیں، گویا ان کو سہارنے والا وجود اپنی جگہ سے ہٹ گیا، اگلے سال ہونے والی بارشوں میں ان عمارات میں دراڑیں پڑ گئیں، اور یوں اس شمالی ٹیلے کو سہارنے کے لئے مزید دس لاکھ روپے خرچ کر کے ایک حفاظتی پشتہ دیوار تعمیر کی گئی، چونکہ ہنگامی صورتحال پیدا ہو چکی تھی لہٰذا رات دن تعمیراتی کام جاری رکھ کر اس دیوار کی تعمیر مکمل کی گئی، قدیمی مسجد کی جنوبی جانب واقع ایک اور قدیمی مزار حضرت گنج علمؒ میں بھی دراڑیں آ گئیں یہاں تک کہ محکمہ اوقاف کو اس کی تعمیر نو کے لئے علیحدہ سے سولہ لاکھ روپے کے اخراجات کرنے پڑے۔ ایک طرف قدیمی عمارتی اثاثہ سے محروم ہو گئے دوسری جانب ملبہ ہٹانے، حفاظتی پشتہ دیوار بنانے اور مزار حضرت گنج

Marfat.com

علمؒ کی تعمیر نو کے لئے مجموعی طور پر کم وبیش چالیس لاکھ روپے کے اضافی اخراجات ہوئے۔ یہ ہیں ہمارے بیوروکریٹس اور سیاستدان اور ان کے کیے گئے فیصلوں اور ان فیصلوں کا حاصل، بقول شاعر:ـــ

میں کس کے ہاتھ پہ اپنا لہو تلاش کروں

## محکمہ اوقاف کی زیر تحویل

محکمہ اوقاف پنجاب نے 12 ستمبر کو جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق 25 ستمبر 1960ء کو دربار حضرت خواجہ فریدالدین مسعود گنج شکرؒ کو تحویل میں لیا۔ اس وقت دربار شریف کے متولی دیوان غلام قطب الدین تھے، دربار شریف کا رقبہ 23 کنال، 4 مرلے پر مشتمل تھا جبکہ 12 کمرشل یونٹس تھے۔ زرعی رقبہ 5412 ایکڑ 5 کنال اور 9 مرلے تھا۔ مگر بعدازاں یہ رقبہ 1977ء کی زرعی اصلاحات کی زد میں آ گیا۔

## عرس کی رسومات

خواجہ فرید کا وصال 5 محرم الحرام کو بعد از نماز عشاء ہوا تھا۔ عرس کی تقریبات کا آغاز 25 ذوالحج کو ہوتا ہے اور دس محرم تک تقریبات جاری رہتی ہیں۔ عرس مبارک کی تقریبات کے حوالے سے انعقاد پذیر ہونے والی رسومات درج ذیل ہیں:

### 1- چلہ باندھنا

اس رسم میں 24 ذیقعد کو بعد از نماز مغرب دیوان صاحب دربار شریف کے اندر سرہانے کی جانب دربار کی جالی کے ساتھ دھاگا باندھتے ہیں اور بعدازاں زائرین میں مکھانوں کا تبرک تقسیم کیا جاتا ہے۔

### 2- تقسیم تبرک

25 ذوالحج تا 5 محرم الحرام روزانہ صبح نو بجے دیوان صاحب دربار شریف کے اندر آتے ہیں، پسی ہوئی چینی پر ختم شریف پڑھتے ہیں اور زائرین میں تقسیم کرتے ہیں۔ پھر ختم شریف اور

Marfat.com

شجرہ نسب پڑھ کر شربت، چینی اور جلیبی کی تقسیم کرتے ہیں۔ بعدازاں دربار شریف کا غلاف تبدیل کرتے ہیں اور نوری دروازہ کے باہر بیٹھ کر قوالی سنتے ہیں اور پھر چلے جاتے ہیں۔

## 3- کوڈیاں و شکر کی تقسیم

یکم تا پانچ محرم الحرام کو سجادہ نشین بعد نماز عصر حضرت دربار موج دریا کی پچھلی گلی سے آتے ہیں اور سماع خانے کے اندر بیٹھ کر قوالی سنتے ہیں اور زائرین پر کوڈیاں نچھاور کرتے ہیں۔ بعدازاں شکر پر ختم شریف پڑھتے ہیں اور دربار کے اندر کھڑے ہو کر شکر تقسیم کرتے ہیں پھر چراغ جلا کر واپس چلے جاتے ہیں۔

## 4- بہشتی دروازہ

5 تا 9 محرم الحرام بہشتی دروازہ کھولنے کی رسم ادا کی جاتی ہے۔ 5 محرم الحرام کو دیوان صاحب نماز مغرب کے بعد دربار شریف پر آتے ہیں۔ بہشتی جنگلہ والی جگہ پر دیوان صاحب کی دستار بندی کی جاتی ہے پھر بہشتی دروازہ کھول کر دربار شریف میں سے ہوتے ہوئے نوری دروازے سے باہر آ کر لکڑی کے کٹہرے پر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ نماز فجر کے بعد منیجر اوقاف بہشتی دروازہ بند کر دیتا ہے۔ 6 محرم کو دیوان صاحب دربار شریف کے اندر آ کر چادر چڑھاتے ہیں۔ محفل سماع سنتے ہیں اور کوڈیاں تقسیم کرتے ہیں اور پھر ختم شریف کے بعد بہشتی دروازہ کھولتے ہیں۔ دربار شریف سے باہر آ کر کھانا تقسیم کرتے ہیں اور واپس چلے جاتے ہیں۔

7 محرم کو ختم شریف کے بعد چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف بہشتی دروازہ کھولتے ہیں۔ 8 محرم کو ڈویژنل یا ضلعی انتظامیہ بہشتی دروازہ کھولتی ہے جبکہ 9 محرم کی رات کو ایڈمنسٹریٹر اوقاف پاک پتن زون بہشتی دروازہ کھولنے کی سعادت حاصل کرتا ہے۔ بہشتی دروازہ نماز مغرب کے بعد کھولتے ہیں۔ اور نماز فجر کے وقت بند کر دیتے ہیں۔

## 5- رسم غسل شریف

10 محرم الحرام صبح 10 بجے دیوان صاحب اپنے دستِ مبارک سے مزار شریف کو غسل دیتے ہیں اور پھر واپس چلے جاتے ہیں۔

Marfat.com

## 6-رسمِ صندل

10 محرم الحرام کو بعد از نماز مغرب دیوان صاحب دربار شریف کے اندر تشریف لاتے ہیں اور ہر دو قبور کے تعویذوں کے اوپر جھریوں میں صندل بھر دیتے ہیں اور باہر نکل کر دروازہ بند کر دیتے ہیں۔ ماہِ صفر کی دوسری جمعرات کو دیوان صاحب بعد از نماز مغرب آ کر دروازہ کھولتے ہیں۔

## خواجہ فریدؒ کے اشلوک

گرو ارجن نے 1604ء میں سکھوں کی مذہبی کتاب ''گرو گرنتھ صاحب'' ترتیب دی جس میں ایک باب بعنوان ''اشلوک شیخ فرید کے'' شامل کیا گیا۔ اس باب میں خواجہ فریدؒ کے 112 اشلوک اور 4 شبد شامل کئے گئے ہیں۔

خواجہ فریدؒ کی وفات کے تین سو سال تک کسی نے ان اشعار کے خالق خواجہ فریدؒ پر شک نہیں کیا۔ ایم اے میکالف نے سکھ مذہب کی تاریخ پر ایک ضخیم کتاب تصنیف کی تو خواجہ فریدؒ کی حیات و تصانیف کے حوالے سے لکھا کہ بابا گورونانک 1669ء میں پیدا ہوئے تب ان کی ملاقات خواجہ فریدؒ سے ناممکن تھی۔ وہ زندگی میں دو بار پاک پتن گئے وہاں ان کی ملاقات خواجہ فریدؒ کے جانشین خواجہ ابراہیمؒ سے ہوئی جو فرید ثانی کے نام سے بھی جانے جاتے ہیں، لہٰذا یہ اشلوک خواجہ فریدؒ کے بجائے فرید ثانی کے ہیں۔

خلیق نظامی بھی ایم اے میکالف کے ہم نوا ہیں ان کا نقطہ نظر یہ ہے کہ شیخ نظام الدین اولیاء کے تالیف کردہ خواجہ فرید کے ملفوظات میں کہیں بھی ان کے شاعر ہونے کی اطلاع نہیں ملتی، لسانی تجزیے سے بھی معلوم پڑتا ہے کہ ملتانی پنجابی میں کہے گئے یہ اشعار محاورے اور اصطلاح کے اعتبار سے بعد کے زمانے کے ہیں البتہ وہ یہ مانتے ہیں کہ ان اشلوکوں میں شیخ فریدؒ کے ارشادات جو روایات میں ملتے ہیں، قلم بند کئے گئے ہیں، لہٰذا قرین قیاس یہ ہے کہ اشعار کے خالق خواجہ ابراہیم ہیں۔ ''پنجابی صوفی شعراء'' کی مصنفہ لاجونتی راما کرشنا نے بھی میکالف کے نتائج کی توثیق کی ہے۔

Marfat.com

تصویر کا دوسرا رُخ دیکھا جائے تو معلوم پڑتا ہے کہ مسلمان شعراء کے قلمی آثار میں کہیں بھی فرید ثانی نام کا کوئی شاعر موجود نہیں ہے۔ البتہ بابا فریدؒ کے کلام کا تذکرہ ضرور ملتا ہے۔ شیخ ابراہیم سے ڈیڑھ سو سال قبل لکھی جانے والی کتاب ''سیر الاولیاء'' میں خواجہ فریدؒ کا ایک پنجابی شعر درج کرنا یہ ثابت کرتا ہے کہ یہ اشعار خواجہ ابراہیم سے قبل کے زمانے کے ہیں۔ جہاں تک زبان اور محاورے کا تعلق ہے، ان اشلوک کا ایک نسل سے دوسری نسل تک زبانی منتقل ہونے کے عمل سے زبان کا معتدل یا تبدیل ہو جانا قرین قیاس ہے، کچھ ردوبدل، کچھ اضافہ وترامیم بھی امکانات کی حد میں ہے مگر مجموعی طور پر ان اشلوکوں کا انداز بیان، مضامین اور اسلوب ایک سا ہی رہتا ہے۔

گروارجن خود بھی اعلیٰ درجہ کے شاعر اور عالم تھے، نہایت چھان پھٹک اور تحقیق کے بعد اُنہوں نے یہ اشلوک اپنی مذہبی کتاب میں شامل کئے ہوں گے یوں بھی خواجہ ابراہیم جن سے یہ اشعار نقل کئے گئے ہیں کیسے ایسی بددیانتی کے مرتکب ہو سکتے ہیں کہ اپنا کلام خواجہ فریدؒ کے نام سے گروارجن کو پیش کریں۔ نسل در نسل زبانی پنجابی شعری اثاثوں کی منتقلی کی روایت پنجاب میں صدیوں سے رہی ہے۔ خواجہ فریدؒ نے پنجابی کے علاوہ عربی اور فارسی میں بھی اشعار کہے ہیں۔ ڈاکٹر مولوی عبدالحق نے بھی اُردو زبان کی شعری تشکیل کے حوالے سے خواجہ فریدؒ کے اشعار درج کئے ہیں۔ لہٰذا یہ بات پورے وثوق سے کہی جاسکتی ہے کہ ان اشعار کے خالق خواجہ فریدؒ ہی ہیں۔

## حوالہ جات


1- سیر العارفین، ص32
2- سیر العارفین، ص32
3- فوائد الفواد، ص121
4- سیر الاولیاء، ص67-68
5- سیر العارفین، ص46-47
6- اخبار الاخیار، ص52-53
7- تاریخ فیروز شاہی، جلد دوئم، ص338


Marfat.com

8- سیر الاولیاءؒ، ص861

9- فوائد الفواد، ص187

10- تاریخ فیروز شاہی، جلد دوئم، ص338

11- فوائد الفواد، ص88-187


12- خیر المجالس، ص89

13- سیر الاولیاء، ص63

14- سیر الاولیاء، ص62

❁❁❁❁❁

Marfat.com




GROUND FLOOR PLAN

NEW MOSQUE AT SHRINE OF HAZRAT DATA GUNG BUKHSH ALI HUJVERI LAHORE


Marfat.com

SHRINE COMPLEX OF HAZRAT DATA GUNG BUKHSH ALI HUJVERI LAHORE


LOWER GROUND FLOOR PLAN




Marfat.com




ELEVATION





PLAN

SHRINE OF HAZRAT DATA GANJ BUKHSH ALI HUJVERY





GROUND FLOOR PLAN

MASTER PLAN SHRINE HAZRAT BIBI PAK DAMANAN LAHORE (1996)





LAYOUT PLAN KHANQAH BABA FARID PAKPATTEN (2005)





SHRINE COMPLEX OF HAZRAT JALAL-UL-DIN BOKHARI UCH SHARIF.

Marfat.com




EXISTING MASTER PLAN OF SHRINE HAZRAT MIYAN MIR COMPLEX AT LAHORE (2003)


Marfat.com



SHRINE OF HAZRAT SHAH JAMAL AT LAHORE.

# پنجاب میں خانقاہی کلچر

غافر شہزاد



Marfat.com